URDU

SR &R

# طالبعلم
# حقوق اور ذمہ داریاں

## گریڈز K-12 | 2023-24ء

گھرانوں کیلئے رہنما کتابچہ

آپ کے بچے کے ساتھ ایک محفوظ اور مفید تعلیمی تجربےکی طرف گامزن!



Fairfax County PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

Dr. Michelle C. Reid, Superintendent
8115 Gatehouse Road
Falls Church, Virginia 22042

اگست 2023 ء

عزیز والدین اور اہل خانہ ،

میں، فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز(FCPS) کی طرف سے آپ اور آپ کے بچوں کو، 2023-24ء کے تعلیمی سال میں خوش آمدید کہتی ہوں ۔ مجھے یقین ہے کہ یہ سال اُن جائز اور یقینی مواقع سے بھرپور ہوگا جو ہر طالبعلم کیلئے غیرمعمولی علم ، ترقی اور کامیابی کے ثمرات جاری رکھیں گے ۔ ہماری کمیونٹی کے نوجوانوں کی خیروعافیت اور تعلیمی مستقبل انتہائی اہمیت کے حامل ہیں ۔ FCPS میں ، ہم اس ذمہ داری کو انتہائی سنجیدگی سے لیتے ہیں ۔ ہم اپنے گھرانوں کے ساتھ مضبوط تعلقاتِ کار کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں تاکہ اپنے طالبعلموں کی اُن کی زندگیوں کے ہر پہلو سے خدمت کرسکیں ۔

*طلباء کے حقوق اور ذمہ داریاں برائے 2023-24ء: گھرانوں کیلئے رہنما کتابچہ* ، میں اسکول میں ایک محفوظ ، غیرجانبدارانہ ، منصفانہ اور سازگار ماحول پیدا کرنے کے لیئے، طلباء کے رویے کے بارے میں توقعات اور بالغ افراد کے ردعمل کے بارے میں بیان کیا گیا ہے ۔ ہم جانتے ہیں کہ طلبہ وطالبات اُس وقت بہترین طورپر سیکھتے ہیں جب ان کے طرزعمل کے متعلق توقعات واضح ، ہم آہنگ ، جائز اور نشوونما کے لحاظ سے مناسب ہوں ؛ اساتذہ اور طالبعلموں کے مابین مستحکم تعلقات پر استوار ہوں ؛ اور گھر والوں کو ہر موقع پر ساتھ ساتھ رکھا گیا ہو ۔ FCPS میں ، ہم سمجھتے ہیں کہ انضباطی حکمت عملیاں اور طورطریقے طالبعلموں کو غوروفکر کرنے ، مسئلہ حل کرنے اور مثبت تعلقات قائم کرنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں ۔ اس لئے، اس قسم کی اصلاحات کے ذریعہ ، جیسا کہ بحالی کیلئے انصاف کا عمل ، ہمارے انضباطی اقدامات کا مقصد طالبعلموں اور بالغ افراد کو ایک ایسا موقع فراہم کرنا ہوتا ہے کہ وہ ذمہ دارانہ فیصلے کرسکیں اور کلاس روم اور اسکول میں باعزت طریقے سے میل جول کرسکیں ۔ FCPS میں انضباطی اقدامات غیر مناسب رویوں کی روک تھام پر توجہ دینے اور درجاتی نظام فراہم کرنے پر توجہ دی جاتی ہے جن میں طالبعلموں کو کلاس روم سے نکالنے یا اسکول سے خارج کرنے سے قبل ، تدریسی ، بحالی اور عمر کی مناسبت سے اصلاحات پر توجہ دی جاتی ہے ۔

اب جبکہ ہم نیا تعلیمی سال شروع کررہے ہیں ، براہ مہربانی یقین رکھیئے کہ ہمارے اسکول ڈویژن نے خیال رکھنے والا اور سب کو ساتھ لیکر چلنے والا ماحول اور ثقافت فراہم کرنے کا عزم کررکھا ہے جہاں تمام طلبا وطالبات کو خوش آمدید کہا جائے ، اُنکی عزت کی جائے ، اُنکو قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے اور اُنکی اعانت کی جائے ۔ یہ ہمارا نصب العین ہے کہ ہر بچہ اسکول اور زندگی میں بھرپور طریقے سے مصروف ہو ، تعلیمی چیلنجوں کا سامنا کرے اور کامیابی کیلئے ، تیار ہو ۔ FCPS خاندانوں کے ساتھ اشتراک اشد ضروری ہے اور ہم آپ پر زور دیتے ہیں کہ آپ اس دستاویز کو اپنے بچے سے ان توقعات کے متعلق بات چیت کیلئے ایک گائیڈ کے طورپراستعمال کیجیئے تاکہ وہ شروع ہونے والے تعلیمی سال برائے 2023-24 ء کیلئے بھرپور طور پر تیار ہوں ۔ آپ کواس کتابچے میں ایسی معلومات ملیں گی جن کی آپ کو پورے تعلیمی سال کے دوران ضرورت پڑ سکتی ہے، اس میں رابطہ نمبر اور دیگر وسائل و ماخذ بھی شامل ہیں ۔

طالب علم کے حقوق اور ذمہ داریوں (SR&R) کا حالیہ نسخہ اس کتابچے کے ضمیمے میں ملاحظہ کیا جا سکتا ہے اور SR&R پر بھی دستیاب ہے ۔ اگر ضروری ہوا، تو سال کے دوران میں اس کی تجدید کی جائے گی ۔

- براہ مہربانی اس دستاویز کی وصولی کا اقرار کرنے کیلئے اپنے SIS ParentVue اکاؤنٹ کو کھولیئے ، یہ قانونی ضرورت بھی ہے ۔
- براہ مہربانی اس کا جائزہ لیجیئے اور 29 ستمبر، 2023 ء تک دستخط کیجیئے ۔

میں آپ کی معاونت پر مشکورہوں اور اس سال آپ کے تعاون کی بھی منتظر ہوں ۔ اگر اس دستاویز کے بارے میں آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں یا اس ضمن میں ہم آپ کی کوئی مدد کر سکتے ہیں تو براہِ مہربانی ، اپنے بچے کے ٹیچر یا پرنسپل سے رابطہ کیجیئے ۔

مخلص ،

Michelle Reid, Ed.D.

Superintendent of Schools

والدین اور/ یا سرپرست کے دستخط کا صفحہ

Fairfax County PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

# *اہم بات:*

## والدین اور/ یا سرپرست کے دستخط کا صفحہ

**براہ مہربانی اپنے SIS ParentVue اکاؤنٹ میں لاگ آن ہوں اور اس دستاویز کو ملاحظہ کرنے کا اقرارکرنے کیلئے دستخط کیجیئے یا دستخط کرکے اس فارم کو اپنے بچے کے اسکول 29 ستمبر 2023 ء تک بھیج دیجئیے ۔**

اس صفحہ پر دستخط کرکے اور اسے واپس کرکے آپ تسلیم کرتے ہیں کہ آپ *طالب علم* کے *حقوق اور ذمہ داریاں* کتابچہ حاصل کرچکے ہیں: *گھرانوں کے لیئے رہنما کتابچہ* برائے 2023-24ء یہ کتابچہ ایک قانونی تقاضہ ہے اور اس کے مندرجات ذیل میں بیان کیئے گئے ہیں:

- طالبعلم نیٹ ورک رسائی کے استعمال کی قابل قبول پالیسی (ضمیمہ A)
- اسکول بسوں میں سفر کرنے والے طالبعلموں کا ضابطۂ اخلاق (ضمیمہ B)
- والدین کی ذمہ داری اور شمولیت کی شرائط (ضمیمہ C)
- اسکول میں لازمی حاضری (ضمیمہ C)
- نابالغوں پر بحیثیت بالغان کے مقدمہ چلانے کا قانون (ضمیمہ C)
- ریگولیشن P 2601.37 (ضمیمہ D) میں طالب علم کے طرزعمل کے معیارات ،اصلاحی اقدامات اور نتائج

یہ فارم آپ کے بچے کے اسکول میں رکھا جائے گا ۔

زیردستخطی والدین یا سرپرست کی طرف سے درج بالا مندرجات کی وصولی کا اقرار کیا جاتا ہے ۔

______________________________
والد/ والدہ یا سرپرست کے دستخط

______________________________
تاریخ

*ہمیں درست طریقے سے یہ درج کرنے کیلئے کہ آپ نے یہ کاغذ اسکول کو واپس بھیج دیا ہے، براہِ مہربانی درج ذیل معلومات احتیاط سے تحریر کیجیئے:*

______________________________
طالب علم/ طالبہ کا نام

______________________________
طالب علم/ طالبہ کا گریڈ

______________________________
طالب علم/ طالبہ کے ٹیچریا کونسلر

درج بالا بیان پر دستخط کرنے سے یہ مطلب نہیں لیا جائے گا کہ والدین یا سرپرست ان حقوق سے دستبردار ہو گئے ہیں جن کی ضمانت امریکہ اور دولت مشترکہ ورجینیا کے آئین اور قوانین میں دی گئی ہے بلکہ دستخط کرنے کا مطلب یہ ہوگا کہ انھوں نے یہ حقوق واضح طور پر محفوظ کر لیئے ہیں، اور والدین کو اسکول یا اسکول ڈویژن کی پالیسیوں اور فیصلوں سے اختلاف کے اظہار کا حق حاصل ہوگا ۔

**اپنے SIS PARENTVUE ACCOUNT میں سائن اِن کیجیئے اوررسید وصولی کا اقرارکیجیئے یا دستخط کرکے اپنے بچےکے اسکول دی گئی تاریخ تک بھجوائیے**
**29 ستمبر، 2023 ء**

# فہرست مضامین

سپرنٹنڈنٹ کی طرف سے تحریر کیا گیا خط..............اندرونی سرورق

والدین اور/ یا سرپرست کے دستخط کا صفحہ........................ 1

اہم رابطہ معلومات ........................................................... 4

تعارف.................................................................... 6

طالب علم کے حقوق اور ذمہ داریاں .................................... 8

اپنے بچے کے ساتھ تبادلہ خیال کیلئے اہم موضوعات ..................... 10

اصلاحی اور انضباطی کارروائیوں کے ضابطے............................ 19

تشویش دُور کرنے کے اقدامات ............................................ 24

معذوری کے حامل طلباء کے والدین کے لیئے، رہنمائی ..................... 27

فرہنگ ................................................................. 32

ضمیمے ................................................................. 39

طالبعلم نیٹ ورک رسائی کے استعمال کی قابل قبول پالیسی
اسکول بسوں میں سفر کرنے والے طالبعلموں کا ضابطۂ اخلاق
کوڈ آف ورجینیا
ریگولیشن P 2601.37 (طلباء کے حقوق اور ذمہ داریاں)

# اہم رابطہ معلومات

درج ذیل نمبر فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کے دفاتر کے لیئے، ہیں جو والدین / خاندان کی سوالات یا خدشات کی صورت میں مدد کر سکتے ہیں ۔ خانے میں درج نمبر کمیونٹی وسائل کے ہیں جن پر بحران اور ذہنی صحت کے مسائل سے متعلق، رابطہ کیا جا سکتا ہے ۔

| | |
|---|---|
| **انصاف اور طالب علم کا طرزعمل** | **571-423-1160** |
| **طالب علم کی حفاظت اور فلاح و بہبود** | **571-423-4270** |
| **اسکول کی مشاورتی خدمات** | **571-423-4420** |
| **اسکول میں نفسیات سے متعلق خدمات** | **571-423-4250** |
| **اسکول کی سماجی خدمات** | **571-423-4300** |
| **غیر روایتی اسکول پروگرام** | **571-423-4202** |
| **اصلاحی وانسدادی خدمات** | **571-423-4020** |
| **فیملی ریسورس سینٹر** | **703-204-3941** |
| **سپرنٹنڈنٹ** | **571-423-1010** |
| **سماعتی دفتر** | **571-423-1280** |
| **گھرانوں اور طلباء کے محتسب اعلیٰ** | **571-423-4014** |
| **ٹائٹل IX کوآرڈینیٹر** | **571-423-3070** |
| **اسکول کی حفاظت اور سلامتی** | **571-423-2000** |

**ریجن اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹس:**

| | |
|---|---|
| **ریجن 1** | **571-423-1110** |
| **ریجن 2** | **571-423-1120** |
| **ریجن 3** | **571-423-1130** |
| **ریجن 4** | **571-423-1140** |
| **ریجن 5** | **571-423-1150** |
| **ریجن 6** | **571-423-1160** |


**ایمرجنسی نمبر (24/7 دستیاب)**

| | |
|---|---|
| **Merrifield/CSB Emergency Mental Health** | **703-573-5679** |
| **PRS/Crisis Link** | **703-527-4077** |
| | **1-800-273-TALK (8255)** |
| **Crisis Text** | **Text NEEDHELP to 8551** |

**FCPS کے ہنگامی طریقہ کار کے متعلق مزید تفصیلات یہاں دستیاب ہیں**
FCPS ہنگامی منصوبہ بندی اور بحران کیلئے اقدامات

# مجھے کس سے رابطہ کرنا چاہیئے؟

**کوئی بھی خدشات یا مدد درکار ہونے کی صور ت میں رابطے کے لیئے، براہ مہربانی درج ذیل فہرست ملاحظہ کیجیئے .**




| | |
|---|---|
| ***اصلاحی اور امدادی عملہ:**<br>**اسکول کونسلر**<br>**اسکول کے ماہرنفسیات**<br>**اسکول کے سماجی کارکن** | اسکول کے کونسلر، ماہر نفسیات اور سماجی کارکن والدین کو درپیش ایسے سماجی و جذباتی خدشات کا حل نکالنے کی اصلاحی خدمات فراہم کرنے کے لیئے، موجود رہتے ہیں جو غلط طرز عمل کا سبب بن سکتے ہیں . |
| **خصوصی خدمات کے کیس مینیجر** | خصوصی تعلیم کے کیس مینیجر معذوری کے حامل طالب علم کے لیئے، IEP کا ایک جائزہ شیڈول کر سکتے ہیں اور سماجی/ جذباتی، تعلیمی اور طرزعمل کے خدشات کے حوالے سے، امدادی ٹیم ممبر کے طور پر بھی شرکت کر سکتے ہیں . |

### شکایات بمقابلہ اپیلیں

**شکایتی** عمل میں نظم و ضبط کے ایسے فیصلوں پر نظر ثانی کی جاتی ہے جو اسکول کی عمارت کے اندر ہونے والی اصلاحات اور نتائج کی صورت میں کیئے جاتے ہیں اور ان میں اسکول سے معطلی کے بغیر والی اصلاحات شامل ہیں .

**اپیل** کے طریقہ کار میں اسکول سے باہر والی معطلی یا داخلے کے فیصلوں پر نظر ثانی کی جاتی ہے .

اسکول سے باہر والی معطلی کے فیصلوں کے لیئے، کی جانے والی اپیلیں، جن کے ساتھ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کا ایک ریفرل بھی منسلک ہوتا ہے، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کے سماعتی دفتر میں بھیج دی جاتی ہیں .

سماعتی دفتر سے سماعتی دفتر کے نظم و ضبط کے فیصلے اور طریقہ کار کے بارے میں رابطہ کیا جا سکتا ہے .

***گھرانے اور طالب علم کے محتسب کی جانب سے طلباء، گھرانوں اور کمیونٹی کے ارکان کو پیش آنے والی کسی بھی طرح کی مشکلات ، شکایات اور طلباء کے دیگر مسائل کے غیر رسمی حل نکالنے کے سلسلے میں ایک خود مختار ، رازدارانہ ذریعہ فراہم کیا جاتا ہے.***

اضافی معلومات کے لیئے، براہ مہربانی ضمیمہ D، صفحہ نمبر 48 ملاحظہ کیجیئے

اپنے چناؤ سے متعلق سوالات یا خدشات؟

**دفتر برائے انصاف اور طالب علم کا طرزعمل (571-423-1160)**

مزید معاونت کی معلومات Parent Advocacy Handbook میں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں

https://www.fcps.edu/parentadvocacyhandbook

# طالب علم کے حقوق اور ذمہ داریاں
## *گھرانوں کیلئے رہنما کتابچہ*

ہم نے *طالب علموں کے حقوق اور ذمہ داریاں کا کتابچہ ، رہنمائے خاندان* تیار کیا ہے تاکہ آپ اپنے بچے کو اسکول کے قوانین اور توقعات کو سمجھانے میں اس مدد کرسکیں ۔ یہ قوانین اسکول کے دوران ، کلاس روم اور آن لائن ماحول میں اور اسکول کے زیراہتمام سرگرمیوں کے دوران لاگو ہوتے ہیں اور اس میں طلباء کے اسکول آنے جانے کے وقت ایک دوسرے سے بات چیت بھی شامل ہے ۔ طلباء کو ان کی عمر کے مطابق اس کا ایک مختصر نسخہ ملے گا اور اسکول شروع ہونے کے ابتدائی ہفتوں کے دوران، اساتذہ بچوں کے ساتھ مل کر اس کا مطالعہ کریں گے ۔ ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ آپ اپنے بچے کے ساتھ ان توقعات کے حوالے سے بات چیت کیجیئے ۔ آپ کی سہولت کے لیئے، یہ پورا کتابچہ بشمول ریگولیشن سے متعلق لنکس www.fcps.edu/srr پر دستیاب ہیں ۔

طالب علم کے نظم و ضبط کے حوالے سے ریگولیشن کی ایک مکمل نقل ضمیمے میں شامل ہے ۔ اس میں دی گئی معلومات کے بارے میں اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو براہِ مہربانی اپنے بچے کے استاد یا اسکول پرنسپل سے بلاتکلف بات کیجئے ۔

***اسکول میں آپ کے بچے کا طرزعمل تعلیمی کامیابی اور اسکول کی سلامتی پر براہ راست اثر انداز ہوتا ہے ۔ براہ مہربانی اس کتابچے کا مطالعہ کیجیئے اور اپنے بچے سے اس کے بارے میں بات چیت کیجیئے ۔***

*والدین اپنے بچوں کو یہ سیکھنے میں ضروری اشتراک کار ہیں کہ وہ کیسے مثبت اورسماج دوست رویے کا مظاہرہ کریں ، اخلاقی فیصلے کیسے کریں، اور اپنے افعال کیلئے* جواب دہ ہیں ۔

یہ رہنمائے خاندان ایک معاون ذریعہ ہے جس کا مقصد پالیسیوں، ریگولیشنز، اور پروسیجرز کا خلاصہ کرنا ہے جو کہ اشاعت میں موجود ہیں اور بغیر نوٹس تبدیل ہو سکتے ہیں ۔ ورجینیا بورڈ آف ایجوکیشن اور فیئرفیکس پبلک اسکولز (FCPS) اس دستاویز میں ردو بدل کو فوری طور پر نافذ کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں ۔ کسی تنازع کی صورت میں ، اس وقت نافذ العمل ریگولیشن کا اطلاق ہوگا اور اس گائیڈ میں دی گئی زبان کی جگہ لے گا ۔

حالیہ ریگولیشنز اور پالیسیاں اس ویب سائٹ پر دیکھی جاسکتی ہیں
https://www.fcps.edu/policies-and-regulations

ان افراد کیلئے مطبوعہ نقول دستیاب ہیں جن کے پاس آن لائن رسائی نہیں ہے ۔

## نصب العین

*فیئر فیکس کاونٹی پبلک اسکولز طلباء کو اعلیٰ تعلیمی معیار تک پہنچنے؛ صحت مند اخلاقی زندگی گزارنے کے ساتھ ساتھ ذمہ دار اور جدت پسند عالمی شہری بننے کی حوصلہ افزائی کرتے اور حق دیتے ہیں -*

***طالب علم کی کامیابی * ہمدرد ثقافت * اعلیٰ افرادی قوت * وسائل منتظم***

فیئرفیکس کاؤنٹی اسکول بورڈ اس عمل کو یقینی بنانے کے لیئے، کوشاں ہیں کہ فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز(FCPS) کے ہر اسکول میں ایک ایسی ذمہ دار، ہمدرد اور جامع ثقافت کو فروغ ملے، جہاں ہر کوئی خود کو اہم سمجھے اور انہیں بھرپور تعاون اور مدد حاصل ہو اور وہ پُرامید ہو، جہاں ہر بچے کو اسکول اور زندگی میں بھرپور رسائی حاصل ہونے کے ساتھ ساتھ آزمایا جائے کامیابی کیلئے تیار کیا جائے - اس خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لیئے، والدین کے ساتھ تعاون انتہائی اہم ہے -

FCPS میں بروئے کار لائے جانے والے انضباطی طریقہ ہائے کار میں غیر مناسب رویوں کی روک تھام پر توجہ دی جاتی ہے اور ان رویوں اور واقعات کی اصلاح کے لیئے، ایک ایسا غیرجانبدارانہ نظام فراہم کیا جاتا ہے جس میں تعلیمی، بحالی اور عمر کی مناسبت سے انضباطی کارروائی کی جاتی ہے - FCPS ہر بچے کی انفرادی ضروریات کو مدِنظر رکھتا ہے اور ان ضروریات کو پورا کرنے کے حوالے سے اسکے گھر والوں کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے - FCPS میں کوئی بھی طالب علم ، عمر، نسل ، رنگ ، جنس ، جنسی رحجان ، صنفی شناخت ، مذہب ، قومیت ، ازدواجی حیثیت یا معذوری کی بنیاد پر کسی بھی تعلیمی پروگرام یا سرگرمی میں شرکت کرنے سے خارج ، مراعات کے حصول سے انکار اور امتیازی سلوک کا نشانہ نہیں بنے گا -

*فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز whole-child approach کا استعمال کرتے ہوئے ہر طالب علم کی انفرادی ضروریات کی اعانت کے لیئے، ایک متعدد درجاتی نظام (MTSS) استعمال کرتے ہیں - MTSS ایک ایسا لائحہ عمل ہے، جس کے ذریعے ٹیمیں اعداد و شمار کی بنیاد پر تعلیمی فیصلے کرتی ہیں تا کہ کلاس روم میں مختلف ہدایات فراہم کی جاسکیں اور پورے اسکول میں طلباء کو تعلیم ، طرزعمل اور سماجی- جذباتی صحت کے حوالے سے ضروری مدد فراہم کی جا سکے -*

# طلب علم کے حقوق

امریکہ اور کامن ویلتھ آف ورجینیا کے آئین اور قوانین کے مطابق ، طلباء کو، کئی قانونی حقوق اور آزادیاں حاصل ہیں ۔ اسکول بورڈ کے قواعد و ضوابط میں بھی طلباء کو، ان کی عمر اور پختگی کے لحاظ سے ، کئی مراعات فراہم کی گئی ہیں ۔ طالب علم یہ حقوق اور مراعات ، اس وقت تک استعمال کر سکتے ہیں، جب تک کہ وہ دوسروں کے حقوق یا اسکول کی طرف سے ، فراہم کردہ محفوظ تعلیمی ماحول میں ، خلل اندازی کا سبب نہ بنیں ۔

***FCPS میں زیرِ تعلیم طلباء کو حق ہے کہ وہ ...***

- ✓ ایسے اسکول اور کلاس روم کے ماحول کا حق جہاں تمام طالبعلموں کی شناخت کی توثیق کی گئی ہو اور جو ہمدرد، خیال رکھنے والا اور شمولیت والا ہو۔
- ✓ ریسٹ رومز اور لاکر رومز کی سہولیات اور دیگر غیر- بدنام سہولیات تک رسائی کا حق حاصل ہے، جو طالب علم کی اپنی صنفی شناخت ، عقیدے اور ریگولیشن 2603 میں دی گئی کسی اوربنیاد کے مطابق ہیں ۔
- ✓ صنفی شناخت اور/ یا جنسی رجحان کو ظاہر نہ کرنے کا حق ۔
- ✓ اپنے انتخاب کردہ نام اور اسم ضمیر سے پکارے جانے کا حق ۔
- ✓ طلباء کی اندرونی طور پر تیار کردہ اور مشترکہ اسکول کی فہرستوں کا حق (مثلاً آنر رول ، گریجویشن پروگرام ، سالانہ کتابیں ، اسکول کے اخبارات) جو طلباء کو ان کے منتخب کردہ ناموں اور جنس سے شناخت کرتے ہیں ۔
- ✓ اسکول اور اسکول ڈویژن کی تمام سہولیات اور سرگرمیوں تک محفوظ اور مساوی رسائی کو یقینی بنانے کے لیئے، معاونت حاصل کرنے کا حق ۔
- ✓ اس بات کا حق کہ ذاتی شناخت کی معلومات یا شہریت یا ترکِ وطن کی حیثیت کو غیر اجازت شدہ شیئرنگ سے محفوظ رکھا جائے ۔
- ✓ تعلیمی ماحول ، درسی مواد اور غیر نصابی سرگرمیوں تک مساوی رسائی کا حق ۔

***مثبت رویے، اعلیٰ کردار اوراچھی ترجیحات کے ساتھ روزانہ جماعت میں آنے سے، طلباء معیاری تعلیمی تجربے میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں ۔***

# طلباء کی ذمہ داریاں

FCPS طلباء سے توقع رکھتا ہے کہ وہ اپنی ذمہ *داریوں* کی بجا آوری کرتے ہوئے، اپنے *حقوق* کے اظہار کو متوازن رکھیں گے ۔ حتیٰ کہ نو عمر بچے بھی قواعد پر عمل پیرا ہوتے ہوئے اور دوسروں سے منصفانہ برتاؤ کرتے ہوئے ذمہ داری کا عملی مظاہرہ کر سکتے ہیں ۔

***FCPS** میں زیرِ تعلیم طلباء کی ذمہ داری ہے کہ وہ:*

- ✓ *اسکول میں وقت پر اور باقاعدگی سے حاضر ہوں، اور تفویض کردہ شیڈول پر عمل کریں ۔*
- ✓ *قواعد و ضوابط اور طریقہ کار پر عمل کریں ۔*
- ✓ ***K-12** کے تعلیمی ماحول کی مناسبت سے لباس پہنیں ۔*
- ✓ *اسکول کے عملے کے افراد کے اختیار کا احترام کریں ۔*
- ✓ *دوسروں کے حقوق اور سامان کا خیال کریں ۔*
- ✓ *دوسروں کے اعتقادات اور اختلافات کا احترام کریں ۔*
- ✓ *فحش، پر تشدد، خلل انگیز، یا احترام کے منافی الفاظ، تصاویر، یا اشارے بازی سے پرہیز کریں ۔*
- ✓ *تنازعات کو پر امن طریقے سے حل کریں ۔*
- ✓ *دوسرے طلباء پر* دھونس جمانے *اور چوٹ پہنچانے سے باز رہیں ۔*
- ✓ *ایسا کوئی بھی طرز عمل جس سے دوسروں کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہو اسکی اطلاع اسکول کے عملے کو دیں ۔*
- ✓ *ضرورت پڑنے پر سماجی ، جذباتی اور طرزعمل سے متعلق ، مدد حاصل کرنے کے لیئے ، درخواست کریں ۔*

**طلباء پر طالب علم کے ضابطہ اخلاق کا اطلاق ہر وقت ہوتا ہے:**

- ➢ **اسکول کی عمارت کے اندر**
- ➢ **اسکول کے گراونڈز پر**
- ➢ **آن لائن کلاس روم ماحول کے اندر**
- ➢ **اسکول کی بسوں یا اسکول کی دوسری گاڑیوں میں**
- ➢ **بس اسٹاپ پر**
- ➢ **اسکول جاتے یا واپس آتے ہوئے**
- ➢ اسکول میں اور اسکول سے متعلقہ سرگرمیوں کے دوران پر یا اس سے باہر اسکول کی املاک میں
- ➢ **اسکول کی املاک سے دور اور تعلیمی اوقات سے باہر کیے گئے ہوں ، اگر ایسا طرز عمل اسکول کے مفاد کے لئے نقصان دہ ہے یا اس سے اسکول کے نظم و ضبط پر برا اثر پڑتا ہے ، یا اس طرزعمل کے نتیجے میں ان پر کسی جرم کا الزام لگا ہو یا کسی جرم کی پاداش میں سزا ملی ہو ۔**

# اپنے بچے کے ساتھ تبادلہ خیال کیلئے اہم موضوعات

## کامیاب تعلیمی تجربے کے لیئے مددگار معلومات

اس سیکشن میں ایسے موضوعات کا احاطہ کیا گیا ہے جن کے متعلق والدین اور طلباء اکثر سوال کرتے ہیں ۔ ضمیموں میں درج ریگولیشنز کئی مندرجات کی تفصیلی وضاحت کرتے ہیں۔

دیگر معلومات، جن کا تعلق لباس پہننے اوراسکول میں موبائل فون استعمال کرنے کے ضابطوں سے ہے، ان کا مقصد آپ اور آپ کے بچے کو ضابطوں سے متعلق اسکول کی توقعات کے بارے میں سمجھانا ہے، جس پر عمل پیرا ہونے کا نتیجہ مثبت اور فائدہ مند تعلیمی تجربے کی صورت میں نکلے گا ۔

طالب علم سے ضابطہ اخلاق کے حوالے سے کی جانے والی توقعات کے علاوہ مسائل حل کرنے کی مہارتیں ، جذبات پر قابو اور کلاس روم میں ایک دوستانہ ماحول قائم رکھنے کے بارے میں پورا سال طالب علم کو، پڑھایا جاتا ہے ۔ دوسروں کے ساتھ دوستانہ رویہ رکھنے کے حوالے سے ہر دن بچوں کی حوصلہ افزائی اور انہیں سکھایا جاتا ہے ۔ جب آپ بھی اپنے بچے کے ساتھ اسکول میں دوستانہ رویہ رکھنے اور اسکول میں ایک محفوظ ، منشیات سے پاک اور خوش آئند ماحول قائم رکھنے کے حوالے سے بات کرتے ہیں تو ان کے رویے پر زبردست اثر پڑتا ہے ۔ اسکول میں کوئی بھی پریشان کن صورتحال پیدا ہونے کی صورت میں پرنسپل حالات بہتر بنانے کے حوالے سے آپ سے اور شریک حیات سے رابطہ کرنے کی کوشش کریں گے ۔ براہ مہربانی اس بات کی تسلی کر لیں کہ اسکول کے پاس ہروقت آپ کا حالیہ فون نمبر موجود ہے ۔

## حاضری
### اسکول میں حاضری بچے کی تعلیمی کامیابی کا ایک اہم جزو ہے۔

**کیا آپ جانتے تھے؟**

- تعلیمی کامیابی میں کمی پیش آنے کی بنیادی وجہ حد سے زیادہ غیرحاضر رہنا ہے ( ہر سال اسکول دنوں میں 18 یا اس سے زیادہ غیرحاضریاں) پھر چاہے وہ غیرحاضریاں "منظور شدہ" ہوں یا کسی وجہ سے کی گئی ہوں ۔
- ایلیمنٹری اسکول میں باقاعدہ حاضری سے اس بات کا امکان بڑھ جاتا ہے کہ آپکا بچہ گریڈ لیول کےمطابق پڑھے گا ۔
- وہ طالبعلم جو سال میں 90 فیصد یا اس سے زیادہ اسکول جاتے ہیں اس بات کا زیادہ امکان ہے کہ وہ وقت پر ہائی اسکول سے گریجویٹ ہوں ۔
- غیرحاضریاں اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ طالب علم کی اسکول میں دلچسپی کم ہورہی ہے ، اسکول ورک میں مشکل پیش آرہی ہے ، اپنے ساتھیوں کی طرف سے تنازعات کا یا اسے کسی اور طرح کی ممکنہ سنگین مشکل کا سامنا ہے ۔

پانچویں بلاعذر غیرحاضری کے بعد ، اسکول کی طرف سے ، حاضری کا ایک پلان تشکیل دینے کے لیئے، والدین اور/ یا سرپرست سے رابطہ کیا جائے گا ۔ اگر طالب علم کے ریکارڈ میں 10 یا اس سے زائد بلاعذر غیرحاضریاں جمع ہو جاتی ہیں تو حاضری کی ایک کانفرنس طے کی جائے گی اور حاضری افسر یا اسپیشلسٹ کو اطلاع دی جائے گی ۔

**معاونت دستیاب ہے:**
والدین/ سرپرستوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ اگر وہ اپنے بچے کے باقاعدہ اسکول نہ جانےکی وجہ سے پریشان ہیں تو اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں ۔ ہم والد یا والدہ/ سرپرست کو بتانا چاہتے ہیں کہ اگر حاضریوں کا مسئلہ سنگین صورتحال اختیار کرجائے تو ، ہم ان کے ساتھ مل کر کام کریں گے ۔

**اسکول کی حاضری کے بارے میں مزید معلومات کے لیئے براہ مہربانی یہ ویب سائٹ ملاحظہ کیجیئے www.fcps.edu/attendance**

## الیکٹرانک سگریٹ

National Center on Addiction and Substance Abuse نے الیکٹرانک سگریٹ (دم کش) کو کچھ اس طرح سے بیان کیا ہے کہ یہ "aerosol (بخارات) کو سانس کے ذریعے اندر لینے اور باہر نکالنے کا عمل ہے، جسے عام طور سے vapor (بھاپ) کے حوالے سے جانا جاتا ہے، جو الیکٹرانک سگریٹ یا اس سے ملتے جلتے آلے کے ذریعے پیدا ہوتا ہے ۔" اگرچہ یہ پانی کے بخارات کی طرح لگتا ہے، aerosol میں بہت سے ایسے زہریلے مادے شامل ہوتے ہیں جیسے nicotine aerosol، جن سے کینسر اور اس کے علاوہ سانس اور دل کے امراض جنم لے سکتے ہیں ۔

"الیکٹرانک سگریٹ" سے کوئی بھی الیکٹرانک ویپورائزر مراد ہے اور اس کے اور بھی بہت سے نام ہیں ، جیسے e-cigs, vaporize, e-hookahs, mods, Juul pens یا vape pens

Juul "پین" جو ایک فلیش ڈرائیو کی مانند دکھتا ہے، نوجوان بچوں میں کافی مقبولیت کا حامل بن چکا ہے ۔ Juul "پاڈ" میں 20 سگریٹوں جتنی نیکوٹین شامل ہوتی ہے اور الیکٹرانک سگریٹ کی لت کی شرح بہت زیادہ ہے ۔

براہ مہربانی اپنے بچوں کو بتائیں کہ الیکٹرانک سگریٹ محفوظ **نہیں** ہے اور آپ نہیں چاہتے کہ وہ اسکی عادت ڈالیں ۔

***الیکٹرانک سگریٹ یا اس سے متعلقہ کوئی بھی سامان اسکول یا اسکول کے زیراہتمام سرگرمیوں میں لانے کی اجازت نہیں ہے ۔ کسی بھی طالب علم کے پاس سے الیکٹرانک سگریٹ یا اس سے متعلقہ کوئی بھی سامان برآمد ہونے، استعمال کرنے یا دوسروں کو دیتے ہوئے، پکڑے جانے کی صورت میں، ریگولیشن 2601.37 میں بیان کردہ انضباطی کارروائی کی جائے گی ۔***

***مزید معلومات اور وسائل کے لیئے، براہ مہربانی درج ذیل ویب سائٹس ملاحظہ کیجیئے***
***www.cdc.gov یا https://www.centeronaddiction.org/***
**www.fcps.edu پر "vaping" یا "juuling" کے لیئے دیکھیے ۔**

# ڈیجیٹل شہریت اور سوشل میڈیا

سوشل میڈیا طلباء کو اپنے دوستوں کے ساتھ جڑے رہنے، پسندیدہ مواد کا اشتراک کرنے اور رابطے میں رہنے کا ایک آسان اور خوشگوار ذریعہ فراہم کرتا ہے۔ تاہم کبھی کبھار بچے (اور بالغ افراد) سوشل میڈیا پر خراب چناؤ کرتے ہیں اور اس کا اثر دیرپا ہو سکتا ہے ۔ درج ذیل کرنے اور نہ کرنے والے کاموں سے طلباء کو، تمام سوشل پلیٹ فارمز پر اپنے بہترین طرزعمل پر قائم رہنے میں مدد ملے گی :

**کرنے والے کام**

- اپنا احترام کیجیئے اور خود پر قابو رکھیے ۔
- پرائیوسی سیٹنگز ، مضبوط پاس روڈ کا استعمال کیجیئے اور ماسوائے ضروری حالات ، لوکیشن سروسز بند رکھیے ۔
- خطرے کی جھنڈی والے احساسات پر توجہ دیجیئے ۔ اگر کسی بات یا کام سے آپ بے چین یا بے آرام ہوں تو رک جائیے اور کسی قابل بھروسہ بالغ شخص سے مشورہ کیجیئے ۔
- غیر دوستانہ رابطے بلاک کر دیجیئے دوسروں کے ساتھ ویسا ہی برتاؤ رکھیے جیسا آپ اپنے ساتھ توقع رکھتے ہیں اور مختلف تناظر میں بھی غوروفکر کیجیئے ۔
- آہستہ چلیئے اور سوچ سمجھ کر مواد کا اشتراک کیجیئے ۔ ڈالی گئی پوسٹ مستقل ہوتی ہیں اور ان کا اشتراک کیا جا سکتا ہے ۔
- نتائج پر غور کیجیئے ۔ کوئی بھی پوسٹ ڈالنے سے پہلے کیا ہو سکتا ہے کہ بارے میں سوچیے ۔
- انٹریٹ پر کی جانے والی غنڈہ گردی دیکھنے، کسی بھی طالب علم کو پریشانی کا شکار ہوتے دیکھنے یا اگر کوئی خود کو یا کسی کو نقصان پہنچانے کی دھمکی دیتا ہے تو فوری طور پر والدین، ٹیچر یا پرنسپل کو بتائیے۔

**نہ کرنے والے کام**

- فحش ، ہراساں کرنے والا ، امتیازی ، پرتشدد ، بیہودہ یا نفرت انگیز مواد مت ڈالیے۔
- اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ میں اجنبی لوگوں کو شامل مت کیجیئے ۔
- زیادہ مواد کا اشتراک مت کیجیئے ۔
- آن لائن ایسا کچھ بھی مت کہیے جو آپ بالمشافہ ملاقات میں نہیں کہتے ۔
- دوسرے لوگوں کے ڈراموں میں مت پھنسیے ۔ ایسی کسی بات چیت میں حصہ مت لیجیئے جو آپ کو بے چین کردے ۔
- بے تکی اور فضول باتوں کو نظرانداز کردیجیئے ۔ اگر کوئی گھٹیا بات کرتا ہے یا بدتمیزی کرتا ہے تو اسے نظرانداز کر کے بلاک کردیجیئے ۔

گھرانوں کے مزید وسائل کے لیئے، **http://bit.ly/FCPSdigcitpublic** پر تشریف لے جائیے ۔

اگر ایسا لگے کہ طالب علم کسی پریشانی کا شکار ہے تو FCPS کے حکام اور/ یا دیگر عملے کو اطلاع دی جا سکتی ہے ۔

**اگر آپ یا آپ کا کوئی جاننے والا کسی مشکل کا شکار ہے تو براہ مہربانی 85511 پر NEEDHELP کا ٹیکسٹ کیجیئے ، 1-800-273-TALK پر یا 911 کال کیجیئے ۔**

# غنڈہ گردی یا دھونس جمانا

محکمہ تعلیم ورجینیا کے مطابق غنڈہ گردی یا دھونس جمانے کی تعریف:

کوئی بھی جارحانہ اور ناقابل قبول رویہ جس کا مقصد متاثرہ شخص کو نقصان پہنچانا ، دھمکی دینا ، یا ہتک کرنا ہو؛ جس میں جارح یا جارحین اور مظلوم کے درمیان حقیقی یا ظاہری طور پر طاقت کا غیر متوازن ہونا شامل ہو؛ اور یہ عمل بار بار کرنے سے سنگین جذباتی دھچکے کا موجب بنے ۔

"غنڈہ گردی یا دھونس جمانے" میں انٹرنیٹ کے ذریعے ہراساں کرنا بھی شامل ہے۔

- انٹرنیٹ پر کی جانے والی غنڈہ گردی کے اندر ایک طالب علم دوسرے کو خوفزدہ کرتا ہے اور یہ عام طور سے ای میل یا ویب سائٹس (مثال کے طور پر blogs, social networking sites) پر کیا جاتا ہے ۔ الیکٹرانک مواصلات یا بات چیت جو دوسروں کو نقصان پہنچانے کے ارادے سے جان بوجھ کر، معاندانہ اور تکلیف دہ پیغامات کی تائید کرتی ہیں ، وہ غنڈہ گردی کی ایک قسم ہے ۔

"غنڈہ گردی" کے دائرے میں عمومی طور پر دِق کرنا ، کھیل میں اُودھم مچانا ، بحث و تکرار یا ساتھیوں میں تنازعہ شامل نہیں ۔

غنڈہ گردی کے کچھ بنیادی عناصر درج ذیل ہیں:

- جان بوجھ کر جارحانہ رویہ جسے نقصان پہنچانے کی نیت سے ترتیب دیا گیا ہو
- مستقبل کیلئے باقاعدہ منصوبہ بندی کے ساتھ دہرایا جانے والا طرز عمل
- ذاتی تعلقات میں طاقت کے توازن کی عدم موجودگی

***اس بارے میں مزید جاننے کیلئے کہ FCPS غنڈہ گردی کے مسائل سے کیسے نمٹتے ہیں 571-423-4270 پر رابطہ کیجیئے***

# امتیازی سلوک، امتیازی ہراسانی، جنسی بدسلوکی اور انتقامی کارروائی

**FCPS کا عزم**

FCPS امتیازی سلوک کے حوالے سے کی جانے والی تمام شکایات کا اس انداز سے جواب دینے پر کاربند ہیں، جس کے ذریعے امتیازی سلوک کو روکا اور دوبارہ ہونے سے بچا جاسکے اور اس کے علاوہ اس فرد کی مدد کی جائے جس کو امتیازی سلوک کا نشانہ بنایا گیا ہے تا کہ اس بات کی تسلی ہو جائے کہ امتیازی سلوک کرنے والے کی طرف سے کیا گیا کسی بھی نقصان کا ازالہ کر دیا گیا ہے ۔ تمام طلباء کو، اسکول میں تعلیم حاصل کرنے کا حق حاصل ہے اور انہیں امتیازی سلوک کرنے والے افراد کی طرف سے کسی بھی ایسے رویے کی فکر نہیں ہونی چاہیئے جس سے ان کی تعلیم میں خلل پڑتا ہو۔

**امتیازی سلوک**

امتیازی سلوک سے مراد کسی بھی فرد کے ساتھ کچھ مخصوص وجوہات کی بنا پر، اس انداز سے غیرمساوی سلوک کرنا ہے، جس کی وجہ سے اس کی تعلیم اور/ یا تعلیمی کارکردگی پر اثر پڑے ۔ کسی بھی فرد کی نسل ، رنگت ، مذہب ، عمر، ازدواجی حیثیت ، جینیاتی معلومات ، قومیت ، دماغی یا جسمانی معذوری یا سابقہ فوجی حیثیت کی بنیاد پر، امتیازی سلوک کرنا سختی سے ممنوع ہے ۔

**امتیازی ہراسانی**

امتیازی ہراسانی کسی فرد کی جانب ناپسندیدہ رویہ ہوتا ہے جو حقیقی یا تاثر پر مبنی عمر ، نسل ، رنگ ، جنس ، جنسی شناخت ، جنسی رحجان ، مذہب ، قومیت ، ازدواجی حیثیت ، معذوری یا کسی دیگر قانونی طور پر محفوظ طبقہ کی بنیاد پر ہوتا ہے ۔ یہ رویہ مناسب حد تک اتنا شدید ہونا چاہیئے کہ یہ معاندانہ تعلیمی ماحول پیدا کردے ، مطلب یہ کہ کسی طالبعلم کو تعلیمی پروگراموں اور سرگرمیوں میں شرکت کرنے یا ان سے مستفید ہونے سے روک دے یا شرکت محدود کردے ۔ امتیازی ہراسانی کا مختلف انداز میں اظہار کیا جاسکتا ہے ، بشمول جسمانی افعال یا زبانی ، غیرزبانی ، الیکٹرانک یا تحریری ابلاغ ۔ امتیازی ہراسانی میں برے ناموں سے پکارنا، بہتان لگانا جیسے نسلی اور ٹرانس جینڈر شخص کو اس کے پیدائشی نام سے پکارنا جبکہ انہوں نے اپنی جنس کی تبدیلی کے حصے کے طور پر اپنا نام تبدیل کیا ہو ، منفی دقیانوسی تصورات ، لطیفے، تحریری ، پرنٹ کیا یا واضح مواد جس میں نفرت انگیز، ذلیل و خوار کرنے والی یا گھٹیا تصاویر یا تبصرے بھی شامل ہیں ۔

## امتیازی سلوک، امتیازی ہراسانی، جنسی بدسلوکی اور انتقامی کارروائی، جاری ہے۔

**جنسی ہراسانی**
جنسی ہراسانی جنسی بنیاد پر کیا جانے والا طرز عمل، جو درج ذیل میں سے کسی ایک یا ایک سے زیادہ کی تعریف پر پورا اترتا ہے: 1. غیر اخلاقی طرزعمل کا تعین کسی مناسب شخص کے ذریعہ کیا جاسکتا ہے کہ وہ اس قدر شدید، گہرا اور معروضی طور پر ناگوار ہو کہ اس سے کسی طالب علم کو FCPS کے تعلیمی پروگرام یا سرگرمی تک مساوی طور پر رسائی سے انکار کیا جا سکتا ہے؛ یا 2 ڈیٹنگ کے دوران کیا جانے والا تشدد، گھریلو تشدد، جنسی حملہ یا پیچھا کرنا ۔ اس تعریف کے مقاصد کے لیئے، "تعلیمی پروگرام یا سرگرمی" میں وہ مقامات ، واقعات یا حالات شامل ہیں ، جن میں FCPS جواب دہندگان اور سیاق و سباق پر، جس میں جنسی ہراسانی ہوتی ہے دونوں پر کافی کنٹرول رکھتا ہے ۔ جنسی طور پر ہراساں کرنے کے عمل کا ایک علیحدہ شکائتی عمل کے طور پر جائزہ لیا جاتا ہے اور میں ملاحظہ کیا جا سکتا ہے ریگولیشن2118.1.

**جنسی بدسلوکی**
جنسی بدسلوکی میں ناگوار جنسی پیش قدمی، جنسی میلان کا لحاظ کیئے بغیر کی گئی ہوں؛ جنس کی بنیاد پرعنایات لینے کی گزارشات؛ اور کوئی دوسرا جنسی نوعیت کا نامناسب زبانی، الیکڑانک یا جسمانی طرزعمل شامل ہے ۔

**انتقامی کارروائی**
ایسے افراد کے خلاف انتقامی کارروائی سختی سے منع ہے جو امتیازی سلوک ، ہراسانی اور/ یا جنسی بدسلوکی کے حوالے سے کی جانے والی تحقیقات میں ، ایسے کسی بھی واقعے کی رپورٹ یا گواہ کے طور پر شامل ہوتے ہیں ۔ انتقامی کارروائی سے مراد اس فرد کے خلاف کیا جانے والا ایسا کوئی بھی عمل ہے، جس نے امتیازی سلوک ، ہراسانی اور/ یا جنسی بدسلوکی کے حوالے سے رپورٹ درج کروائی ہو؛ یا شکائت سے متعلق کی جانے والی سرگرمی میں شامل ہو ۔ انتقامی کارروائی میں ڈرانا ، دھمکانا ، ہراساں کرنا ، دباؤ ڈالنا یا ایسا کوئی بھی عمل شامل ہے جو کسی کو، امتیازی ہراسانی یا جنسی بدسلوکی کے خلاف رپورٹ کرنے یا تحقیقات میں شرکت کی حوصلہ شکنی کرے ۔

**FCPS کے ٹائٹل IX کے اقدامات اور FCPS کے طرف سے امتیازی سلوک اور جنسی بدسلوکی کے قواعد و ضوابط سے متعلق، اضافی معلومات کے لیئے، ٹائٹل IX سے titleixcoordinator@fpcs.edu, یا 571-423-3070 پر رابطہ کیجیئے ۔**
**ٹائٹل IX ویب پیج:https://www.fcps.edu/title-ix**

# اہم موضوعات A-Z

***دوسرے ڈسٹرکٹ اسکول یا نجی اسکول سے آنے پر داخلہ***
طالب علم جسے دوسرے ڈسٹرکٹ کے اسکول سے 30 دنوں سے زائد مدت کے لئے معطل یا خارج کیا گیا ہو یا جس کا داخلہ پرائیویٹ اسکول نے منسوخ کر دیا ہو، FCPS ایسے طالب علم کو داخلہ دینے سے انکار یا داخلے کو ملتوی کر سکتے ہیں ۔ اسکول کا عملہ طالب علم کے داخلے کی سفارش کیلئے اسکے ریکارڈ کا باریک بینی سے جائزہ لے گا ۔

***شراب، تمباکو، منشیات***
ایک صحت مند تعلیمی ماحول شراب، تمباکو ، مسکن آور ادویات ، دم کش اور نقلی یا اس سے ملتی جلتی کیمیاوی منشیات سے پاک ہوتا ہے ۔ اس میں بغیر نسخے اور نسخے کے ساتھ ملنے والی ادویات شامل ہیں جنہیں طالب علم کو اسکول میں پاس رکھنے کی اجازت نہیں (*ادویات ملاحظہ کیجیئے*) ۔ اسکول بورڈ مزکورہ نشہ آور مواد اسکول کی املاک پر کسی بھی شکل میں پاس رکھنے، استعمال کرنے، تقسیم یا فروخت کرنے کی اجازت نہیں دیتا ۔ ایسے طالب علم جن پر نشے کی حالت میں ہونے کا شبہ ہو، ان کا سانس کا نمونہ یا منشیات کا ٹیسٹ لیا جائے گا ۔ طالب علم کی عمر، نوعیت اور مذموم حرکات کی تعداد ، اور ورجینیا کاؤنٹی اور ریاست ورجینیا کے قوانین کی روشنی میں ضابطے کی خلاف ورزی کے مضمرات مختلف ہیں ۔

***حملہ ، لڑائی جھگڑا***
ایسے طلباء جو کسی سے بھی ناراض ہوں یا انہیں ان پر غصہ ہو ، انکی پُرامن طریقے سے معاملہ سلجھانے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے ۔ اساتذہ، کونسلرز، اور اسکول کا دیگر عملہ طلباء کو اختلافات سلجھانے کے لیئے مہذب ، تشدد سے پاک طریقوں کے ذریعے مدد کر سکتا ہے ۔ ایسا طالب علم جو نقصان پہنچانے کی دھمکی دیتا ہے، یا دوسرے طالب علم پر یا عملہ کے رکن پر جسمانی طور پر حملہ آور ہوتا ہے— یا وہ ایسا عمل کرنے والے کسی گروپ کا حصہ ہے—اسے اپنے عمل کے نتائج بھگتنا پڑیں گے ۔

***حاضری***
ایسے طالب علم جو باقاعدگی سےاور وقت پر اسکول آتے ہیں انکے بارے میں زیادہ امکان ہے کہ وہ اچھی تعلیمی کار کردگی کا مظاہرہ کریں گے ۔ FCPS کے طلباء سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اسکول آئیں ، طے شدہ شیڈول کی پابندی کریں ماسوائے اس کے کہ انکی غیر حاضری بیماری ، خاندان میں کسی کی موت، طبی یا دانتوں کے معائنے کے مقررہ وقت ، یا مذہبی فرائض کی بجا آوری کی وجہ سے طلب کی گئی ہو ۔ والدین کے لیئے، لازمی ہے کہ طالب علم کی غیر حاضری یا تاخیر سے اسکول آنے کی صورت میں وہ اسکول کو تحریری وضاحت پیش کریں ۔ اسکول چھوٹنے یا بچے کے اسکول میں تاخیر سے پہنچنے کی اطلاع اسکول کی اٹینڈنس لائن پر بذریعہ فون یا ای میل کے ذریعے دیجیئے ۔ اگر اسکول کے حکام کو اطلاع نہیں ملے گی تو والدین ایک کال موصول کریں گے اور e-Notify system کے ذریعے، ایک ای میل بھیجی جائے گی کہ ان کا بچہ توقع کے مطابق اسکول نہیں پہنچا ۔ اگر والدین بچے کی تاخیر سے اسکول آمد یا غیر حاضری کے بارے میں پیشگی اطلاع نہیں دیں گے، یا بچے کے اسکی اسکول واپسی پر تحریری نوٹ نہ دینے کی صورت میں تاخیر سے حاضری یا غیر حاضری کو بلا عذر تصور کیا جائے گا ۔ طالب علم کو چھوٹ جانے والا کام مکمل کرنا ہوگا ۔

***بس پر ضابطہ اخلاق***
FCPS کی ٹرانسپورٹ تعلیمی دن، کا اضافی حصہ ہے لہٰذا بس کے اندر یا بس اسٹاپ پر بھی طرز عمل کے انہی معیارات کا اطلاق ہوتا ہے جن کا طالب علم پر کمرۂ جماعت یا اسکول کی حدود میں ہوتا ہے ۔ بس میں سفر کرنے والوں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ بس ڈرائیور کے اختیارات کا احترام کریں ، نشستوں پر بیٹھے رہیں ، اپنے ہاتھوں کو اپنے تک محدود رکھیں ، اپنی آوازیں نیچی رکھیں ، نشستوں کا بغلی راستہ خالی رکھیں ، عمومی طور پر ایسا طرز عمل اپنائیں جس سے اسکول میں آنے جانے کا سفر خوشگوار اور محفوظ بنے۔ بس میں سفر کے دوران کسی طالب علم کے خراب طرز عمل پر انضباطی کارروائی کے لیئے، ڈرائیور اس کی رپورٹ پرنسپل کو کر سکتے ہیں اور سنگین صورتوں میں بس کی سہولت واپس لی جا سکتی ہے ۔ تفصیلات کیلئے *اسکول بسوں میں سفر کرنے والے طالبعلموں کا ضابطۂ اخلاق* ملاحظہ کیجیئے ۔

***سیل فونز ، لیپ ٹاپس ، ٹیبلٹس ، اور دوسرے دستی آلات***
FCPS اکیسویں صدی کا تعلیمی ماحول تخلیق کرنے میں طلباء اور اسکول کے عملے کی معاونت کرنے پر کاربند ہے ۔ ترقی کے اس عمل میں اعانت کیلئے، کلاس روم ٹیچر کی منظوری سے، طالبعلم اسکول لیول کے مطابق اپنے منظور شدہ اوقات میں اپنے ذاتی آلات (اسمارٹ فونز، لیپ ٹاپس، نوٹ بکس ، ٹیبلیٹس وغیرہ) انٹرنیٹ تک رسائی اور دیگر طالبعلموں سے رابطہ کیلئے استعمال کرسکتے ہیں ۔ گریڈ لیول کے مطابق یہ منظور شدہ اوقات ڈاکیومنٹ میں 2601.37P دیئے گئے ہیں ۔ FCPS طلباء کے آلات کے ضیاع یا خرابی کے ذمہ دار نہیں ہیں ۔

**موبائل فون رہنما اصول**

**ایلیمنٹری اسکول کنڈرگارٹن ۔ سکستھ گریڈ ( بشمول مڈل اسکولوں میں سکستھ گریڈ)**

تعلیمی دن کے دوران میں موبائل فون سائلنٹ کرکے اپنے بستے میں رکھیے ۔ گھڑیاں جن سے دوہرا کام لیا جاسکتا ہو (مثلاً اسمارٹ واچ ) پہنی جاسکتی ہیں ؛ تاہم فون کےفیچرز (مثلاً ٹیکسٹنگ ، انٹرنیٹ ، کال وغیرہ) بند رکھیں جائیں گے جب فون کا استعمال ممنوع ہو ۔ طلبہ وطالبات کیلئے ریسٹ رومز اور لاکر رومز میں فون ، ٹیبلیٹ اور دیگر موبائل ڈیوائسز کا استعمال ممنوع ہے تاہم طبی ضرورت یا ہنگامی صورتحال میں اجازت ہے ۔ استاد تدریسی سرگرمیوں کیلئے موبائل فون کے استعمال کی اجازت دے سکتے ہیں جہاں وہ مناسب ترین آلات ہوں ۔ تاہم یاد رہے کہ FCPS کے انفرادی آلات بیشتر ضروریات کو پورا کرنے کیلئے کافی ہونے چاہیئں ۔ موبائل فون کیمپس میں اسکول کے اوقات سے پہلے اور بعد میں استعمال کئے جاسکتے ہیں ۔

**مڈل اسکول ۔ ساتواں اور آٹھواں گریڈ**

گریڈ 7-8 میں طلبا وطالبات: تعلیمی دن کے دوران میں موبائل فون سائلنٹ کرکے اپنے سے دُور رکھیے ۔ طلبہ وطالبات کیلئے ریسٹ رومز اور لاکر رومز میں فون ، ٹیبلیٹ اور دیگر موبائل ڈیوائسز کا استعمال ممنوع ہے تاہم طبی ضرورت یا ہنگامی صورتحال میں اجازت ہے ۔ انہیں دن کے اوقات میں لاکر، بستہ، پینسل بیگ وغیرہ میں رکھیئے ۔ گھڑیاں جن سے دوہرا کام لیا جاسکتا ہو (مثلاً اسمارٹ واچ ) پہنی جاسکتی ہیں ؛ تاہم فون کےفیچرز (مثلاً ٹیکسٹنگ ، انٹرنیٹ ، کال وغیرہ) بند رکھیں جائیں گے جب فون کا استعمال ممنوع ہو ۔ استاد تدریسی سرگرمیوں کیلئے موبائل فون کے استعمال کی اجازت دے سکتے ہیں جہاں وہ مناسب ترین آلات ہوں ۔ تاہم یاد رہے کہ FCPS کے انفرادی آلات بیشتر ضروریات کو پورا کرنے کیلئے کافی ہونے چاہیئں ۔ موبائل فون کیمپس میں پہلی گھنٹی سے قبل اور آخری گھنٹی کے بعد ہی استعمال کئے جاسکتے ہیں۔ **نوٹ:** سیکنڈری اسکولز ( مثلاً Robinson Secondary, Lake Braddock Secondary, اور Hayfield Secondary) کے پاس یہ صلاحیت ہے کہ وہ سیل فون کے استعمال کی اجازت دے سکتے ہیں کیونکہ ان تینوں اسکولوں میں گریڈ 7-12 کے طالبعلم بیشتر اوقات کلاس کی تبدیلی کیلئے وہی ہال استعمال کرتے ہیں تاہم ان تین اسکولوں کے منفرد اسٹرکچرزمیں سیل فونز کی توقعات کو فعال کیاجاسکتا ہے۔

**ہائی اسکول: نویں ۔ بارہواں گریڈ**

فونز کو پڑھائی کے تمام پیریڈز میں بہرصورت سائلنٹ اور الگ رکھا جائے گا ۔ فون سے متعلقہ آلات بھی سائلنس اورالگ رکھا جائے گا جب فون کا استعمال ممنوع ہو۔ گھڑیاں جن سے دوہرا کام لیا جاسکتا ہو (مثلاً اسمارٹ واچ ) پہنی جاسکتی ہیں ؛ تاہم فون کےفیچرز (مثلاً ٹیکسٹنگ ، انٹرنیٹ ، کال وغیرہ ) بند رکھیں جائیں گے جب فون کا استعمال ممنوع ہو ۔ انہیں دن کے اوقات میں لاکر، بستہ ، پینسل بیگ وغیرہ میں رکھیئے ۔ طلبہ وطالبات کیلئے ریسٹ رومز اور لاکر رومز میں فون ، ٹیبلیٹ اور دیگر موبائل

ڈیوائسز کا استعمال ممنوع ہے تاہم طبی ضرورت یا ہنگامی صورتحال میں اجازت ہے ۔ استاد تدریسی سرگرمیوں کیلئے موبائل فون کے استعمال کی اجازت دے سکتے ہیں جہاں وہ مناسب ترین آلات ہوں ۔ تاہم یاد رہے کہ FCPS کے انفرادی آلات بیشتر ضروریات کو پورا کرنے کیلئے کافی ہونے چاہیئں ۔

*والدین / سرپرست، ملٹی ڈسیپلینری ٹیم کے ارکان یا دیگر وہ افراد جو یہ جانتے ہوں کہ کن طالبعلموں کو ذاتی ملکیت کے آلات کی ضرورت ہے، کو گنجائش دی گئی ہے، اپنی متعلقہ ملٹی ڈسیپلینری ٹیم کے ذریعہ اجازت لیں گے [ جو کہ 504 Committee, IEP Team, English Language Committee, Multi-Tiered Systems of Support (MTSS) Team ہیں ]۔*

### *دھوکہ دہی، ادبی سرقہ*

اسکول کے قابل احترام شہری صرف اسی کام پر فخر کرتے ہیں جو انہوں نے خود تخلیق کیا ہو ۔ جان بوجھ کر دوسروں کے تعلیمی کام کی نقل کرنا یا دوسروں کے تعلیمی کام کو استعمال کرنا دھوکہ دہی ، سرقہ یا جعل سازی کے زمرے میں آتا ہے ۔ طلباء کو کام بانٹنے یا امتحانات کے بارے میں بات چیت کرنے کی اجازت نہیں ہے ۔

### *انتشار انگیزی*

ایک طالب علم جو جان بوجھ کر تعلیم میں خلل ڈالے یا استاد کی نافرمانی کرے وہ باقی کلاس کے لیئے، ایک کام پر توجہ مرکوز رکھنے اور پڑھائی کو جاری رکھنے کو مشکل بنا دیتا ہے اور دوسروں کو خطرے میں ڈال سکتا ہے ۔ ایتھلیٹک مقابلوں اور فیلڈ ٹرپس پر بھی یہی صورتحال صادق آتی ہے ۔ انتشار انگیزی کے طرز عمل میں اسکول کے عملے کے اختیارات کی حکم عدولی کرنا، توہین آمیز زبان اور اشارے استعمال کرنا ، دھمکیاں دینا اور لڑائی جھگڑا شامل ہے ۔ لیزر آلات ، آتش بازی کا سامان ، دیاسلائی ، اور لائٹرز بھی اسکول اور اسکول کے زیرِ اہتمام دیگر سرگرمیوں میں لانے کی ممانعت ہے ۔

### *لباس کے قواعد*

FCPS طلباء کے لباس کے انداز سے شخصی اظہار کے حق کا احترام کرتے ہیں ۔ تاہم، یہ ضروری ہے کہ ان کا لباس ایسا ہو جو K-12 کلاس تک کے بچوں کے لحاظ سے باذوق اور مناسب ہو ۔ لباس کے قواعد کی خلاف ورزی کے بارے میں کی جانے والی گفتگو اکیلے میں کی جانی چاہیئے اور طالب علم کی عزت کا خیال رکھنا چاہیئے ۔

ملبوسات اور لوازمات ایسے *نہیں* ہونے چاہیئں:

- جو کپڑوں پر بیہودہ ، امتیازی سلوک یا فحش زبان یا تصاویر کی نمائش کرے
- جو غیر قانونی یا پرتشدد طرز عمل کو فروغ دے ۔
- جو دھمکی آمیز یا گینگ کی علامتیں رکھے ۔
- جو ہتھیار ، شراب ، تمباکو ، منشیات یا منشیات کے سازوسامان کے غیر قانونی استعمال کو فروغ دیتا ہو ۔
- شرمگاہ ، چھاتیاں ، کولہے ، انڈرویئر یا انڈرگارمنٹس شفاف ، لمبے یا پوری طرح ڈھانپا ہوا نہ ہونیکی وجہ سے نظر آتے ہوں ۔
- کوئی بھی شےجو چہرے کو غیرواضح کردے بشرطیکہ سہولت دی گئی ہو ۔
- ایسے لوازمات جو صحت وسلامتی کیلئے ضرررساں ہوں یا عمارت یا آلات کیلئے نقصان دہ ہوں ۔ (مثلاً جڑاؤ بیلٹ)
- اسکول عمارت کے اندر دھوپ کی عینک ماسوائے یہ کہ طبی استعمال کیلئے اجازت دی گئی ہو ۔

-

### *اظہارِ رائے*

طلباء کو تقریر، اجتماع ، مطبوعہ مواد کی تقسیم ، اور دوسرے ذرائع کے ذریعے اظہار رائے کا حق حاصل ہے۔ ان سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنی رائے کے اظہار میں ایسے طریقے استعمال نہیں کریں گے جس سے دوسروں کے حقوق متاثر ہوتے ہوں ، نقصان یا خلل اندازی کی وجہ بنیں ، دوسروں کی ساکھ کو نقصان پہنچے ، یا قانون توڑنے کا سبب بنیں ۔ مڈل اور ہائی اسکول کے طلباء جو مطبوعہ مواد کی نمائش یا تقسیم چاہتے ہیں انہیں چاہیے کہ وہ اس کو جائزے کے لیئے اسٹوڈنٹ گورنمنٹ کو پیش کریں ۔

### *جوا کھیلنا*

جوا— شرطیں لگانے، پیسے کی بازی لگانے، قرعہ یا پانسے والے کھیل کھیلنے — کی اسکول کے ماحول میں اجازت نہیں ہے ۔

### *گینگ سے متعلق سرگرمیاں*

FCPS کے تمام طلباء ، اپنی فلاح کے متعلق کسی تشویش کے بغیر یا ساتھیوں کے ناگوار دباؤ سے آزاد ، اسکول میں پڑھائی کے مستحق ہیں ۔ اسکول کا عملہ ایسے طلباء کے متعلق چوکنا ہے جن کی ظاہری حالت یا طرز عمل یہ ظاہر کرتا ہو کہ وہ کسی ایسے گینگ سے وابستہ ہو سکتے ہیں جو خوف زدہ کرنے یا غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی تائید و حمایت کرتا ہے ۔ ظاہری علامتوں میں گینگ سے وابستگی کے خاص کپڑے ، لوازمات ، ٹیٹوز، ٹریڈ مارکس، اور مشتبہ گروپ سرگرمیاں شامل ہیں ۔ ایسے طلباء جن کی ظاہری حالت یا طرز عمل خلل ڈالے یا سرگرمی سے گینگ سے وابستگی کو فروغ دیں انکے اس طرز عمل کے سنگین نتائج ہیں ۔

***اسکول میں ادویات***

اس بات کی تسلی کے لیئے کہ طالب علم اسکول میں نسخہ جاتی یا بغیر نسخہ جاتی (شیلفوں پر ملنے والی) ادویات ، بشمول کسی لائسنس یافتہ پریکٹشنر کی طرف سے منظورشدہ THC-A یا cannabidiol oil ، محفوظ طریقے سے لیں ، اسکول کے ہیلتھ روم ادویات دینے کا انتظام کریں گے ۔ والدین ادویات جمع کروانے کے لیئے اسکول کے ہیلتھ روم لے کر آئیں اور دوائی کی خوراکیں دینے کے لیئے دستاویز فراہم کریں ۔

***وفاداری کا عہد ، ایک منٹ کی خاموشی***

طلباء سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ ہر روز عہد وفاداری پڑھیں گے اور ایک منٹ کی خاموشی اختیار کریں گے، سوائے اس صورت کے کہ طالب علم یا اس کے والدین اس عمل میں طالب علم کی شرکت پر معترض ہوں ۔ شرکت نہ کرنے والے طلباء سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ خاموش بیٹھے رہیں یا خاموش کھڑے رہیں ، اور ایسی کوئی بھی حرکت کرنے سے باز رہیں جس سے اس عمل میں خلل پڑتا ہو یا کوئی انتشار پھیلتا ہو ۔ طالب علم کی شرکت کرنے یا شرکت نہ کرنے کے فیصلے کا احترام کیا جانا چاہئیے ۔

***پولیس کو شامل کرنا***

کوڈ آف ورجینیا کے تحت ، پرنسپل کو بعض خلاف ورزیوں کے بارے میں پولیس کو فوری مطلع کرنا ہوتا ہے ۔ ان خلاف ورزیوں میں ایسی بدعملی یا سنگین جرم شامل ہیں: دھاوا اور زدوکوب ، جو جسمانی چوٹ، جنسی حملہ، کسی فرد کو مجروح کرنے یا اس نیت سے پیچھا کرنے پر منتج ہو، ایسا طرز عمل جس میں شراب یا منشیات یا اسکول کے عملہ کو دھمکیاں دینے میں ملوث ہونا اور ایسا طرز عمل جس میں ہتھیار ، بم یا دیگر دھماکہ خیز مواد میں ملوث ہونا شامل ہے ۔ ایسے حالات میں، پرنسپل اسکول کے اسکول ریسورس آفیسر (SRO) سے رابطہ کر سکتے ہیں ۔ زیادہ تر حالات میں ، SRO یا کوئی دوسرا پولیس آفیسر بچے سے سوال جواب کرنے سے پہلے والدین سے رابطہ کریں گے ۔ اگر فوری خطرہ ہو تو اس صورت میں اسکول ریسورس افسر(SRO) خطرے کی روک تھام کے لئے والدین کو پیشگی اطلاع کے بغیر اقدامات کر سکتے ہیں ۔ پرنسپل جتنا جلدی ممکن ہو سکے ، والدین سے رابطہ کریں گے ۔ ***اوپر بیان کئے گئے حالات کے سوا، SRO اسکول کے انضباطی معاملات میں شامل نہیں ہوتے ۔***

***املاک سے متعلق خلاف ورزیاں***

FCPS طلباء سے اسکول کی املاک کا خیال رکھنے کی توقع کرتے ہیں ۔ نقصان پہنچانے یا نقصان پہنچانے کی دھمکی دینے، چوری کرنے، اور توڑ پھوڑ کرنے — غیر قانونی طور پر اسکول املاک میں موجود ہونے کی صورت میں بھی— انضباطی کارروائی کی جائے گی ۔

***نقصان کی تلافی***

ایسا طالب علم جو FCPS کی املاک سمیت ، دوسروں کی املاک کو نقصان پہنچائے ، تباہ و برباد کرے ، یا چوری کرے تو وہ نقصان شدہ املاک کو پہلی والی حالت میں لانے کے ذریعے ، نقصان شدہ املاک بدلنے یا مرمت کروانے کے لئے ادائیگی کے ذریعے مالک کے نقصان کا ازالہ کرے گا ۔

***بحالی کا انصاف***

تربیت یافتہ اور ہنرمند سہولت کاروں کی طرف سے ایک باضابطہ طریقہ کار فراہم کیا جاتا ہے جس میں غلط کاموں میں ملوث طلباء اور متاثرین کو ایک ساتھ اکھٹا کیا جاتا ہے تاکہ واقعہ اور متاثرین کے بارے میں بات چیت کی جائے اور انہیں سمجھایا جائے اور نقصان کا ازالہ کرنے کے لیئے ایک معاہدہ طے کیا جائے ۔

***تلاشی، ضبطی***

FCPS کو اسکولوں کو محفوظ اور منشیات سے پاک رکھنے کے لیئے طلباء کی مدد درکار ہے ۔ اسکول کے حکام اسکول کی املاک پر لاکرز، ڈیسک اور دوسری جگہوں کی اچانک تلاشی لے سکتے ہیں ۔ اگر ان کے پاس یقین کرنے کی معقول وجہ ہو کہ طالب علم کی تحویل میں اسلحہ ، شراب، منشیات، چوری شدہ سامان یا اس طرح کی چیزوں کی موجودگی کے شواہد ہیں تو وہ طالب علم کے بستے، پرس، جیبوں، اوپر کے کپڑوں ، الیکٹرانک آلات یا گاڑی جو اسکول کی املاک میں پارک ہے، کی تلاشی لے سکتے ہیں۔ ایسی اشیاء جن کا تعلق اسکول سے نہیں ہے یا ان کا غلط استعمال کیا جا رہا ہے، انہیں طالب علم کی تحویل سے لے کر والدین کو واپس کیا جا سکتا ہے ۔

***طلباء کی سرگرمیاں***

اسکول ایک بامعنی اور پر لطف جگہ بن جاتا ہے جب طالب علم کلبوں ، ٹیموں ، فن کا مظاہرہ کرنے والے گروہوں ، ڈراموں ، سالانہ کتاب ،اسٹوڈنٹ گورنمنٹ ، حفاظتی گشت میں حصہ لیتے ہیں ۔ ان سرگرمیوں میں شرکت ایک مراعا ت ہے ، اور جو طالب علم ان میں حصہ لیتے ہیں ان سے اچھے گریڈز اور طرز عمل کی توقع کی جاتی ہے۔

***اسٹوڈنٹ ایڈوائزری کونسل***

ہائی اسکول اسٹوڈنٹ ایڈوائزری کونسل میں شرکت سے طلباء کو موقع ملتا ہے کہ وہ ایسے معاملات پر اسکول بورڈ کو مشورہ دیں جن سے وہ متاثر ہوتے ہیں ۔

### اسٹوڈنٹ گورنمنٹ

اپنے اسکول کی اسٹوڈنٹ گورنمنٹ میں شرکت کے ذریعے طلباء سیلف گورنمنٹ کے حقوق اور ذمہ داریوں کا تجربہ حاصل کرتے ہیں اور اسکول کے معاملات چلانے میں فعال کردار ادا کرتے ہیں۔ اسٹوڈنٹ گورنمنٹس چلانے کے لئے طے شدہ رہنما اصول اور اسکول کے عملے کی رہنمائی ہوتی ہے ۔ ایسی کوئی سرگرمی جو رہنما اصولوں کے مطابق نہیں ہے اسے منسوخ یا محدود کیا جا سکتا ہے ۔

### طالبعلم کا ریکارڈ

FCPS طلباء کا ریکارڈ وفاقی اور ریاستی قوانین کے مطابق بڑی احتیاط سے تجویز کی گئی شرائط کے مطابق رکھنے کا انتظام کرتا ہے ۔ والدین اپنے بچوں کا سرکاری ریکارڈ دیکھنے کا حق رکھتے ہیں اور 18 سال یا اسے زیادہ عمر کے طالب علم اپنے ریکارڈز کا خود جائزہ لے سکتے ہیں ۔ ڈائریکٹری کی معلومات ـــ مثلاً ایئربکس، آنر رولز، ڈگریاں دینے والے پروگرام ، اور کھیلوں کے اعدادو شمار ـــ والدین کی اجازت کے بغیر جاری کئے جا سکتے ہیں ۔

### 18 سال اور اس سے زائد عمر کے طلباء

کچھ استثنائی صورتوں میں، ریاست ورجینیا کے قانون کے مطابق 18 سال یا اس سے زائد عمر کے طلباء کو بالغ تصور کیا جاتا ہے ۔ اس کے با وجود ان پراسکول کے قواعد وضوابط کا اطلاق ہوتا ہے۔ اگر کچھ مخصوص صورتوں جیسے فیلڈ ٹرپس اور پولیس کی پوچھ گچھ میں طالب علم والدین کی جگہ خود اپنا کردار ادا کرنا چاہتے ہیں تو انہیں ایک اعلامیہ پر دستخط کرنا ہونگے ۔ اس کے با وجود والدین سے ایسے طلباء کی تعلیمی کارکردگی ، ہنگامی معاملات اور انضباطی کارروائیوں کے سلسلے میں رابطہ کیا جاتا رہے گا ۔

### ٹیکنالوجی کا استعمال

FCPS کے انٹر نیٹ کے نیٹ ورک اور کمپیوٹرز تک طلباء کو رسائی کی اجازت ہے تاکہ وہ ان تخلیقی ذرائع سے تحریر، آرٹ ، میوزک ، سائنس ، ریاضی ، اور کئی دوسرے مضامین سے متعلق وسیع وسائل سے فائدہ اٹھا سکیں ۔ تاہم اس سہولت کے استعمال میں کچھ ذمہ داری بھی ہے ۔ طلباء سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ ٹیکنالوجی کے استعمال میں اخلاقیات کا خیال رکھیں ، دوسروں کے کام اور ان کی رازداری کا احترام کریں ، بعد میں استعمال کرنے والے کے لئے ورک اسٹیشن کو اچھی حالت میں چھوڑیں ، سیفٹی اور سیکیوریٹی کے لیئے طے شدہ اصولوں پر عمومی طور پر عمل کریں ۔ یہی توقعات طلباء کے اپنے آلات جیسے لیپ ٹاپس ، ٹیبلٹس ، اور اسمارٹ فونز کے استعمال کے حوالے سے کی جاتی ہیں ۔ *طالبعلم نیٹ ورک رسائی کے استعمال کی قابل قبول پالیسی* ضمیمہ میں ملاحظہ کیجیئے ۔

### ورجینیا ہائی اسکول لیگ کے لیئے اہلیت

ورجینیا ہائی اسکول لیگ ، اسکول ڈسٹرکٹ ، اور اسکول کی طرف سے طے شدہ معیار پر پورا اترنے کی صورت میں طالب علم اسکولوں کے درمیان کھیلوں کے مقابلے میں شرکت کرنے کااہل ہو سکتا ہے ۔ تاہم اہلیت کا انحصار طالب علم کے مثبت طرز عمل اور شائستگی پر ہے۔ لیگ کے معیار کے نصب العین اور اسکی روح پر عمل کرنے کی صورت میں کھلاڑی ، ٹیم ، اسکول اور کمیونٹی کو سزا سے بچا سکتا ہے ۔ یہ والدین اور طلباء کی ذمہ داری ہے کہ وہ قواعد و ضوابط کے بارے میں جانیں ۔

### ملاقاتی حضرات

اسکول ان والدین اور دوسرے ملاقاتی افراد کا خیر مقدم کرتے ہیں جو کہ پروگراموں کے بارے میں مزید جاننا ، عملہ کے اراکین سے ملنا اور تنصیبات کا دورہ کرنا چاہتے ہیں ۔ تمام ملاقاتی اپنی آمد پر اسکول کے دفتر میں اپنے آپ کو رجسٹر کرائیں اور شناختی بیج لگائیں ۔ ملاقاتوں اور کمرۂ ہائے جماعت کے دوروں کے لیئے پہلے سے وقت طے کیجیئے۔ اسکول کے دفتر میں اپنی آمد کی اطلاع دیے بغیر اسکول کی عمارت میں داخل ہونے والے افراد یا وہ لوگ جو اسکول کی سرگرمیوں میں خلل ڈالنے کا موجب بنتے ہیں انہیں اسکول کی املاک پر موجود رہنے سے روک دیا جائے گا اور ممکن ہے پولیس کو انکی رپورٹ مداخلت بیجا کرنےوالوں کی حیثیت سے کر دی جائے ۔

### ہتھیار

طلباء کو اسکول کی املاک پر گن، چاقو، دھماکہ خیز آلہ ، بارود ، یا کوئی ایسی چیز جس میں دھماکہ خیز مواد پھینکنے کی صلاحیت ہو یا کوئی اور ہتھیار اپنے پاس رکھنے کی اجازت نہیں ۔ اس میں اسٹارٹر گن ، پینٹ بال گن ، چھرے والی گن ، بلیڈ ، پیتل کے مکے ، لاٹھی اور اس قسم کے آلات ، اور ان کے ساتھ ساتھ ایسی اشیاء جوہتھیار کی طرح نظر آئیں ۔ خلاف ورزی کے نتائج بھیانک ہیں جو فیڈرل گن فری اسکولز ایکٹ کے مطابق ہیں۔

# اصلاحی اور انضباطی کارروائیوں کے ضابطے

پرنسپل اساتذہ اور والدین، خاندان ایک ساتھ مل کر طلباء کو اسکول اور زندگی میں کامیاب ہونے کے طرزعمل اور سماجی و جذباتی مہارتیں سکھاتے ہیں ۔ اسکول سیکھنے کی ایک مثبت جگہ ہے ، جہاں غلطیاں کی جاتی ہیں اور نت نئے تصورات وخیالات دریافت کئے جاتے ہیں ۔ طلباء تعاون کرنا سیکھتے ہیں ، دوسروں کے لیئے، ہمدردی پیدا کرتے ہیں ، صحت مند طریقوں سے اپنے جذبات پر قابو پاتے ہیں اور طرز عمل کا اظہار کرتے ہیں اور اپنے عمل کی ذمہ داری قبول کرتے ہیں ۔ طالب علم کے پورے تعلیمی کیریئر کے دوران ، خود شناسی ، خود پر قابو ، سماجی آگہی اور تعلقات استوار کرنے کی مہارتوں سمیت فیصلہ سازی کی مہارتیں مختلف طریقوں سے سکھائی جاتی ہیں ۔

فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز طالب علم کی تعلیمی، عملی، سماجی و جذباتی اور سلامتی کی ضروریات پوری کرنے میں مدد کے لیئے ، ایک متعدد درجاتی نظام (MTSS) کا فریم ورک استعمال کرتے ہیں ۔ یہ ضروریات آپس میں جڑی ہوئی ہیں اور اس کے نتیجے میں ، اسکول کے طریقوں میں whole-child approach کی حمائت شامل ہونی چاہیئے ۔ اسکول کی ٹیمیں کلاس روم میں مختلف ہدایات فراہم کرنے اور تمام طلباء کو ضروری مہارتیں سکھانے کے لیئے، ڈیٹا کی بنیاد پر فیصلے کرتی ہیں ۔ ضروری مہارتوں کی تشکیل، تعلیم اور ان پر زور ڈالنے کے لیئے، FCPS کی طرف سے MTSS کے فریم ورک کے اندر مثبت رویے کی مداخلت اور حمایت (PBIS) کا استعمال کیا جاتا ہے۔

- درجہ 1: تمام طلباء کو سماجی، جذباتی اور عملی مہارتوں کی تعلیم دینا ۔ جب طلباء ان مہارتوں کا مظاہرہ کریں اور اسکول کے ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں تو انہیں سراہنا اور ان کی حوصلہ افزائی کرنا ۔

- درجہ 2: ان طلباء کے لیئے، چھوٹے گروپس اور گھروالوں کے تعاون کے ساتھ ، اضافی ہدایات کی فراہمی اور مشق ، جن کے اندر ابھی تک شناخت کردہ مہارتیں تشکیل نہیں پائیں ۔

- درجہ 3: ایک انفرادی اصلاح کی تشکیل جو گھرانے اور اسکول کے عملے کے تعاون سے نئی مہارتوں پر توجہ مرکوز کرے ۔

رویے سے متعلق کسی بھی طالب علم کو مدد درکار ہونے کی صورت میں، اساتذہ اور اسکول کے منتظمین محتاط جائزہ لیتے ہیں اور بہت سے امور کا خیال رکھتے ہیں ، جن میں بچے کی عمر، بچے نے پچھلی اصلاحات میں کیسی کارکردگی دکھائی اور طلباء کو رویے سے متعلق مدد درکار ہونے کی صورت میں آیا کسی دوسرے فرد کو کوئی نقصان تو نہیں پہنچ رہا اور اگر ایسا ہے تو کون سی مناسب انتظامی کارروائیاں کی جا سکتی ہیں ، شامل ہے ۔

***FCPS تمام اسکولوں اور تعلیمی پروگراموں میں انضباطی پالیسی کے ضابطوں اور طریقہ کار کے مستقل اور منصفانہ نفاذ کے لیئے، پر عزم ہیں ۔ ریگولیشن 2601 کے ضمیمہ D کے بلب نمبر II میں دیئے گئے چارٹ کے اندر، درجوں کے حساب سے کی جانے والی کارروائیاں بیان کی گئی ہیں، جو عام طور پر طالب علم کے طرزعمل سے متعلق مسائل حل کرتے وقت ، منتظمین کی طرف سے رہنمائی کے لیے استعمال کی جاتی ہیں ۔ ان درجات میں اسکول کی طرف سے فراہم کردہ معاشرتی و جذباتی، برتاؤ اور تعلیمی مدد شامل ہے۔ کسی بھی صورت حال میں، منفرد حالات کے مطابق، پرنسپل طالب علم کی ضرورت کو بہتر طور پر پورا کرنے کے لیئے، دوسرے درجات پر کی جانے والی کارروائیاں اور اصلاحات فراہم کر سکتے ہیں ۔***

**طالبعلم اور عملے کے رویہ میں اعانت کا گراف چارٹ** روک تھام کی فہرست سے شروع ہوتا ہے جو ان طریقہ ہائے کار پر مبنی ہے جو تعلقات قائم کرتے ہیں ، طرز عمل سکھاتے ہیں اوران کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں اور سیکھنے کو فروغ دیتے ہیں ۔ ایسی حکمت عملیاں جیسا کہ توقعات اور معمولات سکھانا ، طرزعمل اور سماجی وجذباتی سیکھنے کی مہارتیں ، مثبت فیڈ بیک کی بلند شرح ، روک تھام کا استعمال اور صبح کے اوقات میں میٹنگ کا انعقاد اور ایڈوائزری کی سفارش کی جاتی ہے ۔ اگلا ، گراف چارٹ یہ بتاتا ہے کہ طرزعمل کب سیکھنے کے عمل میں خلل ڈالتا ہے۔ وہ حکمت عملیاں جو ایک استاد اس لمحے بروئے کار لاتا ہے جب کسی رویہ کو روکنا ہو، وہ یہ ہیں: ایک پرسکون اور غیرجانبدارانہ لہجہ اختیارکرتے ہوئے، عملہ ایک یا ایک سے زیادہ حکمت عملی بروئے کار لاکر تدریس کی طرف واپس آئے گا ، جلد ازجلد تعلقات قائم کرنے کی حوصلہ افزائی کرے گا ۔ تیز تر اور آسان حکمت عملیاں پیش کی جاتی ہیں جیسا کہ مثبت آراء یا زبان کو بہتر بناتے ہوئے اس بات پر توجہ دینا کہ کیا ہونا چاہیئے جبکہ منصوبہ بندی کے تحت مسئلہ پیدا کرنے والا طرزعمل نظراندازکیا جائے ، طالبعلم کے قریب پہنچا جائے ، ایک اشارہ یا غیرزبانی کنایہ ، یا ایک یاددہانی یا برجستہ فقرہ ادا کیا جائے ۔

کسی طالبعلم کیلئے زیادہ شدت والی حکمت عملیوں کی بھی ضرورت ہوسکتی ہے تاکہ وہ پرسکون ہو اور خودکارطورپر قابو پایا جائے یا جہاں سے سراٹوٹا تھا یا خلل اندازی ہوئی تھی وہیں سے شروع کیا جائے ۔ ایسی صورت حال میں، ایک منطقی فیصلہ کیا جائے جو صورتحال پر منطبق ہو جیسا کہ ترامیم کی جائیں ، مراعات سے محرومی ، یا مثبت ٹائم آؤٹ یا بریک لی جائے ۔ آخر میں، اگر طالبعلم کو پرسکون ہونے اور خود پر قابو پانے کیلئے ماحول سے کچھ وقت دُور رہنے کی ضرورت ہو، کلاس میں ایک مختصر وقفہ لے لیا جائے یا کسی دوسری کلاس میں دوست استاد مناسب رہے گا ۔

اگرتین حکمت عملیاں آزمانے کے بعد بھی مسئلہ پیدا کرنے والا طرزعمل کی شدت یا تواتر میں کمی نہ آئے، عملہ کا رکن آفس ڈسپلن ریفرل (ODR) ، مکمل کرنے کے بعد ایک منتظم کی معاونت کی درخواست کرسکتا ہے ۔ یہ ہمیشہ بہترین طریقہ کار رہا ہے کہ عملہ کا رکن طالبعلم سے بات چیت کرے تاکہ اس کے نقطہ نظر کو سمجھے اورسیاق وسباق کو سنے، اس کے موقف کو شامل کرے اور تعلقات بحال کرے ۔ اس بات چیت سے امکانی طورپر حل اور تعلیمی ، طرزعمل ، سماجی اورجذباتی مہارتوں کا پتہ چل جائے گا جن کی معاونت کی ضرورت ہے ۔ طرزعمل کا گراف چارٹ ان ترجیحی طریقوں کو تجویز کرتا ہے جو عملہ کو طالبعلم کے طرزعمل کے جواب میں اختیار کرنا چاہیئں ۔

## طرزعمل میں اعانت کا گراف چارٹ

یہاں سے آغاز کیجیئے

**تدارک**: مناسب رویوں کی حوصلہ افزائی اور تعلقات قائم کرنا سکھانے کی حکمت عملیاں
* توقعات اور معمولات
* طرزعمل اورSEL کی ہدایات
* مثبت فیڈ بیک کی بلند شرح
* روک تھام کے فوری اقدامات
* صبح کی میٹنگ / مشیر
* بحالی انصاف کے گروپ

رونما ہونے والے طرزعمل جو تعلیمی عمل میں خلل ڈالتے ہیں

دفتر سے نمٹا جانے والا طرزعمل

**آفس ڈسپلن ریفرل (ODR)**
*دفتر کو آگاہ کیجیئے
*ODR مکمل کیجیئے
*طالبعلم کو دفتر لے جایا جائے

**منتظم کی کارروائیاں**
*پڑھانے، سیکھنے اور تدریس کی طرف واپس لوٹنے کے ساتھ ساتھ مسئلہ کا اندازہ لگائیے اور حل کیجیئے
*اضافی معلومات حاصل کرنے کیلئے خاندان کے ساتھ مل جل کرکام کیجیئے
* SR&R-بحالی طریقہ کار/بحالی کا انصاف پر مبنی سزاؤں اورنتائج پر کام کیجیئے ۔
*خاندان اور نشاندہی کرنے والے استاد کو فیڈ بیک فراہم کیجیئے

اگر طرزعمل جاری رہے یا مزید شدت اختیار کرے ، اضافی مدد حاصل کیجیئے۔

طالبعلموں کو دو یا زیادہ ODRs کی سفارش کیجیئے تاکہ Tier 2اصلاحی کارروائی کی جائے۔

**کلاس روم کی سطح پر نمٹا جانے والا طرزعمل**

مداخلت آمیز رویہ کو کم کرنے، علحیدہ کرنے، اور تدریس کا سلسلہ جاری رکھنے ، تعلقات کی حوصلہ افزائی کرنے اور بنانے کیلئے منتخب حکمت عملی بروئے کار لائیے ۔ عام طورپر ایک مداخلت آمیز رویہ کو کامیابی سے تبدیل کرنے کیلئے تین مختلف حکمت عملیاں استعمال کی جاتی ہیں ۔

➤ مثبت فیڈ بیک / زبان کو تقویت دینا (کام پر مبنی طرزعمل کیلئے)
➤قربت
➤جان بوجھ کر نظرانداز کرنا
➤اشارہ / غیر زبانی کنایہ
➤یاددہانی/ زبانی اشارہ
➤نصیحت / نصحیت آمیز زبان
➤منطقی نتائج:
مراعات کا خاتمہ ، غلطی کا ازالہ ، یا مثبت ٹائم آوٹ / بریک لیجیئے
➤دوست استاد / ٹائم آوٹ
➤طالبعلم کے ساتھ کانفرنس

اگر طرز عمل کی شدت یا تواتر میں کمی نہ آئے تو ODR فارم بھر کے منتظم کی معاونت کو فہرست میں شامل کیجیئے ۔

**طرزعمل بہتری**

**TIER 1 کی سطح پر، جب اضافی مدد درکار ہو۔ ۔ ۔**

اگر وقت گزرنے کے ساتھ مندرجہ بالا حکمت عملیاں کارگر ثابت نہ ہوں، اپنے CT سے مسئلہ کا حل تلاش کرنے کی گفتگو شروع کرنے سے پہلے خاندان سے مل جل کر کام کیجیئے ۔ ٹیم ہوسکتا ہے کہ کلینکل ٹیم کے ایک رکن یا ایک BIT کوطرزعمل/ SEL مہارت کیلئے مدعو کرسکتی ہے۔

*PBIS of VA, Midwest PBIS Network & Mid-Atlantic PBIS Network, 2018* سے ڈھالا گیا ہے۔

# انضباطی طریقۂ کار

طالب علم کو نظم و ضبط میں لانے اور والدین ، اساتذہ ، اور اسکول انتظامیہ کے درمیان اشتراک عمل کے مثبت طریقے سے ثابت ہوا ہے کہ یہی بہترین طریقہ ہے جس کے ذریعے طلباء کو متوقع طرزعمل اور ذمہ دار شہری بننے کی تعلیم دی جا سکتی ہے ۔ اسکول کے پرنسپل زیادہ تر واقعات میں غلط رویے کی مختلف شکلوں پر مناسب کارروائی کا تعین کرتے ہیں اور آپ اور آپ کے بچے کے ٹیچر سے مل کر ضروری اصلاحی اقدامات متعین کرتے ہیں تاکہ آپ کے بچے میں خراب طرز عمل کا مسئلہ دوبارہ پیدا نہ ہو۔

### *اسکول سے معطلی کے بغیر اصلاحی اقدامات*

FCPS کے حکام ہر ایک طالب علم کو اسکول کے قواعد سمجھانے میں مدد فراہم کرتے ہیں اور یہ باور کراتے ہیں کہ طالب علم کا خواب طرزعمل کیسے دوسروں پر اثر انداز ہو سکتی ہے۔ زیادہ تر حالات میں اسکول سے باہر والی معطلی سے پہلے، اساتذہ اور منتظمین اسکول کے اندر کی جانے والی اصلاحات استعمال کرتے ہیں ۔ ان اقدامات میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں:

- مثبت رویے کی اصلاحات اور معاونت کا استعمال (PBIS)
- مطلوبہ طرزعمل کی دوبارہ تعلیم
- حسبِ ضرورت ، کلاس روم کے طریقہ کار کی تنظیم نو
- رویئے پر اثرانداز ہونے والی سماجی اور جذباتی مہارتوں کی اصلاح
- استاد کی طرف سے اکیلے میں سرزنش اور مشاورت
- عملہ کے کسی دوسرے رکن کی طرف سے مشاورت
- والدین/ استاد / منتظم / طالبلعم کا اجلاس
- نشست کی تبدیلی
- بحالی کے اقدامات یا کانفرنس
- طرزعمل کا معاہدہ/ چارٹ
- اسکول کے بعد روکنا
- لنچ کے دوران روکنا
- مراعات سے عارضی طور پر معزولی جیسے کہ پارکنگ ، سنیئر ہونے کی رعایت ، ٹیموں ، کلبوں اور اسکول کے زیر اہتمام دیگر سرگرمیوں میں شرکت
- کلاس روم سے عارضی طور پر علحیدگی
- اطلاقی طرزعمل کی جانچ (FBA) اور طرز عمل کا اصلاحی پلان (BIP)

شدید یا سنگین حالات میں ، جیسے کہ اسکول میں بندوق لے کر آنا، اپنے پاس رکھنا یا دوسروں کو دینا یا اسکول کی املاک پر بار بارمنشیات لانا اور اس کا استعمال کرنا ایسی صورت میں پرنسپل ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل جمع کروائیں گے۔ حالات یا صورتحال کے مطابق، پرنسپل دیگر سنگین جرائم کے لیئے بھی ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیج سکتے ہیں ۔ پرنسپل طالب علم کے ماضی کے گریڈ ، حاضری ، طرزعمل اور اساتذہ ، کونسلرز اور طالب علم کے جاننے والوں کی طرف سے فراہم کردہ معلومات بھی شامل کرتے ہیں ۔ قانونی طور پر، مخصوص رویوں کی سختی سے ممانعت ہے اور اس کے مطابق پرنسپل کے لیئے ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنا ضروری ہے، جو اس بات کا تعین کریں گے کہ آیا کوئی اضافی انضباطی نتائج عائد کرنے کی ضرورت ہے ۔

طالب علم کے سنگین طرزعمل میں ملوث ہونے پر، جس کا نتیجہ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو زیر حوالہ معاملہ بھیجنے سمیت 10 دن کی معطلی کی صورت میں نکل سکتا ہے تب ، مندرجہ ذیل طریقہ کار کا اطلاق ہو گا ۔

- پرنسپل واقعہ کی روک تھام کے لیئے، کارروائی کریں گے اور طلباء اور عملے کی حفاظت کو یقینی بنانے کی ضرورت کے مطابق ، پولیس یا SRO کو بلایا جا سکتا ہے ۔
- جتنا جلد ممکن ہو سکے اور طالب علم سے سوال جواب شروع ہونے سے پہلے، پرنسپل والدین سے رابطہ کرنے کی کوشش کریں گے ۔
- طلباء کو، پرنسپل کے ساتھ واقعے کے حوالے سے بات چیت کرنے کا موقع ملے گا ۔ اگر پرنسپل کو، سلامتی کے حوالے سے کوئی تشویش نہ ہو تو طلباء سے بات چیت کے موقع پر SRO موجود نہیں ہوں گے ۔ والدین کو اطلاع دیئے بغیر پرنسپل طالب علم سے کوئی تحریری بیان دینے کے لیئے نہیں کہیں گے یا طالب علم سے کوئی سوال جواب جاری نہیں رکھیں گے ۔ والدین کو اطلاع دینے کے بعد ، پرنسپل طالب علم سے کہہ سکتے ہیں کہ وہ اپنے الفاظ میں واقعے کے بارے میں تحریری بیان دے ۔ تاہم طالب علم کو یہ بتایا جائے گا کہ یہ ضروری نہیں کہ وہ تحریرشدہ بیان دے۔

- مجرمانہ حرکت کی نوعیت اور نظم و ضبط کے طریقۂ کار کو سمجھانے کے لیئے پرنسپل والدین کو، واقعہ کی معلومات فراہم کریں گے ۔
- ایسے طلباء اور والدین جنہیں اسکول کے عملے کے فیصلے سے اختلاف ہے وہ اس بارے میں اساتذہ ، کونسلرز، اسکول انتظامیہ اور ریجن کے اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کو شکایت کر سکتے ہیں ۔
- والدین ایسے تمام تادیبی فیصلوں کے خلاف اپیل کر سکتے ہیں جو طالبعلم کو اسکول سے باہر رکھنے کا موجب ہوں ۔

پولیس کو شامل کرنا:

- FCPS اور قانون نافذ کرنے والے مقامی اداروں کے درمیان ایک دستخط شدہ معاہدہ موجود ہے، جس میں اسکول کے اندر SROs کے کردار اور ذمہ داریوں کا خاکہ بیان کیا گیا ہے ۔ یہ معاہدہ https://www.fcps.edu/node/36886 پر ملاحظہ کیا جا سکتا ہے ۔
- بعض سنگین اور خطرناک حالات میں، قانون کے مطابق، پرنسپل کو فوری طور پر پولیس کواطلاع دینی ہوتی ہے۔
- سلامتی، حفاظتی اقدامات کرنے یا ممنوعہ سامان سنبھالنے کے لیئے، منتظم کی طرف سے SRO کو بلوایا جا سکتا ہے ۔
- اگر پرنسپل قانوناً پابند نہیں کہ واقعہ کی اطلاع پولیس کو فوری طور پر کی جائے، لیکن سمجھتے ہیں کہ قانون شکنی ضرور ہوئی ہے تو وہ پولیس یا SRO کو طلب کرنے سے پہلے والدین کو اطلاع دینے کی کوشش کریں گے ۔
- ماسوائے اس کے کہ کسی خطرناک صورتحال کا اندیشہ ہو، SRO کو طالب علم سے سوال جواب شروع کرنے سے پہلے، اس کے والدین کو اطلاع دینے کے لیئے، فوری اقدام اٹھانے چاہئیں ۔

درج ذیل ہر ایک طریقۂ کار کی مکمل معلومات ریگولیشن 2601.37P میں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں، جو کہ ضمیمہ میں موجود ہے۔

علم کے ذمہ کاموں میں اس کی معاونت کریں گے تا کہ طالب علم ان میں پیچھے نہ رہ جائے ۔ دوسری براہ راست معاونت بھی فراہم کی جا سکتی ہے۔

***دوسری جگہ داخلہ***

وہ طالب علم جو سنگین اور/ یا بار بار سکول سے متعلقہ جرائم کا مرتکب ہو، یا جس پر مبینہ کمیونٹی کی بنیاد پر واقعہ سے متعلق بعض سنگین جرائم کا الزام ہو، اسے بشمول ایک متبادل تعلیمی سیٹنگ کے کسی مختلف سکول یا پروگرام میں بھیجا جاسکتا ہے ۔ اس سے پہلے کہ طالب علم کو دوسری جگہ داخلے کے لیئے، بھیجا جائے والدین اور طالب علم کو ڈویژن سپریٹنٹنٹ کے سماعتی افسران کے سامنے سماعت میں شرکت کرنے کا حق حاصل ہے، جو انضباطی نتائج کا تعین کریں گے ۔ والدین اسکول بورڈ کے سامنے سماعتی آفیسر کے دوسری جگہ داخلے کے فیصلے پر اپیل کرسکتے ہیں، جو اپیل کا تحریری ریکارڈ پر جائزہ لیں گے ۔ جب FCPS ایک طالبعلم کو جو IEP کا حامل ہے ، انضباطی وجوہات پردوسری جگہ پر داخلہ دیتا ہے جس میں **reassignment** پلیسمینٹ میں تبدیلی پر منتج ہوتا ہے تو IEP اجلاس منعقد کیا جائے گا جس میں طالبعلم کی IEP یا طالبعلم کی نئی جگہ پر IEP پر عمل درامد کا جائزہ لیا جائے گا ۔ کیونکہ IEP کے حامل کسی بھی معذوری کا حامل طالب علم کا کم سے کم پابند تعلیمی مقام (LRE) پہلے سے طے نہیں ہوتا اس لیئے ، میٹنگ کے دوران IEP ٹیم کی یہ ذمہ داری ہوتی ہے کہ انضباطی فیصلے کے مطابق ، اس تعلیمی مقام کے تعین کے بارے میں تبادلہ خیال ، تجویز اور فیصلہ کریں ۔ اسی کے مطابق ، IEP ٹیم میٹنگ کے دوران تمام ارکان کی رائے پر غور کرے گی ۔

***متبادل تعلیمی پروگرام***

طالب علم کو FCPS کے غیر روایتی پروگرام میں بھیجا جا سکتا ہے جہاں طرزعمل اور تعلیمی مشکلات کے شکار طلباء یا پھر جن کے ریکارڈ میں بے تحاشا غیرحاضریاں جمع ہو چکی ہوں ، بھرپور مدد فراہم کی جاتی ہے ۔ یہ پروگرام طلباء کو انکے اپنے اہداف مقرر کرنے میں مدد دیتے ہیں اور کئی نوعیت کی معاونت ، کونسلنگ ، طرز عمل کی درستی، اور اس سے متعلقہ سہولیات ملتی ہیں ۔ طالب علم اور والدین

***اسکول سے معطلی***

طالب علم کے اسکول قوانین کی خلاف ورزی کرنے کی صورت میں پرنسپل طالب علم کو اسکول سے دس دن تک نکال سکتے ہیں (قلیل مدتی معطلی) یا ڈویژن سپریٹنٹنٹ کو سفارش کرسکتے ہیں کہ طالب علم کو دس دنوں سے زیادہ (طویل مدتی معطلی) اسکول سے نکالا جائے ۔ اسکول سے معطلی کی مدت کے دوران طالب علم ٹیم ، کلب ، اور اسکول کے زیرِ اہتمام دیگر سرگرمیوں میں شرکت نہیں کر سکتا ، اور اسے اصلاحی سیمینار میں شرکت کا بھی کہا جا سکتا ہے ۔ طالب علم کو چھوٹ جانیوالا کام مکمل کرنے کے لئے کہا جائے گا ۔ والدین کو طالب علم کی ذمہ کام لینے اسکول میں بلایا جا سکتا ہے یا کسی دوسرے طالب علم سے کام بھجوانے کا انتظام کیا جا سکتا ہے ۔ گریڈنگ کے لیئے مکمل ذمہ کام اسکول کو بھیجنا ہوں گے۔ عملہ کا رکن طالب علم کی کارکردگی جاننے کے لیئے فون کر سکتا ہے ۔

طالب علم جس کی اسکول میں موجودگی سےخلل انگیزی یا مسلسل خطرہ درپیش ہو اسے فوری طور پر اسکول سے علیحدہ کیا جا سکتا ہے۔ اس صورت میں طالب علم اور والدین کو نوٹس دیا جائے گا اور انہیں جتنی جلدی ممکن ہوا ردعمل دینے کا موقع دیا جائے گا ۔

***ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنا***

جب طالب علم کسی سنگین خلاف ورزی کا ارتکاب کرتا ہے، تو پرنسپل اس بات کا تعین کرنے کے لیئے کہ آیا طالب علم ان کے اسکول میں رہے گا، طویل مدت کے لیئے، معطل کردیا جائے گا ، کسی مختلف اسکول یا پروگرام میں داخل کردیا جائے گا یا اسکول بورڈ کی طرف اخراج کے لیئے، بھیج دیا جائے گا، ڈویژن سپریٹنٹنٹ کو ریفرل بھیج سکتے ہیں۔ جب ڈویژن سپریٹنٹنٹ کو ریفرل بھیج دیا جاتا ہے، تو والدین اور طالب علم کو ڈویژن سپریٹنٹنٹ کے سماعتی افسران کے سامنے ایک سماعت میں شرکت کرنے کا حق حاصل ہوتا ہے، جو انضباطی نتائج کا تعین کریں گے ۔

وہ طالب علم جسے اسکول سے معطل کر دیا گیا ہو اور جس کی سماعت زیر التوا ہو تو ایک استاد بطور کیس منیجر مقرر ہوں گے جو اس طالب

ڈویژن سپریٹنٹنٹ اور اسکول بورڈ کے سامنے ایک سماعت میں شرکت کرنے کا حق حاصل ہوتا ہے، جہاں یہ طے کیا جاتا ہے کہ آیا خصوصی حالات موجود ہیں اور یہ کہ مختلف نتائج زیادہ مناسب ہو سکتے ہیں ۔ خارج ہونے کی صورت میں، طالب علم کو FCPS میں کسی بھی اسکول میں 365 تقویمی دنوں تک حاضر ہونے کی اجازت نہیں ہوتی، ماسوائے اس کے کہ اسکول بورڈ طالب علم کو بے دخلی کے دوران، ایک متبادل تعلیمی سیٹنگ میں شرکت کرنے کی اجازت دیتا ہے ۔ خارج ہونے والے طلباء ایک سال کے بعد دوبارہ داخلے کی درخواست کرسکتے ہیں ۔

***دیگر نتائج***

ایسا طالب علم جو معطل ہو چکا ہے اور جس کا معاملہ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو بھیجا جا چکا ہے، اسے اسکول واپسی پر بدستور نتائج کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے ۔ آزمائشی شرائط ، کمیونٹی کی خدمات ، منشیات کی ٹیسٹنگ اور تلافی ایسے اقدامات ہیں ، جو اس لیئے مرتب کیئے جاتے ہیں کہ اسکول کمیونٹی میں واپس آنے والے رکن کے طور پر طالب علم کو اپنے طرز عمل کے لیئے، مثبت اقدامات کے اظہار کا موقع ملے ۔

اخراج

ماسوائے خاص حالات کے ، ورجینیا کے قانون کے تحت اسکول میں بعض ہتھیار یا غیر قانونی منشیات لانے والے طلباء کو لازماً اسکول سے خارج کر دیا جائے گا ۔ پرنسپل دیگر سنگین نوعیت کی خلاف ورزیوں پر بھی طلباء کو ڈویژن سپریٹنڈنٹ کے حوالے کرسکتے ہیں ۔ اس سے پہلے کہ طالب علم کو خارج کردیا جائے، والدین اور طالب علم کو کے پاس موقع ہوتا ہے کہ وہ پروگرام کا جائزہ لینے کے لیئے، تشریف لائیں اور دستیاب متبادل تعلیمی انتخابات کے بارے میں عملہ کے افراد سے بات چیت کریں ۔ اگر طالب علم کو ذہنی صحت یا نشہ آور مواد کے استعمال کے واضح مسائل ہیں تو پرنسپل اس کی مناسبت سے کمیونٹی میں دستیاب پروگراموں کے بارے میں جہاں اسکول کی سہولتیں بھی دستیاب ہیں ، معلومات دے سکتے ہیں ۔ ٹیچر، کونسلر یا پرنسپل والدین کو متبادل پروگرام کے بارے میں سوچنے کا مشورہ دے سکتے ہیں اور رضامند ہو جانے کی صورت میں رضا کارانہ داخلے لیئے ، ریفرل بھیجنے میں مدد کر سکتے ہیں ۔

## والدین: تشویش دُور کرنے کے اقدامات

اگر آپ اسکول انتظامیہ کی طرف سے کیئے گئے فیصلے یا اقدامات پر تشویش یا اختلاف کا اظہار کرنا چاہتے ہیں تو یہ اہم ہے کہ سب سے پہلے اسکول کےعملے کے ان افرد سے بات کیجئے جو معاملے سے بخوبی آگاہ ہیں ۔ زیادہ تر واقعات میں ، استاد ، کونسلر، یا پرنسپل سے معاملے پر بات چیت کے ذریعے والدین کےمسائل حل ہو جاتے ہیں ۔

ٹیچر یا دیگر اسکول عملے کی طرف سے کیئے گئے عمل یا فیصلوں کے بارے میں خدشات کا اظہار سب سے پہلے اسکول پرنسپل کے سامنے کرنا چاہیئے ۔

وہ طریقہ کار جن کے ذریعے والدین خدشات کو حل کرسکتے ہیں جبکہ وہ پرنسپل کی طرف سے دیئے گئے جواب سے مطمئین نہیں ہوتے، خدشات کی قسم کے لحاظ سے مختلف ہوسکتے ہیں:

- نظم و ضبط: معطل کرنے کے فیصلے کے خلاف اپیل کرنے کے طریقہ کار سے متعلق، معلومات حاصل کرنے کے لیئے، براہ مہربانی ضمیمہ D، صفحہ نمبر 48 پر رجوع کیجیئے اور اسکول بورڈ کو طالب علم کے متبادل پروگرام میں داخلے کے فیصلے کو بدلنے کی درخواست دینے کے طریقہ کار کے بارے میں معلومات کے لیئے، ریگولیشن 2601.37P کا صفحہ نمبر 54 ملاحظہ کیجیئے ۔ مزید معلومات کے لیئے ریگولیشن 2611 ملاحظہ کیجیئے ۔
- اساتذہ یا دیگر اسکول اہلکاروں کی کارروائیوں کے حوالے سے شکایات؛ طلبا کے ریکارڈ؛ حق اظہار کے بارے میں فیصلے، مطبوعہ مواد کی نمائش کرنے یا تقسیم کرنے کا حق: یہ شکایات متعلقہ ریجنل اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کو درج کرائی جانی چاہئیں ۔ فون نمبرز صفحہ نمبر 4 پر مل سکتے ہیں ۔

- طریقہ کار، پروگرام یا معذوری کے حامل طلبا کی خدمات سے متعلق، شکایات دفتر برائے حسب قانون کارروائی اور اہلیت کے کوآرڈینیٹر سے 571-423-4470 پر کال کر کے کی جا سکتی ہیں۔
سہولیات تک رسائی اور معذور امریکیوں کے ایکٹ کی تعمیل سے متعلق خدشات کے لیئے، ڈیزائن اور تعمیراتی خدمات سے 571-423-2280 پر رابطہ کیجیئے ۔

- دفتر برائے محتسب والدین اور طلباء سے رازدارانہ ، غیررسمی ، خودمختار اور غیرجانبدارانہ وسائل کی حیثیت سے گفتگو کے لیئے، دستیاب ہے ۔ اگر آپ کو اسکول انتظامیہ سے متعلق، اضافی معلومات درکار ہیں تو دفتر برائے محتسب سے 571-423-4014 یا ombudsman@fcps.edu پر رابطہ کیجیئے ۔

- ٹائٹل IX اور امتیازی سلوک کی شکایات: براہ مہربانی ٹائٹل IX کے کوآرڈینیٹر سے 571-423-3070 پر رابطہ کیجیئے ۔

# جنسی و صنفی معاملات سے متعلقہ مختلف اقسام کی شکایات حل کرنے کے الگ طریقہ ہائے کار SR&R بمقابلہ ٹائیٹل IX

| ٹائٹل IX (ریگولیشن 2118.1) | SR&R طریقہ کار (ریگولیشن 2601.37P) |
|---|---|
| • **جنسی ہراسانی** کے الزامات کی تفتیش ٹائٹل IX کے مرکزی دفتر کی طرف سے کی جاتی ہے اور سماعتی دفتر اس کا فیصلہ کرتا ہے | • SR & R کے تحت، **جنسی بدسلوکی** یا **امتیازی ہراسانی** کے الزامات کی تحقیقات ، اسکول کے منتظمین کی طرف سے کی جاتی ہیں |
| • ٹائٹل IX کے کوآرڈینیٹر کے سامنے ایک باقاعدہ شکائت جمع کرانے کی **ضرورت** ہوتی ہے (قابل رسائی ہے https://www.fcps.edu/title-ix) | • باقاعدہ شکائت جمع کرانے کی **ضرورت نہیں** ہوتی |
| • تعریف اور طریقہ کار **وفاقی رہنما اصولوں** کے مطابق ہوتے ہیں | • تعریف اور طریقہ کار **ریاستی/مقامی ہدایات** کے مطابق ہوتے ہیں |
| • یہ ایک زیادہ رسمی عمل ہے، جس میں خصوصی تفتیش کاروں کی طرف سے کی گئی تفتیش، تفتیشی رپورٹ، جرح کے مواقعوں کے ساتھ، ایک سماعتی افسر کے فیصلہ اور نتائج پر اپیل کرنے کا موقع شامل ہوتا ہے | • یہ ایک **نسبتاً کم رسمی** کارروائی ہے جس کی تفتیش اور فیصلہ دونوں اسکول کے منتظمین کرتے ہیں ۔ |
| • اگر ٹائیٹل IX آفس اس بات کا تعین کرتا ہے کہ کوئی غیررسمی شکائت جنسی ہراسانی کی تعریف پر پوری اترتی ہے تو اس کی تفتیش صرف ٹائٹل IX کارروائی کے تحت ہی کی جا سکتی ہے | • اگر اسکول اس بات کا تعین کرتا ہے کہ کوئی غیررسمی شکائت جنسی ہراسانی کی تعریف پر پوری اترتی ہے تو اس کی تفتیش صرف ٹائٹل IX کاروائی کے تحت ہی کی جا سکتی ہے |

**رابطہ** :
ٹائٹل IX کوآرڈینیٹر، FCPS
ای میل: titleixcoordinator@fcps.edu
ویب سائٹ: https://www.fcps.edu/titleix

# عمومی انضباطی طریقہ کار

**طرزعمل کا واقعہ پیش آنے کی صورت میں**

**[پرنسپل](#) یا قریبی عملہ واقعے کی روک تھام کے لیئے، مناسب کارروائی کرے گا اور پرنسپل اگلے اقدامات کے تعین کے لیئے، چھان بین شروع کریں گے**

**طالب علم کو، واقعہ کی وضاحت کا موقع فراہم کیا جائے گا؛ اگر خلاف ورزی کا نتیجہ [ڈویژن سپرنٹنڈنٹ](#) کے پاس ریفرل بھیجنے کی صورت میں نکلتا ہے تو انتظامی رکن چھان بین جاری رکھنے سے پہلے والدین/ سرپرست کو اطلاع دینے کی ہر مناسب اور بروقت کوشش کریں گے۔**

تحریری بیانات ایک رضاکارانہ عمل ہے

**چھان بین کے نتائج کی بنیاد پر پرنسپل مناسب اصلاحات اور پابندیوں کا فیصلہ کریں گے، والدین/ سرپرست کو فیصلے سے آگاہ کریں گے اور اسٹوڈنٹ انفارمیشن سسٹم میں نتائج شامل کیئے جائیں گے**

## خصوصی تعلیم کے تحفظات

*تحریری بیان فراہم کرنے کی صورت میں، معذوری کے حامل طلباء کو ضروری سہولیات فراہم کرنے کی یقین دہانی کی جاتی ہے۔
*ذہنی یا نشونما کی معذوری کے حامل طلباء، جو معطل ہو سکتے، ان سے والد یا والدہ کو اطلاع کرنے سے پہلے زبانی یا تحریری بیان کے لیئے، نہیں پوچھا جائے گا۔
*کسی بھی طالب علم کو اسکول سے باہر معطل کرنے کے فیصلے سے پہلے، پرنسپل IEP کا جائزہ لینے کے لیئے، طالب علم کی IEP ٹیم سے مشورہ کریں گے اور طالب علم سے متعلق، کسی بھی طرح کے خصوصی حالات کو، ذہن میں رکھیں گے۔
*اسکول سے باہر والی معطلی کے مجموعی طور پر 10 یا اس سے زائد دنوں کی صورت میں، طرزعمل کے تعین کا ایک جائزہ (MDR) اور ایک IEP کا انعقاد کرنا ضروری ہے تا کہ گیارھویں دن کی خدمات تجویز کی جا سکیں یا FBA/BIP مکمل کیا جا سکے۔

## [ڈویژن سپرنٹنڈنٹ](#) کو ریفرل بھیجنا

*خلاف ورزی کی بنیاد پر، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کے سامنے سماعت کے زیرالتوا رہنے تک، طالب علم کو اسکول سے باہر والی معطلی دی جا سکتی ہے۔

*اسکول سے باہر والی معطلی کی صورت میں، طالب علم خصوصی اجازت کے بغیر [اسکول کی کسی بھی املاک](#) پر نہیں آ سکتا۔

*اسکول سے باہر ملنے والی خدمات کے کیس مینیجر کو تعینات کیا جائے گا تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ معطلی کے دوران طالب علم کو تعلیمی مدد حاصل ہو رہی ہے۔

*تحریری اپیلیں مکمل [اسکول بورڈ](#) کے سامنے پیش کی جاتی ہیں۔

## [قلیل مدتی معطلی](#)

* 10 دنوں تک، طرزعمل کی بنیاد پر۔

* والدین کو معطلی کی اطلاع تحریری طور پر اطلاع دی جاتی ہے، جس میں خلاف ورزی اور معطلی شروع اور ختم ہونے کی تاریخ اور اپیل کے حق سے متعلق، معلومات شامل ہوتی ہیں۔

*کلاس سے ہٹائے جانے کے باوجود طالب علم کے پاس اپنا کام کی کارکردگی پر مکمل کریڈٹ حاصل کرنے کا موقع فراہم ہو گا۔

*تحریری اپیلیں پہلے پرنسپل کے پاس بھیجی جاتی ہیں اور پھر [ڈویژن سپرنٹنڈنٹ](#) / [سماعتی افسر](#).کے سامنے پیش کی جاتی ہیں۔

## اسکول پر مبنی معطلی/ پابندیوں کی مثالیں

**اسکول پر مبنی اصلاحات**
*مطلوبہ مشق کے ساتھ ، متوقع طرزعمل کی دوبارہ تدریس
*طالب علم/ ٹیچرکانفرنس اور طرزعمل پر سوچ بچار
*انتظامی/ والدین کانفرنس
*والدین ایک دن اپنے بچے کے ساتھ، اسکول میں گزارتے ہیں
*طرزعمل کا معاہدہ
*اسکول کونسلر کے ساتھ مل کر تنازعہ کا حل نکالنا
*اسکول کے سماجی کارکن یا ماہر نفسیات کو ریفرل بھیجنا
*منضبط مواد کے غلط استعمال سے بچاؤ کا خصوصی پروگرام
* اصلاحی انصاف کے لیئے مشاورت
* کمیونٹی وسائل کو ریفرل بھیجنا

**اسکول کی سطح پرلگائی جانے والی پابندیاں**
*تنبیہ اور مشاورت
*اسکول کے بعد روکنا
*مخصوص مدت تک سہولیات سے محرومی
*آزمائشی شرائط
* کلاس سے علحیدگی
* متبادل تدریسی انتظام (AIA)
*اسکول کے اندر والی معطلی (ISS)

اسکول کے اندر والی اصلاحات/ نتائج سے متعلق، شکایات معاون پرنسپل یا پرنسپل اور پھر [ریجن](#) اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کے سامنے پیش کی جا سکتی ہیں۔
ضرورت پڑنے پر ombudsسےبھی رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

# معذوری کے حامل طلباء کے والدین کے لیئے، رہنمائی

***طالبعلم کے نظم و ضبط سے متعلق ورجینیا ریگولیشن کے بارے میں***

**روک تھام اور ابتدائی اصلاحی اقدامات**

اسکول انتظامیہ اس بات سے آگاہ ہیں کہ انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) اور خصوصی تعلیمی معاونت کے حامل بعض طلباء کو، بسا اوقات قابل قبول طرز عمل کے قواعد سمجھنے اور مشاہدہ کرنے میں خصوصی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ اگر آپ یہ دیکھتے ہیں کہ آپ کے بچے کو اسکول میں طرز عمل سے متعلق کچھ مشکلات کا سامنا ہے، یا اگر آپ کو استاد کی طرف سے کچھ مسائل کی رپورٹیں مل رہی ہیں تو والدین-استاد مشاورت کے انعقاد کیلئے کہیئےاور اس مشاورت میں استفسار کیجیئے کہ آپ کے تحفظات دور کرنے کیلئے کون سے وسائل دستیاب ہیں ۔ اس پر بھی توجہ فرمائیے:

- اسکول کونسلر، اسکول ماہر نفسیات، یا اسکول سماجی کارکن سے ملاقات کرنا ۔
- طالب علم کی کامیابی اور طرز عمل کی نگرانی کرنے والی اسکول کی ٹیم سے ملاقات کرنا ۔
- مددگار ثابت ہونے والی کتابوں، ویڈیوز، اور پریزینٹیشنز جیسے وسائل کے لیئے FCPS کے فیملی ریسورس سینٹر سے رابطہ کرنا ۔
- FCPS کے آفس آف انٹروینشن اینڈ پریوینشن سے رابطہ کرنا۔

**اطلاقی طرزعمل کی جانچ (FBA) اور طرز عمل کا اصلاحی پلان (BIP)**

اگر آپ کے بچے کا طرز عمل اس کی یا دوسروں کی تعلیم میں رکاوٹ بن رہا ہے یا آپ کے بچے کو بار بار معطل کیا جا رہا ہے تو اس صورت میں آپ یا آپ کے بچے کے استاد انفرادی تعلیمی پروگرام IEP کی ملاقات طے کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں ۔ اس میں شرکت کے لیئے اسکول کےماہر نفسیات یا طرز عمل کی اصلاح کے استاد کو بھی شرکت کے لیئے کہا جا سکتا ہے۔ IEP کی ٹیم طالب علم کے رویے، آپ سے اشتراک پر بات چیت کرے گی یا درج ذیل فیصلے بھی کر سکتی ہے:

- طرز عمل کے مسئلے توجہ کے لیئے خاص طور پر اہداف اور سہولیات کو شامل کرنا، یا
- اطلاقی طرزعمل کا تعین (FBA) نامی خصوصی جانچ کرنا اور طرزعمل کا اصلاحی منصوبہ (BIP) تیار کرنا ۔
  - FBA: مشاہدات اس بات کا تعین کرنے کے لیئے استعمال کیئے جائیں گے جب یہ طرز عمل کا مسئلہ بنتا ہے تو کمرہ جماعت میں کیا ہو رہا ہوتا ہے، دوسرے بچوں یا بالغوں کے ساتھ کیا ہوتا ہے جب یہ ہو اور ایسا کیا ہے کہ جس سے یہ خدشہ پیدا ہو کہ طرزعمل کا مسئلہ دوبارہ پیدا ہو گا ۔
  - BIP: اس معلومات کو استعمال کرتے ہوئے، ٹیم ایک ایسا منصوبہ تشکیل دیتی ہے جو مسئلہ پیدا کرنے والا طرز عمل کم کرے اور اس کو مثبت طرز عمل میں بدل دے ۔

**IEP کے ذریعے طلباء کا نظم و ضبط**

زیادہ تر واقعات میں معذور طلباء کو اسی طریقے سے نظم و ضبط میں لایا جا سکتا ہے جو طریقہ غیر معذور طلباء کے لیئے اپنایا جاتا ہے۔ تاہم، کچھ خصوصی حالات کا اطلاق ہو سکتا ہے:

- واقعے پر تحریری بیان دینے کی رضامندی ظاہر کرنے والے طالب علم کو، تحریری بیان کے لیئے درکار سہولیات فراہم کی جائیں گی ۔
- ذہنی یا نشوونما میں معذوری کے حامل طلباء کی طرف سے نظم و ضبط کے حوالے سے ہونے والے واقعے میں، جس کا نتیجہ کسی بھی قسم کی معطلی کی صورت میں نکل سکتا ہے، جب تک والدین کی طرف سے رابطہ نہ کرلیا جائے اسکول کے عملے کو، طالب علم سے، کسی بھی بیان کی درخواست نہیں کرنی چاہیئے ۔
- کسی بھی طالب علم کو معطل یا ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کے پاس ریفرل بھیجنے کا فیصلہ کرنے سے قبل ، پرنسپل طالب علم کے کیس مینیجر یا IEP ٹیم کے کسی دوسرے رکن سے مشورہ کریں گے، BIP سمیت – طالب علم کی IEP کا جائزہ لیں گے اور کسی بھی طرح کے خصوصی حالات کو مد نظر رکھیں گے۔

دیگر تمام طلباء پر اطلاق ہونے والے قواعد ہی کے تحت، معذور طلباء کو اسکول سال میں 10 دنوں کے لیئے معطل کیا جا سکتا ہے۔

## طرز عمل کے تعین کا جائزہ

اگر ایسا طالب علم جو خصوصی تعلیمی سہولیات حاصل کر رہا ہے اسے ایک تعلیمی سال میں 10 یا اس سے زیادہ دنوں کے لیئے، معطل کیا جاتا ہے تو فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز(FCPS) کے لیئے، لازمی ہے کہ اسے ایسی سہولیات فراہم کریں تا کہ طالب علم عمومی نصابی تعلیم میں اپنا کام جاری رکھ سکے اور IEP کے اہداف کے حصول کے لیئے، کارکردگی کا مظاہرہ کر سکے۔ یہ کام گھر پر سہولتوں کی فراہمی کے ذریعے کیا جاسکتا ہے یا IEP کی ٹیم کی رضامندی سے دیگر انتظامات کیئے جا سکتے ہیں۔ مزید برآں، طرزعمل کے تعین کے جائزہ (MDR) کا انعقاد جلد از جلد کیا جانا چاہیئے، تاہم اس کا انعقاد معطلی کے 10 دنوں سے زیادہ تاخیر نہیں ہونی چاہیئے ۔

ایسی صورت میں جب کے IEP حامل طالبعلم کیلئے ڈویژن سپرنٹنڈنٹ سے رجوع کیا جاتا ہے تو سماعت کے انعقاد سے قبل، MDR کے نتائج غوروخوض کے لیئے، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو بھیجے جاتے ہیں ۔ اسکول اور والدین کی طرف سے متعین کردہ MDR کی ٹیم میں والدین اور IEP کے دیگر متعلقہ ارکان شامل ہوتے ہیں ۔ طالب علم کے طرز عمل ، اسکی کی معذوری سے متعلق تازہ ترین معلومات ، حالیہ IEP ، کوئی بھی حالیہ جانچ ، مشاہدات ، اور والدین یا اسکول کی طرف سے فراہم کردہ دیگر معلومات کے جائزہ کے لئے ٹیم اجلاس کرتی ہے ۔ ٹیم کے لیئے لازمی ہے کہ درج ذیل دو سوالات کے متعلق جوابات حاصل کرے:

- طرزعمل کی وجہ یا اس کا براہ راست تعلق کافی حد تک طالب علم کی معذوری سے تھا ، یا
- طرزعمل IEP پر عمل درآمد میں نا کامی کا براہ راست نتیجہ تھا ۔

اگر MDR کی ٹیم درج بالا دو سوالوں میں سے کسی ایک کا بھی جواب "ہاں" میں دیتی ہے تو نتائج "واضح" تصور کیئے جائیں گے ۔ اگر دونوں سوالوں کا جواب "نہیں" ہے تو نتائج "غیر واضح" تصور کیئے جائیں گے ۔ نتائج ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو بھیج دیئے جاتے ہیں ۔ اگر MDR ٹیم کی طرف سے یہ تعین کیا جاتا ہے کہ طرزعمل کسی سبب کی بنا پر تھا اور متاثرہ فرد کو کوئی نقصان نہیں پہنچا یا اسے مستقبل میں کوئی سنگین نقصان پہنچنے کا خطرہ نہیں ہے تو پرنسپل سپرنٹنڈنٹ کی طرف بھیجا گیا ریفرل واپس لے لیں گے اور کوئی بھی سماعت طے نہیں کی جائے گی ۔ متاثر یا ممکنہ طور پر متاثر ہونے کی صورت میں، ایک سماعت کا انعقاد کیا جائے گا تا کہ مناسب حفاظتی امور پر غور کیا جا سکے۔

- **واضح سبب کی بنیاد پر:** اگر MDR ٹیم دریافت کرتی ہے کہ طرزعمل کی وجہ معذوری تھی یا اس کا معذوری سے براہ راست تعلق تھا یا طرزعمل IEP کی نا کام عملدرآمدی کا نتیجہ تھا تو طالب علم کو واپس اسی اسکول میں، جس سے اسے علیحدہ کر دیا گیا تھا بھیج دیا جائے گا یا دوسرے اسکول میں بھیج دیا جائے گا جہا ں یہ خدمات میسر ہیں تاوقتیکہ :
  - والدین اور اسکول حکام داخلے میں تبدیلی پر رضامند ہوں ۔ ایسی صورت حال جو بہت کم ہی ہوتی ہے یا صرف ایسے حالات جن کا تعلق منشیات، اسلحہ یا جسمانی طور پر شدید زخمی کرنے سے ہوتا ہے تو ڈویژن سپرنٹنڈنٹ والدین کی رضا مندی کے بغیر، انضباطی کارروائی کے نتیجے کو زیر التوا رکھتے ہوئے، 8VAC20-81-160 C.5 کے مطابق، طالب علم کو 45 دنوں کے لیئے، کسی عبوری تعلیمی ماحول میں بھیجنے کے مجاز ہیں ۔
  - طالب علم کا داخلہ تبدیل کرنے کے لیئے، اسکول ڈویژن تیزی سے، خصوصی تعلیم کے حوالے سے کی جانے والی حسب قانون کارروائی کا آغاز کرے گا ۔
  - طالب علم کی IEP ٹیم جلد از جلد FBA کا انتظام کرے گی ، اگر یہ پہلے نہ کیا گیا ہو یا پہلے سے موجود FBA ہونے کی صورت میں اس کی تجدید کرے گی ۔ FBA کی معلومات کی بنیاد پر، IEP کی ٹیم BIP بنائے گی یا اس کی تجدید کرے گی ۔

- **غیرواضح سبب کی بنیاد پر:** اگر MDR کی ٹیم یہ تعین کرتی ہے کہ خراب طرزعمل کا تعلق طالب علم کی معذوری سے *نہیں* ہے تو اسکول کے حکام مزید انضباطی کارروائی اور عرصے کا تعین اسی انداز میں کریں گے جو کسی غیر معذور طلباء کے لیئے، کیا جاتا ہے۔ *تاہم،* معطلی اور / یا اخراج کی مدت کے دوران طالب علم کو خصوصی تعلیمی سہولیات مہیا کی جانی چاہئیں تا کہ طالب علم عام تعلیمی نصابی سرگرمیوں میں بدستور شرکت کر سکے اور اپنے IEP کے اہداف کے حصول کے لیئے، پیش رفت جاری رکھ سکے ۔

**خصوصی تعلیم کے واجب عمل طریقہ کار**

والدین جو خصوصی تعلیم میں داخلے کی تبدیلی یا MDR کی ٹیم کے فیصلوں سے اختلاف رکھتے ہیں FCPS کے مقامی منتظمین کو جائزے کی درخواست دے سکتے ہیں ۔ والدین فوری سماعت کی کارروائی کے لیئے درخواست کو ورجینیا کے محکمۂ تعلیم کی وساطت سے بھی دے سکتے ہیں جو درج ذیل کے مطابق ہوتی ہے: VDOE Special Education Procedural Safeguards Requirements.

**ایسے بچوں کا دفاع جو فی الحال خصوصی تعلیم کے لیئے اہل قرار نہیں دیئے گئے**

بسااوقات طالب علم واقعہ کے وقت خصوصی تعلیم کی سہولتیں نہیں بھی حاصل کر رہے ہوتے لیکن معذور طلباء کو حاصل تحفظ کے اہل ہو سکتے ہیں اگر اسکول کے علم میں یہ ہو کہ واقعہ کے وقوع پذیر ہونے سے پہلے طالبعلم خصوصی تعلیم کا اہل تھا ۔ یہ بات اسکول کے علم میں ہونا سمجھی جاتی ہے کہ طالبعلم اہل ہو سکتا تھا اگر:

- والدین نے تشویش کا تحریری اظہار استاد یا سپروائزر سے کیا تھا کہ طالب علم کو خصوصی تعلیم کی سہولتوں کی ضرورت پڑ سکتی ہے، یا
- والدین نے درخواست کی تھی کہ خصوصی تعلیم اور اس سے متعلقہ سہولتوں کے لیئے طالب علم کی اہلیت پرکھی جائے، یا
- طالب علم کے ٹیچر یا اسکول کے عملہ کے کسی اور فرد نے براہ راست محکمۂ خصوصی تعلیم کے دفتر یا FCPS کے سپروائزر کے دفتر میں طالب علم کے خاص طرز عمل کے مظاہرے کے بارے میں اپنے خدشات کا اظہار کیا تھا ۔

مندرجہ بالا امور میں دو اہم اِستثنٰی ہیں۔ ایک طالب علم معذور طلباء والے تحفظ حاصل نہیں کرے گا اگر:

- والدین نے طالب علم کی جانچ کرانے یا سہولتیں لینے کی اجازت دینے سے انکار کیا ہو، یا
- طالب علم کی جانچ کی گئی تھی اور اس کے نتیجے میں یہ تعین کیا گیا کہ طالب علم کو کوئی معذوری نہیں ہے ۔

**طلباء کیلئے سیکشن 504 پلان میں دیئے گئے تحفظات**

a. جب پرنسپل کسی طالب علم کو دس تعلیمی دِن سے زیادہ عرصے کے لیئے معطل کرنے کی سفارش کرتے ہیں یا ایسی معطلی کے اقدامات کرتے ہیں جن کے دِن جمع ہو کر ایک تعلیمی سال میں دس تعلیمی دِن سے زیادہ ہو جائیں یا کسی ایسے معذور طالب علم کا ریفرل ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو بھیجتے ہیں جسے 1973 کے ریہیبیلی ٹیشن ایکٹ کے تحت، اسکول اس امر کو یقینی بنائے گا کہ جتنی جلدی ممکن ہو لیکن معطلی کے فیصلہ، تبادلہ یا اخراج کی سفارش سے زیادہ سے زیادہ دس دن پہلے ایک باخبر کمیٹی کا اجلاس طلب کرے ۔ والدین میٹنگ میں شرکت کے لیئے، اسکول کی طرف سے نشاندہی کردہ افراد کے علاوہ ، اضافی عملے یا افراد کی درخواست کر سکتے ہیں ۔

b. باخبر کمیٹی وجوہات کی سماعت کا اجلاس بلائے گی تاکہ تعین کرے کہ آیا خراب طرزعمل کا کوئی تعلق طالبعلم کی معذوری سے ہے یا نہیں ۔

غیر قانونی منشیات یا شراب یا چرس کے استعمال یا تصرف کی صورتوں میں جہاں طالب علم غیر قانونی منشیات یا شراب کے استعمال میں فی الوقت مشغول ہو، کمیٹی کا اجلاس طلب کرنے کی ضرورت نہیں۔

c. اگریہ پتہ چلتا ہے کہ طالب علم کا خراب طرزِ عمل براہِ راست اس کی معذوری کی وجہ سے تھا تو طالب علم کو دس دِن سے زیادہ عرصے کے لیئے معطل یا خارج نہیں کیا جاسکتا ۔

d. اگریہ پتہ چلتا ہے کہ طالب علم کا خراب طرزِ عمل براہِ راست اس کی معذوری کی وجہ سے نہیں تھا تو طالب علم کو اس ہی طرح انضباطی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا جس طرح اس کے غیرمعذور ساتھیوں کو کرنا پڑتا ہے ۔

e. اگر طالب علم کسی مخصوص طرز عمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے، ایک ہی طرح کی خلاف ورزیوں کی وجہ سے بار بار معطل کیا جاتا ہے تو پرنسپل کو، اس بات کا تعین کرنے کے لیئے، کہ آیا طالب علم کا طرزعمل ٹھیک کرنے کے لیئے، اضافی سہولیات یا دیگر معاونت فراہم کرنے کی ضرورت ہے، 504 پلان کا جائزہ لینے کے لیئے، باخبر کمیٹی کا اجلاس طلب کرے گا اور جہاں ضروری ہو، طرز عمل کی جانچ کا انعقاد یا طرز عمل کا اصلاحی پلان تیار کرنا چاہیئے ۔

f. معطلی یا اخراج کی کسی بھی مدت کے دوران طالب علم تعلیمی سہولتیں حاصل کرنے کا مستحق نہیں ہو گا ۔

g. باخبر کمیٹی کا نتیجہ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو بھیج دیا جائے گا جو مزید انضباطی کارروائی پر غور کے لیئے، ان معلومات کا جائزہ لیں گے ۔

اوپر درج طریقہ کار سے متعلق مکمل معلومات کے لیئے، براہِ مہربانی ضمیمے میں شامل، ریگولیشن 2601.37P ملاحظہ کیجیئے ۔

# خصوصی تعلیم کے انضباطی طریقہ ہائے کار

کیا تادیبی واقعہ کے نتیجے میں [ڈویژن سپرنٹنڈنٹ] کو ریفرل بھیجنا شامل ہے؟

اگر ہاں

**کیا یہ طرز عمل طالب علم کی معذوری کا مظہر تھا؟**
جواب دینے کے لیئے، آپ کو [طرز عمل کے تعین کا جائزہ (MDR)] لینا ہو گا ۔ MDR سے سوالوں کے جواب حاصل ہوں گے (IEP، مشاہدے اور [والدین] کی معلومات سمیت طالب علم کی فائل سے متعلقہ معلومات کا استعمال:

1) کیا طرز عمل کی وجہ یا اس کا براہ راست تعلق کافی حد تک طالب علم کی معذوری سے تھا؟

2) طرزعمل IEP پر عمل درآمد میں ناکامی کا براہ راست نتیجہ تھا ؟

اگر ہاں

اگر **کسی بھی** سوال کا جواب جی ہاں میں ہے تو:

یہ طرز عمل طالب علم کی معذوری کا مظہر **ہے**۔

1) متاثرہ فرد کے موجود نہ ہونے کی صورت میں طالب علم اپنے اصل مقام پر ہی رہتا ہے یا IEP ٹیم کی طرف سے مقام کی تبدیلی سے متعلق فیصلہ لیا جاتا ہے ۔
2) اگر مخصوص طرزعمل کا مظاہرہ کیا جاتا ہے تو طرزعمل کے موجودہ اصلاحی پلان کو بنانے یا اس میں ترمیم کرنے کے لیئے، عملی طرزعمل کی جانچ کا انعقاد کیا جاتا ہے ۔

اگر نہیں

اگر **دونوں** سوالوں کا جواب نہیں میں ہے تو:

یہ طرزعمل طالب علم کی معذوری کا مظہر **نہیں ہے**۔

1) دیگر تمام طلباء پر اطلاق ہونے والے قواعد ہی کے تحت، معذور طلباء کو تعلیمی سال میں 10 دنوں تک کے لیئے، معطل کیا جا سکتا ہے ۔
2) متبادل داخلے پر غور کیئے جانے کی صورت میں، خدمات کی فراہمی جاری رکھی جائے گی تا کہ طالب علم عمومی تعلیمی نصاب میں شرکت کرنا جاری رکھ سکے اور IEP کے اہداف کی طرف کامیابی سے گامزن رہے۔ طرزعمل کے موجودہ اصلاحی پلان کو بنانے یا اس میں ترمیم کرنے کے لیئے، [اطلاقی طرزعمل کی جانچ] پر غور کیا جاتا ہے۔

اگر نہیں

کیا تجویز کردہ کوئی بھی دن ، دیگر دنوں سے ساتھ ملانے کے بعد ، نتیجے میں مجموعی طور پر 10 یا اس سے زیادہ معطلی کے دن بنتے ہیں؟

اگر ہاں

جب تعلیمی سال میں، مجموعی طور پر 10 یا اس سے زیادہ دنوں کے لیئے، معطل کیا جاتا ہے تو [MDR] کا اہتمام کیا جانا چاہیئے اور طالب علم کو عمومی تعلیمی نصاب میں کام کرنے اور IEP کے اہداف کی طرف کامیابی سے گامزن رہنے کے لیئے، خدمات مہیا کی جانی چاہئیں ۔

اگر نہیں

**اسکول کی طرف سے تمام طلباء کے لیئے، استعمال ہونے والے طریقہ کار کا استعمال ہو سکتا ہے۔**

مختصر مدت کے لیئے، ہٹانے کے عمل کو جاری رکھنے کے بجائے، BIP کا جائزہ اور نظرثانی پر غور کیجیئے یا پہلے سے تیار نہ ہونے کی صورت میں، FBA / BIP کا عمل مکمل کیجیئے ۔

**درج ذیل سے متعلق، اضافی تفصیلات:**
طلباء کا نظم و ضبط بذریعہ IEP
طرز عمل کے تعین کا جائزہ
خصوصی تعلیم کے واجب عمل طریقہ کار
ایسے بچوں کا دفاع جو فی الحال خصوصی تعلیم کے لیئے اہل قرار نہیں دیئے گئے
طلباء کیلئے سیکشن 504 پلان میں دیئے گئے تحفظات
براہ مہربانی اس کتابچے کا صفحہ نمبر 26-30 ملاحظہ کیجیئے۔

# فرہنگ

**Cyberbullying (سائیبرغنڈہ گردی)** الیکٹرانک ذرائع سے ایک طالب علم کی دوسرے کو دی جانے والی دھونس ، دھمکیاں ، یہ عام طور سے ای میل یا ویب سائٹس (مثال کے طور پر blogs, social networking sites) پر کی جاتی ہے - الیکٹرانک مواصلات یا بات چیت جو دوسروں کو نقصان پہنچانے کے ارادے سے جان بوجھ کر، معاندانہ اور تکلیف دہ پیغامات کی تائید کرتی ہیں ، وہ غنڈہ گردی کی ایک قسم ہے۔ سائبربُلیئنگ یا سائبرغنڈہ گردی میں یہ بھی شامل ہے جس میں کسی کو گھٹیا ، بیہودہ ، یا دھمکی آمیز پیغامات یا تصاویر بھیجنا ؛ کسی دوسرے شخص کی حساس، نجی معلومات اسکی اجازت کے بغیر پوسٹ کرنا ؛ کسی شخص کے بارے میں برا تاثر قائم کرنے کیلئے اسکا بھیس بدلنے کا ڈرامہ کرنا ؛ اورتوہین آمیز آن لائن ذاتی رائے کی ویب سائٹس -

**Day (دن)** سے مراد ہے تعلیمی دن ، ماسوائے اس کے کہ سیاق سباق میں کچھ اور مراد ہو۔

**Deadnaming (ناموں سے پکارنا)** ٹرانس جینڈر شخص کو ان کے پیدائشی نام سے پکارنا جبکہ انہوں نے اپنی جنس کی تبدیلی کے حصے کے طور پر اپنا نام تبدیل کیا ہو۔

**Discrimination (امتیازی سلوک)** کسی بھی فرد کو نسل، جنس، رنگ، عمر، مذہب، جنسی رحجان، جنسی شناخت ، بنیادی قومیت ، جینیاتی معلومات ، حمل کی کیفیت، بچے کی پیدائش یا متعلقہ طبی حالت ، ازدواجی حیثیت ، فوجی حیثیت اور معذوری کی بنیاد پر کسی بھی تعلیمی سرگرمی سے مسترد کرنا ، قابل اطلاق قانون کی خلاف ورزی ہے -

**Discriminatory Harassment (امتیازی ہراسانی )** امتیازی ہراسانی کسی فرد کی جانب ناپسندیدہ رویہ ہوتا ہے جو حقیقی یا تاثر پر مبنی عمر ، نسل ، رنگ ، جنس ، جنسی شناخت ، جنسی رحجان ، مذہب ، ناپسندیدہ رویہ جو متاثرہ فریق کو ضرر پہنچانے ، ڈرانے یا بےعزت کرنے کی نیت سے روا رکھا جائے ؛ جس میں جارح یا جارحین اور مظلوم کے درمیان طاقت کا حقیقی یا بظاہر عدم توازن ہو ( طاقت کے عدم توازن کی مثالیں یہ ہیں تاہم صرف ان تک محدود نہیں ہیں ، زیادہ جسمانی طاقت یا جسامت ، شرم ناک معلومات تک رسائی اور ایک مدت تک متواتر ( مثال کے طور پر ایسے رویے جو ایک سے زیادہ بار ہوئے ہوں یا جن کا ایک سے زیادہ بار رونما ہونے کا امکان ہو ) یا شدید جذباتی صدمہ پہنچایا جائے - "غنڈہ گردی یا دھونس جمانے" میں انٹرنیٹ کے ذریعے ہراساں کرنا بھی شامل ہے- "غنڈہ گردی" کے دائرے میں عمومی طور پر دِق کرنا ، کھیل میں اُودھم مچانا ، بحث و تکرار یا ساتھیوں میں تنازعہ شامل نہیں ہے-

**Change of Placement (جگہ کی تبدیلی)** "جگہ کی تبدیلی " کا مطلب یہ ہےکہ مقامی تعلیمی ایجینسی بچہ کو ایسی جگہ رکھے جو اس تعلیمی ماحول سے مختلف ہو جہاں بچے کو پہلے رکھا گیا ہو -

**Controlled Substances (منضبط نشہ آور مواد)** ورجینیا کے ڈرگ کنٹرول ایکٹ (سیکشن 54.1-3400 ) میں پائی جانے والی منشیات اور منضبط نشہ آور مواد میں تمام نسخہ جاتی ادویات شامل ہیں قطع نظر اس کے کہ وہ منشیات وفاقی قانون کے تحت منضبط زمرے میں آتی ہیں یا نہیں - طلباء کے انضباطی مقاصد کے لیئے منضبط مواد میں مندرجہ ذیل مواد شامل ہیں لیکن یہ ان تک ہی محدود نہیں، کوکین، انسانی دماغ کے افعال اور خیالات کو تبدیل کرنے والی دوائیں جیسےMDMA (ecstasy) اور مندرجہ ذیل دوائیں خواہ وہ کسی بھی نام سے دستیاب ہوں: Adderall, Codeine, Oxycontin, Percocet, Ritalin, Valium, Vicodin, Zoloft اور درد ، افسردگی ، بے قراری ، یا عدم توجہ کے عارضے میں دی جانے والی کوئی بھی نسخے سے ملنے والی دوائیں -

**Ableism (قابلیت پرستی)** قابل شخص کے حق میں تعصب -

**Abstain (پرہیز)** اپنے پسندیدہ عمل یا چیز سے دور رہنا کیونکہ وہ آپ کی صحت کے لیئے، بُری ہے یا اخلاقی طور پر غلط ہے -

**Administrative Review (انتظامی جائزہ)** ایف سی پی ایس کی طرف سے خصوصی تعلیمی اور سیکشن 504 سے متعلق تنازعات کو حل کرنے کا ایک غیر رسمی، رضا کارانہ عمل ہے جو والد/ والدہ یا پرنسپل کی درخواست پر کیا جاتا ہے -

**Aggravating Circumstances (سنگین حالات)** ایسے خاص حالات جن میں FCPS بیان کردہ رہنما اصولوں سے ہٹ کر طویل مدت کیلئے معطلی کر سکتا ہے۔ ان حالات میں شدید نقصان ، ممکنہ سنگین نقصان پہنچنے کا اندیشہ یا طلباء اور عملے کی حفاظت کو خطرہ یا مستقل طور پر خلاف معمول رویہ جو خصوصی اصلاحات کے بعد بھی جاری رہے ، شامل ہیں -

**Alcohol and Other Drug (AOD) Intervention Seminar (شراب اور دیگر منشیات AOD کا اصلاحی سیمینار)** ایک ایسااصلاحی سیمینارجو منشیات اور شراب کے ممکنہ اثرات کے بارے میں جدید ترین حقائق فراہم کرتا ہے، اس کے علاوہ ایسے فیصلے جو منشیات کی طرف لے کر جاتے ہیں، ان کے بارے میں کھلا مباحثہ کیا جاتا ہے، منشیات کے فیصلے سے طلباء ، ساتھیوں اور گھرانے کے دیگر افراد پر اثرات اور ایسی حکمت عملیاں بتائی جاتی ہیں کہ کیسے ساتھیوں کے دباؤ سے نمٹا جا سکتا ہے -

**Assault (حملہ)** حملہ ایسا فعل ، مجرمانہ یا تکلیف دہ ، جس میں کسی شخص کو جسمانی گزند کا خطرہ لاحق ہو ، چاہے دراصل ضرر پہنچایا گیا ہو یا نہیں -

**Bona Fide (جائز)** اصلی - نیک نیتی کے ساتھ

**Bullying (غنڈہ گردی)** دھونس جمانے کا کوئی بھی جارحانہ اور

قومیت ، ازدواجی حیثیت ، معذوری یا کسی دیگر قانونی طور پر محفوظ طبقہ کی بنیاد پر ہوتا ہے ۔ یہ رویہ مناسب حد تک اتنا شدید ہونا چاہیئے کہ یہ معاندانہ تعلیمی ماحول پیدا کردے ، مطلب یہ کہ کسی طالبعلم کو تعلیمی پروگراموں اور سرگرمیوں میں شرکت کرنے یا ان سے مستفید ہونے سے روک دے یا شرکت محدود کردے ۔ امتیازی ہراسانی کا مختلف انداز میں اظہار کیا جاسکتا ہے ، بشمول جسمانی افعال یا زبانی ، غیرزبانی ، الیکٹرانک یا تحریری ابلاغ ۔ امتیازی ہراسانی میں برے ناموں سے پکارنا ، بہتان لگانا جیسے نسلی اور ٹرانس جینڈر شخص کو اس کے پیدائشی نام سے پکارنا جبکہ انہوں نے اپنی جنس کی تبدیلی کے حصے کے طور پر اپنا نام تبدیل کیا ہو ، منفی دقیانوسی تصورات ، لطیفے، تحریری ، پرنٹ کیا یا واضح مواد جس میں نفرت انگیز، ذلیل و خوار کرنے والی یا گھٹیا تصاویر یا تبصرے بھی شامل ہیں ۔

**Disruption (خلل اندازی)** تدریسی عمل میں خلل اندازی کا مطلب ہے کہ کلاس کے کام میں مداخلت ، بدنظمی ، یا کسی طالبعلم گروہ یا گروہوں کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنا ۔

**Distracting (دھیان یا توجہ ہٹانا)** توجہ ہٹانے کا مطلب ایسا رویہ ہے جو بے جا شور، باتوں یا افعال پر منتج ہو۔

**Distributing or Distribution (تقسیم یا تقسیم کرنا)** اِس اصطلاح میں بغیر کسی حد کے، کسی کو دینا، حصہ بانٹنا، یا فروخت کرنا، یا اِن میں سے کسی بھی کام کا ارادہ کرنا یا کوشش کرنا، یا اِن میں سے کسی بھی کام میں سہولت بہم پہنچانا شامل ہے ۔

**Division Superintendent (ڈویژن سپرنٹنڈنٹ)** ڈویژن سپرنٹنڈنٹ یا ان کے نامزد کردہ اہلکار (مثلاً ریجنل اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ ، سماعتی افسر، اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ یا انتظامی عملے کے کوئی اور رُکن جو اِس حیثیت میں کام کرنے کے مجاز ہیں) ۔

**Drug Paraphernalia (منشیات کا سازوسامان)** اس سے مراد منشیات کے لوازمات ہیں جن میں ہر قسم کے آلات ، اشیاء اور مادے شامل ہیں جنہیں یا تو منشیات یا کسی بھی منضبط مواد کے استعمال کے لیئے بنایا یا تیار کیا جاتا ہے یا جنہیں کوئی ملزم اِن اشیاء کو بونے، پھیلانے، کاشت کرنے،فصل کاٹنے، تیار کرنے ، کسی اور شے کے ساتھ مِلا کر تیار کرنے، انہیں کوئی اور شکل دینے، پیدا کرنے ، ان چیزوں سے کوئی اور اشیاء تیار کرنے، اُن کی تاثیر کی جانچ کرنے، تجزیہ کرنے، انہیں اسٹور کرنے، چھپانے، انجکشن کے ذریعے جسم میں داخل کرنے، نگلنے، سانس کے ذریعے پینے، یا کسی اور طریقے سے انسانی جسم میں داخل کرنے کے کام میں لاتا ہے ۔ (کوڈ آف ورجینیا، سیکشن 18.2-265.1)

**Exigent (اشد ضروری)** فوری توجہ یا کارروائی کا متقاضی

**Expulsion (اخراج)** اسکول کی پالیسی کے مطابق اسکول بورڈ یا اسکی کسی کمیٹی کی طرف سے عائد کیا ہوا کوئی بھی انضباطی اقدام ، جس کے نتیجے میں طالب علم کواسکول ڈویژن میں کسی اسکول میں حاضر ہونے کی اجازت نہیں ہوتی ، اور وہ طالب علم اخراج کی تاریخ کے بعد ، اگلے 365 دِنوں کے اندر دوبارہ داخلے کے لیئے نا اہل ہوتا ہے ۔

**Faith-based Discrimination (عقیدے پر مبنی امتیازی سلوک)** افراد کے ساتھ عقائد اور اعمال ، اور/ یا ان کی مذہبی عقائد اور اعمال کی بنیاد پر مانگی گئی سہولتیں ، کی بنیاد پر مختلف سلوک کرنا ۔ اس میں افراد کے ساتھ اس بناء پر مختلف سلوک بھی شامل ہے کہ وہ مذہبی عقائد اور اعمال نہیں رکھتے ۔

**Frequency (تعدد یا شرح اعادہ)** فریکوئنسی ، کسی کے واقع ہونے کی شرح یا اس کے کسی مخصوص دورانیہ یا دیئے گئے نمونہ میں ہونیکی تکرار ۔

**Functional Behavioral Assessment (عملی رویے کی جانچ) ( FBA)** ٹیم کی شکل میں، مشکل طرز عمل کے فعل سے متعلق مفروضہ قائم کرنا کہ کیسے طالب علم کا رویہ نمایاں طور پر اسکی اپنی اور/ یا دوسروں کی تعلیم میں رکاوٹ کا سبب بنتا ہے ۔ اس کے نتیجے میں طرز عمل کا اصلاحی پلان (BIP) تیار کیا جاتا ہے۔

**Gang (گینگ)** دو یا دوسے زیادہ افراد کا ٹولہ، بھلے باضابطہ ہو یا بے ضابطہ ۔ گینگ کی شناخت کسی بھی طرح کی جائے، اس میں شامل افراد انفرادی یا اجتماعی طور پر غیر قانونی، تخریبی، خلل انگیز، یا خوفزدہ کرنے والی سرگرمیوں میں ملوث ہوتے ہیں ۔ اِس قسم کے گروپوں میں مجرمانہ اسٹریٹ گینگ بھی شامل ہیں ، اگرچہ گینگ صرف ان تک محدود نہیں ہوتے ۔ گینگ کا مخصوص نام ، اشارہ ، علامت اور رنگ ہو سکتے ہیں لیکن ایسا ہونا ضروری نہیں ہے۔

**Hate Speech (نفرت انگیز گفتگو)** ایسا کوئی بھی اظہار، جس کا مقصد کسی بھی گروہ یا طبقے کے افراد کی اصل یا سمجھی جانے والی نسل ، قومیت ، رنگ ، بنیادی قومیت ، شہریت/ مہاجر ہونے کی حیثیت ، وزن، جنس ، صنفی شناخت ، صنفی اظہار، جنسی رجحان یا معذوری کی بنیاد پر نفرت پھیلانا یا تحقیر کرنا ہوتا ہے ۔

**Hazing (نووارد کی درگت بنانا)** کسی طالب علم کی واقف کاری، داخلہ یا رکنیت کے سلسلے میں، یا کسی کلب، تنظیم، انجمن بھائی بندی، انجمن بہن بندی یا جمعیت طلباء سے وابستگی یا

**Long-Term Suspension (طویل المدت معطلی)** ایسا تادیبی عمل جس کے تحت 11-45 تعلیمی دنوں تک اسکول میں حاضری کی اجازت نہیں دی جاتی ، ماسوائے اس کے کہ غلط طرزعمل میں درج ذیل شامل ہوں: (i) کسی بھی غیرقانونی ہتھیار یا غیرقانونی ادویات کا استعمال یا تصرف؛ (ii) شدید جسمانی تشدد، یا (iii) سنگین حالات ۔ جہاں (ii)،(i)، یا (iii) کا تعین کر دیا گیا ہو، طویل المدت معطلی میں 45 تعلیمی دنوں سے زیادہ کی توسیع کی جا سکتی ہے، مگر 364 تقویمی دنوں سے اوپر نہیں جانی چاہیئے ۔

**Manifestation Determination Review (MDR) (طرزعمل کے صاف انکشاف کے تعین کے لیئے جائزہ)** ایک ایسا عمل جس کے ذریعے یہ طے کیا جاتا ہے کہ آیا طالب علم کے طرز عمل کی وجہ کا تعلق اسکی معذوری سے معقول حد تک تھا یا طرز عمل کا براہ راست نتیجہ IEP پر عملدرآمد میں ناکامی سے تھا ۔

**Marijuana (بھنگ یا چرس)** THC-Aیا cannabidiol oil کے علاوہ، بھنگ کے پودے کا کوئی بھی حصہ، وہ اگ رہا ہو یا نہیں، اس کے بیج، رال یا باقیات یا کوئی بھی نچوڑ اور اس کی مختلف شکلوں میں سے کوئی بھی چیز، بشرطیکہ کوڈ آف ورجینیا کے مطابق کسی لائسنس یافتہ پریکٹشنر کی طرف سے استعمال کے لیئے، تحریری سرٹفیکیشن کے طور پر فراہم کیا گیا ہو ۔

**Marijuana, Synthetic (کیمیاوی بھنگ یا چرس)** ایک ایسا مواد جو کہ منضبط مواد ہے ۔ کبھی کبھی اس چیز کو "Spice; K-2", یا "JWH-018 کہا جاتا ہے ۔ SR&R کی رُو سے، کیمیاوی بھنگ کی اصطلاح میں ایسے

**Individualized Education Program (خصوصی تعلیمی پروگرام) ( (IEP**خصوصی تعلیمی سہولتیں حاصل کرنے والے ہر طالب علم کا ایک تحریری پلان جس میں طالب علم کی خصوصی تعلیمی ضروریات اور طالب علم کی طرف سے مطلوبہ مخصوص خصوصی تعلیمی سہولتوں کی معلومات شامل ہوتی ہے ۔

**Inhalant (دم کش)** ایسی کوئی بھی چیز، جس سے دھواں یا بخارات نکلتے ہیں اور جسے نشے کے لیئے، سانس کے ذریعے جسم میں داخل کیا جاتا ہے ۔

**Letter of Agreement (رضامندی کا خط)** جس طالب علم کے لیئے، سماعتی افسر اخراج کی سفارش کر رہے ہیں ، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کے سماعتی افسر کی طرف سے ممکن ہے تحریری رضا مندی کی پیش کش کی جائے ۔ اگر یہ رضا مندی طالب علم کے والدین کی طرف سے دستخط شدہ ہے اور اسے اسکول بورڈ کی طرف سے قبول کیا گیا ہے تو اخراج کی مدت کے دوران ، طالب علم کو متبادل تعلیمی پروگرام میں داخل کر دیا جاتا ہے ، اور مزید کسی سماعت کے بغیر کیس کو ختم کر دیا جاتا ہے ۔

**Lewd (شہوت انگیز)** ناپسندیدہ انداز میں بے نقاب ہونا جس سے جذبات مشتعل ہوں ۔

**Libel (توہین آمیز تحریر)** کوئی بھی جھوٹا اور نقصان دہ تحریری یا چھپا ہوا بیان، جو کسی شخص کی عوامی تضحیک یا اس سے نفرت پر اکسانے کے لیئے، بنایا گیا ہو اور کسی بھی طرح کسی شخص کی ساکھ کو نقصان پہنچائے؛ کوئی بھی چیز جو کسی فرد کی ایک غیر واضح یا نقصان دہ عکاسی کرتی ہے۔

**Libelous (توہین آمیز)** تحریر کرنا یا شائع کرنا ۔

دائمی رکنیت کی شرط کے طور پر، لاپرواہی یا دانستگی سے کسی طالبعلم کی صحت یا سلامتی کو خطرے میں ڈالنا یا اسے جسمانی گزند پہنچانا، قطع نظر اس کے کہ خطرے سے دوچار یا مجروح نے متعلقہ سرگرمی میں رضاکارانہ طور پر حصہ لیا ہو ۔ کوڈ اف ورجینیا نووارد طلباء کی درگت بنانے کی ممانعت کرتا ہے اور فوجداری سزائیں عائد کرتا ہے۔ ( کوڈ آف ورجینیا، سیکشن 18.2-56)

**Hearings Office (سماعتی دفتر)** سماعتی دفتر انضباطی کارروائی کے لئے سماعت کرتا ہے، اور ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی جانب سے سماعت کے نتائج کا تعین کرتا ہے؛ اسکول بورڈ کے ملاحظہ کے لئے انضباطی کارروائیوں کی سفارشات مرتب کرتا ہے اور سپرنٹنڈنٹ ڈویژن کی اسکول بورڈ کی سماعتوں میں نمائندگی کرتا ہے؛ معطلی، اخراج ،اور کسی اور جگہ داخلے کی سفارشات اور فیصلوں کا ریکارڈ، اعدادو شمار کو محفوظ کرتا ہے؛ معطلی کی اپیلوں پر فیصلے کرتا ہے، اسکول کی سطح پر اور سینٹرل آفس ایڈمنسٹریٹرز کے لئے تربیت اور وسائل میں معاونت فراہم کرتا ہے؛ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی جانب سے ملازمین کی شکایتوں پر سماعتوں کا انعقاد کرتا ہے ۔

**Imitation Controlled Substance (نقلی منضبط مواد )** ایسی منشیات یا مواد جس میں منضبط مواد یا اس کے ڈبے پر اس کا نام ، مارکہ یا مشابہت ہو اور اسے منضبط مواد (بشمول نسخہ جاتی ادویات) کے طور پر پیش کیا جا رہا ہو ۔

**Imitation Marijuana (نقلی بھنگ)** کوئی ایسی چیز جو بھنگ جیسی معلوم ہوتی ہے یا جسے بھنگ کی طرح پیش کیا جاتا ہے ۔

تمام مواد شامل ہیں جو اس سے مماثلت رکھتے ہوں اور جنھیں کیمیاوی کینابینائیڈ یا کیمیاوی بھنگ کے طور پر پیش کیا جاتا ہے ۔

**Malicious (بدنیتی)** بدنیتی یا کینہ پروری پر مبنی رویہ ؛ نقصان پہنچانے کیلئے چاہا جارہا ہو یا چاہا گیا ہو ۔

**Meditate (مراقبہ)** مسلسل گہرائی میں سوچنا؛ تجربات و تصورات پر گہرا غور و فکر ۔

**Misgendering (غلط صنفی شناخت سے مماثلت)** جان بوجھ کر یا اتفاقی طور پر۔ دوسروں کو ایسی جنس کے ساتھ ملانے کا عمل جو ان کی صنفی شناخت سے مماثلت نہیں رکھتا ۔

**Nonprescription (غیر نسخہ جاتی ادویات)** (اسٹور شیلف پر دستیاب دوائیں) کوئی بھی ایسی دوا جو ڈاکٹر کے نسخے کے بغیر، قانونی طور پر، اسٹور شیلف سے حاصل کی جا سکتی ہے ۔

**Obscene (فحش)** ایسے الفاظ یا تصاویر جو اشتعال انگیز، بے ہودہ ، صدمہ سے دوچار کردینے والی ہوں ۔

**Outing (راز فاش کرنا)** +LGBTQIA فرد کی مرضی کے بغیر اس کے جنسی رجحان یا صنفی شناخت کا انکشاف کرنا ۔

**Paraphernalia (منشیات کا سازوسامان)** اس سے مراد منشیات کے لوازمات ہیں جن میں ہر قسم کے آلات ، اشیاء اور مادے شامل ہیں جنہیں یا تو منشیات یا کسی بھی منضبط مواد کے استعمال کے لیئے بنایا یا تیار کیا جاتا ہے یا جنہیں کوئی ملزم اِن اشیاء کو اُگانے ، پھیلانے ، کاشت کرنے ، فصل کاٹنے ، تیار کرنے ، کسی اور شے کے ساتھ مِلا کر تیار کرنے ، انہیں کوئی اور شکل دینے ، پیدا کرنے ، ان چیزوں سے کوئی اور اشیاء تیار کرنے ، اُن کی تاثیر کی جانچ کرنے ، تجزیہ کرنے ، انہیں اسٹور کرنے ، چھپانے ، انجکشن کے ذریعے جسم میں داخل کرنے ، نگلنے ، سانس کے ذریعے پینے ، یا کسی اور طریقے سے انسانی جسم میں داخل کرنے کے کام میں لاتا ہے ۔

**Parent/guardian (والدین / سرپرست)** طالب علم کے والدین یا اِن میں سے کوئی ایک ، قانونی سرپرست ، یا سرپرست کوئی اور بالغ فرد جو طالب علم کے والدین کی ذمہ داریاں پوری کر رہا ہے ۔

**Plagiarize (ادبی سرقہ)** ماخذ کو سراہے بغیر؛ بلا اجازت کسی دوسرے کے مضامین یا افکار چوری کرنا ۔

**Possession (تصرف)** کسی خاص چیز یا مواد کی اصلی یا تعمیری ملکیت ۔ ایسی ملکیت تن تنہا ، مشترکہ یا اجتماعی ہو سکتی ہے ۔

**Prescription Drug (نسخہ جاتی ادویات)** کوئی بھی دوا جس کے حاصل کرنے کے لیئے، ڈاکٹر کا نسخہ ضروری ہوتا ہے ۔

**Principal (پرنسپل)** اسکول پرنسپل ، کوئی اسسٹنٹ پرنسپل، یا ان کی غیر حاضری میں کوئی ٹیچر جسے انچارج کے طور پر نامزد کیا گیا ہو۔

**Privacy (رازداری)** کسی فرد کے بارے میں ایسی معلومات رکھنا جو اس کی شناخت کے طور پر، استعمال کی جا سکتی ہیں (مثال کے طور پر پورا نام ، گھر کا پتہ وغیرہ) کیونکہ وہ عوامی حلقے سے الگ اس فرد کی انفرادی معلومات ہوتی ہیں ۔

**Profanity (گستاخی یا دین کی بیحرمتی)** حلفی الفاظ کا ناجائز استعمال کرنا ۔

**Reassignment (ری اسائنمنٹ)** انضباطی فیصلہ جس کی رُو سے طالبعلم کو دوسرے اسکول میں یا پھر متبادل تعلیمی پروگرام میں داخل کیا جاتا ہے یا دونوں ۔

**Recitation (دہرانا)** بلند آواز میں پڑھنے یا دہراتے رہنے کا عمل ۔

**Records review (ریکارڈ کا جائزہ)** طالب علم کے نظم و ضبط سے متعلق ، ریکارڈ اور اصلاحی اقدامات کے تازہ ترین ریکارڈ کا جائزہ لینے اور طالب علم کے طرز عمل کے مسائل پر غور کرنے کے مقصد کیلئے پرنسپل کی درخواست پرریجنل اسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کی سطح پر ایک میٹنگ کا انعقاد کیا جاتا ہے ، جس میں طالب علم اور اس کے والدین یا سرپرست کو شرکت کے لیئے ، مدعو کیا جاتا ہے ۔

**Redaction (تدوین یا نظرثانی)** اشاعت یا جاری کرنے کے لیئے، منتخب کرنے یا ڈھالنے کا عمل (جیسا کہ حساس معلومات کو غیر واضح کرکے یا ہٹا کر)

**Referral to the Division Superintendent (ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنا)** ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنے سے مراد ہے ایک ایسا فیصلہ ، جو پرنسپل کی طرف سے کیا جاتا ہے اور جس میں کم مدت کی معطلی سے بڑھ کر تادیبی کارروائی پر غور کرنے کی گزارش کی جاتی ہے ۔ جب پرنسپل ایسا ریفرل بھیجیں گے تو ڈویژن سپرنٹنڈنٹ ایک سماعت کا انعقاد کریں گے، جس میں اس امر کی بنیاد کا تعین کیا جائے گا کہ آیا SR&R کی روشنی میں ، خلاف ورزیوں کے مزیدانضباطی نتائج (ان میں سے ایک یا ایک سے زیادہ کرنے کے لیئے، طویل عرصے کی معطلی کسی اور تعلیمی سیٹنگ میں داخلہ یا اسکول بورڈ کو اخراج کی سفارش) موزوں ہے یا نہیں ۔ اس سماعت کے انعقاد میں، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ اس بات کا بھی تعین کریں گے کہ آیا پرنسپل کی طرف سے کم مدت کی معطلی کا فیصلہ جائز تھا یا نہیں ۔ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو جب ریفرل بھیجا جا رہا ہوتا ہے تو پرنسپل مخصوص انضباطی اقدام کرنے کی سفارش کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں ، تاہم ، پرنسپل مخصوص تادیبی اقدام کی سفارش کرتے ہیں یا نہیں ، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ SR&R کی روشنی میں

e. Fondling (تھپکانا) ؛ متاثرہ فرد کی مرضی کے بغیر، جنسی تسکین کے لیئے، کسی دوسرے فرد کے نجی جسمانی اعضاء (ران ، چھاتی ، کولہے) کو جان بوجھ کر چھونا ، زبردستی اور/ یا اس شخص کی مرضی کے خلاف یا زبردستی کے بغیر یا اس شخص کی مرضی کے خلاف ، اس میں ایسے واقعات بھی شامل ہیں ، جہاں متاثرہ فرد اپنی عمر یا اپنی عارضی یا مستقل ذہنی یا جسمانی لاچاری کی وجہ سے رضامندی دینے سے قاصر ہوتا ہے؛

f. Incest (زنائے محرم) ؛ ان افراد کے مابین غیر جبری جنسی مباشرت ، جو اس حد تک ایک دوسرے کے ساتھ ، منسلک ہیں کہ قانونی طور پر شادی جیسے تعلق میں نہیں بندھ سکتے؛

g. Statutory rape (کم عمر لڑکی یا لڑکے کے ساتھ جنسی تعلقات)؛ کسی ایسے فرد کے ساتھ ، بغیر زبردستی کے جنسی مباشرت کرنا جو رضامندی کی عمر سے چھوٹا ہو ۔

**Sexual Misconduct (جنسی بدسلوکی)**
بدعملی جس میں ایسی ناگوار جنسی پیش قدمی جو فرد مخالف کے جنسی میلان کا لحاظ کیئے بغیر ہوں؛ جنس کی بنیاد پر عنایات لینے کی گزارشات؛ اور جنسی نوعیت کا کوئی دوسرا نامناسب زبانی، الیکڑانک یا جسمانی طرزعمل مگر یہ [Regulation 2118.1](#) میں بیان کردہ "جنسی ہراسانی" کے دائرہ کار میں نہیں آتا ہے ۔

**Short-Term Suspension (قلیل المدت معطلی)** ایسا انضباطی اقدام ، جس کے تحت اسکول میں حاضری سے ، دس دن سے کم عرصے کے لیئے، محروم کر دیا جاتا ہے (ماسوائے ایسی صورت میں کہ مخصوص بد انتظامی واقع ہوئی ہو، K-3 کے طلباء کے لیئے، تین تعلیمی دنوں تک ۔ ما سوائے ایسی صورت میں کہ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجا گیا ہو، گریڈ 4-12 کے طلباء کے لیئے، پانچ دنوں تک)

جیسے اسکولوں کی بسیں ، کاریں اور گاڑیاں ، شامل ہیں ۔

**School Resource Officer (SRO) ) (اسکول ریسورس آفیسر)**
FCPS کے اسکولوں میں قانون نافذ کرنے اور حافظتی اقدامات کے لیئے ، قانون نافذ کرنے والے ادارے سے ایک سند یافتہ آفیسر ، جو فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز یا کسی اور مقامی پولیس ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے ملازمت پر رکھا گیا ہو ۔

**Sexual Assault (جنسی حملہ)**
a. متاثرہ فرد کی رضامندی کے بغیر، کوئی بھی جنسی عمل جو کسی دوسرے فرد کے خلاف ہوتا ہے، اس میں ایسے واقعات بھی شامل ہیں، جہاں متاثرہ فرد رضامندی دینے سے قاصر ہوتا ہے؛

b. Rape (عصمت دری)؛ متاثرہ فرد کی رضامندی کے بغیر، کسی دوسرے فرد کی جسمانی معلومات ، اس میں ایسے واقعات بھی شامل ہیں ، جہاں متاثرہ فرد اپنی عمر یا اپنی عارضی یا مستقل ذہنی یا جسمانی لاچاری کی وجہ سے رضامندی دینے سے قاصر ہوتا ہے؛

c. Sodomy (غیرفطری فعل)؛ متاثرہ فرد کی رضامندی کے بغیر، کسی دوسرے فرد کے ساتھ منہ میں یا مقعد میں جنسی جماع ، اس میں ایسے واقعات بھی شامل ہیں ، جہاں متاثرہ فرد اپنی عمر یا اپنی عارضی یا مستقل ذہنی یا جسمانی لاچاری کی وجہ سے رضامندی دینے سے قاصر ہوتا ہے؛

d. [Sexual Assault (جنسی حملہ)](#) کسی دوسرے فرد کی مرضی کے بغیر اس کی شرمگاہ یا مقعد کو تھوڑا سا کھولنے کیلئے، کسی چیز یا آلہ کو غیرقانونی طور پر اندر داخل کرنا، چاہے تھوڑا سا ہی ہو ، تاہم ، اس میں ایسے واقعات بھی شامل ہیں ، جہاں متاثرہ فرد اپنی عمر یا اپنی عارضی یا مستقل ذہنی یا جسمانی لاچاری کی وجہ سے رضامندی دینے سے قاصر ہوتا ہے؛

یہ اقدامات کرنے کے مجاز ہیں: یہ تعین کرنا کہ کوئی انضباطی اقدام اٹھانا موزوں نہیں ہے ، [کم مدت کی معطلی](#) کے فیصلے کو برقرار رکھنا ، [طویل مدت کی معطلی](#) کا حکم دینا ، کسی اور تعلیمی سیٹنگ میں دوبارہ داخلہ کا نفاذ ، اخراج کیلئے اسکول بورڈ کو سفارش بھیجنا ۔

**Region(s) (ریجن)** FCPS کے دائرہ کار میں آنے والے اسکول، جو مخصوص جغرافیائی حدود میں واقع ہیں، جن کے لیئے اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ اور ایگزیکٹو پرنسپل تعینات کیئے جاتے ہیں ۔ ایسے معاملات جنہیں اسکول کے پرنسپل کے ساتھ حل نہ کیا جا سکے انہیں ریجنل آفس میں بھیجا جا سکتا ہے۔

**Restorative Justice Conference (مؤثر انصاف کے لیئے مشاورت)** کسی واقعے پر بات چیت کرنے ، متاثرہ فریق کو سمجھنے ، نقصان کا ازالہ کیسے ہو ، کا فیصلہ کرنے کے لیئے ، کانفرنس غلط افعال سے سب سے زیادہ متاثرہ لوگوں کو اکٹھا کرتی ہے ۔ تنازعہ کے حل اور ضابطے کی کارروائی میں متاثرہ افراد اور اسکول کی کمیونٹی کو بات کرنے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے ۔ نقصان کا موجب بننے والا طالب علم نقصان کے ہرممکن ازالہ کا ذمہ دار ہوتا ہے ۔

**School Board (اسکول بورڈ)**
فیئر فیکس کاؤنٹی کا اسکول بورڈ یا اس کی نامزد کردہ کوئی کمیٹی ۔

**School Day (تعلیمی دن)**
کوئی بھی ایسا دن جب اسکول کھلا ہو ۔

**School Property (اسکول کی املاک)** کوئی بھی املاک جو اسکول بورڈ کی ملکیت ہوں ، کرائے پر ہوں یا زیرِ استعمال ہوں ۔ اس میں کوئی بھی گاڑی جو اسکول بورڈ کے زیرِ استعمال ہوں ، یا اسکول بورڈ کے لیئے کسی اور کے زیرِ استعمال ہوں ،

2. ڈیٹنگ کے دوران کیا جانے والا تشدد ، گھریلو تشدد ، [جنسی حملہ](#) ، یا [پیچھا کرنا](#) (ذیل میں ملاحظہ کیجیئے) .

ڈیٹنگ کے دوران تشدد

یہ تشدد کسی ایسے طالب علم کی طرف سے کیا جائے —

A. جو متاثرہ فرد کے ساتھ ، رومانوی یا قریبی نوعیت کے سماجی تعلق میں ہو یا رہ چکا ہو؛ اور

B. جہاں اس طرح کے تعلقات کی حقیقت درج ذیل عوامل ذہن میں رکھتے ہوئے طے کی جائے:

1. تعلقات کا عرصہ ۔
2. تعلقات کی نوعیت ۔
3. تعلقات میں شامل طلباء کتنی بار ملاقات کرتے تھے ۔

گھریلو تشدد: اس میں درج ذیل سنگین یا قابل مواخذہ جرائم شامل ہیں: متاثرہ فرد کے موجودہ یا سابقہ شریک حیات یا قریبی ساتھی کی طرف سے کیا گیا تشدد ، جس کے ساتھ متاثرہ فرد کا بچہ ہے، کسی ایسے شخص کی طرف سے کیا گیا ہو، جو متاثرہ فرد کے ساتھ شریک حیات یا قریبی ساتھی کے طور پر مباشرت کرتا ہو یا مباشرت کرچکا ہو، کسی ایسے شخص کی طرف سے، جو اسی طرح متاثرہ فرد کے شریک حیات کے ساتھ رہتا ہو اور جو گھریلو یا خاندانی تشدد کے قوانین کے تحت گرانٹ رقم وصول کرتا ہو یا کسی اور شخص کی طرف سے، جو بالغ اور جوان متاثرہ فرد کے خلاف گھریلو یا خاندانی تشدد کے قوانین کے تحت اس فرد کے اقدامات سے محفوظ ہے ۔

**Vaping (الیکٹرانک سگریٹ)** aerosol (بخارات) کو سانس کے ذریعے اندر لینے اور باہر نکالنے کا عمل، جسے عام طور سے vapor کے حوالے سے جانا جاتا ہے اور جو الیکٹرانک سگریٹ یا اس سے ملتے

استعمال کرنا؛ ایسے اقدامات کی ضرورت پڑ جائے، جن سے اسکول کے معاملات میں رکاوٹ پڑے جیسے ہنگامی طبی سہولیات کی ضرورت؛ یا ایسی صورتحال پیدا ہوتی ہو جہاں والدین کو زبردستی اپنے بچوں کو اسکول سے باہر رکھنا پڑے یا جہاں مخصوص واقعے کی وجہ سے طلباء کا گروپ تعلیمی معاملات پر توجہ نہ دے سکے ۔

**Threat (دھمکی)** بولے ہوئے الفاظ ، تحریر یا اشارے کے ذریعے کسی کو نقصان پہنچانے کی نیت کا اظہار ۔ کسی کو نقصان پہنچانے کا ارادہ ظاہر کرنا دھمکی کے زمرے میں آتا ہے ، چاہے وہ کسی متاثرہ فرد یا مستقبل کے ممکنہ متاثرہ فرد کو دی جائے ، چاہے اس متاثرہ فرد یا مستقبل کے متاثرہ فرد کو اس کا علم ہو یا نہ ہو اور یہ دھمکی کسی بھی طریقے سے یعنی زبانی ، بصری ، تحریری یا الیکٹرانک طریقے سے ، دوسرے تک پہنچائی جائے ۔

**Threat Assessment (دھمکی کی جانچ)** ایک ایسا باضابطہ عمل جو طالبعلم کی دھمکی کی سنگینی کی جانچ کرتا ہے، متاثرہ یا ممکنہ متاثرہ کی مدد کرتا ہے، سلامتی قائم رکھنے کے لیئے مثبت اور درستی کے لئے اقدامات کرتا ہے ۔

**Title IX Definitions (ٹائٹل IX کی تعریفیں)**

جنسی ہراسانی: جنسی بنیاد پر کیا جانے والا طرز عمل، جو درج ذیل میں سے کسی ایک یا ایک سے زیادہ کی تعریف پر پورا اُترتا ہو:

1. غیر اخلاقی طرزعمل کا تعین کسی مناسب شخص کے ذریعہ کیا جاسکتا ہے کہ وہ اس قدر شدید، گہرا اور معروضی طور پر ناگوار ہو کہ اس سے کسی طالب علم کو FCPS کے تعلیمی پروگرام یا سرگرمی تک مساوی طور پر رسائی سے انکار کیا جا سکتا ہے؛ یا

**Slander (بہتان)** کسی کی موجودگی میں کسی دوسرے شخص پرجھوٹے الزامات لگانا یا غلط بیانی سے کام لینا جو اس کی ساکھ کو بد نام کرے اور نقصان پہنچائے ۔

**Slanderous (افتراپردازی)** کسی کے خلاف افتراپردازی، ہتک آمیز

**Stalking (پیچھا کرنا)** کسی مخصوص فرد کے خلاف ایسا طرزعمل اختیار کرنا، جس کی وجہ سے وہ معقول فرد

A. اپنی اور دوسروں کی حفاظت کے حوالے سے، ڈر وخوف میں مبتلا ہو جائے؛ یا

B. کافی حد تک ذہنی دباؤ کا شکار ہو جائے ۔

**Statutory (قانونی)** قانون کے مطابق

**Stigmatization (بدنامی)** بدنام ہونے کا عمل

**Student Activities (طلباء کی سرگرمیاں)** ان میں غیرنصابی سرگرمیاں ، ہم نصابی شرائط اور ایتھلیٹکس شامل ہیں ۔ پرفارمنگ آرٹس، کلب، مقابلوں، پریکٹس اور ایسی کسی بھی سرگرمی میں شرکت کرتے ہیں جن کے ذریعے اسکول کے باقاعدہ اوقات کے علاوہ بھی شرکت کرنے کا موقع ملتا ہے ایسے طلباء جو کھیلوں کی سرگرمیوں ، اور اس کے علاوہ اس تعریف میں وہ طلباء بھی شامل ہیں جو اسکول کے زیراہتمام سرگرمیوں میں بطور شائقین یا سامعین شرکت کرتے ہیں ۔

**Substantial Disruption (حقیقی خلل انگیزی)** اس میں ایسے کوئی بھی واقعات شامل ہیں جو اسکول کے معمولات پر کافی حد تک منفی اثرات مرتب کریں یا جن کے نتیجے میں طالب علم ، والدین اور/ یا عملے پر اچھا خاصہ اثر پڑے ، جیسے کہ اسکول کے اندر بڑے گروپ کی شکل میں منضبط مواد

کے حالیہ نسخے میں ہتھیار کی حیثیت سے وضاحت کی گئی ہے۔
گن فری اسکولز ایکٹ کے مقصد کے لیئے، یہاں درج شدہ کسی عبارت سے کسی ہتھیار کو ایسے حالات میں اپنے قبضے میں رکھنے کو ممنوع قرار نہیں دیا جائے گا اگر اُن حالات میں کوڈ آف ورجینیا کے تحت ہتھیار رکھنے کی واضح طور پر اجازت دی گئی ہے -

جلتے آلات، جیسے e-hookahs, mods, Juul pens, یا vape pens کے ذریعے پیدا ہوتا ہے -

**Vulgar (بیہودہ )** تہذیب وثقافت ، نفاست، ذوق سے عاری گنوار یا جاہل -

**Weapon (ہتھیار)** کوئی بھی ایسی چیز جِس کی ریگولیشن 2601

## ضمیمہ جات:

- ضمیمہ A : طالبعلم نیٹ ورک رسائی کے استعمال کی قابل قبول پالیسی
- ضمیمہ B: بسوں میں سفر کرنے والے طالبعلموں کا ضابطۂ اخلاق
- ضمیمہ C: کوڈ آف ورجینیا
- ضمیمہ D: ریگولیشن 2601.37P

# ضمیمہ A :

## طلباء کے لیئے نیٹ ورک تک رسائی کی قابل قبول پالیسی

*فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کے ذریعے مہیا کیئے جانے والے انفارمیشن سسٹم اور انٹرنیٹ کی سہولتیں تعلیمی کاوشوں میں مدد دینے ، تدریسی عمل کو بہتر بنانے اور اسکول سسٹم کے روز مرہ کے کاموں اور تعلیمی کارروائیوں میں مدد کے لیئے ، فراہم کی جاتی ہیں ۔*

FCPS کے بنیادی مقصد - اپنے طلباء کی تعلیمی ضروریات پر توجہ مرکوز رکھتے ہوئے FCPS کے انفارمیشن ٹیکنالوجی سسٹم تمام استعمال کرنے والوں کو، فائدہ پہچانے کے لیئے چلائے جاتے ہیں ۔ FCPS کا نیٹ ورک استعمال کرنا ضروری ہے تا کہ تمام طلباء کے لیئے، فراہم کردہ ذرائع اور وسائل تک رسائی ، مدد اور مواقع فراہم کیئے جا سکیں؛ اور اپنے تعلیمی تجربے کو بھرپور اور مددگار بنانے کے لیئے ، دوسرے طلباء ، اساتذہ اور کلاس کے مواد سے منسلک رہ سکیں ۔ استعمال کرنے والے افراد کو کچھ ایسا کرنے یا کرنےکی کوشش نہیں کرنی چاہیئے، جس سے نیٹ ورک یا آلات کو چلانے میں خلل پڑنے کا امکان ہو، اور یا / دوسرے طلباء کی پڑھائی میں یا FCPS کے ملازمین کے کام میں خلل پڑتا ہو ۔

FCPS نیٹ ورک تک - رسائی کے لیئے پرنسپل یا پروگرام مینیجر کی پیشگی منظوری ضروری ہے ۔ اگر ایسی کوئی بھی کارروائی جو قوانین یا قواعد وضوابط پر عملدرآمد کیلئے ، یا سسٹم کے دوسرے صارفین کے لیئے، کمپیوٹنگ کی فراہمی اور تحفظ کے حوالے سے ضروری ہو تو اسکول یا دفتر کسی بھی صارف پر، کسی پیشگی نوٹس کے بغیر، اِن سہولتوں کے استعمال پر مکمل یا محدود وقت کے لیئے ، پابندی لگا سکتا ہے ۔ کسی بھی طالب علم کے لیئے، FCPS کے تعلیمی ٹیکنالوجی ذرائع تک رسائی ختم کرینا ایک سنجیدہ عمل ہے اور یہ صرف ضرورت پڑنے پر ہی کیا جائے گا۔

طلباء کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ FCPS کے ٹیکنالوجی ذرائع کا غیرمناسب استعمال طالب علم کے انضباطی قواعد کی خلاف ورزی ہے ، قطع نظر اس کے کہ یہ غیرمناسب استعمال کب اور کہاں پر کیا گیا ہو ۔ لہذا، اسکول غیر مناسب استعمال کے واقعات پر، عام طور پر کی جانے والی انضباطی کارروائی کریں گے بالکل اسی طرح کہ اگر یہ واقعہ کلاس روم کے اندر پیش آیا ہوتا ۔ FCPS کے نیٹ ورک، سسٹم یا ڈیوائسوں کے نامناسب استعمال کے لئے کی جانے والی انضباطی کارروائیاں، FCPS کی طرف سے پیش کردہ طالب علم کے حقوق اور ذمہ داریوں (SR&R) کے کتابچے میں بیان کیئے گئے اصولوں کے مطابق ، نافذ کی جا سکتی ہیں ۔

وفاقی ایکٹ برائے چلڈرن انٹرنیٹ پروٹیکشن کے مطابق FCPS اپنی تمام ویب سائٹس پر انٹرنیٹ فلٹرنگ لگاتا ہے ۔ معلومات اور اس کے ذرائع کی شناخت اور جانچ کے لیئے، اسکول طلباء کو ڈیجیٹل سٹیزن شپ ، ذاتی حفاظت اور مؤثر طریقے سکھانا جاری رکھیں گے ۔

### FCPS کا تعلیمی ماحول

طلباء کو ایسے حقیقی اور مؤثر ماحول میں تعلیم حاصل کرنے کا حق حاصل ہے جو FCPS کے SR&R کتابچے میں بیان کردہ خصوصیات کے مطابق ہو۔ ان حقوق میں درج ذیل شامل ہیں:

- یہ حق کہ آن لائن تعلیمی ماحول میں آپ کے ساتھ احترام سے پیش آیا جائے ۔ ایسے طلباء جنہیں لگتا ہے کہ ان کے ساتھ احترام سے پیش نہیں آیا جا رہا تو انہیں اپنے ٹیچر یا پرنسپل سے بات کرنی چاہیئے ۔
- بغیر کسی خلل اور سزا کے، آن لائن اپنے عقائد اور آراء کا احترام کے ساتھ اظہار کرنے کا حق ۔ اگر طلباء کے خیال میں اسکول کی طرف سے کیا گیا کوئی فیصلہ مناسب نہیں تو وہ اپنے اساتذہ یا پرنسپل سے بات کر سکتے ہیں ۔
- اگر طالب علم پر استعمال کی قابل قبول پالیسی کی خلاف ورزی کا الزام عائد کیا جاتا ہے تو اسے واقعے کے بارے میں اپنا بیان دینے کا حق حاصل ہو ۔
- تعلیمی ضروریات کے حوالے سے فراہم کردہ ٹیکنالوجی ، ذرائع اور وسائل تک رسائی ، تعاون اور استعمال کے مواقع حاصل کرنے کا حق ۔
- دوسرے طلباء و اساتذہ کے ساتھ بات چیت اور کلاس کے مواد تک رسائی حاصل کرنے کے لیئے، ٹیکنالوجی کے استعمال کا حق ، تا کہ انہیں حقیقی اور آن لائن دونوں طرح کے تعلیمی ماحول میں مدد حاصل ہو ۔

طالب علم یہ حقوق اور مراعات ، اس وقت تک استعمال کر سکتے ہیں ، جب تک کہ وہ دوسروں کے حقوق یا اسکول کی طرف سے ، فراہم کردہ محفوظ تعلیمی ماحول میں ، خلل اندازی کا سبب نہ بنیں ۔

**دوسروں کا احترام**

صارفین کو چاہیئے کہ وہ FCPS کا نیٹ ورک استعمال کرنے والے دیگر افراد کے حقوق کا احترام کریں:

- استاد کی ہدایات کے مطابق ڈیوائس استعمال کریں یا اگر روکیں تو نہ کریں ۔
- اسکول کے وسائل کو استعمال کرتے ہوئے، رواداری کا مظاہرہ کیجیئے ۔
- کام ختم ہو جانے کے بعد ہمیشہ ڈیوائسز اور ایپس لاگ آف کیجیئے ۔
- جان بوجھ کر سسٹم کی کارکردگی میں خلل نہ ڈالیے اور نہ دوسرے صارفین کے کام میں مخل ہوں ۔
- جاتے وقت، آنے والے صارف یا دوسری کلاس کے لیئے، ڈیوائس اور کمرے کو اچھی حالت میں چھوڑیے ۔
- دوسروں کی فائلیں، جو آپ سے شیئر نہیں کی گئیں مت کھولیے یا انہیں ختم یا تبدیل مت کیجیئے ۔

**صارفین کے لیئے اخلاقی طرزعمل**

صارف کی ذمہ داری ہے کہ وہ:

- صرف اپنا اکاؤنٹ یا پاس ورڈ استعمال کریں۔ کسی دوسرے صارف کو اپنا پاس ورڈ یا اکاؤنٹ تک رسائی مہیا کرنا قواعد کی خلاف ورزی ہے۔ یوزر اکاؤنٹس تک رسائی صرف موجودہ اندراج شدہ طالبعلموں تک محدود ہے ۔ اکاؤنٹس تک رسائی سابق طالبعلموں کیلئے نہیں ہے ۔
- دوسرے افراد کی املاک دانش کی ملکیت کو تسلیم کیجیئے اور اس کا احترام کیجیئے؛ ادبی سرقہ اور معلوماتی وسائل کے حوالہ جات کے بارے میں قانونی پابندیوں کی تعمیل کیجیئے ۔
- انٹرنیٹ کے مواد سمیت، تمام چیزوں کا حوالہ دیجیئے اور اس کی ذمہ داری قبول کیجیئے ۔
- FCPS کی ڈیوائس یا نیٹ ورک پر صرف وہی سافٹ ویئر یا ایپس استعمال کیجیئے جن کی منظوری دی گئی ہے اور جو اسکول کی طرف سے قانونی طور پر استعمال کی جا سکتی ہیں ۔ لائسنس کے معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے کاپی رائٹڈ سافٹ ویئر کی نقل یا تدوین کرنا ایک سنگین جرم ہے جس کے نتیجے میں تادیبی کارروائی کی جا سکتی ہے ۔
- FCPS کی ٹیکنالوجی اور وسائل کو اس طرح استعمال کیا جائے جواسکول کے نظام تعلیم کے نصب العین سے مطابقت رکھتا ہو۔
- اسکول اِنفارمیشن سسٹم کی سالمیت کو برقرار رکھنے میں مدد کیجیئے ۔ چھیڑ چھاڑ یا تجربے کرنے کی اجازت نہیں ہے؛ اس میں FCPS کے اندر یا باہر کے سسٹم تک غیر قانونی طور پر رسائی، چھیڑ چھاڑ یا تجربے کرنے کے لیئے FCPS کے نیٹ ورک اور وسائل کا استعمال شامل ہے۔
- FCPS کے نیٹ ورک اور/ یا FCPS کی ڈیوائس استعمال کرتے وقت توہین آمیز، فحش یا ہراساں کرنے والی زبان استعمال مت کیجیئے تا کہ ایک محفوظ اور پراعتماد تعلیمی ماحول برقرار رہنے میں مدد مل سکے۔

**ڈیجیٹل سٹیزن شپ اور تحفظ**

• طالبعلم آفس آف سائبر سیکورٹی (OCS) کی جانب سے جاری کی گئی تمام سائبر سیکورٹی پالیسیوں پر عمل پیرا ہونے کے ذمہ دار ہوں گے۔

• طالبعلم کو FCPS کی ٹیکنالوجیز سے چھیڑچھاڑ کی اجازت نہیں اور نہ ہی سیکورٹی پالیسیوں اور آفس آف سائیبر سیکورٹی (OCS)کے کنٹرول کو دھوکہ دینے کی اجازت ہے اور یہ صرف اس تک محدود نہیں بلکہ انٹرنیٹ تک پراکسی یا وی پی این سروسز کے ذریعہ بھی رسائی ممنوع ہے۔

• طالبعلموں کو ایسی معلومات پوسٹ کرنا ممنوع ہے جس سے دوسروں کی رازداری کی خلاف ورزی ہوتی ہو، طالبعلموں کی صحت وسلامتی خطرہ میں پڑتی ہو ، فحش ہو یا توہین آمیز ہو ، دھمکی دینے کی غرض سے ڈالی گئی ہو ، غنڈہ گردی یا نفرت آمیز ہو یا اسکول کی سرگرمیوں میں تعطل کا باعث بنے۔

• طالبعلموں کو اسکول کے اوقات کار کے دوران میں سوشل میڈیا سائٹس تک رسائی کی اجازت نہیں ، ماسوائے جہاں اسکول انتظامیہ کی طرف سے اجازت دی گئی ہو ۔ اگراجازت دی جائے تو سوشل میڈیا کی سرگرمی تعلیمی سرگرمیوں تک محدود ہونی چاہیئے ۔

• طالبعلموں کو انٹرنیٹ کے ایسے حصوں کوکھولنے کی اجازت نہیں ہے جوFCPS کے تعلیمی نصب العین سے مطابقت نہیں رکھتے ۔

• طلبہ وطالبات کیلئے ریسٹ رومز اور لاکر رومز میں فون ، ٹیبلیٹ اور دیگر موبائل ڈیوائسز کا استعمال ممنوع ہے تاہم طبی ضرورت یا ہنگامی صورتحال میں اجازت ہے ۔

• طلباء بالمشافہ پیغام رسانی اور آن لائن بات چیت صرف منظور شدہ تعلیمی apps پر ٹیچر یا پرنسپل کی اجازت کے ساتھ، استعمال کر سکتے ہیں ۔

• سرکاری پیشگی اجازت کے بغیر، طلباء الیکٹرانک تعلیمی ہدایات ، کلاس روم کا عمومی ماحول یا ایسی گفتگو جس میں اسکول کے حکام شامل ہوں ، ریکارڈ نہیں کرسکتے ۔

• طالبعلم اسکول کے اوقات کار میں اسکول کی املاک پردوسروں کی اجازت کےبغیر ان کی تصاویر نہیں لے سکتے اور نہ ہی ویڈیو ریکارڈ کرسکتے ہیں ، ماسوائے تعلیمی استعمال کے ۔ اسکول کی انتظامیہ مخصوص صورت حال میں محدود پیمانے پر غیر تعلیمی مقصد کیلئے فوٹوگرافی کی اجازت دے سکتے ہیں ۔

• پانچ سال سے کم عمر طالبعلموں کو FCPS ٹیکنالوجی کے استعمال کیلئے بالغ فرد کی نگرانی کی ضرورت ہے۔

• والدین اور یا سرپرست اس بات کو یقینی بنائیں کہ طالبعلموں کو دیئے گئے ڈیوائسز گھروں میں صرف تعلیمی مقاصد کیلئے استعمال تک محدود رہیں اور غیر تعلیمی سرگرمی کیلئے کوئی دوسرا فرد استعما ل نہ کرے ۔

• طلباء کو ایسے لوگوں کے ساتھ جنھیں وہ جانتے نہیں، خط و کتابت میں اپنے ذاتی کوائف (خاندانی نام، گھر کا پتہ، فون نمبر) نہیں بتانے چاہیئں ۔

• طالبعلم کو ایسے تمام مواد کی ذمہ دار قبول کرنی ہوگی جس تک انہوں نے رسائی حاصل کی ہے ۔

• طالبعلموں کی ذمہ داری ہے کہ اگر انہیں کوئی نا مناسب مواد ملے تو وہ اس کے بارے میں رپورٹ کریں ۔

• طلباء کے بنائے ہوئے ہرویب پیج کے لیئے منظوری لی جانی ضروری ہے اور ذمہ دار استاد اور/ یا پرنسپل کے ان صفحات کا مسلسل جائزہ لینے سے مشروط ہیں ۔ عوامی طور پر قابل رسائی تمام ویب پیجز میں اسکول کے نصب العین اور اس کے کردار کا اظہا ر ہونا چاہیئے۔

• طالبعلموں کو غیر قانونی مواد دیکھنے، دوسروں کو بھیجنے، اور اس تک رسائی حاصل کرنے کی ممانعت ہے ۔

• طالبعلموں کو FCPS کے کمپیوٹرز اور نیٹ ورکس پر غیر مناسب یا غیر قانونی مواد ڈاؤن لوڈ کرنے کی اجازت نہیں ہے ۔

• طالبعلم کی بورڈ، مانیٹرز، پرنٹرز یا کسی اور منسلک چیزوں میں کوئی ردوبدل نہیں کر سکتے اور نہ ہی اسے ازسرنو ترتیب دے سکتے ہیں۔

• صارفین کو، مشینوں میں کوئی بھی مسئلہ پیدا ہونے کی صورت میں، فوراً ٹیچر یا پرنسپل کو رپورٹ کرنی چاہیئے ۔

• طالبعلموں کو، ڈیسک ٹاپ والی جگہ اور منسلک چیزیں ان کی مقررہ جگہ پر چھوڑنی چاہئیں ۔

• طالب علم کی حفاظت اور قابل قبول استعمال کی پالیسی کے تحت ، FCPS طالبعلم کی آن لائن سرگرمیوں پر نظر رکھ سکتا ہے اور تحقیقات کر سکتا ہے ۔ اس میں کسی بھی طرح کی بات چیت یا فائلوں تک رسائی، ان کا جائزہ لینا، نقل بنانا، جمع کرنا یا ختم کرنا شامل ہے تاکہ ضرورت پڑنے پر منظوری کے ساتھ یا قانونی طور پر درکار ہونے کی صورت میں، بالغ افراد کو دکھائی جا سکیں ۔ طالبعلموں کو، FCPS کے آلات، نیٹ ورک، انٹرنیٹ، فائلز یا ای میل استعمال کرنے کے حوالے سے کسی بھی طرح کی رازداری کی امید نہیں رکھنی چاہیئے ۔

**ذاتی ملکیت والے کمپیوٹر اور/ یا نیٹ ورک ڈیوائسز (BYOD)**

ذاتی الیکٹرانک آلات استعمال کرنے والے طلباء کو، اسکول کی املاک پر، اسکول کی زیر اہتمام سرگرمیوں میں یا FCPS کا نیٹ ورک استعمال کرتے وقت ، اس دستاویز میں درج پالیسی پر عمل کرنا ہو گا۔

• FCPS کی املاک پر رہتے ہوئے وائرلیس کنیکشن کے ذریعے، اپنے ذاتی آلات استعمال کرنے والے طلباء کو، صرف FCPS Wi-Fi نیٹ ورک سے کنکشن کی اجازت ہے (نجی موبائل سروس سے نہیں) ۔
• جب بھی ممکن ہو، ذاتی ملکیت والی کسی بھی ڈیوائس کو FCPS کے نیٹ ورک پر ڈالنے سے پہلے، وائرس چیک کرنے والا موزوں سافٹ ویئر انسٹال ، اپ ڈیٹ اور فعال کر لینا لازمی ہے ۔
• FCPS کے نیٹ ورک پر کوئی ایسا آلہ نصب نہیں کیا جائے گا جس کا سافٹ وئیر FCPS کے نیٹ ورک کی نگرانی کرتا ہو یا تجزیہ کرتا ہو، یا نیٹ ورک میں خلل ڈال سکتا ہو ۔
• BYOD نامی پروگرام میں شرکت کے نتیجے میں کسی بھی ڈیوائس یا ڈیٹا کے ضائع ، چوری ، نقصان یا تبدیلی یا مرمت کے دیگر منسلک اخراجات کے لیئے، FCPS ذمہ دار نہیں ہے ۔
• FCPS کا عملہ طالب علم کی ذاتی ڈیوائس کو رکھنے، مدد دینے یا اس میں کسی تکنیکی خرابی کو دور کرنے کے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔
• طلباء اپنی کسی بھی ذاتی ڈیوائس کی ذمہ داری مکمل طور پر قبول کریں گے اور استعمال نہ ہونے کی صورت میں تمام ڈیوائسز کو مناسب طریقے سے محفوظ بنائیں گے ۔
• ایف سی پی ایس، FCPS نیٹ ورک پر موجود تمام آلات اور سرگرمیوں کی نگرانی اور تحقیقات کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے ۔ SR&R کی رُو سے اسکول حکام ڈیوائس کو ممکنہ طور پر ضبط کر سکتے ہیں ۔

ان دستاویزات کے تازہ ترین نسخہ جات بھی دیکھیئے : ریگولیشن 2601، طلباء کے حقوق اور ذمہ داریوں کا کتابچہ
ریگولیشن 6410، فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکول نیٹ ورک اور انٹرنیٹ وسائل کا مناسب استعمال

# ضمیمہ B:

## بسوں میں سفر کرنے والے طالبعلموں کا ضابطۂ اخلاق

براہِ مہربانی اپنے بچے کے ساتھ مل کر بس میں سفر کرنیوالے طلباء کے ضابطۂ اخلاق کو پڑھیئے ۔ یہ بات اہم ہے کہ آپ اور آپ کا بچہ، موزوں طرزعمل کے اخلاق معیارسے واقف ہوں جب بس میں سواری کرنا ہو **چاہے گھر سے اسکول جانے کی باقاعدہ سہولت کیلئے یا دوسری سرگرمیوں کیلئے ۔**

**اِس کتابچے کے شروع میں بیان کردہ والدین اور/ یا سرپرست کے دستخط والے صفحہ پر دستخط کر کے پرنسپل کو واپس بھیج دیجیئے** جو اسے فائل میں محفوظ کرلیں گے ۔ اگر کوئی طالبِ علم ان ہدایات کو پڑھ نہیں سکتا تو والدین یا سرپرست کے دستخط سے یہ سمجھا جائے گا کہ طالب علم کو یہ ریگولیشن سمجھا دی گئی ہیں ۔

### عام اطلاع

FCPS کے ریگولیشن8617 کے حالیہ نسخہ کے مطابق ایلیمنٹری اسکولوں کے تمام طلباء کو جو اسکول سے ایک میل سے زیادہ فاصلے پر رہتے ہوں اور مڈل اور ہائی اسکول کے تمام طلباء کو جو اسکول سے ڈیڑھ میل سے زیادہ فاصلے پر رہتے ہوں ، روزانہ اسکول بس مہیا کی جائے گی ۔ مزید معلومات اور ضروریات کی تفصیل کے لیئے مندرجہ ذیل ریگولیشن ملاحظہ فرمائیے:

1. ریگولیشن 2601 کا تازہ نسخہ برائے *طلباء کے حقوق اور ذمہ داریاں ۔*

2. ریگولیشن 8617 کا تازہ ترین نسخہ جس کا تعلق خصوصی تعلیم کے پروگراموں میں داخل طلباء کو ٹرانسپورٹ کی فراہمی سے ہے۔

### معیارات

بس میں سفر کرنے والے تمام طلباء سے کلاس روم کے قابلِ قبول طرزعمل کے معیار کی پابندی کی توقع کی جاتی ہے اور یہ کہ ڈرائیور اس امر کو یقینی بنائیں گے کہ طالب علم ریگولیشن کی ہر وقت پابندی کریں ۔ دیگر اشیاء کے علاوہ ، طلباء تمباکو نوشی ، شوروغل ، چیخ و پکار ، گالم گلوچ ، دھکم پیل ، لڑائی مار کٹائی ، غنڈہ گردی نہیں کریں گے یا دوسرے طلباء سے فائدہ نہیں اٹھائیں گے؛ بس کی کھڑکیوں سے ہاتھ ، بازو یا سر یا چیزیں باہر نہیں نکالیں گے؛ بس میں کسی قسم کی منشیات ، ہتھیار پانی والے پستول ، رینگنے والے زندہ جانور، چوپائے، کیڑے مکوڑے یا ایسی بھاری بھر کم اشیا (اسکول کے آلات سمیت) ، جو بس کے اندر درمیانی راستے میں حائل ہوں ، سواری کے بیٹھنے کی جگہ کو ضرر پہنچائے، ڈرائیور کی نگاہ میں مخل ہو یا سلامتی کے لیئے خطرہ پیدا کرے ، نہیں لائیں گے ۔

### نظم و ضبط

طالبعلم کی سلامتی کے لیئے نظم وضبط کے مقصد کے تحت ڈرائیور کسی طالب علم کو کوئی ایک نشست عارضی بنیاد پر تفویض کر سکتے ہیں ۔ اگر کوئی طالب علم اپنے طرزِ عمل کے بارے میں ڈرائیور کی وارننگ پر توجہ نہ دے تو ڈرائیور ایسے طالب علم کے لئے بس کی سہولت معطل کیئے جانے کی سفارش کر سکتے ہیں ۔ ایسے تمام معاملات میں آخری فیصلہ پرنسپل کریں گے ۔ معطلی کی مدت کے دوران، اسکول بورڈ طالب علم کو اسکول لے جانے کا ذمہ دار نہیں ہو گا ۔ کوئی بس ڈرائیور پرنسپل کی طرف سے باقاعدہ اختیار ملے بغیر، کسی طالب علم کو نہ بس سے اتار سکتا ہے اور نہ اسے بس میں لے جانے سے انکار کر سکتا ہے۔ سوائے ایسی صورتوں کے کہ جب طلباء کی سلامتی خطرے میں ہو ۔ ایسی خطرناک صورتِ حال کے بارے میں پرنسپل کو فوری طور پر مطلع کر دیا جائے گا ۔ ڈرائیور نظم و ضبط کی خلاف ورزی کے تمام معاملات کی اطلاع پرنسپل صاحبان کو فارم TR-12 پر دیں گے ۔ بس میں توڑ پھوڑ کی بِنا پر انضباطی کارروائی کی جا سکتی ہے ۔ وڈیو کیمرہ اور آڈیو ریکارڈر کو ممکنہ طور پر استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔

### بس پکڑنا

طلباء کے لیئے لازم ہے کہ وہ:

- بس میں سوار ہونے کے وقت سے کم از کم پانچ منٹ قبل اپنے بس اسٹاپ پر پہنچ جائیں تاہم انہیں سوار ہونے کے وقت سے دس منٹ سے زیادہ پہلے بس اسٹاپ پر نہیں پہنچنا چاہئے ۔ جب تک بس نہ آ جائے، اسٹاپ پر رہیے ۔ مقررہ بس اسٹاپ سے سوار ہوں اور اتریے ۔

- بس اسٹاپ پر شائستہ طرزِ عمل کا مظاہرہ کیجیئے ، اس میں اُس مقام پر موجود نجی املاک کا مناسب خیال رکھنا بھی شامل ہے۔
- بس کا انتظار کرتے وقت سڑک کے اس حصے میں کھڑے نہ ہوں جہاں گاڑیاں چلتی ہیں اور نہ پارکنگ میں کھڑے ہوں نہ ہی کھیل کود یا کسی ایسی سرگرمی میں حصہ لیں جس سے سڑک کے کنارے انتظار کرتے وقت انہیں یا انکے ساتھیوں کی سلامتی کو خطرہ پیدا ہوتا ہو ۔
- بس اسٹاپ پر پہنچنے والی بس کے پاس تب تک نہ جائیں جب تک وہ پوری طرح رک نہ جائے اور اس کا دروازہ کھل نہ جائے ۔
- چلتی ہوئی بس کے ساتھ نہ دوڑیئے ۔ سڑک پار کرنے اور بس میں سوار ہونے کے لیئے، جب تک بس رک نہ جائے اور بس کے پاس آنے والی اور بس کے پیچھے والی گاڑیاں رک نہ جائیں ، انتظار کیجیئے ۔ **بس کا ڈرائیور طلباء کو سڑک پار کرنے کا اشارہ دے گا، جب ایسا کرنا بلا خوف و خطر ہو۔**
- بس میں یا بس کے آس پاس کسی کی بیماری یا چوٹ لگنے کی اطلاع فوری طور پر ڈرائیور کو دیجئے ۔
- بس میں یا بس کے لئے جو سیفٹی پٹرول مقرر کئے جاتے ہیں، ان کی ہدایات پر عمل کیجیئے۔ سیفٹی پٹرول بس ڈرائیور کی مدد کرتے ہیں اور اسکول اسپانسر اور بس ڈرائیور کی ہدایات کے مطابق کام کرتے ہیں ۔

**بس کے اندر طرزِ عمل**

طلباء کے لیئے لازم ہے کہ:

- وہ اس بات کو تسلیم کریں کہ بس پر بس ڈرائیور پوری طرح سے با اختیار ہے اور انہیں اس کی بات ماننی چاہیئے اور اس کے ساتھ اور دوسرے طلباء کے ساتھ شائستگی کا برتاؤ کرنا چاہیئے ۔
- خاموشی سے سیدھے جا کر سیٹ پر بیٹھ جائیں اور ڈرائیور کی ہدایت کے بغیر سیٹ سے نہ اٹھیے ۔
- ایمرجنسی دروازے سے چھیڑ خانی نہ کیجیئے ۔
- نہ کسی کو ماریں پیٹیں اور پیدل چلنے والوں یا دوسری گاڑیوں کی طرف نہ ہاتھ ہلائیں نہ ان پر چلائیں ۔
- بس سے متعلقہ کوئی اشیاء یا کھڑکی سے کوئی چیز باہر نہ پھینکیے ، (نہ باہر سے کوئی چیز بس کی طرف پھینکیے) ۔
- بس کے اندر ایسی **نہ ٹوٹنے پھوٹنے والی** اشیاء لائیں جنہیں طالب علم بحفاظت اپنی گود میں رکھ سکیں ۔
- مشروبات و ماکولات نہ بانٹیے نہ فروخت کیجیئے اور نہ استعمال کیجیئے ۔
- **ماسوائے کسی ہنگامی صورت حال کے، سیل فون پر بات نہیں کی جائے۔**
- بس کے ذریعے کسی متبادل راستے سے گھر جانے کے لیئے، والدین یا سرپرست کی تحریری درخواست پیش کیجیئے، یہ درخواست پرنسپل کی اجازت سے مشروط ہے۔

**بس سے اترنا**

طلباء کے لیئے لازم ہے کہ:

- وہ اس وقت تک بیٹھے رہیں جب تک کہ بس پوری طرح رک نہ جائے ۔
- بس سے قرینے سے اتریے ۔
- بس اسٹاپ کی جگہ کو اس وقت چھوڑیے جب ایسا کرنا محفوظ ہو، یعنی یہ کہ کسی سڑک کو پار کرتے وقت، خود کو بس کے **سامنے** والے حصے سے تقریباً دس فٹ کے فاصلے پر رکھیے اور سڑک صرف **اس وقت** پار کیجیئے ،جب ڈرائیور یہ اشارہ کرے کہ ایسا کرنا بلا خوف و خطر ہے۔

والدین یا سرپرستوں پر زور دیا جاتا ہے کہ وہ بس اسٹاپ یا اسکول آتے جاتے وقت بچوں کے ساتھ ہوں ۔ خصوصی تعلیم حاصل کرنے والے طلباء اور نامزد کردہ پروگراموں میں شامل طلباء کو، (جیسے FECEP اور Preschool/PAC) بس پر کسی ذمہ دار بالغ فرد کے ساتھ آنا لازمی ہے۔ اگر والد یا والدہ ، سرپرست/ دیکھ بھال کرنے والا فرد یا مڈل اسکول جانے والا یا اس سے بڑی عمر کا بہن بھائی طالبعلم کو لینے کے لیئے، بس کے دروازے پر موجود نہ ہوا اور طالبعلم کا نام لے کر نہ بلایا تو دوپہر والی اسکول بسوں سے واپس جانے والے کنڈرگارٹن کے طلباء کو، اسکول واپس پہنچا دیا جائے گا ۔

# ضمیمہ C:

## کوڈ آف ورجینیا

**کوڈ آف ورجینیا § 22.1-279.3 کا تازہ ترین نسخہ والدین کی ذمہ داری اورشمولیت کی لازمی شرائط :**

A. کسی بھی پبلک اسکول میں داخل ہر طالب علم کے والدین پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ طلباء کے طرز عمل کے معیارات پر عمل در آمد کروانے میں اور لازمی تعلیمی حاضری میں اسکول کی مدد کریں تا کہ ایسے ماحول میں تعلیم دی جا سکے جو خلل اندازی اور دوسرے افراد کی ذات اور املاک کو خطرہ لاحق سے پاک ہو، اور انفرادی حقوق کے لیئے، ساز گار ہو۔

B . اسکول بورڈ اسکول ڈویژن میں واقع ہر اسکول کے معاملات میں والدین اور کمیونٹی کی شمولیت کے مواقع فراہم کرے گا ۔

C. اسکول کھلنے کے ایک مہینے کے اندر اندر ہر اسکول بورڈ دیگر مواد سمیت، جو عموما اس موقع پر تقسیم کیا جاتا ہے، ہر داخل شدہ طالب علم کے والدین کو(i) اس سیکشن کے تحت ضروری شرائط کا ایک نوٹس (ii) اسکول بورڈ کا طلباء کے ضابطہ اخلاق کی ایک نقل اور (iii) لازمی تعلیمی حاضری کے قانون کی ایک نقل فراہم کرے گا ۔ اس مواد میں والدین کو ایک نوٹس شامل ہے جس پر وصولی کے دستخط کرنے سے یہ مطلب نہیں لیا جائے گا کہ والدین یا سرپرست ان حقوق سے دستبردار ہو گئے ہیں جن کی ضمانت امریکہ اور دولت مشترکہ ورجینیا کے آئین اور قوانین میں دی گئی ہے بلکہ دستخط کرنے کا مطلب یہ ہوگا کہ انھوں نے یہ حقوق واضح طور پر محفوظ کر لیئے ہیں، اور والدین کو اسکول یا اسکول ڈویژن کی پالیسیوں اور فیصلوں سے اختلاف کے اظہار کا حق حاصل ہوگا ۔

ہر طالب علم کے والدین، طلباء کے لیے اسکول بورڈ کے متعین کردہ طرزعمل اور اس سیکشن کے تحت دیے جانے والے نوٹس ، اور لازمی تعلیمی حاضری کے قانون کی وصولی بیان پر دستخط کریں گے اور اسے اُس اسکول کو واپس کریں گے جس میں اُن کا طالبعلم داخل ہے ۔ ہر اسکول ایسے تمام دستخط شدہ بیانوں کا ریکارڈ رکھے گا ۔

D. لازمی اسکول حاضری کے قانون پر طالب علم کی بجا آوری یقینی بنانے کے لیئے، اور طالب علم کے طرزعمل ، اسکول میں حاضری اور تعلیمی ترقی میں بہتری پر بات چیت کے لیئے ، طالب علم کے نظم و ضبط اور ضابطہ کو برقرار رکھنے کے سلسلے میں اسکول کے ساتھ شامل ہو کر اسکول بورڈ والے طالب علم کے ضابطہ اخلاق اور دونوں میں سے ایک یا دونوں والدین کی ذمہ داری کا جائزہ لینے کے لیئے، اسکول کے پرنسپل طالب علم کے والدین میں سے کسی ایک سے یا دونوں سے، اگر مذکورہ طالب علم دونوں والدین کی قانونی اور طبعی تحویل میں ہے، یہ درخواست کر سکتے ہیں کہ وہ پرنسپل یا ان کے نمائندے سے ملیں ۔

E. اس دفعہ میں درج شدہ ضابطے کے طریق کار کے قواعد و ضوابط کے تحت اور سیکشن -22.1-279.6 § کے تحت ضروری رہنما اصولوں کی رو سے ، اسکول کے پرنسپل کسی بھی ایسے طالب علم کے بارے میں اس کے والدین کو نوٹس بھیج سکتے ہیں جو اسکول بورڈ کی پالیسی یا لازمی تعلیمی حاضری کی شرائط کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوا ہو، جب اس خلاف ورزی کے نتیجے میں طالب علم کو معطل کیا جا سکتا ہو، یا عدالت میں درخواست دی جا سکتی ہو، چاہے اسکول کی انتظامیہ نے اس طالب علم کے خلاف ایسی انضباطی کارروائی کی ہو یا درخواست داخل کی ہو یا نہ کی ہو۔ یہ نوٹس بیان کرے گا: (i) خلاف ورزی کی تاریخ اور اس کی تفصیل، (ii) طالب علم کے طرز عمل میں اصلاح کے لیئے اور لازمی تعلیمی حاضری کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے اسکول کی مدد کرنے اور ضروری اقدامات کرنے میں والدین کی ذمہ داری ، (iii) اگر طالب علم کو معطل کر دیا جاتا ہے، تو اسکول کے حکام سے ملنے کے لیے والدین کو طالب علم کے ساتھ جانے کے لیے کہا جا سکتا ہے؛ اور (iv) نابالغوں اور گھریلو تعلقات کی عدالت میں ایک درخواست درج کرائی جا سکتی ہے کہ ان حالات میں مذکورہ طالب علم کو ایسا بچہ قرار دے دیا جائے جسے نگرانی اور دیکھ بھال کی ضرورت ہے ۔

F. کسی بھی معطل طالب علم کو باقاعدہ اسکول پروگرام میں داخل نہیں کیا جائے گا جب تک کہ ایسا طالب علم اور اس کے والدین اسکول کے حکام سے مل کر طالب علم کے طرز عمل میں اصلاح کے معاملے پر بات چیت نہیں کر لیتے، ماسوائے اس صورت کے کہ اسکول پرنسپل یا ان کے نمائندے کے فیصلے کے مطابق، والدین کے ساتھ ملاقات کیئے بغیر، طالب علم کا دوبارہ داخلہ اس کے لیئے مناسب ہوگا ۔

G. اگر والدین اس سیکشن کے ضابطوں پر عمل درآمد کرنے میں ناکام رہتے ہیں تو  اسکول بورڈ ، نابالغوں اور گھریلو تعلقات کی عدالت میں عرضداشت پیش کر کے، ایسے والدین کے خلاف عمداً اور بغیر کسی معقول وجہ کے، طالب علم کے طرز عمل کی اصلاح یا تعلیمی حاضری کو بہتر بنانے کی کوششوں میں شرکت کرنے سے انکار کے الزام میں، مندرجہ ذیل کارروائی کر سکتا ہے:

1. اگر عدالت اس نتیجے پر پہنچتی ہے کہ والدین نے عمداً اور بغیر کسی معقول وجہ کے، اس سیکشن کی ذیلی دفعہ D کے تحت کی گئی پرنسپل کی اس درخواست پر عمل نہیں کیا کہ اسکول بورڈ کے طالب علم کے ضابطہ اخلاق اور طالب علم کے نظم و ضبط اور ضابطہ کی برقراری رکھنے میں مدد کے لیئے، والدین کی ذمہ داری کے معاملات کا جائزہ لیا جائے اور بچے کے طرزعمل اور تعلیمی ترقی میں بہتری کے اقدامات پر تبادلۂ خیال کیا جائے تو عدالت والدین کو ایسا کرنے کا حکم دے سکتی ہے؛ یا

2. اگر عدالت اس نتیجے پر پہنچتی ہے کہ کوئی والدین عمداً اور کسی معقول وجہ کے بغیر ذیلی دفعہ F کے ، مطابق کسی معطل شدہ طالب علم کے اسکول کے حکام کے ساتھ ملاقات میں اس کے ساتھ جانے میں ناکام رہے ہیں ، یا طالب علم کے دوسری بار معطل ہونے یا خارج کیے جانے پر اس کے ساتھ نہیں گئے ہیں ، تو عدالت طالب علم کو یا اس کے والدین کو، یا دونوں کو حکم دے سکتی ہے کہ وہ اس قسم کے پروگراموں میں یا ایسے علاج میں شرکت کریں جو عدالت کی نظر میں طالب علم کے طرز عمل اور تعلیمی حاضری کو بہتر بنانے کے لیے مناسب ہیں ۔ ان پروگراموں میں توسیعی دن کے پروگرام ، سمر اسکول ، دوسرے تعلیمی پروگرام یا کونسلنگ شامل ہیں ، اگرچہ یہ صرف انہیں پروگراموں تک محدود نہیں ہیں ۔ عدالت والدین کے لیئے بچوں کی پرورش کے پروگرام ، کونسلنگ ، یا کسی تلقین و نصیحت کے پروگرام میں ، جو بھی مناسب ہو ، شرکت کا حکم دے سکتی ہے یا طالب علم یا اس کے والدین یا دونوں پر ایسی شرائط اور پابندیاں عائد کر سکتی ہے جو عدالت کی نظر میں طالب علم یا اس کے والدین کی نگرانی ، دیکھ بھال اور بحالی کے لیے ضروری ہوں ۔ اس کے علاوہ، عدالت والدین کو ایک دیوانی جرمانہ ادا کرنے کا حکم دے سکتی ہے جس کی رقم 500 ڈالر سے زیادہ نہیں ہوگی ۔

H. اس سیکشن کے تحت جو دیوانی جرمانے مقرر کیے گئے ہیں وہ جووینائل اینڈ ڈومیسٹک ریلیشنز کورٹ (نابالغوں اور گھریلو تعلقات کی عدالت) میں لاگو ہوں گے جس میں طالب علم کا اسکول واقع ہے اور ایک ایسے فنڈ میں رکھے جائیں گے جس کا انتظام مقامی انتظامیہ کرے گی اور ان رقوم کو طلباء کے طرز عمل کو بہتر بنانے کے ایسے پروگراموں یا ان کے علاج کے لیے خرچ کرے گی جن کی وضاحت ذیلی دفعہ G 2 میں کی گئی ہے ۔ اس سیکشن کے تحت لگائے جانے والے دیوانی جرمانوں کی رقم کی عدم ادائیگی پر، متعلقہ کاؤنٹی ، سٹی یا ٹاؤن کا اٹارنی ایسے دیوانی جرمانوں کی وصولی پر عمل درآمد کرائے گا ۔

I. اس سیکشن میں نابالغوں اور گھریلو تعلقات کی عدالت کے بارے میں دیئے گئے تمام حوالہ جات کا اطلاق ان ماتحت عدالتوں پر بھی متصور ہو گا جو ایسی عدالت کے مفاد میں کام کرتی ہیں ۔

**کوڈ آف ورجینیا § 22.1-254 کا تازہ ترین نسخہ اسکول میں لازمی حاضری**

دولت مشترکہ میں ہر ایسے والدین ، سرپرست یا کسی دوسرے شخص پر جس پر کسی ایسے بچے کی ذمہ داری ہوتی ہے، جس کی پانچویں سالگرہ کسی تعلیمی سال کی ، 30 ستمبر کو یا اس سے پہلے ہو چکی ہوتی ہے ، اور جس کی اٹھارویں سالگرہ نہیں ہوئی اس پر لازم ہے کہ وہ اُس عرصے کے دوران ، جب پبلک اسکولز کھلے ہوئے ہوتے ہیں اور پبلک اسکولز جتنے دنوں اور فی دن اتنے ہی گھنٹوں کے لیئے ، ایسے بچے کو کسی پبلک اسکولز یا کسی نجی ، یا فرقہ وارانہ کلیسائی اسکول میں بھیجے یا کسی استاد جس کے پاس بورڈ آف ایجوکیشن کے ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی منظور شدہ اسناد ہوں ، اس سے تعلیم دلوائے یا ایسے بچے کو گھر پر اس طرح تعلیم دے جس کی وضاحت سیکشن 1.‏254- 22.1§ میں کی گئی ہے - ورجینیا کے لازمی تعلیمی حاضری کے قانون کی مزید تفصیلات کے لیے کوڈ آف ورجینیا کا سیکشن 254- 22.1 ملاحظہ فرمائیے۔

**کوڈ آف ورجینیا § 22.1-279.4 کا تازہ ترین نسخہ بطور بالغ نوعمروں پر مقدمہ چلانے سے متعلق معلومات**

کوڈ آف ورجینیا کے سیکشن § 22.1-279.4 کے تحت، نابالغوں پر بطور بالغ مقدمہ چلانے کے لیئے، کچھ جرائم کے ارتکاب پر، FCPS طلباء کو، ورجینیا اٹارنی جنرل کی طرف سے تیار کردہ معلومات فراہم کرتے ہیں اور یہ معلومات اس ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں /http://www.doe.virginia.gov/administrators/superintendents_memos/2012/057-12a.pdf

# ضمیمہ D:

## ریگولیشن 2601.37P

ریگولیشن 2601 کی یہ نقل اس اشاعت کے لیئے خصوصی طور پر ترتیب دی گئی ہے - اس ریگولیشن کا تازہ ترین سرکاری نسخہ FCPS کی ویبب سائٹ پر  دستیاب ہے ، جس میں وہ تبدیلیاں بھی شامل ہیں جو چھپائی کے دوران کی گئی ہیں -

**www.fcps.edu/srr**

**خصوصی خدمات**

**طالب علم کے حقوق اور ذمہ داریاں**

**طالب علم کے حقوق اور ذمہ داریوں کا کتابچہ**

اس ریگولیشن نے ریگولیشن 2601.36P کی جگہ لی ہے

## I. تعارف

فیئرفیکس کاؤنٹی اسکول بورڈ اس عمل کو یقینی بنانے کے لیئے، کوشاں ہے کہ فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز(FCPS) کے ہر اسکول میں ایک ایسی ذمہ دار، ہمدرد اور ہمہ گیر ثقافت کو فروغ ملے، جہاں ہر کوئی خود کو اہم سمجھے اور انہیں بھرپور تعاون اور مدد حاصل ہو اور جہاں ہر بچے کو اسکول اور زندگی میں بھرپور رسائی حاصل ہونے کے ساتھ ساتھ کامیاب ہونے میں بھی مدد میسر ہو۔ اس تصور کو عملی جامہ پہنانے کیلئے، والدین / سرپرست کے ساتھ تعاون انتہائی اہم ہے۔

FCPS میں رائج تادیبی اقدامات میں مثبت اور سماج دوست طرزعمل پر توجہ دی جاتی ہے ۔ عمر کی - مناسبت کے لحاظ سے ہدایات اور بحالی کے طریقوں کے ذریعے، ایک درجاتی نظام طرزعمل کے مسائل کو حل کرنے کے لیئے، استعمال کیا جاتا ہے۔ FCPS ہر بچے کی انفرادی ضروریات کو مدِنظر رکھتا ہے اور ان ضروریات کو پورا کرنے کے حوالے سے اسکے گھر والوں کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے ۔ FCPS میں کوئی بھی طالب علم ، عمر، نسل، رنگ، جنس، جنسی رحجان، صنفی شناخت، مذہب ، قومیت، ازدواجی حیثیت یا معذوری کی بنیاد پر کسی بھی تعلیمی پروگرام یا سرگرمی میں شرکت کرنے سے خارج ، مراعات کے حصول سے انکار اور امتیازی سلوک کا نشانہ نہیں بنے گا ۔ طالبعلموں کو ایک ایسے ماحول کی امید کرنی چاہیئے جو انہیں پڑھنے کیلئے جسمانی اور جذباتی طور پر محفوظ جگہ فراہم کرے ۔ FCPS طلبہ وطالبات کی شناخت اور آوازوں کی حمایت کرتا ہے، مثبت آراء کو فروغ اور طعن وتشنیع ، نفرت انگیز تقریر اورہر قسم کے امتیازی سلوک (مثلاً قابلیت پرستی، نسل پرستی، جنسیت، عقیدہ پر مبنی امتیاز) کی حوصلہ شکنی کرتا ہے ۔

اس ریگولیشن میں اسکول کے اندر ایک محفوظ ، غیرجانبدارانہ اور معاون ماحول کو فروغ دینے اور تعمیر کرنے کیلئے، طلباء کی طرف سے متوقع طرزعمل، والدین یا سرپرست کی شمولیت اور بالغ افراد کے کردار کے بارے میں وضاحت کی گئی ہے۔

## II. نصب العین

طلباء اوروالدین یا سرپرست کے استعمال کے لیئے، ایک کتابچہ تیارکرنا جس میں طلباء کے اُن حقوق اور ذمہ داریوں کی تفصیل بیان کی گئی ہے جو کوڈ آف ورجینیا اور فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز بورڈ کی پالیسی اور ریگولیشنز کے مطابق ہیں ۔

## III. طلباء اور والدین / سرپرستوں کے لیئے، قابل ذکر تبدیلیاں

- اعتماد وبھروسہ کا بیان شامل کیا گیا ہے
- غیر حاضری کی پرانی عادت کے متعلق بیان شامل کیا گیا ہے
- طالبعلم کے لباس کے قواعد کے متعلق معلومات شامل کی گئی ہیں
- امتیازی خوف وہراساں کئے جانے کی وضاحت کی گئی ہے

## IV. آخری اشاعت کے بعد کی گئی تبدیلیوں کا خلاصہ

A. سیکشنI. تعارف ۔، "طرزعمل کےواقعات" کو "مثبت ، سماج دوست طرزعمل" سے؛ "رونما ہونے" کو "طرزعمل کے چیلنجز"؛ "جذباتی"؛ "اعانت" کو "عزم کا ارادہ کرنے" سے تبدیل کردیا گیا ہے ؛ "طالبعلم کی ترقی" شامل کردیا گیا ہے ؛ "کے ذریعہ" شامل کردیا گیا ہے ؛ "کے استعمال" کو حذف کردیا گیا ہے ؛ "مذمت کرنے" کو "مذمت" سے تبدیل کردیا گیا ہے ۔

B. سیکشن .III، طلباء اور والدین یا سرپرست کے لیئے، تازہ ترین قابل ذکر تبدیلیاں ۔

C. سیکشن .V، اعتماد وبھروسہ کا بیان شامل کردیا گیا ہے ۔

D. باب اول ۔، چارٹ ۔، "شکایت" کو "تشویش کا اظہار" سے تبدیل کردیا گیا ہے ، اور محفوظ اسکول کمیونٹیز کیلئے نکتہ شامل کردیا گیا ہے ۔

E. باب اول ۔، .A.1، تمام طالبعلموں کیلئے منصفانہ سلوک کے متعلق بیان شامل کیا گیا ہے ۔

F. باب اول ۔، .A.2.b، "جنسی کے متعلق شکایات" کو حذف کرکے "جنس کی بنیاد" سے تبدیل کردیا گیا ہے؛ "صنفی بنیاد" کو "جنسی بنیاد" سے تبدیل کردیا گیا ہے ۔

G. باب اول ۔، .H، "شکایت" کو "تشویش کا اظہار" سے تبدیل کردیا گیا ہے ؛ "دی" کو "اس" سے تبدیل اور"شکایت کرنا" کو حذف کردیا گیا ہے۔

H. باب اول۔، .H.1، "شکایت" کو "تشویش" میں تبدیل کردیا گیا ۔

I. باب اول۔، .H.2، "شکایت" کو "تشویش" میں تبدیل کردیا گیا ۔

J. باب اول۔، .H.3، امتیازی سلوک اور خوف وہراساں کی اطلاع دینے کے متعلق معلومات شامل کردی گئی ہیں ۔

K. باب اول۔، .I.2، اسکول سے دیرینہ غیرحاضریوں کے متعلق معلومات شامل کردی گئی ہیں ۔

L. باب اول۔، .I.4، اگر طالبعلم بیمار ہے تو والدین کو اسکول سے رابطہ کرنا چاہیئے ، شامل کردیا گیا ہے ۔

M. باب اول۔، .K، وضاحت کیلئے دوبارہ تحریر کیا گیا ہے ۔

N. باب اول۔، .N، سیل فون کے استعمال سے وابستہ توقعات سے متعلق متن شامل کیا گیا ہے۔

O. باب اول۔، N.1.2. اور 3. ، سیل فون کے لوازمات یا اسیسیریز کے متعلق زبان شامل کی گئی ہے ۔

P. باب اول۔، .P، راہ گیروں کی ذمہ داریوں کے متعلق زبان شامل کی گئی ہے ۔

Q. باب دوم ۔، کیٹیگری B، ۔ SBAR Code BSO4. کو VDOE سے فارغ کردیا گیا ہے ۔

R. باب دوم ۔، کیٹیگری B، ۔ B.SBAR Codes BSO15 اور BSO16 شامل کردیئے گئے ہیں ۔

S. باب دوم ۔، کیٹیگری C، ۔ .footnote 6، "تشکیل دے سکتے تھے" کو "کے معیارتک لانے" سے تبدیل کردیا گیا ہے ۔

T. باب دوم۔، .کیٹیگری .D.SBAR Code BSC8a-d، امتیازی خوف وہراساں کی تعریف تبدیل کردی گئی ہے ۔

U. باب دوم۔ کیٹیگری D ۔، SBAR Code BSC8f اورg یہ وضاحت کرنے کیلئے زبان شامل کردی گئی ہے کہ کب ٹائٹل IX دفترسے رابطہ کیجیئے ۔

V. باب دوم، کیٹیگری D ۔، .SBAR Code BSC27، "اس میں واٹرگن اور ٹوائے گنز شامل نہیں ہیں ۔" شامل کردیا گیا ہے۔

W. باب دوم، کیٹیگری E ۔، .SBAR Code BESO2، درجاتی ردعمل تبدیل کردیئے گئے ہیں ۔

X. باب دوم، کیٹیگری E ۔، .SBAR Code BESO5a، لیول 3 میں فٹ نوٹ 7 شامل کردیا گیا ہے ۔

Y. باب دوم، کیٹیگری E ۔، .SBAR Code BESO5d، لیول 2 حذف کیا گیا ہے لیول 3 میں X شامل کیا گیا ہے۔

Z. باب دوم، کیٹیگری E ۔، .SBAR Code BESO6، لیول 2 حذف کردیا گیا ہے ۔

AA. باب دوم، کیٹیگری E ۔، .SBAR Code BESO7a، لیول 4 میں ® شامل کردیا گیا ہے ۔

BB. باب دوم، کیٹیگری E ۔، .SBAR Code BESO7c، لیول 2 حذف کردیا گیا ہے X کو X[7] سے تبدیل کردیا گیا ہے ۔

CC. باب دوم، کیٹیگری E ۔، .SBAR Code BESO5d، لیول 2 حذف کردیا گیا ہے لیول 3 میں X[8] شامل کردیا گیا ہے ۔

DD. باب دوم، کیٹیگری E ۔، SBAR Code BESO11، لیولز 2-4 حذف کیئے گئے ہیں لیول 5 شامل کیا گیا ہے۔

EE. باب دوم، کیٹیگری E ۔، SBAR Code BESO12، "تحریری دھمکیاں شامل نہیں" شامل کردیا گیا ہے ۔

FF. باب دوم، کیٹیگری E ۔، SBAR Code BESO14 شامل کردیا گیا ہے ۔

GG. باب دوم، کیٹیگری E ۔، SBAR Code BESO14a شامل کردیا گیا ہے ۔

HH. باب دوم، کیٹیگری E ۔، SBAR Code BESO18 پر نظرثانی کردی گئی ہے ۔

II. باب دوم، کیٹیگری F ۔، SBAR Code PD15 پر نظرثانی کردی گئی ہے ۔

JJ. باب دوم، کیٹیگری F ۔، SBAR Code PD16c میں "THC oil" شامل کردیا گیا ہے ۔

KK. باب دوم ۔، .A، خطرہ کے جائزہ کی شرائط اور طریقہ ہائے کار کی معلومات شامل کی گئی ہیں ۔

LL. باب دوم ۔، A.1.(5).فٹ نوٹ 12. ، "یا اسسٹنٹ پرنسپل کو SIS Discipline Referral System کے تحت اس ہی دن اطلاع دینی چاہیئے، جب عملے کے رکن کو الزام کا پتہ چلا ہو" شامل کیا گیا ہے ۔

MM. باب دوم ۔، .A.1.a.(4) ، کو باب دوم میں .A.1.c پر منتقل کیا گیا ہے اور وضاحت کیلئےدوبارہ لکھا گیا ہے ۔

NN. باب دوم ۔، .A.2.a.(3)، نفرت انگیز گفتگو خلاف ورزی اور نتائج کے متعلق معلومات شامل کی گئی ہیں ۔

OO. باب دوم ۔، .A.2.b.(2)، فٹ نوٹ 14، پرنسپل صاحبان یا نامزد کردہ اہلکار کیلئے لازم قرار دیا گیا ہے کہ والدین / سرپرست کو الزام کا پتہ چلنے کے 24 گھنٹوں کے اندر اندر غنڈہ گردی یا مبینہ غنڈہ گردی کے واقعہ سے آگاہ کریں ، شامل کیا گیا ہے ۔

PP. باب دوم ۔، .A.3.a.(1)، اصلاحی پروگرام میں شرکت میں ناکامی سے متعلق فقرہ حذف کردیا گیا ہے اور یہ شامل کیا گیا ہے کہ طالبعلم منشیات کے ناجائزاستعمال کے حوالے سے تعلیم حاصل کریں گے اور والدین کی رضامندی سے ایک جائزے میں شرکت کریں گے اور مختلف نوعیت کی اعانت حاصل کریں گے ۔

QQ. باب دوم ،. .A.3.b.(1) ، یہ زبان شامل کی گئی ہے کہ پرنسپل کو خلاف ورزیوں پر سزائیں نافذ کرنے کا اختیار دیا گیا ہے ۔

RR. باب دوم ،. .A.3.b.(1).(a) ، "شراب اور دیگر منشیات" شامل کیا گیا ہے اور چرس یا دم کش استعمال کرنے یا رکھنے کا خمیازہ بھگتنے اور پروگرام میں شرکت کیلئے والدین کی رضامندی کی شرط اور "اضافی" شامل کیا گیا ہے ۔ یہ شامل کیا گیا ہے کہ طالبعلم منشیات کے ناجائز استعمال کے حوالے سے تعلیم حاصل کریں گے اور والدین کی رضامندی سے مختلف نوعیت کی اعانت جاننے کیلئے جائزہ میں حصہ لیں گے ۔

SS. باب دوم ،. .A.3.b.(1).(b)، "کے استعمال سے متعلق" کو حذف کردیا گیا ہے اور "یا استعمال" کو شامل کیا گیا ہے ۔

TT. باب دوم ،. .A.3.b.(2).(a)، پہلی خلاف ورزی کیلئے "مڈل اسکول" شامل کیا گیا ہے ۔

UU. باب دوم ۔ ، .A.3.b.(2).(b)، "مڈل اسکول،" "کیلنڈر،" اور ""یہ گزشتہ جرم کی وجہ سے سرگرمی کی معطلی کے علاوہ ہے ۔" شامل کیا گیا ہے ۔

VV. باب دوم ،. .A.3.b.(3) ، "ایک دن اسکول- والی معطلی کے ساتھ" شامل کیا گیا ہے ۔

WW. باب دوم ،. .A.3.b.(4)، الکوحل، بھنگ، دم کش منشیات، اور نان الکوحلک بیئر کی فروخت اور تقسیم کے نتائج کی وضاحت کی گئی ہے ۔

XX. باب دوم ،. .A.3.d.(3)، غیرمجاز نسخہ جاتی ادویات رکھنے اور استعمال کرنے کے نتائج کے متعلق زبان شامل کی گئی ہے ۔

YY. باب دوم ،. .A.3.e.(1).(a).i، منشیات یا منضبط مواد کے زیراثر اسکول آنے یا اسکول کے زیراہتمام سرگرمیوں میں شرکت کرنے والے طالبعلموں کے نتائج کی وضاحت کی گئی ہے ۔

ZZ. باب دوم ،. .A.3.e.(1).(a).ii، "مڈل اور" شامل کیا گیا ہے۔

AAA. باب دوم ،.A.3.e.(1).(a).iii ، "مڈل اسکول،" "کیلنڈر،" اور ""یہ گزشتہ جرم کی وجہ سے سرگرمی کی معطلی کے علاوہ ہے ۔" شامل کیا گیا ہے ۔

BBB. باب دوم ،. .A.3.e.(3)، "ایک دن اسکول- والی معطلی کے ساتھ" شامل کیا گیا ہے ۔

CCC. باب دوم ،.D.4، وضاحت کیلئے دوبارہ تحریر کیا گیا ہے ۔

DDD. باب دوم ،. .D.6.g، انتظامی جائزہ اور تنازعہ کے حل کے طریقوں کی وضاحت کی گئی ہے ۔

EEE. فرہنگ ،. administrative review, Functional Behavioral Assessment, Hearings Office, Manifestation Determination Review, threat assessment, vaping کی تعریفیں شامل کی گئی ہیں ۔

FFF. فرہنگ ،. bullying, discriminatory harassment, اور short-term suspension کی تعریفوں کو اپ ڈیٹ کیا گیا ہے ۔

**V. اعتماد وبھروسہ کا بیان**

طالب علموں کے حقوق اور ذمہ داریوں کا کتابچہ (SR&R) اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ تمام طالبعلم اسکول کے ایک ایسے مثبت اور ہمہ گیر ماحول میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر کامیابی حاصل کرسکتے ہیں جو تحفظ ، اپنائیت و یگانگت اور عملے اور طلباء وطالبات کے مابین معاون تعلقات کو فروغ دیتا ہو ۔ طالبعلم اس وقت زیادہ مثبت رویے کا

اظہار کرسکتے ہیں جب وہ محسوس کریں کہ عملے کے ارکان ان کا خیال رکھتے ہیں اور انہیں پڑھنے اور ترقی کرنے میں مدد کریں گے ۔

نظم وضبط کی اصطلاح کا مصدر "پڑھانا" ہے ۔ موثر نظم وضبط طالبعلموں کو صحت مند شناخت کی تعمیر ، جذبات پر قابو پانے اور ذاتی و اجتماعی مقاصد کے حصول ، دوسروں کے لیئے، احساس اور ہمدردی ظاہر کرنے ، معاون تعلقات قائم کرنے اور برقرار رکھنے اور خیال رکھنے اور ذمہ دارانہ فیصلے کرنے میں مدد دیتا ہے ۔ جب طرزعمل میں بہتری کی ضرورت ہوتی ہے ، بحالی کے طریقے حکمت عملیاں اور اصلاحات فراہم کرکے طالبعلموں کو خود کو درست کرنے ، مسئلہ حل کرنے ، نقصان کی تلافی وازالہ کرنے اور خود کو زیادہ ڈھالنے اور سماج دوست رویے سیکھنے کے قابل بناتے ہیں ۔

اخلاقی اقدار

SR&R مندرجہ ذیل اقدار کی جانب رہنمائی کرتا ہے :

A. FCPS ایسے ماحول کو فروغ دینے کا عزم کرتا ہے جہاں طالبعلم خود کو محفوظ سمجھیں ، ڈرو خوف ، عداوت ، نفرت انگیز گفتگو، پسماندگی ، منشیات ، ہتھیاروں اور ہر قسم کے تشدد سے آزاد ومحفوظ تصور کریں ۔

B. عملہ ، منتظمین اور والدین و سرپرست کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ مطلوبہ طرزعمل کا عملی نمونہ بن کر طالبعلموں کو خیال رکھنے والا شہری بننے میں مدد دیں ۔

C. طالبعلموں پر نظم وضبط ان طریقوں سے لاگو ہونا چاہیئے جو قابل احترام اور اصلاحی رویے پر مبنی ہوں ۔ عملے ، طالبعلم اور والدین و سرپرست کے درمیان تعلقات کے متعلق توقع کی جاتی ہے کہ اس میں ہر شخص کی عزت نفس کا تحفظ کیا جائے گا اور تعاون کی روح کو یقینی بنایا جائے گا ۔

D. طالبعلموں پر نظم وضبط ان طریقوں سے لاگو ہونا چاہیئے جو منصفانہ ہوں اور منفرد موقع محل کی مناسبت سے ہوں ۔

E. طالبعلموں پر نظم وضبط ان طریقوں سے لاگو ہونا چاہیئے جو قابل نفاذ ، قابل عمل اور موثر ہوں ۔

F. طالبعلم کے برے طرزعمل کو ٹھیک کرنے کیلئے ایسی اصلاحات کے ذریعہ ہرممکن معقول کوشش کی جانی چاہیئے جو بحالی پر مبنی ہوں اور اس بات کے امکان کو کم کرے کہ برے رویہ کا اعادہ ہو ۔

## VI. طریقۂ کار اور تقسیم

محکمہ برائے خصوصی خدمات کی طرف سے، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کے جائزے کے لیئے، ایک کتابچہ تیار کیا جائے گا جس میں اساتذہ، طلباء اور والدین یا سرپرستوں کے لیئے، فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) کے طلباء کے قانونی حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں معلومات شامل ہوں گی ۔ اس کتابچے میں طلباء پر لاگو ہونے والے ضابطۂ اخلاق اور انضباطی طریقہ کار کی بھی وضاحت کی جائے گی ۔

محکمہ برائے خصوصی خدمات کی طرف سے اس کتابچے پر ہر سال نظر ثانی کی جائے گی اور ضرورت پڑنے پر، اس میں کی جانے والی ترامیم شائع کی جائیں گی ۔ والدین / سرپرست کو طالب علم کے حقوق اور ذمہ داریوں سے آگاہ کیا جاتا ہے : خط / وڈیو پریزینٹیشن کے ذریعہ سالانہ فیملی گائیڈ ۔ اسکول والدین کی جانب سے الیکٹرانک یا ہارڈ کاپی پر دستخط کے ذریعے، آن لائن رسائی کے حصول کی نگرانی کرتے ہیں ، جس میں ریگولیشن کے مکمل متن سمیت فیملی گائیڈ کا جائزہ لینا شامل ہوتا ہے ۔ وہ والدین یا سرپرست ، جن کے بچے فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) میں داخل ہیں ، اپنے بچے کے اسکول کے مرکزی دفتر سے کسی بھی وقت ایک پرنٹڈ کاپی کی درخواست کر سکتے ہیں ۔ ہر نئے طالبعلم اورگھرانہ کو، جو تعلیمی سال شروع ہونے کے بعد FCPS میں داخل ہوتا ہے، رجسٹریشن کے وقت آن لائن دستاویز Regulation 2602.P, Rules of Conduct and Disciplinary Procedures تک رسائی کے متعلق آگاہ کیا جائے گا ، اوریہ صرف قانونی کارروائی کیلئے استعمال ہوگا ۔

## VII. اسٹیک ہولڈر سے واقفیت

A. تمام پرنسپل طالب علم کے حقوق و ذمہ داریوں کے ضوابط (SR&R) میں تبدیلیاں کرنے کے سلسلے میں، سالانہ پیشہ ورانہ ترقی حاصل کرتے ہیں تا کہ رویے کے واقعات اور ان پر کارروائی کے حوالے سے منظر ناموں کو فعال اور متعامل طور سے شامل کیا جا سکے ۔

1. اسکول میں متعین منتظمین: پرنسپل صاحبان، اسسٹنٹ پرنسپل حضرات اورمحکمہ برائے خصوصی خدمات (DSS) کے ڈائریکٹرز برائے اسٹوڈنٹ سروسزکیلئے کم ازکم نیم سالانہ تربیت کا اہتمام تاکہ SR&R میں تبدیلیوں کا جائزہ لے سکیں، ڈویژن بھر میں یکساں انداز میں انضباطی کارروائیوں پر عمل پیرا ہوں اور نظم وضبط کے اعدادوشمار کے جائزے اور تجزیوں پر ضرورت کے مطابق نظرثانی کر سکیں ۔

2. اسکول میں متعین منتظمین: اسکول کی سطح کے اہلکاروں کیلئے پرنسپل صاحبان یا ان کے نامزد کردہ افراد کے ذریعہ کم ازکم نیم سالانہ تربیت کااہتمام تاکہ SR&R میں تبدیلیوں کا جائزہ لے سکیں اوراسکول کے نظم وضبط کے حوالہ سے کیس مسئلہ کی جڑ پر ردعمل میں معاونت کرسکیں ۔ تمام پرنسپل خواتین وحضرات کیلئے لازم ہے کہ [1] وہ اسکول کھلنے سے پہلے ، اپنے تدریسی عملے کے ساتھ مل کر، طالب علم کے حقوق و ذمہ داریوں کے کتابچے کا جائزہ لیں اور کسی بھی طرح کی تبدیلیوں پر خصوصی توجہ دیں ۔

3. طلباء: (سال کے اوائل اور درمیان میں اسکول کی سطح کے اہلکاروں کے ذریعہ طلبہ وطالبات) کی کم ازکم نیم سالانہ اسباق کا اہتمام تاکہ SR&R کے کتابچہ کا جائزہ لیں اور نظم وضبط کے اعدادوشمار کے جائزے اور تجزیئے پر مبنی طالبعلموں کے اسباق مہیا کرسکیں ۔ پرنسپل ایسے طریقہ کار وضع کریں گے جن کے ذریعے ہر طالب علم کو ریگولیشن سے آگاہ ہونے کا یقینی موقع ملے گا ۔ اس میں معذوری کے حامل طلباء اور سیکھنے کی منفرد ضروریات کے حامل طالبعلموں کیلئے مناسب طور پر ڈھالے گئے اسباق بھی شامل ہیں ۔ مکمل کئے گئے SR&R اسباق کے متعلق آفس آف ایکویٹی اینڈ سٹوڈنٹ کنڈکٹ کو مطلع کیا جائے گا ۔

4. ٹرانسپورٹیشن عملہ اور کوچ خواتین وحضرات: ٹرانسپورٹیشن اور کوچنگ کے عملے کیلئے کم ازکم نیم سالانہ تربیت کا اہتمام تاکہ SR&R میں تبدیلیوں کا جائزہ لے سکیں اور تشویش کی صورت میں مثبت ردعمل کےذریعہ اعانت کرسکیں ۔

5. خاندان: گھرانوں کیلئے وقتاً فوقتاً asynchronous ورکشاپس کرائیں تاکہ وہ تحریری پالیسی اور متعلقہ فیملی گائیڈ کی اعانت میں SR&R کا جائزہ لے سکیں اوراس امر کویقینی بنایا جاسکے کہ گھرانوں کوSR&R میں دی گئی معلومات تک مختلف صورتوں (سمعی وبصری) میں رسائی حاصل ہو۔ DSS سےدوطرفہ تعلیم کے اضافی مواقع سال میں کم ازکم دوبار فراہم کئے جائیں گے۔

گھرانے ڈیجیٹل سٹیزن شپ اوردیگر طالب علم کی حفاظت اور فلاح وبہبود موضوعات کے بارے میں وسائل دیئے گئے لنکس پر کلک کرکے تلاش کرسکتے ہیں ۔

## VIII. گرمیوں کے پروگرام

سمر اسکول کی حاضری پر مکمل طور سے SR&R کے کتابچے کا اطلاق نہیں ہوتا ۔ درج ذیل بیان کردہ نوٹس، معلوماتی نشستوں کے دوران ، سمر اسکول کے تمام طلباء کو فراہم کیا جائے گا:

سمر اسکول کے ہر طالب علم سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ ریگولیشن ریگولیشن P.2601 کے تازہ ترین نسخے میں بیان کردہ طالب علم کے ضابطہ اخلاق کے اصولوں پر، عمل کرے گا ۔

---

[1] اس کتابچے میں اسکول سسٹم کے عہدے داروں کے جو عہدے دیے گئے ہیں، ان میں تمام حالات میں، ان عہدے داروں کے نامزد کیے ہوئے افراد ، اور اسکول سسٹم کی تنظیم نو کی صورت میں، ان کے معاون افراد بھی شامل ہوں گے ۔

اسکول کے پرنسپل کسی بھی ایسی صورت میں، جس کا تعلق ممنوعہ طرزعمل سے ہو، طالب علم پر مختصر مدت والی معطلی نافذ کر سکتے ہیں اور/ یا ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیج سکتے ہیں ۔

جہاں تک کسی ایسی خلاف ورزی کا تعلق ہے، جس کی انضباطی کارروائی میں ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنا شامل ہو تو ریگولیشن 2601 کے حالیہ نسخے میں متعین کردہ دفعات اور طریقہ کار نافذ العمل ہوں گے۔ کوئی بھی ایسا طالب علم جسے سمر اسکول سیشن کے دوران، کسی خلاف ورزی کی بناء پر خارج، تبادلہ یا معطل کر دیا گیا ہو، اسے اسکول کے باقاعدہ تعلیمی دنوں کے دوران بھی خارج، تبدیل یا معطل کیا جا سکتا ہے۔

سمر اسکول کے دوران SR&R کی بقیہ تمام خلاف ورزیوں کے بارے میں ، طالب علم سے اسکول میں ایک میٹنگ کے بعد ، سمر اسکول کی انتظامیہ کی صوابدید کے مطابق کارروائی کی جائے گی ۔ کسی طالب علم کو سمر اسکول سے معطل کیئے جانے کے فیصلے پر پرنسپل کی طرف سے نظر ثانی کی جا سکتی ہے، بشرطیکہ والدین یا سرپرست معطلی کے فیصلے کے دو دن کے اندر اندر اپیل کر دیں ۔ پرنسپل اس معاملے کا بلا تاخیر جائزہ لیں گے اور درخواست وصول ہونے کے بعد، ایک تعلیمی دن کے اندر اپنا فیصلہ جاری کر دیں گے، اگر عملی طور پر ممکن ہو۔ اس قسم کا جائزہ لیتے وقت پرنسپل اپنی صوابدید پر، ایک سماعت منعقد کر سکتے ہیں یا تحریری ریکارڈ کے جائزے کی بنیاد پر اپنا فیصلہ جاری کر سکتے ہیں۔ اگر والدین یا سرپرست پرنسپل کے فیصلے سے مطمئن نہیں ہوتے تو وہ پرنسپل کے فیصلے کی تاریخ کے بعد چار تعلیمی دنوں کے اندر اندر، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کے سامنے تحریری اپیل پیش کر سکتے ہیں ۔ سماعتی افسر اگر چاہیں تو اپیل کی سماعت کے لیئے تاریخ مقرر کر سکتے ہیں یا پھر تحریری ریکارڈ کے جائزے کی بنیاد پر اپیل کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ سماعتی افسر کا فیصلہ ہر صورت میں حتمی ہو گا۔ اگر تادیبی کارروائی سے متعلق فیصلہ ہونے یا مکمل ہونے سے پہلے سمر اسکول کا سیشن ختم ہو جاتا ہے تو اسکول حکام اسکول کے اگلے باقاعدہ سیشن کے دوران ، صورت حال کے مطابق، اسی نوعیت کی کارروائی کے لیئے اقدامات کرسکتے ہیں یا ان کو نافذ کر سکتے ہیں ۔

قانونی حوالہ: کوڈ آف ورجینیا ، سیکشن 22.1-279.3

## باب اول

## طلباء کے حقوق اور ذمہ داریاں

| FCPS کے طلباء کیلئے درج ذیل حقوق اور ذمہ داریاں ہیں جن کی مندرجہ ذیل مختلف سیکشنز میں مزید صراحت کی گئی ہے: | |
|---|---|
| حقوق: | ذمہ داری برائے: |
| • یکساں مواقع | • حاضری |
| • عمر کی مناسبت سے نوٹس لینا | • وفاداری کا عہد اور ایک منٹ کی خاموشی |
| • اظہار اور حد بندیاں | • لباس کے قواعد |
| • محفوظ ڈیجیٹل ماحول | • ڈیجیٹل سٹیزن شپ اور سائبر سیکورٹی |
| • لٹریچر کی تقسیم | • لٹریچر کا اشتراک |
| • بالغ طلباء اور ان کے والد یا والدہ یا سرپرست | • ذاتی تلاشی، ضبطی |
| • اسکول کے ریکارڈ | • ذاتی ملکیت کے آلات |
| • خدشات پر آواز اٹھانا | • سیل فونز |
| | • اسکول کی محفوظ کمیونٹیوں کی اعانت |

**A.** مساوی مواقع کا حق

1. FCPS تمام پس منظر اور تجربات کے حامل طالبعلموں سے منصفانہ سلوک کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے ۔ FCPS ہر قسم کی نفرتوں کی واضح طور پر مذمت کرتا ہے اور اس امر کو یقینی بنانے کا عزم کرتا ہے کہ تمام طالبعلم خوف وڈر ، مخاصمت اور/ یا پسماندگی سے محفوظ اورآزاد ہوں ۔ FCPS میں کوئی بھی طالب علم ، عمر، نسل، رنگ ، جنس ، جنسی رحجان ، صنفی شناخت ، مذہب ، قومیت ، ازدواجی حیثیت یا معذوری کی بنیاد پر کسی بھی تعلیمی پروگرام یا سرگرمی میں شرکت کرنے سے خارج ، مراعات کے حصول سے انکار اور امتیازی سلوک کا نشانہ نہیں بنے گا ۔

اس کے علاوہ وفاقی اورورجینیا کے قانون ٹائٹل IX اور FCPS پالیسیوں کے مطابق، تمام طلباء کو درج ذیل حقوق حاصل ہیں:

1. ایسے اسکول اور کلاس روم کے ماحول کا حق جہاں تمام طالبعلموں کی شناخت کی توثیق کی گئی ہو اور جو ہمدرد، خیال رکھنے والا اور شمولیت والا ہو۔
2. باتھ رومز اور لاکر رومز کی سہولیات اور دیگر غیر-بدنام سہولیات تک رسائی کا حق حاصل ہے، جو طالب علم کی اپنی صنفی شناخت ، عقیدے اور ریگولیشن 2603 میں دی گئی کسی اوربنیاد کے مطابق ہیں؛
3. صنفی شناخت اور/ یا جنسی رجحان کو ظاہر نہ کرنے کا حق؛
4. انتخاب کردہ نام اور اسم ضمیر سے پکارے جانے کا حق
5. طلباء کی اندرونی طور پر تیار کردہ اور مشترکہ اسکول کی فہرستوں کا حق (مثلاً آنر رول ، گریجویشن پروگرام ، سالانہ کتابیں ، اسکول کے اخبارات) جو طلباء کو ان کے منتخب کردہ ناموں اور جنس سے شناخت کرتے ہیں ۔
6. اسکول اور اسکول ڈویژن کی تمام سہولیات اور سرگرمیوں تک محفوظ اور مساوی رسائی کو یقینی بنانے کے لیئے، معاونت حاصل کرنے کا حق ۔

7. اس بات کا حق کہ ذاتی شناخت کی معلومات یا شہریت یا ترکِ وطن کی حیثیت کو غیر اجازت شدہ شیئرنگ سے محفوظ رکھا جائے ۔

8. تعلیمی ماحول ، درسی مواد اور غیر نصابی سرگرمیوں تک مساوی رسائی کا حق ۔

2. طالبعلم یا والدین یا سرپرست کو FCPS کےمساوی مواقع فراہم کرنے کی ذمہ داری کے حوالہ سے FCPS کے عمل پیرا ہونے کے متعلق درج ذیل ذمہ دار دفاتر سے کسی قسم کی تشویش کا اظہار، شکایات ، سوالات کرسکتے ہیں اگراسکول کی سطح پر کام کرنیوالے منتظم نے اس تشویش، شکایت یا سوال کا ازالہ نہ کیا ہو یا والدہ/ سرپرست کو اسکول کی سطح پر کام کرنے والے متنظم کے حوالہ سے بدستور تشویش یا شکایت ہو یا کوئی سوال ہو۔ ان تمام دفاتر سے فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کی معرفت خط و کتابت کی جا سکتی ہے۔

a. سہولتوں تک رسائی حاصل کرنے سے متعلق، مسائل Office of Design and Construction Services کے ڈائریکٹر کو (571-423-2280) پر پیش کیئے جاسکتے ہیں، ان کا دفتر 8115 Gatehouse Road, Falls Church, Virginia 22042 پر واقع ہے۔

b. جنس پر مبنی ہراساں کئے جانے یا جنسی بنیاد پر امتیازی سلوک سے متعلق مسائل Title IX titleixcoordinator@fcps.edu, (571-423-3070) پر پیش کئے جاسکتے ہیں ، جو 8115 Gatehouse Road, Falls Church, Virginia 22042 پر واقع ہیں ۔

c. معذوریوں والے طالب علموں کے پروگراموں اور سرگرمیوں کے بارے میں امور کوآرڈینیٹربرائے Due Process and Eligibility کو پیش کیے جائیں ۔ ان کا فون نمبر 571-423-4470 اور آفس کا پتہ 8270 Willow Oaks Corporate Drive, Fairfax, Virginia 22031 ہے۔

d. جنسی توسیع (Gender Expansive) اور مخنث (Transgender) طلباء کی معاونت سے متعلق، مسائل طالب علم یا والدین یا سرپرست کی طرف سے ریجنل اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کے سامنے پیش کیئے جا سکتے ہیں ۔ رابطے کی معلومات FCPS کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں ۔

e. دیگر خدشات سے متعلق معاملات ریجنل اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کو پیش کئے جاسکتے ہیں ۔ رابطے کی معلومات FCPS کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں ۔

**B.** عمر کی مناسبت سے نوٹس لینے کا حق

تمام طلباء عملے سے مواصلات کی توقع کرسکتے ہیں ، جو عمر اور ترقیاتی سطح دونوں کے حوالے سے ان کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں ۔ اس دستاویز میں انضباطی زبان طلباء کی عمر سے مطابقت رکھتے ہوئے تیار کردہ اسباق اور ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے شیئر کی جاتی ہے ۔ طلباء کے نظم و ضبط کا ذمہ دار عملہ تعلیمی ، منصفانہ عمل کے ساتھ ساتھ ، خیال رکھنے والی ثقافت کے نصب العین پر توجہ مرکوز رکھتے ہوئے ، طالب علم کے ساتھ بات چیت اور باہمی عمل کا موقع بھی فراہم کرے گا ۔

**C.** اظہار رائے کا حق اور اس کی حدود

طالب علم آزادی اظہار کے حق کو تقریر، اجتماع ، پٹیشن اور دوسرے قانونی طریقوں کے ذریعے قانون ، پالیسی اور قواعد و ضوابط میں تبدیلی کے لیے رائے عامہ ہموار کرنے کے حق میں استعمال کر سکتے ہیں ۔ تاہم اس حق کا استعمال ایسے کیا جائےکہ دوسروں کے حقوق میں دخل اندازی نہ ہو، اور نہ ہی طالب علمی سے متعلق ایسا زبانی ،تحریری رائے یا تصویری طریقہ اظہار رائے استعمال کیا جانا چاہیے جن کا شمار مندرجہ ذیل کیٹیگریز میں ہوتا ہے:

1. ایسا مواد، جس کے بارے میں پرنسپل کے پاس یہ پیش گوئی کرنے کی معقول وجہ موجود ہے کہ اس سے اسکول کی سرگرمیوں میں کافی خلل پڑ سکتا ہے یا جس سے طلباء کی صحت یا سلامتی کو کوئی خطرہ درپیش ہو سکتا ہے۔ اس قسم کے مواد کی مکمل وضاحت اور وہ طریقہ ٔکار، جو پرنسپل کو خلل اندازی کی پیشگوئی کرنے کے لیئے، استعمال کرنا چاہیئے ، ریگولیشن 2612 ، طلباء کی طرف سے اظہار رائے کی آزادی کے قواعد و ضوابط اور طریقہ کار، کے تازہ ترین نسخے میں موجود ہے ۔

2. ایسا مواد، جو جھوٹ پر مبنی یا اہانت آمیز ہوتا ہے —ایسے بیانات جو صحیح نہیں یا ایسے بیانات جو جھوٹے ہوتے ہیں اور کسی شخص کی ساکھ کو خراب اور اسے نقصان پہنچاتے ہیں؛ اس کے لیئے ذاتی طور پر باعثِ ذلت ہیں، ذہنی کرب اور تکلیف پہنچاتے ہیں ؛ یا کسی اور طرح کی اذیت پہنچاتے ہیں ۔ ہتک عزت اور اہانت آمیز مواد کی ایک زیادہ مفصل تعریف اور ایسے مواد سے نمٹنے سے متعلق اضافی رہنما اصول ریگولیشن 2612 کے تازہ نسخے میں موجود ہیں ۔

3. ایسا مواد جو کسی مجرمانہ فعل پر آمادہ کرنے کی کوشش کرتا ہے، یا جو ریاستہائے متحدہ امریکہ، کامن ویلتھ آف ورجینیا کے قانونِ فوجداری کے تحت یا کاؤنٹی آف فیئر فیکس کی رو سے مجرمانہ فعل کی تعریف میں آتا ہے ۔

4. ایسا مواد جوفحش ہے، جیسا کہ کوڈ آف ورجینیا (1950) کے ترمیم شدہ سیکشن 18.2-372 میں تعریف کی گئی ہے، یا ایسا مواد جو"نابالغوں کے لیے نقصادن دہ'" ہے جس کی وضاحت سیکشن 18.2-390 میں کی گئی ہے یا جس سے کوڈ آف ورجینیا (1950) کے ترمیم شدہ سیکشن 18.2-391 کی خلاف ورزی ہوتی ہے ۔ درخواست کرنے پر، کوڈ آف ورجینیا کی ان دفعات کی حالیہ ترین نقول ایکوئٹی اینڈ اسٹوڈنٹ کنڈکٹ آفس سے حاصل کی جا سکتی ہیں ۔

**D.** محفوظ ، ڈیجیٹل ماحول کا حق

طلباء کو محفوظ ، قابل بھروسہ ، قابل رسائی اور مثبت جسمانی اور آن لائن ماحول میں، تعلیم حاصل کرنے کا حق ہے ۔ SR&R کے ضمیمہ A کے تحت ، ان حقوق میں درج ذیل شامل ہیں: یہ حق کہ آن لائن تعلیمی ماحول میں عزت واحترام سے پیش آیا جائے ۔ بغیر کسی خلل اور سزا کے، آن لائن ماحول میں اپنے عقائد اور آراء کا احترام کے ساتھ اظہار کرنے کا حق ۔ تعلیمی ضروریات کے حوالے سے فراہم کردہ ٹیکنالوجی ، ذرائع اور وسائل تک رسائی ، تعاون اور استعمال کے مواقع حاصل کرنے کا حق ۔ دوسرے طلباء و اساتذہ کے ساتھ بات چیت اور کلاس کے مواد تک رسائی حاصل کرنے کے لیئے ، ٹیکنالوجی کے استعمال کا حق تاکہ انہیں حقیقی اور آن لائن دونوں طرح کے تعلیمی ماحول میں مدد حاصل ہو سکے ۔ طالب علم اس وقت تک یہ حقوق اور مراعات استعمال کرسکتے ہیں جب تک وہ دوسروں کے حقوق یا اسکول کی طرف سے محفوظ تعلیمی ماحول کی فراہمی میں خلل اندازی نہ کریں ۔

**E.** مطبوعہ مواد تقسیم کرنے کا حق

ہائی اسکولوں میں اور مڈل اسکولوں میں اسٹوڈنٹ گورنمنٹ وہ تمام مطبوعہ مواد جو اسکول میں داخل طالب علم اسکول میں تقسیم کرنا اور نمائش کے لیے پیش کرنا چاہتے ہیں، وصول کرنے اوراس کی جانچ میں ضابطوں کو پیش نظر رکھے گی تمام اسکولوں میں مطبوعہ مواد پرنسپل کی منظوری سے مشروط ہے۔ اگر ممکن ہو تو پرنسپل، اسٹوڈنٹ گورنمنٹ سے مشاورت کے ساتھ ، اس سیکشن کی شقوں اور ریگولیشن 2612 کے تازہ نسخے ، پالیسی 1365، مواد کی تقسیم، اور ریگولیشن 1367 ، اشتہارات یا دوسرے معلوماتی مواد کی تقسیم ، فلاحی تنظیموں کی رسائی، اور مقابلوں اور مباحثوں کے قواعد و ضوابط پر عمل درآمد ہونے یا عمل درآمد نہ ہونے کا تعین کریں گے ۔ اگر لٹریچر ان شرائط کو پورا کرتا ہے، تو پرنسپل اور اسٹوڈنٹ گورنمنٹ لٹریچر میں پیش کردہ نقطہ نظر کی بنیاد پر لٹریچر کی تقسیم سے منع نہیں کریں گے۔ پرنسپل اس مواد کی نقول ملنے کے ایک دن کے اندر، اس امر کا تعین کریں گے اور اس لٹریچر کی تقسیم اور نمائش کیلئے ایک مناسب وقت ، جگہ اور طریقے کا تعین کریں گے ، بشرطیکہ اس سیکشن کی شقوں اور ریگولیشن 2612 کے تازہ نسخے کی پابندی کی گئی ہو ۔

کوئی بھی طالب علم، جو پرنسپل کے فیصلے سے اتفاق نہیں کرتا، اس فیصلے کے بارے میں متعلقہ ریجنل اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کو چار دن کے اندر اندر تحریری شکل میں اپیل کر سکتا ہے، جو اپیل ملنے کے دو دن کے اندر اس اپیل پر اپنا فیصلہ دیں گے ۔ اگر کوئی طالب علم ریجنل اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کے فیصلے سے اتفاق نہیں کرتا ، تو وہ تحریری طور پر ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو اپیل کرسکتا ہے ۔ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ اسکول کے دو تعلیمی دنوں کے اندر اپنا فیصلہ دیں گے اور یہ فیصلہ حتمی ہو گا۔ غیر معمولی حالات میں اسکول کے حکام مذکورہ وقت میں توسیع کرسکتے ہیں ۔

ایلیمنٹری کے طلباء اسکول کی عمارتوں کے اندر یا اسکول کی املاک پر اسکول کے اوقات کے دوران ، بشمول بس کی آمد و رفت کے دوران ، اسکول سے غیر متعلقہ مواد کو تقسیم نہیں کر سکتے ۔

**F.** بالغ طلباء اور ان کے والدین / سرپرست کے حقوق

چند مستثنیات کے سوا ، ورجینیا کے قانون کے تحت 18 برس کی عمر کے افراد کو بالغ تصور کیا جاتا ہے ۔ ایسے 18 برس کی عمر کے نوجوانوں کو، جو فیلڈ ٹرپ، پارٹ ٹائم ملازمت، موٹر گاڑیوں کے استعمال اور پولیس کی پوچھ گچھ جیسے معاملات میں اپنے والدین یا سرپرستوں کے بجائے خود یہ اختیار استعمال کرنا چاہتے ہیں، اجازت نامے کے ایک اعلان پر دستخط کرنا ضروری ہیں ۔ ایسے طلباء کو، جو یہ حق استعمال کرنا چاہتے ہیں ، انہیں ریگولیشن 2604 ، بالغ طلباء کے حقوق کے تازہ ورژن میں بیان کردہ طریقہ کار پر عمل کرنا چاہیئے ۔ ایسے طالب علم کے والد یا والدہ کو اس بارے میں ان کے بچے کے فیصلے کی اطلاع دے دی جائے گی ۔

جیسا کہ وفاقی قانون میں کہا گیا ہے ، ٹیکس کے مقصد کے لیے والدین یا سرپرست ایسے طالب علموں کے ریکارڈ دیکھ سکتے ہیں ، جو ان کے زیرِ کفالت ہیں ۔ اس کے علاوہ، جیسا کہ کوڈ آف ورجینیا [2] کے تحت ضروری ہے، اگر کسی طالب علم کو اسکول سے معطل کیا گیا ہے تو اس کے والدین کو خط کے ذریعے مطلع کیا جائے گا ۔ اسکول کا عملہ اسکول میں طالب علم کی کارکردگی اور اسکول سے معطلی کے کسی بھی واقعے کے بارے میں اس کے والدین یا سرپرست سے رابطہ جاری رکھے گا، چاہے طالب علم نے کوئی اعلان فائل کیوں نہ کر دیا ہو ۔ سوائے ایسی صورت کے کہ اس کے خلاف صراحت کی گئی ہو، بالغ طالب علموں پر اسکول کے تمام قواعد و ضوابط کا اطلاق ہوتا ہے ۔

SR&R میں بیان کردہ سماعت اور اپیل کے طریقہ کار کا اطلاق مکمل طور سے ان طلباء پر نہیں ہوتا جن کی عمر ان افراد سے زیادہ ہوچکی ہے جو کوڈ آف ورجینیا کے تحت اسکول جانے والی عمر کے افراد کی تعریف میں آتے ہیں ۔ سوائے ایسی صورت میں کہ ایسے افراد Individuals With Disabilities Education Improvement Act کے تحت خصوصی تعلیمی خدمات کے اہل ہوں ( مجموعی طور پر '' بالغ طالب علم '') ۔ اگرچہ بالغ طلباء سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ SR&R میں درج تمام ضابطوں کی پابندی کریں ، تاہم ان کے لیئے ، سماعت اور اپیل کا طریقہ کار زیادہ محدود ہے اور وہ درج ذیل بیان کیا گیا ہے: اس امر کا تعین کہ کسی بالغ طالب علم نے طرز عمل سے متعلق ایک یا ایک سے زیادہ ضابطوں کی خلاف ورزی کی ہے یا نہیں ، بالغ طالب علم کے خلاف انضباطی کارروائی کی جائے یا نہیں ( اس کارروائی میں اخراج تک تمام اقدامات شامل ہیں) اور دوبارہ داخلے کی اجازت دی جائے یا نہیں، جس کا فیصلہ اسکول کے پرنسپل کی طرف سے کیا جائے گا اور ان کا فیصلہ حتمی قرار دیا جائے گا، سوائے – طویل مدت کی معطلی یا اخراج کے– جس میں بالغ طالب علم چار تعلیمی دنوں کے اندر اندرسماعتی افسر کے سامنے تحریری طور پر اپیل کر سکتا ہے ۔ اگر بالغ طالب علم کی جانب سے اپیل کی جاتی ہے تو سماعتی افسر صرف تحریری ریکارڈ کا جائزہ لے کر بھی اپیل کا فیصلہ کر سکتے ہیں یا اضافی سماعت کا انعقاد بھی کر سکتے ہیں ۔ سماعتی افسر اپنا فیصلہ تحریری طور پر دیں گے ۔ اگر بالغ طالب اسکول بورڈ کو اپیل پیش کرتا ہے ، تو اسکول بورڈ تحریری ریکارڈ کے معائنے کے بعد اپیل پر اپنا فیصلہ دے سکتا ہے ، یا اگر بورڈ چاہے تو ایک اضافی سماعت منعقد کر سکتا ہے ۔

---

[2] کوڈ آف ورجینیا کے مطابق'' 'اسکول جانے والی عمر کے فرد' سے مراد ایسا فرد ہے جو تعلیمی سال کی 30 ستمبر کی تاریخ کو یا اس سے قبل پانچ برس کا ہوچکا ہو اور جسکی عمر تعلیمی سال کی یکم اگست کی تاریخ کو یا اس سے قبل بیس برس نہ ہوئی ہو ۔'' Va. Code §22.1-1.

G. اسکول ریکارڈ کے حقوق

طلباء کو یہ حق حاصل ہے کہ اسکول میں ان کا ریکارڈ مکمل اور درست ہو اور وفاقی حکومت اور ورجینیا کے متعلقہ قوانین کے مطابق رکھا جائے ۔ FCPS میں داخل تمام طلباء وطالبات کا انفرادی ریکارڈ صحیح اور مکمل حالت میں رکھا جائے گا ۔ پالیسی 2701 ، طالب علم کے ذاتی کوائف، ریگولیشن 2701، طالب علم کے ذاتی کوائف اور طالب علم کے تعلیمی ریکارڈ کے انتظام کا کتابچہ ("ریکارڈز مینوئل") کے تازہ ترین نسخوں کے تحت طالب علم کے ریکارڈ کا انتظام کیا جاتا ہے اور اس میں بیان کیا گیا ہے کہ:

1. والدین یا سرپرست کو اپنے زیر کفالت بچے (بچوں) سے متعلق ریکارڈ کا کوئی بھی حصہ یا تمام ریکارڈ دیکھنے کا حق حاصل ہے ۔

2. اٹھارہ برس یا اس سے زیادہ عمر کے طلباء یا ایسے طلباء کو، جو اعلیٰ ثانوی تعلیم کے کسی ادارے میں داخل ہیں، انہیں اپنا ریکارڈ دیکھنے کا حق حاصل ہے ۔

3. اٹھارہ برس سے کم عمر کے طالب علم اپنے والدین یا سرپرست کی تحریری اجازت کے بعد، اپنا ریکارڈ دیکھ سکتے ہیں ۔

4. دوسروں کو یہ معلومات صرف قابل اطلاق وفاقی اور ورجینیا کے قانون کے مطابق احتیاط سے طے شدہ شرائط کے تحت جاری کی جا سکتی ہیں جو سروے، ریکارڈ، نصاب، رازداری اور متعلقہ حقوق اور بے دخلی کے فارم کے حوالے سے FCPS کے تمام خاندانوں کو فراہم کردہ سالانہ نوٹس میں بیان کیا گیا ہے۔

5. ریکارڈ کی نقل بنانے کے لیئے، معمولی سی فیس چارج کی جا سکتی ہے ۔

6. والدین/ سرپرست یا بالغ طالب علم تعلیمی ریکارڈ کے مندرجات کو چیلنج کر سکتے ہیں اور اس کے لئے انہیں Records Manual میں دیئے گئے ضابطوں پر عمل کرنا ہوگا جس میں شکایت کرنے اور سماعت کے طریقہ کار کی تفصیل بیان کی گئی ہے ۔

7. یہ مخصوص معلومات، جو ڈائریکٹری کی معلومات کہلاتی ہیں، وفاقی اور ورجینیا کے قانون کے مطابق، والدین کی اجازت کے بغیر جاری کی جا سکتی ہیں، ماسوائے اس کے کہ والدین یا سرپرست نے افشائے راز نہ کرنے کا حق استعمال کر لیا ہو جو سروے، ریکارڈ، نصاب، رازداری اور متعلقہ حقوق اور بے دخلی کے فارم کے حوالے سے FCPS کے تمام خاندانوں کو فراہم کردہ سالانہ نوٹس میں بیان کیا گیا ہے۔

8. درخواست موصول ہونے پر طالب علم کے تعلیمی ریکارڈ، کسی ایسے اسکول کو بھیجے جا سکتے ہیں جس میں طالب علم داخلہ لینے کا ارادہ رکھتا ہے یا جس میں طالب علم نے داخلے کی درخواست دی ہوئی ہے ۔

پالیسی2701، ریگولیشن2701 کے تازہ ترین نسخے اور ریکارڈ مینوئل ، ہر اسکول کے پرنسپل کے دفتر میں جائزے کے لیئے، دستیاب ہیں ۔

H. خدشات پر آواز اٹھانے کا حق [3]

ایسے طلباء یا والدین/سرپرست ، جن کے خیال میں اسکول انتظامیہ کی طرف سے کیئے گئے یا نہ کیئے گئے اقدامات ان کے بہترین مفاد میں نہیں ہیں، وہ اپنی شکایات تحریری (ترجیحی طریقہ) یا زبانی طورپر،اساتذہ، کونسلرز یا اسکول

---

[3] یہ سیکشن چال چلن کی خلاف ورزی والے ان حالات پر لاگو نہیں ہوتا جو اسکول سے معطلی ، دوبارہ تفویض کردہ کام ، یا اخراج کی سفارشات کا سبب بنتے ہیں ۔ اسکول سے قلیل المدت معطلی کے خلاف ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو اپیل کرنے کے حق کے حوالے سے معلومات حاصل کرنے کے لیئے، اس ریگولیشن کا باب دوم .C.4.d ملاحظہ کیجیئے ۔ اسکول سے طویل المدت معطلی، دوسری جگہ داخلے کے فیصلے یا اخراج کی سفارش کے خلاف اسکول بورڈ سے حق اپیل پر معلومات حاصل کرنے کے لیئے، پالیسی 2611 کا حالیہ نسخہ ، اسکول بورڈ کی سماعتوں اور اپیلوں کے طریقہ ہائےکار ملاحظہ کیجیئے ۔ اس سیکشن میں ٹائٹل IX کے جنسی امتیاز کے خلاف ممانعت کے دائرہ کار میں آنے والے، جنسی ہراسانی کے الزامات کے حالات کی رپورٹیں شامل نہیں۔ جنسی ہراسانی کی رپورٹ سے متعلق معلومات کے لیئے، ریگولیشن2118 ملاحظہ کیجیئے۔

کے منتظمین کے سامنے پیش کر سکتے ہیں جو مذکورہ افراد کی شکایات سننے کے لیئے حاضرہوں گے یا اس کے لیئے، باقاعدہ وقت طے کریں گے ۔

اگر آپ شکایت یہ حق رکھنے کے حوالے کوئی سوال یا تشویش کا اظہار کرنا چاہتے ہیں تو محتسب کے دفتر سے ombudsman@fcps.edu پر رابطہ قائم کیجیئے۔ اگر آپ جنسی ہراسانی کی رپورٹ کا حق رکھنے کے حوالے سے کوئی سوال یا خدشات کا اظہار کرنا چاہتے ہیں تو ٹائٹل IX کے کوآرڈینیٹر سے titleixcoordinator@fcps.edu پر رابطہ کیجیئے ۔

1. پرنسپل کے ساتھ ملاقات

اگر طالب علم یا والدین/ سرپرست اس بات سے مطمئن نہیں ہیں کہ انہوں نے اسکول کے عملے کے کسی رکن کو پہلے جو خدشات بیان کئے تھے، وہ اطمینان بخش طریقے سے حل کیے گئے ہیں تو وہ طالب علم یا والدین یا سرپرست ایک میٹنگ کی درخواست کر سکتے ہیں، جس میں طالب علم ، والدین یا سرپرست اور پرنسپل شامل ہوں گے ۔ پرنسپل اس میٹنگ میں والد یا والدہ کو طلب کر سکتے ہیں اور میٹنگ کے فوراً بعد ، والدین کو تحریری طور پر شکایت کے بارے میں اپنے فیصلے سے مطلع کریں گے ۔ عملے کے تمام رکن ، دیکھے یا رپورٹ کیے گئے کسی بھی ممنوعہ امتیازی سلوک کے الزامات کی اطلاع دیں گے ۔ پرنسپل ٹائٹل IX کے کوآرڈینیٹر کو مبینہ ممنوعہ امتیازی سلوک کی شکایتوں کے بارے میں ، اطلاع دیں گے ۔

2. ریجنل اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کو خدشات پیش کرنا

پرنسپل کا فیصلہ مل جانے کے بعد ، طالب علم یا والدین یا سرپرست کسی خدشات پر پرنسپل کے فیصلے کو نظرثانی کے لیئے، فیصلہ ملنے کے دو تعلیمی دنوں کے اندر اندر، ریجنل اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کو جمع کرا سکتے ہیں ۔ تحریری خدشات میں واضح اورغیر مبہم انداز میں بتایا جائے گا کہ پرنسپل کے فیصلے سے غیر مطمئن ہونے کی کیا وجوہات ہیں اور شکایت کا دائرہ زیرغور معاملے تک محدود رہے گا ۔ تحریری شکایت موصول ہونے پر، متعلقہ ریجنل اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ بلاتاخیر خدشات کا جائزہ لیں گے اور طالب علم کو یا والدین یا سرپرست کو تحریری طور پر اپنے فیصلے سے آگاہ کریں گے ۔ ریجنل اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ اپنی صوابدید پر خدشات کا جائزہ لینے کی کارروائی کے ایک جزو کے طور پر ، پرنسپل اور طالب علم یا والدین یا سرپرست کے ساتھ ایک میٹنگ بھی کر سکتے ہیں ۔

3. ایک Discrimination & Harassment Reporting Tool وضع کیا گیا ہے تاکہ طالبعلموں اور ان کے گھر والے ایسے واقعات رپورٹ کرسکیں جن میں وہ محسوس کرتے ہیں کہ انہیں تعصب اور/ یا امتیازی سلوک کا سامنا کرنا پڑا ۔ یہ آلہ Let's Talk Platform پر موجود ہے اور اس تک بذریعہ (a) طالبعلم کے ڈیسک ٹاپ سے درخواست جمع کراکے ؛ (b) ایف سی پی ایس ویب سائٹ پر لنک ؛ (c) کیوآرکوڈ ، جو ڈویژن بھر میں اسکولوں اور دفاتر میں پوسٹرز پر نمایاں کیا گیا ہے ، رسائی حاصل کی جاسکتی ہے ۔

**I.** حاضری کی ذمہ داری

1. عمومی ضابطے

جیسا کہ کوڈ آف ورجینیا میں بیان کیا گیا ہے، قانون کے تحت 5 سے 18 سال کی عمر کے تمام داخل طلباء کے لیئے، اسکول میں حاضری لازمی ہے۔ طلباء سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ تمام کلاسوں میں حاضر ہوں اور ہر کلاس میں وقت پر پہنچیں ۔ طالب علم دئیے گئے روزانہ کےشیڈول پر عمل کریں گے سوائے اس کے کہ پرنسپل یا ان کے کسی نامزد کردہ نمائندے نے ایسا نہ کرنے کی با ضابطہ اجازت دی ہو ۔ کلاس سے کسی بھی قسم کی غیر حاضری کی صورت میں تمام طالب علم اپنے والدین / سرپرست کی طرف سے اطمینان بخش تحریری وضاحت فراہم کریں گے اور کوئی بھی طالب علم ، جو اسکول کے دن چھٹی لینا چاہتا ہے، اسے والد یا والدہ کی طرف سے تحریری درخواست براہ راست پرنسپل کے پاس پیشگی جمع کرانا ہوگی ۔ پرنسپل صاحبان ، اپنی صوابدید پر، والدین/ سرپرست کی تحریری درخواست کے بجائے ذاتی یا ٹیلی فون پر رابطہ کو قبول کرسکتے ہیں ۔

ریگولیشن 2234 ، طالب علم کی غیرحاضریوں اور حاضریوں کی ریگولیشن کے حالیہ نسخے میں ، اضافی تفصیلات فراہم کی گئی ہیں اور اس بات کی تفصیلات بھی کہ اسکول غیرحاضریوں اور تاخیرسے آنے پر ، کیا اقدامات اٹھاتا ہے ۔

2. غیر حاضری کی پرانی عادت

اسکول میں حاضری بچے کی تعلیمی کامیابی کا ایک اہم جزو ہے۔

غیر حاضری کی پرانی عادت سے مراد کسی بھی وجہ سے تعلیمی سال میں دس فیصد یا زیادہ چھٹیاں کرنا ہے، (سال بھر میں 18 یا زیادہ اسکول کے دنوں میں غیرحاضری)اس میں بیماری یا گھریلو ہنگامی حالات، معطلیاں اور بلا عذر کرنے والی چھٹیاں شامل ہیں ۔ کسی بھی وجہ سے کی جانے والی چھٹی کا اثر تعلیم پر پڑ سکتا ہے اور شدید نوعیت کی غیرحاضری گریڈ کی سطح سے کم مطالعہ کرنے کی صلاحیتوں، کورس میں فیل ہونے اور اسکول چھوڑ دینے کا سبب بنتی ہے۔ اگر کوئی طالب علم بے تحاشا چھٹیاں کرتا ہے تو اسکول کے پرنسپل حاضری کو بہتر کرنے کے حوالے سے ایک پلان مرتب کرنے کے لیئے، والد یا والدہ / سرپرست سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ ورجینیا کا محکمہ تعلیم اب ہر اسکول کی شدید غیرحاضریوں کی شرح کو، اسکول کی منظوری اور اسکول کے معیار کا تعین کرنے کے ایک پیمانے کے طور پر استعمال کرتا ہے ۔

- ایلیمنٹری اسکول میں باقاعدہ حاضری سے اس بات کا امکان بڑھ جاتا ہے کہ بچہ گریڈ لیول کےمطابق مطالعہ کرے گا ۔
- وہ طالبعلم جو سال میں 90 فیصد یا اس سے زیادہ اسکول جاتے ہیں ان کا بروقت ہائی اسکول گریجویٹ ہونے کا امکان بڑھ جاتا ہے ۔
- غیرحاضریاں اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ طالب علم کی اسکول میں دلچسپی کم ہورہی ہے ، اسکول ورک میں مشکل پیش آرہی ہے ، اپنے ساتھیوں کی طرف سے تنازعات کا یا کسی اور طرح کی ممکنہ سنگین مشکل کا سامنا ہے ۔
- ورجینیا کے محکمہ تعلیم کے اسکول کی منظوری کے معیارات میں غیرحاضریوں کی دیرینہ عادت اسکول کے معیار کے اشاریوں میں سے ایک ہے ۔

3. بلا عذر غیر حاضریاں

بلا عذر غیرحاضری ایک ایسی غیرحاضری ہے، جس میں درج ذیل کا ارتکاب کیا جاتا ہے (i) طالب علم اپنے باقاعدہ تعلیمی دن سے چھٹی کرتا ہے اور (ii) غیرحاضری کے تین دنوں کے اندر اسکول کے عملے کو اس بات کی کوئی بھی اطلاع نہیں ملتی کہ طالب علم کے والدین یا سرپرست اس غیرحاضری کے بارے میں کچھ جانتے ہیں اور اس کی حمایت کرتے ہیں، یا (iii) والدین یا سرپرست کی طرف سے غیرحاضری کے لیئے، کوئی ایسا عذر فراہم کیا گیا ہو جو اسکول انتظامیہ کے لیئے قابل قبول نہ ہو۔ اسکول کی انتظامیہ بلا عذر غیر حاضری کو منظورشدہ غیرحاضری میں تبدیل کر سکتی ہے جبکہ اس بات تعین کیا جا چکا ہو کہ والدین کی طرف سے طالب علم کی غیرحاضری کا معیار کے مطابق قابل قبول عذر پیش کردیا گیا ہے یا اس کی وجہ ایسے حالات تھے جنکی شدت کا صحیح اندازہ نہیں لگایا جاسکا ۔ اسکول میں حاضری قانون کے تحت لازمی ہے، جیسا کہ کوڈ آف ورجینیا میں درج ہے۔ غیر حاضریوں اور اسکول دیر سے آنے کے معاملے کو طلباء اور والدین یا سرپرست کیساتھ مل کر انفرادی اصلاحی اقدامات کے ذریعے، نمٹا جائے گا ۔ چھوٹ جانے والی اسائنمنٹس مکمل کرنے کی پوری ذمہ داری طالب علموں کی ہے ۔

4. غیر حاضریوں کے پانچ یا زائد بلا عذر ایام

جب کبھی کسی طالب علم کے ریکارڈ میں ایک تعلیمی سال کے اندر کل پانچ دنوں کی غیر حاضریاں جمع ہو جائیں تو اسکول کی طرف سے والدین / سرپرست سے رابطہ کیا جائے گا اور ایک پلان تیار کیا جائے گا ۔ اگر طالب علم اس ہی تعلیمی سال میں بلا عذر غیرحاضریاں کرنا جاری رکھتا ہے اور اس کے ریکارڈ میں کل دس غیرحاضریاں جمع ہو جاتی ہیں تو ایک کانفرنس طے کی جائے گی اور حاضری افسر یا حاضری کے اصلاحی ماہرین کو اطلاع دی جائے گی ۔

تعلیمی سال کے دوران مزید بلاعذر غیرحاضریاں کرنے کی صورت میں، حاضری افسر جووینائل اینڈ ڈومیسٹک ریلیشنز کورٹ میں شکایت درج کروا سکتے ہیں جس کے بارے میں کوڈ آف ورجینیا کے سیکشن 22.1-258 میں بیان کیا گیا ہے ۔ ریگولیشن 2234 کے تازہ ترین ورژن میں اضافی تفصیلات فراہم کی گئی ہیں ۔

والدین/ سرپرستوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ اگر وہ اپنے بچے کے باقاعدہ اسکول نہ جانےکی وجہ سے پریشان ہیں تو اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں ۔ طبی معاملات کیوجہ سے غیرحاضریوں کیلئے، اسکول کی پبلک ہیلتھ نرس ، اسکول کے عملہ ، اور اساتذہ کے ساتھ بات چیت کا راستہ ہمیشہ کھلا رکھیئے ۔ ہم غیرحاضریوں کے جمع ہونے سے پہلے ، مسئلہ کا حل نکالنے کیلئے، والدین سے اشتراک کرنے کے خواہاں ہیں ۔ اسکول کی حاضری کے بارے میں مزید معلومات کے لیئے براہ مہربانی یہ ویب سائٹ ملاحظہ کیجیئے www.fcps.edu/attendance ۔

**J.** وفاداری کے عہد اور ایک منٹ کی خاموشی کی ذمہ داری

ہر روز وفاداری کا عہد پڑھا جائے گا اور ایک منٹ کی خاموشی اختیارکی جائے گی پرنسپل کی ہدایت پرماسوائے اس صورت میں جب طالبعلم یا والدین / سرپرست کو ایسی مشقوں میں شرکت پر اعتراض ہو۔ عہدِ وفاداری کے پڑھنے یا ایک منٹ کی خاموشی اختیار کرنے میں شرکت کرنے کے فیصلے یا اس سے الگ رہنے کے فیصلے کی بنا پر طالب علموں کو تنقید کا نشانہ نہیں بنایا جائے گا نہ اس بنا پر انہیں رسوا کیا جائے گا ۔ شرکت نہ کرنے والے طالب علموں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ عہدِ وفاداری پڑھنے کے دوران یا ایک منٹ کی خاموشی کے وقفے کے دوران، خاموش بیٹھے رہیں یا خاموش کھڑے رہیں، اور ایسی کوئی بھی حرکت کرنے سے باز رہیں جس سے اس عمل میں خلل پڑتا ہو یا کوئی ہنگامہ ہوتا ہو۔ عہد دفاداری نہ پڑھنے یا ایک منٹ کی خاموشی اختیار کرنے سے انکار کی بنا پر کوئی انضباطی کارروائی نہیں کی جائے گی؛ تا ہم دوسروں کے عہدِ وفاداری پڑھنے کے عمل میں جان بوجھ کر خلل ڈالنے یا ہنگامہ کرنے یا کسی طالب علم کے اس حق کے استعمال میں مداخلت کرنے پر، کہ وہ اپنی مرضی سے مراقبہ ، دعا یا کوئی اور کام خاموشی سے کرنا چاہے، وہی انضباطی اقدامات کیے جا سکتے ہیں جو اسکول میں کلاس روم میں خلل انگیز حرکات کے نتیجے میں کیے جاتے ہیں ۔ طالب علم کے دعا کے حقوق سے متعلق، مزید تفصیلات https://www.fcps.edu/current-employees/employee-resources/equity-and-employee-relations-eer/guidelines-religious پر بیان کی گئی ہیں ۔

**K.** ڈریس کوڈ کی ذمہ داری

FCPS کے طالبعلموں کا ڈریس کوڈ تعلیم تک منصفانہ رسائی کی معاونت کرتا ہے اور اس طرح تحریر شدہ ہے جو نہ رسمی یا دقیانوسی تصور پر زور دیتا اور نہ کسی گروہ کی رنگ ونسل ، قومیت ، ذات پات، مذہب ، جنس ، حمل ، زچگی ، بیماری ، گھریلو آمدن ، جنسی رحجانات ، صنفی شناخت ، صنفی اظہار ، ازدواجی حیثیت ، معذوری ، عمر یا جینیاتی معلومات کی بنیاد پر پسماندگی یا ظلم وستم کو بڑھاتا ہے ۔

تمام طالبعلموں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ FCPS کے ڈریس کوڈ کے مطابق لباس زیب تن کریں گے، جو ریگولیشن 2613 میں بیان کیا گیا ہے ۔ طالبعلم لازمی طور پر شرٹ اور بوٹم پہنیں یا ایک حصے پر مشتمل لباس (مثلاً رومپر ، ڈریس )، قطع نظر صنفی شناخت کے ، جو وہی مقصد پورا کرتا ہو جو شرٹ اور بوٹم اور جوتوں سے پورا ہوتا ہے ۔ جب مناسب ہو ، طالبعلم مخصوص کورسز یا سرگرمیوں کی مناسبت سے لباس پہنیں ۔

ممنوعہ لباس اور لوازمات کی مثالیں ( مثال ہیں ، مکمل اور جامع نہیں ) FCPS کے ڈریس کوڈ کی خلاف ورزی میں شامل ہیں ، قطع نظر طالبعلم کی عمر یا جنس کے: a) شرمگاہ ، چھاتیاں یا کولہے نظر آتے ہوں ، b) انڈرویئر یا زیرجامہ ملبوسات نظر آتے ہوں ، چاہے شفاف ، لمبائی یا مکمل طور پر ڈھنکا ہوا نہ ہونے کی وجہ سے ، c) غیرقانونی، تشدد آمیز یا مخرب الاخلاق رویے کو ظاہر کرتے ہوں یا d) ہتھیاروں ، شراب ، تمباکو ، منشیات ، منشیات کے سازوسامان یا دیگر مسکن آور ادویات (قطع نظر طالبعلم کی عمر ) کو فروغ دیتے ہوں یا غیرقانونی قبضے کو ظاہر کرتے ہوں ؛

FCPS ڈریس کوڈ کی جامع تفصیلات کیلئے ریگولیشن 2613.12 ، دیکھیئے جس میں مندرجہ ذیل اقسام کی معلومات شامل ہیں:

- مطلوبہ لباس
- اختیاری لباس
- ممنوعہ لباس اور لوازمات
- ڈریس کوڈ کا نفاذ اور متعلقہ فریقین کی ذمہ داریاں

مذکورہ بالا شرائط پر عمل نہ کرنے والے طلباء کو کونسلنگ ، مراعات سے محرومی ، کلاس یا سرگرمیوں سے علیحدگی یا انضباطی کارروائی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے ۔

ریگولیشن 2613، طالب علم کے لباس قواعد و ضوابط کے تازہ نسخے میں، مزید تفصیلات فراہم کی گئی ہیں ۔

**L.** ڈیجیٹل سٹیزن شپ اور سلامتی کی ذمہ داری

ڈیجیٹل سٹیزن شپ کی تعلیم تمام طلبہ وطالبات کو فراہم کی جاتی ہے تاکہ ایک محفوظ ماحول برقراررکھا جاسکے ۔

FCPS طلبہ وطالبات سے توقع رکھتا ہے کہ وہ معاشرہ کے ذمہ دار رکن بنیں گے اورہمہ وقت طلباء کے لیئے نیٹ ورک تک رسائی کی قابل قبول پالیسی کے مطابق ڈیجیٹل سٹیزن شپ کا مظاہرہ کریں گے ۔ آلات کےاستعمال کے دوران ، طلباء دوسروں کا احترام کریں گے ، اچھے اخلاق کا مظاہرہ کریں گے ، اسکول کی جانب سے فراہم کردہ آلات یا اپنے ذاتی کمپیوٹر اور نیٹ ورک ڈیوائسز کے استعمال پر ڈیجیٹل سٹیزن شپ اور سلامتی کے رہنما اصولوں پر عمل پیرا ہوں گے ۔ FCPS کی غیرامتیازی پالیسی کے تحت، طلباء کو دوسروں کے حقوق کا خیال رکھنا ہو گا اورتحقیرمذہب یا نفرت آمیز پیغامات اور انٹرنیٹ کے ذریعے کی جانے والی غنڈہ گردی سے باز رہنا ہو گا ۔ طلباء ایسی معلومات نہ ڈالیں، جس سے دوسروں کے نجی معاملات میں مداخلت ہوتی ہو، طلباء کی صحت اور/ یا سلامتی خطرے میں پڑجائے، فحش (جنسی معاملات کی تصویر کشی یا تفصیل سمیت) یا ہتک آمیز ہو، اس سے اسکول کی سرگرمیوں میں خلل پڑتا ہو، دوسروں کے کام کی چوری یا ادبی سرقہ ہوتا ہو یا تجارتی اشتہار ہو ۔ یہ طلبہ وطالبات کی ذمہ داری ہے کہ وہ صرف اپنے اکاؤنٹ یا پاس ورڈ استعمال کریں ۔ کسی دوسرے صارف کو اپنا پاس ورڈ یا اکاؤنٹ تک رسائی مہیا کرنا قواعد کی خلاف ورزی ہے ۔ مخصوص صورت حال کو نظر میں رکھتے ہوئے، SR&R کے مطابق ان معیارات کا پاس نہ رکھنے کی صورت میں خمیازہ بھگتنا پڑ سکتا ہے ۔

FCPS کے نیٹ ورک تک رسائی صرف تعلیمی مقاصد کے لئے ہے ۔ کسی ٹیکنالوجی ، نیٹ ورک یا ایکوئپمنٹ کو نامناسب انداز میں استعمال کی کوشش ، یا تعلیمی ماحول میں خلل اندازی ممنوع ہے اورSR&R میں دی گئی پابندیاں عائد کی جاسکتی ہیں ۔ طلباء کے خلاف انضباطی کارروائی ایسے افعال کی وجہ سے بھی ہو سکتی ہے ، جو اسکول کی املاک سے دور اور اسکول کے اوقات سے باہر کیے گئے ہوں ، اگر ایسا طرز عمل اسکول کے مفاد کے لیئے ، نقصان دہ ہو اور/ یا جس کے نتیجہ میں مجرمانہ الزام یا سزا کی صورت میں نکلے ۔

FCPS کی طرف سے فراہم کردہ آلات اور FCPS کا نیٹ ورک استعمال کرنے والے طلباء کے لیئے، مخصوص حقوق سے متعلق تفصیلی ہدایات ریگولیشن 6410 کے تازہ ترین نسخے میں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں، فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کا نیٹ ورک اور ذرائع کا مناسب استعمال ۔

**M.** مطبوعہ مواد کی تقسیم سے متعلق ذمہ داری

طالب علموں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کا خیال رکھیں کہ ان کے اظہارِ رائے سے تعلیمی پروگرام میں مداخلت نہ ہو۔ طالب علموں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان چیزوں سے باز رہیں: (i) کوئی ایسا بصری نقش یا بیان استعمال کرنا جو

خلافِ دین، فحش، رسوا کن یا ہتک آمیز یا پُر تشدد ہو؛ (ii) خلل اندازی کے حربے استعمال کرنا؛ اور(iii). قانون یا اسکول کے قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کی علمبرداری ، میں، لیکن محض ان تک محدود نہیں_ غیر قانونی مواد کےاستعمال کو فروغ دینے والے مطبوعہ مواد کی تقسیم، کسی شخص کی شہرت کو نقصان پہنچانے کیلئے جھوٹے اورغلط بیانات؛ ذاتی تحقیر کرنا، ذہنی اذیت اور پریشانی ؛ یا دیگر نقصان پہنچانا شامل ہیں ۔

**N.** موبائل یا سیل فونز

مثبت تعلیمی ماحول کے فروغ کیلئے طالبعلموں کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ سیل فونز کے استعمال سے متعلق مختلف توقعات پر پورا اتریں ۔

1. گریڈ K-6 کے طالبعلم (بشمول Poe MS، Holmes MS اورGlasgow MS کے 6th گریڈ کے طلبہ وطالبات): تعلیمی دن کے دوران میں موبائل فون سائلنٹ کرکے اپنے بستے میں رکھیئے ۔ فون کے لوازمات ( مثلاً ائرپوڈز، ائربڈز ، ہیڈ سیٹس اور دیگر آئیٹمز جو فون سے منسلک ہوتے ہیں ) بھی سائلنٹ کرکے دور رکھے جائیں جب فون کا استعمال ممنوع ہو ۔ گھڑیاں جن سے دوہرا کام لیا جاسکتا ہو (مثلاً اسمارٹ واچ ) پہنی جاسکتی ہے؛ تاہم فون کےفیچرز مثلاً ٹیکسٹنگ، انٹرنیٹ، کال وغیرہ بند رکھیں جائیں گے جب فون کا استعمال ممنوع ہو ۔ طلبہ وطالبات کیلئے ریسٹ رومز اور لاکر رومز میں فون ، ٹیبلیٹ اور دیگر موبائل ڈیوائسز کا استعمال ممنوع ہے تاہم طبی ضرورت یا ہنگامی صورتحال میں اجازت ہے ۔ استاد تدریسی سرگرمیوں کیلئے موبائل فون کے استعمال کی اجازت دے سکتے ہیں جہاں وہ مناسب ترین آلات ہوں ۔ تاہم یاد رہے کہ FCPS کے انفرادی آلات بیشتر ضروریات کو پورا کرنے کیلئے کافی ہونے چاہیئں ۔ موبائل فون کیمپس میں اسکول کے اوقات سے پہلے اور بعد میں استعمال کئے جاسکتے ہیں ۔

2. طلباء گریڈ 7-8: تعلیمی دن کے دوران میں موبائل فون سائلنٹ کرکے اپنے بستے میں رکھیئے ۔ فون کے لوازمات ( مثلاً ائرپوڈز، ائربڈز ، ہیڈ سیٹس اور دیگر آئیٹمز جو فون سے منسلک ہوتے ہیں ) بھی سائلنٹ کرکے دور رکھے جائیں جب فون کا استعمال ممنوع ہو ۔ طلبہ وطالبات کیلئے ریسٹ رومز اور لاکر رومز میں فون ، ٹیبلیٹ اور دیگر موبائل ڈیوائسز کا استعمال ممنوع ہے تاہم طبی ضرورت یا ہنگامی صورتحال میں اجازت ہے ۔ انہیں دن کے اوقات میں لاکر، بستہ، پینسل بیگ وغیرہ میں رکھیئے ۔ گھڑیاں جن سے دوہرا کام لیا جاسکتا ہو (مثلاً اسمارٹ واچ ) پہنی جاسکتی ہے؛ تاہم فون کےفیچرز مثلاً ٹیکسٹنگ، انٹرنیٹ، کال وغیرہ بند رکھیں جائیں گے جب فون کا استعمال ممنوع ہو ۔ استاد تدریسی سرگرمیوں کیلئے موبائل فون کے استعمال کی اجازت دے سکتے ہیں جہاں وہ مناسب ترین آلات ہوں ۔ تاہم یاد رہے کہ FCPS کے انفرادی آلات بیشتر ضروریات کو پورا کرنے کیلئے کافی ہونے چاہیئں ۔ موبائل فون کیمپس میں پہلی گھنٹی سے قبل اور آخری گھنٹی کے بعد ہی استعمال کئے جاسکتے ہیں۔ **نوٹ:** سیکنڈری اسکولز ( مثلاً Robinson Secondary, Lake Braddock Secondary, اور Hayfield Secondary) کے پاس یہ صلاحیت ہے کہ وہ سیل فون کے استعمال کی اجازت دے سکتے ہیں کیونکہ ان تینوں اسکولوں میں گریڈ 7-12 کے طالبعلم بیشتر اوقات کلاس کی تبدیلی کیلئے وہی ہال استعمال کرتے ہیں تاہم ان تین اسکولوں کے منفرد اسٹرکچرزمیں سیل فونز کی توقعات کو فعال کیا جاسکتا ہے ۔

3. طلباء گریڈ 9-12: فونز کو پڑھائی کے پیریڈز میں بہرصورت سائلنس اور الگ رکھا جائے گا. فون کے لوازمات ( مثلاً ائرپوڈز، ائربڈز ، ہیڈ سیٹس اور دیگر آئیٹمز جو فون سے منسلک ہوتے ہیں ) بھی سائلنٹ کرکے دور رکھے جائیں جب فون کا استعمال ممنوع ہو ۔ گھڑیاں جن سے دوہرا کام لیا جاسکتا ہو (مثلاً اسمارٹ واچ ) پہنی جاسکتی ہے؛ تاہم فون کےفیچرز مثلاً ٹیکسٹنگ، انٹرنیٹ، کال وغیرہ بند رکھیں جائیں گے جب فون کا استعمال ممنوع ہو ۔ انہیں کلاسز کے دوران میں لاکر، بستہ، پینسل بیگ وغیرہ میں رکھیئے ۔ طلبہ وطالبات کیلئے ریسٹ رومز اور لاکر رومز میں فون ، ٹیبلیٹ اور دیگر موبائل ڈیوائسز کا استعمال ممنوع ہے ، تاہم طبی ضرورت یا ہنگامی صورتحال میں اجازت ہے ۔ استاد تدریسی سرگرمیوں کیلئے موبائل فون کے استعمال کی اجازت دے سکتے ہیں جہاں وہ مناسب ترین آلات ہوں ۔ تاہم یاد رہے کہ FCPS کے انفرادی آلات بیشتر ضروریات کو پورا کرنے کیلئے کافی ہونے چاہیئں ۔ سیل فونز پہلی گھنٹی سے پہلے، آخری گھنٹی کے بعد، پاسنگ پیریڈز اور لنچ کے دوران کیمپس میں استعمال کئے جاسکتے ہیں۔

4. والدین / سرپرست، ملٹی ڈسپلینری ٹیم کے ارکان یا دیگر وہ افراد جو یہ جانتے ہوں کہ کن طالبعلموں کو ذاتی ملکیت کے آلات کی ضرورت ہے، کو گنجائش دی گئی ہے، اپنی متعلقہ ملٹی ڈسپلینری ٹیم کے ذریعہ اجازت لیں گے [ جو کہ 504 Committee, IEP Team, English Language Committee, Multi-Tiered Systems of Support (MTSS) Team ہیں ]۔

**O.** تلاشی اور ضبطی کے حوالے سے ذمہ داری

1. عمومی ضابطے

ڈیسک، لاکرز اور سامان رکھنے کی جگہیں، جو اسکول کی ملکیت ہوتی ہیں اور طلباء کو، استعمال کے لیئے، فراہم کی جاتی ہیں، پرنسپل متواتر یا اچانک کبھی بھی عام معائنہ کر سکتے ہیں اور ڈیسک لاکرز، یا سامان محفوظ کرنے کی جگہوں کو کھول سکتے ہیں اور طلباء کی ذاتی اشیاء سمیت، ان جگہوں پر رکھی ہوئی چیزوں کا معائنہ کر سکتے ہیں۔ والدین / سرپرست کو، ذاتی سامان کے لیئے، کی جانے والی عام تلاش یا انفرادی تلاش کے واقعات سے آگاہ کیا جائے گا۔

2. انفرادی سامان

ڈیسک، لاکرز، سامان رکھنے کی جگہیں، ذاتی چیزیں، الیکٹرانک آلات، اور/ یا گاڑیاں جو اسکول کی املاک میں پارک ہوتی ہیں یا اسکول کے زیرِ اہتمام کسی پروگرام میں موجود ہوتی ہیں، ان کا انفرادی طور پر معائنہ کیا جا سکتا ہے، اگر یہ شبہ کرنے کی معقول وجوہ موجود ہوں کہ ان میں اسکول کے کسی ضابطے کی خلاف ورزی یا کسی غیر قانونی سرگرمی (جیسے غیر قانونی منشیات ، ہتھیار، مسروقہ املاک یا دوسری غیر قانونی چیزیں) کے شواہد موجود ہیں، بشرطیکہ تلاشی کا بنیادی مقصد اسکول میں یا اسکول کے زیرِ اہتمام کسی پروگرام میں نظم و ضبط قائم کرنا ہو، نہ کہ کسی مقدمے میں سزا دلوانا ۔ تلاشی سے پہلے،اگر ممکن ہو، طالب علم کو ڈھونڈنے کی ممکن حد تک کوشش کی جانی چاہیئے ۔ اگر طالب علم موجود ہے تو اسکول کے عہدے دار اسے ان حالات کے بارے میں بتائیں گے، جن کی بنا پر تلاشی لینا اور ان اشیا کو ضبط کرنا ضروری ہے جو تلاشی کے نتیجے میں برآمد ہو سکتی ہیں ۔ اگر طالب علم موجود نہیں ہے تو اسے تلاشی کے بارے میں بعد میں مطلع کیا جائے گا ۔ چوری کی ہوئی چیزیں اور ایسی چیزیں جنہیں قانون کی طرف سے ممنوع قرار دیا گیا ہے، اور جنہیں اسکول بورڈ کی پالیسی کی خلاف ورزی کے لیئے استعمال کیا گیا ہے یا رکھا گیا ہے ضبط کی جا سکتی ہیں ۔ اسکول کے حکام طالب علموں کو کسی بھی ضبط شدہ اشیاء (ممنوعہ اشیاء کے سوا) کی رسید دیں گے اور والدین / سرپرست کو ضبط شدہ چیزوں کے بارے میں مطلع کیا جائے گا ۔

3. انفرادی تلاشی

ایسے طالب علموں کی تلاشی لی جائے گی جن کے بارے میں یہ شبہ ہو کہ ان کے جسم پر کوئی غیر قانونی چیز موجود ہے اور اس مقصد کے لیے میٹل ڈیٹیکٹر استعمال کیا جا سکتا ہے ۔ اس قسم کی ذاتی تلاشیوں میں جیبوں کی تلاشی ، جسم کے اوپر کے حصے پر پہنے ہوئے کپڑے مثلاً جیکٹس، کوٹ، سوئٹر، یا جوتے شامل ہیں اور ایسی چیزیں بھی جیسے پاکٹ بکس اور بیک پیکس ۔ جن طالب علموں کے بارے میں شراب پینے کا شبہ ہو، ان کے سانس کے نمونے کا ٹیسٹ کیا جا سکتا ہے (جیسا کہ ریگولیشن 2601 کے تازہ نسخے میں درج ہے) ، جو مناسب ہو ۔ ایسے طالب علم جو اسکول کے اوقات کے دوران اسکول حکام کی اجازت کے بغیر، اسکول کیمپس کو چھوڑتے ہیں، یا ایسی جگہوں پر جاتے ہیں جہاں جانے کی اجازت نہیں ہے ( ان کی اپنی گاڑیوں سمیت) اور پھر اسکول کی املاک کے کسی حصے میں اسی روز اسکول کے اوقات کے دوران واپس آتے ہیں ، ان کی تلاشی لی جائے گی ، جس کا تعین اسکول انتظامیہ کرے گی ۔

4. وڈیو اور آڈیو کے ذریعے نگرانی

اسکول کی املاک کے ایسے حصوں کی جہاں عام لوگ آتے جاتے ہیں، وڈیو اور آڈیو کے ذریعے نگرانی اور ریکارڈنگ کی جاتی ہے ۔

**P.** اسکول کی محفوظ کمیونٹیوں کی اعانت

تمام طالبعلموں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ صحت مند اور محفوظ اسکول کمیونٹیز کی تشکیل اور فروغ میں اپنا کردار ادا کریں گے ۔ ضرر رساں یا غیر محفوظ طرزعمل کا مشاہدہ کرنیوالے طالبعلموں ـ سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ جتنا جلد ہوسکے عملے سے رابطہ کرکے اپنی تشویش سے آگاہ کریں گے ۔ وہ دوسرے طالبعلموں کے ساتھ مل کر حوصلہ افزائی کرتے ہوئے صورتحال سے نمٹنے کی صحت مندانہ حکمت عملیوں کو بروئے کار لاسکتے ہیں اور کسی قابل بھروسہ بالغ شخص کی مدد حاصل کریں ۔ طالبعلم ایسے طرزعمل میں شریک نہ ہوں جو ضرر رساں یا غیرمحفوظ صورت حال کو مزید بڑھا دے ۔ اس قسم کے رویوں کی مثالوں میں غنڈہ گردی کے طرزعمل پر اُکسانا اور جھگڑے کی وڈیو بنانا شامل ہیں ۔

**باب دوم**

**ایسے افعال جن کے نتیجے میں طلبہ و طالبات کے لیئے، نظم و ضبط ، انضباطی کارروائی اور مداخلت کی جاسکتی ہے**

طالب علم کو نظم و ضبط میں لانے اور والدین / سرپرست ، اساتذہ، اور اسکول انتظامیہ کےدرمیان اشتراک عمل کے مثبت طریقے سے ثابت ہوا ہے کہ یہی بہترین طریقہ ہے جس کے ذریعے طلباء کو متوقع طرزعمل اور ذمہ دار شہری بننے کی تعلیم دی جا سکتی ہے ۔ فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز(FCPS) والدین / سرپرست کے ساتھ مل کر کام کرنے کیلیئے پرعزم ہے اور مثبت طرزعمل کو پڑھانے، نمونہ بنانے اور مضبوط کرنے کیلئے اسکول گیر نظاموں کو بروئے کار لاتا ہے ۔ اسکولوں اور گھرانوں کے درمیان اشتراک سے اسکول میں حفاظت، مؤثر تعلیمی ماحول اور طالب علموں کی سماجی و جذباتی نشوونما کو، فروغ حاصل ہوتا ہے۔ جب طلباء متوقع طرزعمل کا مظاہرہ نہیں کرتے اور ایسے غلط طرزعمل میں مشغول ہو جاتے ہیں جو تعلیمی ماحول میں خلل اندازی یا دوسروں کیلئے غیر محفوظ حالات پیدا کرتا ہے تو کئی قسم کے اصلاحی اقدامات اور سزائیں بروئے کار لائی جاتی ہیں ۔ قانون کے تحت ، اسکول کی املاک پر، بسوں میں اور اسکول کے زیر اہتمام سرگرمیوں کے دوران بعض غلط طرزعمل سختی سے منع ہیں اور انکے وقوع پذیر ہونے کی صورت میں مجوزہ سزائیں بھگتنا پڑ سکتی ہیں ۔ دیگر غلط طرزعمل ، تمام متعلقہ پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے، پرنسپل کی طرف سے مقررہ اصلاحی اقدامات اور/ یا تادیبی کارروائیوں پر منتج ہو سکتے ہیں ۔

طالب علم کے طرزعمل سے متعلق، مناسب کارروائی کا تعین کرنے سے پہلے انتظامیہ بہت سے امور کا خیال رکھتی ہے، ان میں، مگر ان ہی تک محدود نہیں، طالب علم کی عمر، ترقیاتی عوامل اور ماضی میں کی گئی اصلاحات پر اس کے رد عمل شامل ہیں ۔ منتظمین آزادانہ طور پر یا عملے کے ارکان کی مشاورت کے ساتھ ، دیگر عوامل پر غور کر سکتے ہیں تا کہ رویے سے متعلق ، معلومات حاصل کی جا سکیں ۔ انتظامی کارروائیاں اور اصلاحات طالب علم کے طرزعمل کو سمجھنے، مناسب رویے کے حوالے سے اسکول اور کلاس روم کی توقعات پر زور دینے اور ان کی از سر نو تدریس اور مزید مسائل کو روکنے کے لیئے، تشکیل دی جاتی ہیں، جو تعلیمی پیش رفت میں رکاوٹ بن سکتے ہیں، اسکول کے کاموں میں مداخلت کر سکتے ہیں، منفی تعلقات پیدا کر سکتے ہیں یا طلباء یا دوسروں کی صحت ، حفاظت ، اور فلاح و بہبود کو خطرے میں ڈال سکتے ہیں ۔ فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز ہر طالب علم کی انفرادی ضروریات کی اعانت کے لیئے، whole-child approach کے ساتھ ایک متعدد درجاتی نظام (MTSS) استعمال کرتے ہیں ۔ MTSS ایک ایسا لائحہ عمل ہے، جس کے ذریعے ٹیمیں اعداد و شمار کی بنیاد پر فیصلے کرتی ہیں تا کہ کلاس روم میں مختلف ہدایات فراہم کی جاسکیں اور تمام اسکولوں میں تمام طلباء کو تعلیم ، طرزعمل اور سماجی-جذباتی صحت کے حوالے سے ضروری مدد فراہم کی جا سکے ۔

FCPS تمام اسکولوں، تعلیمی پروگراموں اور مختلف آبادیاتی نظاموں میں، تادیبی پالیسی اور قواعد و ضوابط کے طریقوں کے یکساں ، غیرمتعصب اور منصفانہ نفاذ پر کاربند ہے ۔ یکسانیت کو فروغ دینے اور صوابدیدی سزاؤں سے متعلق اہم فیصلوں کی رہنمائی کے لیئے، نیچے دیئے گئے چارٹ کا استعمال کیا گیا ہے ۔ ہر لیول کے لیئے، ممکنہ تادیبی پابندیاں بیان کی گئی ہیں اور ان کے استعمال کے وقت، ان کے ساتھ اس ہی لیول یا اس سے نچلی لیول کی مناسب اصلاحات کا استعمال کیا جانا چاہیئے ۔

طالب علم کے طرز عمل سے متعلق درج ذیل بیان کردہ انتظامی اقدامات ، منتظمین کے لیئے ، رہنمائی کے طور پر فراہم کئے گئے ہیں مگر کسی بھی حالات میں، منتظمین کی صوابدید پر درکار اقدامات اور اصلاحات تعمیر کرنے کی صلاحیت کو محدود نہیں کرتے ، جو ان کی رائے کے مطابق ، پیش کردہ مجموعی حالات کے لحاظ سے مناسب ہیں ۔ طلباء کے طرز عمل کے مختلف معاملات کے حوالے سے، اقدامات اٹھاتے وقت تجویز کردہ لیول مناسب ہو سکتا ہے، FCPS اس بات کو سمجھتے ہیں کہ ایسے حالات بھی پیدا ہو سکتے ہیں جس کے نتیجے میں درج ذیل بیان کردہ جدول سے ہٹ کر بھی انتظامی کارروائیاں اختیار کی جا سکتی ہیں ۔ ان حالات میں درج ذیل شامل ہیں ، مگر ان ہی تک محدود نہیں ، کوئی بھی ایسا واقعہ ، جس میں پرنسپل اس بات کا تعین کریں کہ خراب طرزعمل کی وجہ سے تعلیمی پروگرام میں کافی حد تک اثر پڑا ہے، اسکول کے انتظامی کاموں میں خلل پڑا ہے، دوسروں کی خیر و عافیت خطرے میں پڑ گئی ہے یا پچھلی خلاف ورزیوں کے نتیجے میں اسکول کی سطح پر کیئے گئے، اصلاحی اقدامات کے باوجود یہی حرکت دوبارہ کی گئی ہے ۔

چارٹ میں فراہم کردہ معلومات اور SR&R میں بیان کی گئی وضاحت کے درمیان اختلاف کی صورت میں ، وضاحت پر عمل کیا جائے گا ۔

**طالب علم کے طرز عمل کے حوالے سے، درجاتی کارروائیاں**

X = ریاستی اور مقامی رہنمائی کے ساتھ ہم آہنگ ، جہاں پر درجاتی پابندیاں شروع کی جانی چاہئیں
* = جاری کارروائی کے حصے کے طور پر پرنسپل کی صوابدید پر اس لیول کی پابندی نافذ کی جا سکتی ہے
® = پانچ دنوں تک کی معطلی کی اجازت ہے اگرواقعہ بار باردوہرایا جارہا ہے یا شدت موجود ہے ۔ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھی بھیجا سکتا ہے؛ البتہ، اگر ریفرل بھیجا گیا ہے تو خراب طرز عمل درج ذیل میں سے کسی ایک معیار پر پورا اترنا چاہیئے: 1) تدریسی پروگرام میں کافی حد تک خلل پڑتا ہو، 2) دوسروں کی خیر وعافیت خطرے میں پڑ جائے ، 3) پچھلی خلاف ورزیوں کے نتیجے میں، اسکول کی سطح پر کیئے گئے، اصلاحی اقدامات کے باوجود خراب طرز عمل اختیار کیا گیا ۔

| **SBAR کوڈ[4]** | **زمرہ A: ایسے رویے جو طالب علم یا دوسرے طلباء کی تعلیمی کارکردگی (BAP) میں رکاوٹ ڈالنے کا سبب بنتے ہیں** | **لیول 1** | **لیول 2** | **لیول 3** | **لیول 4** | **لیول 5** |
|---|---|---|---|---|---|---|
| BAP1 | تعلیم کے دوران کلاس روم میں مداخلت (باتیں کرنا ، شور مچانا ، کام پر سے توجہ ہٹانا ، اپنی نشست سے اٹھنا ، توجہ ہٹانے کا سبب بننے والی چیزیں رکھنا) | X | X | * | ® | |
| BAP2 | تعلیم کے دوران کلاس روم کے باہر سے مداخلت (شور مچانا، کلاس میں خلل ڈالنا وغیرہ) | X | X | * | ® | |
| BAP3 | تعلیمی بد دیانتی (نقل کرنا، ادبی سرقہ) | X | X | * | ® | |
| BAP4[5] | کلاس میں بلا عذر دیر سے پہنچنا | X | X | | | |
| BAP5[5] | اسکول میں بلا عذر دیر سے پہنچنا | X | X | | | |

| **SBAR کوڈ** | **زمرہ B: اسکول کے معاملات سے متعلق طرز عمل (BSO)، جو اسکول کی روزمرہ کی کارروائیوں میں خلل ڈالتے ہیں** | **لیول 1** | **لیول 2** | **لیول 3** | **لیول 4** | **لیول 5** |
|---|---|---|---|---|---|---|
| BSO1 | کوئی سرکاری دستاویز یا ریکارڈ تبدیل کرنا | X | X | * | ® | |
| BSO2 | عملے کو غلط معلومات فراہم کرنا ؛ غلط نمائندگی کرنا | X | X | X | ® | |
| BSO3 | عملے کی بات ماننے سے اس انداز میں منع کرنا، جس سے اسکول کے معاملات پر اثر پڑتا ہو | X | X | X | ® | |
| BSO5 | تفویض کردہ تادیبی مقام پر شرکت میں ناکامی (اسکول کے اوقات کے علاوہ رکنا، اسکول میں معطلی، ہفتے والے دن اسکول آنا) | X | X | X | ® | |
| BSO6 | غیر مجاز افراد کو اسکول لے کر آنا یا انہیں اسکول کی عمارت میں گھسنے دینا | X | X | X | ® | |
| BSO7 | ڈریس کوڈ کی خلاف ورزی | X | X | * | | |
| BSO8 | جوا کھیلنا (پیسے یا فائدے کے لیئے، شرطیں لگانا) | X | X | * | ® | |
| BSO9 | ایسی چیزیں پاس رکھنا ، جو اسکول کے لیئے ، نامناسب ہیں مگر دوسروں کو خطرے میں نہ ڈالیں (مثالوں میں کھلونے، مطبوعہ مواد ، الیکٹرانک شامل ہیں) | X | X | * | ® | |
| BSO10 | پاس رکھنا نسخہ جاتی ادویات کے سوا، چوری کی ہوئی چیزیں | X | X | X | ® | |
| BSO11 | اسکول کے الیکٹرانک یا دیگر آلات بغیر منظوری کے استعمال کرنا | X | X | * | ® | |
| BSO12 | ٹیکنالوجی/ انٹرنیٹ کی پالیسی کے قابل قبول استعمال کی خلاف ورزی | X | X | X | ® | |

[4] SBAR کوڈ، ورجینیا کے محکمہ تعلیم کی طرف سے تیار کردہ ، طالب علم کی تادیبی رپورٹ کے کوڈ ہیں ۔
[5] تاخیر سے آنے ، غیر حاضریوں ، یا سیل فون کے استعمال کی خلاف ورزیوں پر خارج کرنے کا طریقہ استعمال نہیں کیا جائے گا ۔

| SBAR کوڈ | زمرہ B: اسکول کے معاملات سے متعلق طرز عمل (BSO)، جو اسکول کی روزمرہ کی کارروائیوں میں خلل ڈالتے ہیں | لیول 1 | لیول 2 | لیول 3 | لیول 4 | لیول 5 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| BSO13 | پورٹیبل مواصلاتی آلات پاس رکھنے یا ان کے استعمال کے حوالے سے ، اسکول بورڈ پالیسی کی خلاف ورزی کرنا | X | X | * | * | |
| [5]BSO13a | سیل فون رکھنے یا استعمال کے حوالہ سے درج بالا کی خلاف ورزی | X | X | | | |
| BSO14 | توڑپھوڑ کرنا، دیواروں پر لکھنا یا اسکول یا کسی ذاتی املاک کو کوئی اور نقصان پہنچانا | X | X | X | * | |
| BSO15 | طالبعلم مختص کردہ کلاس میں نہیں جارہا | X | X | | | |
| BSO16 | طالبعلم کیمپس کی ایک غیراجازت یافتہ جگہ پر موجود ہے ( جو اسکول یا کلاس حاضری / غیرحاضری سے متعلق نہیں ہے | X | X | | | |

| SBAR کوڈ | زمرہ C: تعلقاتی رویے (RB) جو اسکول کمیونٹی کے دو یا اس سے زیادہ ارکان کے درمیان منفی تعلقات کا سبب بنیں (بغیر کسی جسمانی نقصان کے)[6] | لیول 1 | لیول 2 | لیول 3 | لیول 4 | لیول 5 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| RB1 | غنڈہ گردی بغیر کسی جسمانی چوٹ کے | K-6 | X | X | ® | |
| RB2 | سائبر غنڈہ گردی | K-6 | X | X | ® | |
| RB3 | الیکٹرانک چیزوں کے استعمال سمیت نا مناسب یا فحش یا مطبوعہ مواد انٹرنیٹ پر ڈالنا، تقسیم کرنا ، اشتہار لگانا یا دوسروں کو دکھانا | X | X | X | * | |
| RB4 | براہ راست یا الیکٹرانک طریقے سے فحش باتیں، اشارے، تجاویز یا جنسی نوعیت کے دیگر جملے کسنا یا تحریر کرنا | X | X | X | * | |
| RB5 | بغیر کسی جسمانی طاقت کے پیسے یا چیزیں چُرانا | X | X | X | ® | |
| RB6 | کسی دوسرے فرد سے بد اخلاقی اور بدتمیزی سے بات کرنا | X | X | X | ® | |
| RB7 | تنگ کرنا، طعنے دینا، تکرار کرنا، لڑائی کے لیئے اکسانا | X | X | X | ® | |
| RB8 | بے حرمتی والی یا فحش زبان استعمال کرنا یا اشارے کرنا (قسم کھانا، لعنت ملامت کرنا، نفرت آمیز گفتگو، گینگ کے اشارے یا تاثرات) | | | | | |
| RB8a | قسمیں اٹھانا/ لعنت ملامت کرنا | X | X | X | ® | |
| RB8b | نفرت انگیز گفتگو | X | X | X | ® | |
| RB8c | گینگ کے اشارے | X | X | X | ® | |
| RB8d | اشارے | X | X | X | ® | |
| RB9 | حقیقی یا ظاہری نسل، قومیت، تہذیب، رنگ، شہریت اور/ یا مہاجر ہونے کی حیثیت، وزن، جنس، جنسی پہچان، جنسی تاثرات، جنسی رحجان یا معذوری کی بنیاد پر بدنام کرنا | | | | | |
| RB9a | حقیقی یا ظاہری نسل گروہ کی بنیاد پر، بدنام کرنا | K-6 | X | X | ® | |
| RB9b | حقیقی یا ظاہری قومیت ethnicity کی بنیاد پر، بدنام کرنا | K-6 | X | X | ® | |
| RB9c | حقیقی یا ظاہری رنگ کی بنیاد پر، بدنام کرنا | K-6 | X | X | ® | |
| RB9d | حقیقی یا ظاہری قومیت کی بنیاد پر، بدنام کرنا | K-6 | X | X | ® | |
| RB9e | حقیقی یا ظاہری شہریت/ امیگریشن ہونے کی حیثیت کی بنیاد پر، بدنام کرنا | K-6 | X | X | ® | |
| RB9f | حقیقی یا ظاہری وزن کی بنیاد پر، بدنام کرنا | K-6 | X | X | ® | |
| RB9g | حقیقی یا ظاہری جنس یا صنف کی بنیاد پر، بدنام کرنا | K-6 | X | X | ® | |

[6] ان رویوں میں ایسے طرزعمل شامل نہیں، جوجنسی امتیاز پر پابندی کے حوالہ سے ٹائٹل IX کے ـ جنسی ہراسانی کے زمرہ میں آتے ہوں ۔ جنسی ہراسانی کی رپورٹ سے متعلق، معلومات کے لیئے، ریگولیشن 2118 ملاحظہ کیجیئے ۔

| SBAR کوڈ | زمرہ C: تعلقاتی رویے (RB) جو اسکول کمیونٹی کے دو یا اس سے زیادہ ارکان کے درمیان منفی تعلقات کا سبب بنیں (بغیر کسی جسمانی نقصان کے)[6] | لیول 1 | لیول 2 | لیول 3 | لیول 4 | لیول 5 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| RB9h | حقیقی یا ظاہری صنفی شناخت کی بنیاد پر بدنام کرنا (اس میں درج ذیل شامل ہیں مگر ان ہی تک محدود نہیں ، بدنیتی پر مبنیہ غلط جنسی شناختی نام یا بدنیتی پر مبنی غلط جنسی شناخت) | K-6 | X | X | ® | |
| RB9i | حقیقی یا ظاہری جنسی اظہار کی بنیاد پر، بدنام کرنا | K-6 | X | X | ® | |
| RB9j | حقیقی یا ظاہری جنسی رحجان کی بنیاد پر، بدنام کرنا | K-6 | X | X | ® | |
| RB9k | حقیقی یا ظاہری مذہب کی بنیاد پر، بدنام کرنا | K-6 | X | X | ® | |
| RB9l | حقیقی یا ظاہری معذوری کی بنیاد پر، بدنام کرنا | K-6 | X | X | ® | |
| RB10 | عملے کی طرف سے پوچھے گئے سوالوں یا درخواستوں کا جواب دینے میں ناکامی | X | X | X | ® | |
| RB11 | زبردستی یا نامناسب انداز میں جسم چھونا | X | X | X | * | |

| SBAR کوڈ | زمرہ D: حفاظتی معاملات سے متعلق طرزعمل (BSC)، جو اسکول کے طلباء، عملے اور/ یا ملاقاتیوں کے لیئے، غیر محفوظ حالات پیدا کرے | لیول 1 | لیول 2 | لیول 3 | لیول 4 | لیول 5 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| BSC1 | شراب: شراب رکھنا یا استعمال کرنا | | X[7] | X | ® | |
| BSC1a | شراب: نشے کے زیر اثر | | X[7] | X | ® | |
| BSC2 | شراب: دوسرے طلباء میں شراب تقسیم کرنا | | | | X | |
| BSC3 | منشیات: منشیات کا سازوسامان پاس رکھنا | | X | X | ® | |
| BSC4 | منشیات: اسکول بورڈ کی غیرنسخہ جاتی (کاؤنٹر پر دستیاب) ادویات کی پالیسی کی خلاف ورزی (بیانیہ ملاحظہ کیجیئے) | X | X | X | ®/ * | |
| BSC4a | منشیات: اسکول بورڈ کی مصنوعی ادویات کی پالیسی کی خلاف ورزی | | X[8] | | X | |
| BSC5 | تمباکو: تمباکو کی مصنوعات رکھنا | | X | X | ® | |
| BSC5a | تمباکو: تمباکو کی مصنوعات استعمال کرنا | | X | X | ® | |
| BSC5b | تمباکو: تمباکو/ الیکٹرانک سگریٹ کے سامان کی تقسیم | | X | X | ® | |
| BSC5c | تمباکو: منشیات کا سازوسامان پاس رکھنا | | X | X | ® | |
| BSC5d | تمباکو: الیکٹرانک سگریٹ رکھنا | | X | X | ® | |
| BSC5e | تمباکو: الیکٹرانک سگریٹ استعمال کرنا | | X | X | ® | |
| BSC6 | بغیر کسی جسمانی چوٹ کے غنڈہ گردی والا رویہ ، جو اصلاحی کارروائی کے بعد بھی جاری رہے ۔ ایسی غنڈہ گردی جس کی وجہ سے جسمانی چوٹ پہنچے، حملے اور تشدد کے زمرہ میں آتا ہے ۔ | | X | X | X | |
| BSC7 | سائیبر غنڈہ گردی ، جو اصلاحات کے بعد بھی جاری رہے ۔ سائیبر غنڈہ گردی ، جس میں طالب علم اور عملے کی سلامتی کو خطرہ لاحق ہوتا ہے، اس کے لیئے، اعلیٰ درجے کی اصلاحات اور کارروائی کی جانی چاہیئے۔ | | X | X | X | |

[7] پہلی بار شراب، دم کش مواد ، چرس ، یا الکوحل کے بغیر والی بیئر پاس رکھنے، استعمال یا تقسیم کرنے کے لیئے ، درکار کارروائی: اسکول کے اندر دو دن تک کی معطلی؛ شراب اور دیگر منشیات کے اصلاحی پروگرام میں رضاکارانہ شرکت؛ والدین یا سرپرست کا معلوماتی سیشن؛ طالب علم کی سرگرمیوں سے عارضی طور پر 7-14 دنوں کی معزولی ۔ اگر معاملے کی نوعیت کی وجہ سے تعلیمی پروگرام پر کافی حد تک اثر پڑتا ہے یا دوسروں کی خیر و عافیت خطرے میں آجاتی ہے تو طالب علم کو، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کے پاس بھیجا جا سکتا ہے ۔ شراب یا منشیات کی فروخت یا تقسیم (تمباکو مصنوعات کے استثنیٰ کے ساتھ) کا معاملہ لازمی طورپر ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفر کیا جائے گا ۔

[8] تاہم استثنیٰ کا اطلاق ہو سکتا ہے، پہلی بار نسخہ جاتی ادویات یا نقلی ادویات (جو اس طالب علم کو نسخے کے طور پر لکھ کر نہ دی گئی ہوں) اپنے پاس رکھنے یا استعمال کرنے کے حوالے سے، عام طور پر درکار کارروائی: اسکول کے اندر 2 دن کی معطلی؛ شراب اور دیگر منشیات کے اصلاحی سیمینار میں مکمل شرکت؛ والدین کی معلومات کا سیشن؛ طالب علم کی سرگرمیوں سے عارضی طور پر 21 دنوں کی معزولی ۔ اگر معاملے کی نوعیت کی وجہ سے تعلیمی پروگرام پر کافی حد تک اثر پڑتا ہے یا دوسروں کی خیر و عافیت خطرے میں آجاتی ہے تو طالب علم کو، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کے پاس بھیجا جا سکتا ہے ۔

| SBAR کوڈ | زمرہ D: حفاظتی معاملات سے متعلق طرزعمل (BSC)، جو اسکول کے طلباء، عملے اور/ یا ملاقاتیوں کے لیئے، غیر محفوظ حالات پیدا کرے | لیول 1 | لیول 2 | لیول 3 | لیول 4 | لیول 5 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| BSC8 | چھیڑ چھاڑ یا ہراسانی: کسی بھی طالب علم یا طلباء کے گروپ یا عملے کو بار بار تنگ یا حملہ کرنا، جس سے دھمکی آمیز یا مخالفانہ تعلیمی ماحول پیدا ہو (بشمول عمر، ازدواجی اور فوجی حیثیت) | | X | X | X | |
| BSC8 [6]a-d | امتیازی ہراسانی: کسی شخص کو (a) نسل ، رنگ ، قومیت (بشمول شہریت یا قوم کی بنیاد پر بدنیتی سے الگ کرنا) ، (b) مذہب (بشمول بدنیتی سے مذہبی لباس الگ کردینا) ، (c) معذوری ، (d) کسی دوسرے قانونی طورپر تحفظ دیئے گئے زمرہ (بشمول جنسی شناخت یا جنسی رحجان کی بنیاد پرالگ تھلگ کرنا) امتیازی ہراسانی ہے -<br><br>امتیازی ہراسانی کسی فرد کی جانب ناپسندیدہ رویہ ہوتا ہے جو حقیقی یا تاثر پر مبنی عمر ، نسل ، رنگ ، جنس ، جنسی شناخت ، جنسی رحجان ، مذہب ، قومیت ، ازدواجی حیثیت ، معذوری یا کسی دیگر قانونی طور پر محفوظ طبقہ کی بنیاد پر ہوتا ہے - یہ رویہ مناسب حد تک اتنا شدید ہونا چاہیئے کہ یہ معاندانہ تعلیمی ماحول پیدا کردے ، مطلب یہ کہ کسی طالبعلم کو تعلیمی پروگراموں اور سرگرمیوں میں شرکت کرنے یا ان سے مستفید ہونے سے روک دے یا شرکت محدود کردے - امتیازی ہراسانی کا مختلف انداز میں اظہار کیا جاسکتا ہے ، بشمول جسمانی افعال یا زبانی ، غیرزبانی ، الیکٹرانک یا تحریری ابلاغ - امتیازی ہراسانی میں: مختلف ناموں سے پکارنا ، بہتان لگانا جیسے نسلی اور ٹرانس جینڈر شخص کو اس کے پیدائشی نام سے پکارنا جبکہ انہوں نے اپنی جنس کی تبدیلی کے حصے کے طور پر اپنا نام تبدیل کیا ہو ، منفی دقیانوسی تصورات ، لطیفے، تحریری ، پرنٹ کیا ہوا یا واضح مواد جس میں نفرت انگیز، ذلیل و خوار کرنے والی یا گھٹیا تصاویر یا تبصرے بھی شامل ہیں - | | X | X | X | |
| BSC8f | امتیازی ہراسانی (بشمول چھیڑچھاڑ پر مبنی رویہ): صنفی شناخت - (انضباطی کارروائی سے قبل ، ٹائیٹل IX آفس سے مشاورت کرنا - ) | | X | X | X | |
| BSC8g | امتیازی ہراسانی (بشمول چھیڑچھاڑ پر مبنی رویہ): جنسی رحجان (انضباطی کارروائی سے قبل ، ٹائیٹل IX آفس سے مشاورت کرنا - ) | | X | X | X | |
| BSC9 | بس: بس ڈرائیور کی توجہ ہٹانا | K-6 | X | X | ® | |
| BSC10 | بس: بس میں دوسروں کی سلامتی کو خطرے میں ڈالنا | K-6 | X | X | ® | |
| BSC11 | فائر الارم: فائر الارم یا دیگر ہنگامی الارم غلط طریقے سے چلانا | K-6 | X | X | ® | |
| BSC12 | آگ سے متعلق: ایسا کوئی بھی سامان رکھنا جس سے آگ لگنے یا بڑے پیمانے پر دھواں نکلنے کا اندیشہ ہو | X | X | X | ® | |
| BSC13 | ایسا لا پرواہ رویہ اپنانا ، جس سے خود کو یا کسی دوسرے فرد کو چوٹ لگنے کا خطرہ ہو | X | X | X | ® | |
| BSC14 | ایسی لڑائی ، جس کے نتیجے میں چوٹ نہ پہنچے جس کا تعین اسکول انتظامیہ نے کیا ہو | X | X | X | ® | |
| BSC15 | کوئی ایسا ہنگامہ کرنا، جس سے اسکول کے معاملات یا عملے اور/ یا طلباء کی سلامتی میں خلل پڑے | K-6 | X | X | * | |
| BSC16 | کوئی ایسی چیز پھینکنا جس سے خلل پیدا ہونے، چوٹ لگنے یا املاک کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو | X | X | X | ® | |
| BSC17 | کسی بھی طالب علم کو بغیر کسی ظاہری چوٹ کے دھکیلنا ، دھکہ دینا ، ضرب لگانا یا دانت کاٹنا | X | X | X | ® | |
| [6]BSC18 | لوگوں کے سامنے جنسی اعضاء نمایاں کرنا، شہوت انگیز یا غیر مناسب طرزعمل کا اظہار کرنا | K-6 | X | X | ® | |

| SBAR کوڈ | زمرہ D: حفاظتی معاملات سے متعلق طرزعمل (BSC)، جو اسکول کے طلباء، عملے اور/ یا ملاقاتیوں کے لیئے، غیر محفوظ حالات پیدا کرے | لیول 1 | لیول 2 | لیول 3 | لیول 4 | لیول 5 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| [6]BSC19 | جنسی نوعیت کا جسمانی رابطہ – جسم کے اعضاء کو تھپکنا، چٹکی کاٹنا، کپڑے کھینچنا | K-6 | X | X | * | |
| BSC22 | جسمانی طاقت کا استعمال کرتے ہوئے، پیسے یا چیزیں چرانا (اس میں ہتھیار کا استعمال شامل نہیں ) | | K-6 | X | X | |
| BSC24 | بغیر اجازت اسکول کی املاک سے باہر نکلنا | X | X | | | |
| BSC25 | مداخلت بیجا | X | X | X | ® | |
| BSC26 | خطرناک آلات/ مواد پاس رکھنا جو دوسروں کو، نقصان پہنچانے کے لیئے ، استعمال ہو سکتے ہیں | | X | X | ® | |
| BSC27 | ہتھیار: §18.2-308.1 کے تحت بیان کردہ کوئی بھی ہتھیار (آتشی اسلحہ کے علاوہ) اس میں واٹرگن اور ٹوائے گن شامل نہیں ہیں ۔ کھلونوں کیلئے BSO9 استعمال کرنے پر غور کیجیئے ۔ ) | | K-6 | X | * | |
| BSC27a | خنجر، کمانی دار چاقو یا کوئی بھی چھری، جس کے بلیڈ کی لمبائی تین انچ یا اس سے زیادہ ہو، پاس رکھنا | | | | | X |

| SBAR کوڈ | زمرہ E: اپنے یا دوسروں کے لیئے، خطرناک رویے (BESO) ایسے رویوں سے یا تو طالب علم یا اسکول کمیونٹی کے دیگر افراد کی صحت، سلامتی یا خیر و عافیت خطرے میں پڑ جاتی ہے | لیول 1 | لیول 2 | لیول 3 | لیول 4 | لیول 5 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| BESO1 | حملہ: کسی دوسرے فرد کو جسمانی چوٹ پہنچانے کا ارادہ کرنا | K-6 | X | X | X | |
| BESO1a | جتھے کا حملہ: کسی دوسرے فرد کو جسمانی چوٹ پہنچانے کا ارادہ کرنا | K-6 | X | X | X | |
| BESO2 | حملہ اور/ یا زدوکوب کرنا: عملے کے ارکان کے سوا کسی اور فرد کو، جسمانی چوٹ پہنچانا | | K-6 | K-6 | 4-6 | 7-12 |
| BESO2a | حملہ اور زدوکوب کرنا: عملے کے کسی رکن کو، جسمانی چوٹ پہنچانا | | K-6 | K-6 | 4-6 | 7-12 |
| BESO3 | لڑائی جھگڑا: طلباء یا کسی دوسرے فرد کے مابین جسمانی تشدد کا استعمال ، جو اسکول انتظامیہ کے مطابق، معمولی چوٹ کے طور پر، بیان کی جائے | X | X | X | ® | |
| BESO4 | عملے کو، ضرب لگانا: عملے کے رکن کے خلاف طاقت کا استعمال ، جس سے چوٹ نہ آئی ہو | K-6 | X | X | X | |
| BESO5 | ادویات: چرس یا THC oil پاس رکھنا | | X | [7]X | ® | |
| BESO5a | ادویات: شیڈول I اور II کی منشیات رکھنا | | | | | X |
| BESO5b | ادویات: دم کش مواد رکھنا | | [8]X | * | ® | [7]X |
| BESO5c | ادویات: غیرمجاز نسخہ والی ادویات رکھنا | | | X | ® | X |
| BESO5d | ادویات: اپنی نسخہ جاتی ادویات رکھنا (انہیلر یا epi-pen شامل نہیں) | X | X | | | |
| BESO5e | ادویات: دیگر ادویات رکھنا | | | | | X |
| BESO6 | ادویات: ممنوعہ مواد ، غیرقانونی منشیات ،دم کش مواد ، مصنوعی نشہ آور ادویہ ، یا غیر مجاز نسخہ والی ادویات کے زیراثر ہونا | | | X | ® | |

| SBAR کوڈ | زمرہ E: اپنے یا دوسروں کے لیئے، خطرناک رویے (BESO) ایسے رویوں سے یا تو طالب علم یا اسکول کمیونٹی کے دیگر افراد کی صحت، سلامتی یا خیر و عافیت خطرے میں پڑ جاتی ہے | لیول 1 | لیول 2 | لیول 3 | لیول 4 | لیول 5 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| BESO7 | ادویات: ممنوعہ مواد ، غیرقانونی منشیات ، دم کش مواد ، یا مصنوعی نشہ آور ادویہ ، یا غیر مجاز نسخہ والی دوائیں استعمال کرنا ۔ | | | | | |
| BESO7a | ادویات: چرس یا THC تیل استعمال کرنا | | | X | ® | |
| BESO7b | ادویات: کوکین یا شیڈول I کے ممنوعہ مواد کا استعمال (ecstasy, LSD اور مصنوعی بھنگ سمیت) | | | | | X |
| BESO7c | ادویات: دم کش مواد رکھنا | | | [7]X | ® | |
| BESO7d | ادویات: غیرمجاز نسخہ والی ادویات استعمال کرنا | | | [8]X | ® | X[9] |
| BESO7e | ادویات: اپنی نسخہ جاتی ادویات کا استعمال (انہیلر یا epi-pen شامل نہیں) | X | X | | | |
| BESO7f | ادویات: دیگر ادویات کا استعمال | | | | | X |
| BESO9 | آگ: آگ لگانے کی کوشش کرنا، لگانے میں مدد کرنا یا لگانا | | X | X | X | |
| BESO10 | میں بیان کردہ گینگ سے متعلق §18.2-46[10] گینگ- سے متعلق سرگرمیاں: ایسا کوئی بھی طرز عمل اپنانا، جو دھمکی آمیز یا خطرناک ہو | | X | X | X | |
| BESO11 | نوارد کی درگت بنانا §18.2-56 میں بیان کردہ اور § 22.1-279.6 میں نوٹ کردہ کے مطابق | | | | | X |
| BESO12 | عملے کے رکن یا ارکان کو، دھمکی دینا ڈرانا یا تشدد پر اکسانا، زخمی کرنا ، یا نقصان پہنچانا (تحریری دھمکیاں شامل نہیں ) | | K-6 | X | X | |
| BESO13 | دوسرے طالبعلم (طالبعلموں) یا دوسروں کو، دھمکی دینا ، ڈرانا یا تشدد پر اکسانا، زخمی کرنا ، یا نقصان پہنچانا (تحریری دھمکیاں شامل نہیں ) | K-6 | X | X | X | |
| BESO14 | عملے کے کسی رکن کو تحریری طور پر دھمکی دینا ، ڈرانا یا تشدد پر اکسانا ، زخمی کرنا یا ضرر پہنچانا (قانون نافذ کرنیوالے ادارے کو اطلاع کی جائے جب متاثرہ فریق عملہ کا رکن ہو) : قانون نافذ کرنیوالے ادارے کو رپورٹ کرنے کی لازمی شرط میں استثنیٰ ہے اگرطالبعلم، معذوری کا حامل طالبعلم ہے ۔ ) | | K-6 | X | X | |
| BESO14a | کسی دوسرے طالب علم (طلباء) کوتحریری طور پر، دھمکی دینا، ڈرانا ، یا تشدد پر اکسانا، زخمی کرنا یا نقصان پہنچانا | K-6 | X | X | X | |
| BESO15 | کسی ایسی چیز کا استعمال کرتے ہوئے اسکول کے عملے کو دھمکانے، اکسانے یا زخمی کرنے کی کوشش کرنا، جو ہتھیار میں شمار نہیں ہوتا | | | | | X |
| BESO16 | کسی ایسی چیز کا استعمال کرتے ہوئے طالبعلم (طلباء) یا دوسرے فرد (افراد) کو دھمکانے، ڈرانے یا زخمی کرنے کی کوشش کرنا، جو ہتھیار میں شمار نہیں ہوتا | | | | | X |
| BESO17 | بم کی دھمکی- بم بنانے کی دھمکی دینا | | * | X | X | |
| BESO18 | کمیونٹی میں ایک جرم جہاں طالبعلم پر دولتِ مشترکہ کے قوانین کے تحت کی رُو سے اسکول (G)16.1-260§جرم کرنیکا الزام عائد کیا گیا ہو ، لیکن ڈویژن کے سپرنٹنڈنٹ کو بتانا لازم ہو ۔ | | | | | |

[9] دوسری بار یا دوبارہ پاس رکھنے والی ایسی نسخہ جاتی ادویات ، یا مصنوعی ادویات ، جو طالب علم کو لکھ کر نہ دی گئی ہو، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجا جائے گا ۔

[10] گینگ سے متعلقہ سرگرمیوں میں ملوث طالبعلموں کو مزید وسائل کیلئے آفس آف اسٹوڈنٹ سیفٹی اینڈ ویل نیس کی طرف ریفر کرنا چاہیئے۔

| **SBAR کوڈ** | **زمرہF: مسلسل خطرناک (PD) ورجینیا کی Unsafe School Choice Option Policy میں بیان کردہ رویے جو وفاقی قانون Every Student Succeeds Act of 2015 کے تحت مطلوب ہیں** | **لیول 1** | **لیول 2** | **لیول 3** | **لیول 4** | **لیول 5** |
|---|---|---|---|---|---|---|
| PD1 | قتل عام - آتشیں اسلحہ | | | | | X |
| PD2 | قتل عام - دیگر ہتھیار | | | | | X |
| PD5 | بم کا استعمال | | | | | X |
| PD6 | اسلحہ یا آتشیں ہتھیار سے حملہ | | | | | X |
| PD7 | اصل ڈاکہ یا ڈکیتی کی کوشش | | | | | X |
| PD8 | اغواء برائے تاوان / اغواء | | | | | X |
| PD9 | بغیر کسی ہتھیار کے بدنیتی سے زخمی کرنا | | | | | X |
| PD11 | ہینڈ گن کا غیر قانونی قبضہ | | | | | X |
| PD12 | رائفل یا شاٹ گن کا غیر قانونی قبضہ | | | | | X |
| PD13 | دھماکہ خیز مواد پھینکنے والے دیگر کسی بھی ہتھیار کا غیر قانونی قبضہ | | | | | X |
| PD14 | بم کا غیر قانونی قبضہ | | | | | X |
| PD15 | دیگر آتشیں اسلحے کاغیرقانونی قبضہ ؛ آتشیں بم ، دھماکہ خیز مواد یا آلات ، §18.2-85 کے مطابق جعلی دھماکہ خیز آلات ، یا دھماکہ خیز آتش گیر آلات ، جیسا کہ §18.2-433.3 میں بیان کیا گیا ہے ، یا §18.2-87.1 کے مطابق کیمیائی بم | | | | | X |
| PD16 | (چرس) تقسیم کرنے یا بیچنے کی نیت سے ممنوعہ نشہ آور ادویات اور مواد کا غیر قانونی قبضہ | | | | | X |
| PD16a | تقسیم کرنے یا بیچنے کی نیت سے ممنوعہ نشہ آور ادویات اور مواد کا غیر قانونی قبضہ (شیڈول I/II) | | | | | X |
| PD16b | تقسیم کرنے یا بیچنے کی نیت سے ممنوعہ نشہ آور ادویات اور مواد کا غیر قانونی قبضہ (شیڈول III-VI) | | | | | X |
| PD16c | دوسرے طالب علم (طلباء) میں کوئی بھی ممنوعہ مواد یا نسخہ جاتی ادویات یا غیرقانونی ادویات یا مصنوعی کیمیائی مرکبات (دیگر ادویات) تقسیم کرنا (چرس)،(THC oil) | | | | | X |
| PD16d | دوسرے طالب علم (طلباء) میں کوئی بھی ممنوعہ مواد یا نسخہ جاتی ادویات یا غیرقانونی ادویات یا مصنوعی کیمیائی مرکبات تقسیم کرنا (شیڈول I/II) | | | | | X |
| PD16e | دوسرے طالب علم (طلباء) میں کوئی بھی ممنوعہ مواد یا نسخہ جاتی ادویات یا غیرقانونی ادویات یا مصنوعی کیمیائی مرکبات تقسیم کرنا (شیڈول III-VI) | | | | | X |

| SBAR کوڈ | Title IX جنسی ہراسانی<br><br>Title IX پبلک اسکولوں میں جنس کی بنیا د پر امتیاز پر پابندی عائد کرتا ہے۔ وفاقی قانون حکم دیتا ہے کہ کیسے اسکول بعض اقسام کے جرائم ، خاص طورپر جنسی ہراسانی سے ، Title IX کے تحت نمٹیں گے ۔ Title IX جنسی ہراسانی کے جرائم کو فوری طورپر TIX Office ریفر کیا جائے تاکہ انہیں ریگولیشن 2118 کے تحت نمٹایا جائے اور اسکول کی سطح کے منتظمین Title IX جنسی ہراسانی کے جرائم کی نہ تحقیقات کرسکتے اور نہ انضباطی کارروائی کرسکتے ہیں ۔ جنسی امتیاز پر مبنی دیگر رویے SR&R کے ریگولیشن2601 کے تحت نمٹائے جاتے ہیں ۔<br><br>ریگولیشن 2118 ٹائٹل IX پر لاگو ہوتا ہے: طالبعلموں کی طرف سے جنسی ہراسانی، بشمول نظم وضبط ۔ Title IX جنسی ہراسانی کے جرائم پر درج ذیل ممکنہ انضباطی کارروائیاں کی جاسکتی ہیں ، تاہم یہ ان تک محدود نہیں ، ان میں ، معطلی ، مختلف ذمہ داری تفویض کرنا ، خارج کرنا اور اسکول اور اسکول کی مالی معاونت سے چلنے والی سرگرمیوں سے علحیدہ کرنا شامل ہیں ۔ Title IX جنسی ہراسانی کے تحت انضباطی کارروائی صرف سپرنٹنڈنٹ کا افسر سماعت ہی نافذ کرسکتا ہے ۔ | لیول 1 | لیول 2 | لیول 3 | لیول 4 | لیول 5 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| BSC8e | جنسی ہراسانی میں درج ذیل افعال شامل ہیں: ناگوارجنسی پیش قدمی جو فرد مخالف کے جنسی میلان کا لحاظ کیئے بغیر ہوں؛ جنسی عنایات لینے کی گزارشات؛ اور جنسی نوعیت کے دیگر نا مناسب زبانی ، الیکٹرانک یا جسمانی طرز عمل کا تعین کسی مناسب شخص کے ذریعہ کیا جاسکتا ہے کہ وہ اس قدر سخت ، وسیع اور معقول حد تک ناگوار ہو کہ اس سے کسی طالب علم کو FCPS کے تعلیمی پروگرام یا سرگرمی تک مساوی طور پر رسائی سے انکار کیا جاسکتا ہے ۔ | | | | | TIX |
| BSC8h | جنسی ہراسانی: ڈیٹنگ کے دوران تشدد | | | | | TIX |
| BSC8i | جنسی ہراسانی: گھریلو تشدد | | | | | TIX |
| BSC8j | خمیازہ (جنس کی بنیاد پر امتیازی رویے کیخلاف شکایت) | | | | | TIX |
| BSC21 | جنسی ہراسانی: پیچھا کرنا (فرہنگ ملاحظہ کیجیئے) | | | | | TIX |
| PD3 | مجرمانہ حملہ ( عصمت دری، غیرفطری فعل، شہوت سے چھونا ، زنائے محرم ، قانونی عصمت دری) | | | | | TIX |
| PD4 | اقدام عصمت دری اور/ یا غیر فطری فعل | | | | | TIX |
| PD10 | کسی طالب علم پر بدترین جنسی تشدد - TIX | | | | | TIX |

انتظامی کارروائیوں کے درج ذیل درجات سماجی و جذباتی، طرزعمل اور تعلیمی مدد سمیت اسکول کے دیگر عملے کے ذریعے اور طالب علم کے اہل خانہ کے تعاون کے ساتھ فراہم کیئے جاتے ہیں اور ممکنہ پابندیوں کے ساتھ جوڑے جا سکتے ہیں ۔ طالب علم کے طرزعمل کی درج ذیل انتظامی کارروائیاں منتظمین کے لیئے، رہنمائی کے طور پر فراہم کی جاتی ہیں اور ان کا منشا ترقی پذیر درجاتی کارروائی کرنا ہے ، جس میں ممکنہ حد تک کم سے کم اخراج شامل ہو ۔
مداخلت اوراعانت مثالوں کی فہرست ، لیکن جامع نہیں ۔

<table>
<tr><th>لیول</th><th>کارروائیاں:</th></tr>
<tr><td></td><td>لیول 1 کی کارروائیاں طالب علم کو اسکول میں ہی رکھتے ہوئے، خراب طرزعمل کے مزید مسائل سے بچنے کے لیئے، کی جاتی ہیں ۔</td></tr>
<tr><td>1</td><td>اصلاحات اور اعانت:<ul><li>نشست کی تبدیلی</li><li>تحریری بیان بطورمداخلت یا اصلاح کا ایک موقع</li><li>کونسلر/ طالب علم کا اجلاس (اس میں متوقع رویوں کی از سر نو تعلیم شامل ہے)</li><li>رویے کی کارکردگی کا چارٹ: مثبت متبادل رویے کو ماننا اور سراہنا</li><li>ایڈمنسٹریٹر/ طالب علم کا اجلاس</li><li>ایڈمنسٹریٹر/ ٹیچر/ والدین/ سرپرست کا اجلاس</li><li>تحریری غور</li><li>بحالی گروپ یا مسائل کا حل</li><li>اسکول پر مبنی کمیونٹی سروس (تعلقات ٹھیک کرنے کے لئے)</li><li>نقصان کی تلافی</li></ul>پابندیاں:<ul><li>انتظامیہ کی طرف سے طالب علم کا سامان ضبط کر لینا (والدین یا سرپرست کو واپس کر دیا جاتا ہے)</li><li>عارضی طور پر کلاس روم اور پارکنگ کی مراعات واپس لے لینا</li><li>اسکول کے اوقات کے علاوہ رکنا (اسکول سے پہلے، لنچ پر، اسکول کے بعد)</li></ul></td></tr>
<tr><td></td><td>لیول 2 کی کارروائیاں طالب علم کو اسکول میں ہی رکھتے ہوئے، خراب طرزعمل کے مزید مسائل سے بچنے کے لیئے، کی جاتی ہیں ۔ اصلاحات میں اضافہ اور رویے کی شدت کے لحاظ سے طالب علم کو عارضی طور پر کلاس روم سے ہٹا دینا ۔</td></tr>
<tr><td>2</td><td>اصلاحات اور اعانت (لیول 1 کے اختیارات کے علاوہ):<ul><li>طرزعمل کا معاہدہ (طالب علم، والدین یا سرپرست اور اسکول کے حکام کے ساتھ مل کر تشکیل دیا جاتا ہے اور دستخط کروایا جاتا ہے)</li><li>چیک اِن/ چیک آؤٹ</li><li>شیڈول میں تبدیلی</li><li>اسکول کی multi-tiered system of support (MTSS) ٹیم کو ریفرل بھیجنا</li><li>امدادی خدمات سے رجوع (مثال کے طور پر اسکول کے کونسلر، اسکول کے ماہر نفسیات، اسکول کے سماجی کارکن، طرزعمل کی اصلاح کے ٹیچر، ABA کوچ ، دفتر برائے خصوصی تعلیمی ہدایات ، منضبط نشہ آور اشیاء کے غلط استعمال کی روک تھام کے ماہر یا صلاح کار پروگرام)</li><li>خصوصی تعلیمی ضروریات یا 504 کی اہلیت کا تعین کرنے کے حوالے سے مقامی اسکریننگ کمیٹی کو ریفرل بھیجنا</li><li>انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کی ٹیم کو ریفرل بھیجنا</li></ul>پابندیاں (لیول 1 کے اختیارات کے علاوہ):<ul><li>سات تقویمی دنوں تک، طالب علم کی سرگرمیوں سے عارضی معزولی</li><li>ہفتہ یا سنیچر کے دن اسکول میں روکنا</li><li>آدھے دن سے کم وقت کے لیئے کلاس سے معزولی (AIA)</li><li>رویے میں بہتری کی ہدایات اور تعلیمی خدمات کے ساتھ اسکول کے اندر والی معطلی (دو دنوں تک)</li></ul></td></tr>
<tr><td></td><td></td></tr>
</table>

| لیول | کارروائیاں: |
|---|---|
| | **لیول 3 کارروائیوں** میں زیادہ شدید اصلاحات شامل ہیں ۔ شدت کے لحاظ سے، دہرائے جانے والے رویے اور/ یا حفاظتی معاملات کو مدنظر رکھتے ہوئے، لیول 3 پر کی جانے والی کارروائیوں میں طالب علم کو عارضی طور پر اسکول سے ہٹانا شامل ہو سکتا ہے ۔ |
| 3 | **اصلاحات اور اعانت (لیول 1 اور 2 کے آپشنز کے علاوہ):**<br>• بحالی کے انصاف کا اجلاس<br>• امدادی خدمات سے رجوع (مثال کے طور پر اسکول کے کونسلر، اسکول کے ماہر نفسیات ، اسکول کے سماجی کارکن ، طرزعمل کی اصلاح کے ٹیچر، ABA کوچ ، دفتر برائے خصوصی تعلیمی ہدایات ، منضبط نشہ آور اشیاء کے غلط استعمال کی روک تھام کے ماہر یا صلاح کار پروگرام)<br>• عملی طرزعمل کی جانچ (FBA) اور طرز عمل کا اصلاحی پلان (BIP)<br>• بہتر طرزعمل کے امدادی گروپ کو ریفرل بھیجنا<br>• کمیونٹی پر مبنی خدمات کے لیئے ریفرل بھیجنا<br>• دھمکی رویے کی شناخت کے لحاظ سے کی گئی جانچ<br>• متبادل تعلیمی پروگرام ملاحظہ/ اس پر غور کرنے کے حوالے سے والدین یا سرپرست کو دعوت<br>• خصوصی تعلیمی ضروریات یا 504 کی اہلیت کا تعین کرنے کے حوالے سے مقامی اسکریننگ کمیٹی کو ریفرل بھیجنا<br>• انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کی ٹیم کو ریفرل بھیجنا<br><br>**پابندیاں (لیول 1 اور 2 کے آپشنز کے علاوہ):**<br>• 7-14 تقویمی دنوں تک، طالبعلمی سرگرمیوں سے عارضی معزولی<br>• رویے میں بہتری کی ہدایات اور تعلیمی خدمات کے ساتھ اسکول کے اندر والی معطلی (پانچ تعلیمی دنوں تک)<br>• واپس آنے پر بحالی گروپ یا انتظامی کانفرنس طے کرنے کے ساتھ عارضی طور پر اسکول سے باہر والی معطلی (دو تعلیمی دنوں تک)<br>• ضرورت پڑنے پر، قانون نافذ کرنے والے عہدیداروں کی طرف ریفرل بھیجنا |
| | **لیول 4 کی کارروائیوں** میں انفرادی طور پر کی جانے والی اصلاحات اور عام طور پر اسکول کے اندر کی جانے والی تادیبی کارروائیاں شامل ہوتی ہیں ۔ البتہ ، پرنسپل اس قسم کی خلاف ورزیوں کے نتیجے میں ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیج سکتے ہیں ۔ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل کے نتیجے میں حالات کے مطابق، مختلف کارروائیاں کی جا سکتی ہیں اور اخراج کا فیصلہ شاذ و نادر ہی کیا جاتا ہے ۔ |
| 4 | **اصلاحات اور اعانت (لیول 1–3 کے اختیارات کے علاوہ):**<br>• تحریری معاہدے کے ذریعے ازالہ<br>• دھمکی رویے کی شناخت کے لحاظ سے کی گئی جانچ<br>• اگر طالب علم کی معطلی کے ریکارڈ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ طالب علم اسی یا متعلقہ طرزعمل کے حوالے سے متعدد بار معطل ہو چکا ہے تو یہ تشویش ناک رویے کی طرف اشارہ کرتا ہے یا ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنےکی صورت میں، IEP ٹیم کی طرف سے ایک FBA اور / یا BIP طے کی جانی چاہیئے ۔<br><br>معذوری کے حامل طلباء<br>• اگر طالب علم کو تعلیمی سال کے دوران مجموعی طور پر دس دنوں سے زیادہ کی معطلی کا سامنا کرنا پڑتا ہے یا پڑے گا تو اس بات کا تعین کرنے کے لیئے کہ گیارہویں دن خدمات کی فراہمی کیسے کی جائے گی، IEP ٹیم کو ریفرل بھیجنا۔<br>• IEP ملاقات کی درخواست کرنا تاکہ اس بات کا تعین کیا جائے کہ آیا اعانت درکارہے یا / اور خدمات کی ضرورت ہے۔<br>• اگرکسی کارروائی سے خصوصی تعلیم میں پلیسمنٹ میں تبدیلی واقع ہوتی ہے،بشمول چھوٹے پیمانے پر علحیدگیاں جو تعلیمی سال میں دس دن سے زیادہ جمع ہوجائیں یا پھر ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنا،تو ایسی صورت میں طرز عمل کے تعین کا جائزہ لیا جائے گا۔ |

| لیول | کارروائیاں: |
|---|---|
| | **پابندیاں:**<br>• 14-21 تقویمی دنوں تک ، طالبعلمی سرگرمیوں سے عارضی معزولی<br>• واپس آنے پر بحالی گروپ یا کانفرنس طے کرنے کے ساتھ ، عارضی طور پر اسکول سے باہر والی معطلی (ہر واقعہ پر K-3 کے طلباء کے لیئے، تین تعلیمی دنوں تک، ماسوائے ایسی صورت میں کہ مخصوص بد انتظامی واقع ہوئی ہو؛ گریڈ 4-12 کے طلباء کے لیئے، پانچ دنوں تک، اگر ڈویژن سیرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجا گیا ہو تو اس صورت میں پرنسپل دس تعلیمی دنوں) تک معطل کر سکتے ہیں ۔<br>• ڈویژن سیرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنا<br>• ضرورت پڑنے پر، قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ریفرل بھیجنا |
| 5 | **لیول 5 کی کارروائیاں**، ان رویوں کے نتیجے میں کی جاتی ہیں جن کے لیئے، کوڈ آف ورجینیا یا اسکول بورڈ پالیسی کے ضابطے کے تحت، ڈویژن سیرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنا لازمی قرار دیا جاتا ہے۔ اصلاحات کا مقصد طالب علم کی اسکول سے عارضی معزولی کے دوران مدد فراہم کرنا اور معذور طلباء کے لیئے، درکار تحفظات نافذ کرنا ہے۔ ڈویژن سیرنٹنڈنٹ کو ریفرل کے نتیجے میں حالات کے مطابق، مختلف کارروائیاں کی جا سکتی ہیں اور اخراج کا فیصلہ شاذ و نادر ہی کیا جاتا ہے ۔ |
| | **مطلوب اصلاحات اور اعانت :**<br>• معطلی کے دوران تعلیمی مدد طے کرنے کے لیئے، اسکول سے باہر ملنے والی خدمات کے دفتر کو ریفرل بھیجنا<br>• اس بات کی شناخت کرنے کے لیئے، کہ جذباتی حیثیت کا تعین اور مدد کی پیشکش کرنے کے حوالے سے گھرانے اور طالب علم سے کون رابطہ کرے گا ، اسکول کونسلر، اسکول کے سماجی کارکن اور اسکول کے ماہر نفسیات کو ریفرل بھیجنا<br><br>معذوری کے حامل طلباء<br>• MDR، یہاں تک کہ طالب علم کو دس دنوں کے لیئے، معطل نہ بھی کیا گیا ہو، مگر تفویض کردہ نتائج کی صورت میں دوسری جگہ داخلہ کیا جا سکتا ہے ۔<br>• FBA یا BIP<br>• اس بات کا تعین کرنے کے لیئے، کہ گیارہویں دن خدمات کی فراہمی کیسے کی جائے گی ، IEP ٹیم کو ریفرل بھیجنا (جب ایک معذور طالب علم تعلیمی سال کے دوران مجموعی طور پر 10 یا اس سے زیادہ دنوں کے لیئے معطل ہو جاتا ہے)<br>  • IEP ٹیم اہداف، سہولیات، خدمات یا IEP کے داخلے میں تبدیلی کی ممکنہ ضرورت پر بھی غور کر سکتی ہے ۔<br><br>**لیول 5 کے طرزعمل کے حوالے سے اسکول کی سطح پر مطلوب انتظامی کارروائیاں:**<br>• ڈویژن سیرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنا<br>• دھمکی رویے کی شناخت کے لحاظ سے کی گئی جانچ<br>• ضرورت پڑنے پر، قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ریفرل بھیجنا |

**A.** ایسے افعال جن کی بنا پر طلباء کے خلاف انضباطی کارروائی کی جا سکتی ہے

تعارف: طلباء کے رویے کی کارروائیوں کا تعین کرتے وقت منتظمین کئی عوامل پر غور کرتے ہیں طالب علم کے طرز عمل کے حوالے سے، درجاتی کارروائیوں کے چارٹس پر عمل پیرا ہوتے ہیں ۔ کلاس روم سے ہٹانے سے پہلے، ہدف شدہ مداخلتوں کے ساتھ منسلک، کم از کم خارج کرنے والی پابندیاں استعمال کی جانی چاہئیں ۔ جب رویے کی شدت اور/ یا تعداد پر، کم پابندی والے نتائج کے مثبت اثرات نکلتے نظر نہیں آتے تو اس ریگولیشن میں بیان کردہ ممنوعہ طرزعمل، جو اسکول کی املاک پر اور اسکول کے زیراہتمام تعلیمی سرگرمیوں (جیسے کھیل، کلبس) میں مصروفیت یا شمولیت کے دوران ہوئے ہوں یا جو اسکول بس میں یا بس

اسٹاپ پر آنے جانے والے طلباء پر اثرانداز ہوں، اسکول حکام طلباء کے خلاف تادیبی کارروائی کر سکتے ہیں، جس میں اسکول یا اسکول کے زیراہتمام ہونے والی تمام سرگرمیوں سے معطلی، تبادلہ، اخراج یا علیحدگی شامل ہو سکتی ہے۔ طلباء کے خلاف انضباطی کارروائی ایسے افعال کی وجہ سے بھی ہو سکتی ہے ، جو اسکول کی املاک سے دور اور اسکول کے اوقات سے باہر کیے گئے ہوں ، اگر ایسا طرز عمل اسکول کے مفاد کے لیئے ، نقصان دہ ہو اور/ یا جس کے نتیجہ میں مجرمانہ الزام یا سزا کی صورت میں نکلے ۔

اگر طالب علم کو اسکول سے معطل کیا گیا ہے تو معطلی کی مدت کے دوران ، اسکول ، چھوٹ جانے والا کام فراہم کرے گا اور واپس آنے پر اس پر گریڈ دیا جائے گا ۔ والدین یا سرپرست سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ معطلی کے دوران، طالب علم پر خاص نظر رکھیں اور اسکول کے ساتھ تعاون کریں اور طالب علم کے ذمہ کام اسکول سے لینے کا بندوبست کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ طالب علم ان دیئے گئے کاموں کو مکمل کرے ۔

کسی بھی خلاف ورزی پر طالبعلم کیخلاف انضباطی کارروائی کی جاسکتی ہے: (i) وفاقی، ریاستی، یا مقامی قانون، قاعدہ، یا ریگولیشن اور/ یا (ii) پالیسی یا اسکول بورڈ ، اسکول سسٹم ، یا اسکول کی پالیسی یا ریگولیشن ۔ اس ریگولیشن میں بیان کردہ ممنوعہ طرزعمل کے بہت سے واقعات پر پرنسپل حسب دستور اسکول میں کی جانے والی تادیبی کارروائیوں کے اقدامات کریں گے جس میں، جہاں ضروری ہو، پانچ دن تک کی [11] معطلی شامل ہے۔ زیادہ سنگین خلاف ورزیوں کیلئے، پرنسپل اپنی صوابدید پر، زیادہ سخت انضباطی کارروائیوں (بشمول طویل المدت معطلی ، تبادلہ اور/ یا اسکول بورڈ کو اخراج کی سفارش) پر غور کرنے کے لیئے، سماعت کی غرض سے ریفرل ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو بھیج سکتے ہیں ۔ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنے کے باوجود، پرنسپل دس دنوں تک کی معطلی کا حکم بھی لاگو کر سکتے ہیں اور ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو کسی خاص انضباطی کارروائی کی سفارش بھی کر سکتے ہیں۔ پرنسپل کی سفارش کی عدم موجودگی میں کوئی نتیجہ اخذ نہیں کیا جائے گا ۔ سنگین ترین خلاف ورزیوں کے لیئے، (جس میں کچھ مخصوص ہتھیار ، غیر قانونی منشیات اور اسکول کے عملے پر حملہ کر کے زخمی کرنا شامل ہے) پرنسپل اسکول بورڈ پالیسی کے تحت پابند ہیں کہ وہ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجیں ۔

اسکول کے پرنسپل کسی بھی ایسی صورت میں، جس کا تعلق ممنوعہ طرزعمل سے ہو، طالب علم پر مختصر مدت والی معطلی نافذ کر سکتے ہیں اور/ یا ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیج سکتے ہیں ۔ خراب طرزعمل درج ذیل میں سے کسی ایک یا ایک سے زیادہ معیار پر پورا اترنا لازمی ہے: 1) تدریسی پروگرام میں کافی حد تک خلل پڑتا ہو، 2) دوسروں کی خیر وعافیت خطرے میں پڑ جائے ، 3) پچھلی خلاف ورزیوں کے نتیجے میں، اسکول کی سطح پر کیئے گئے، اصلاحی اقدامات کے باوجود خراب طرز عمل اختیار کیا گیا ۔

کسی بھی طالب علم کے خلاف جو ایک ہی وقت میں یا مختلف مواقع پر متعدد خلاف ورزیوں کا مرتکب ہوتا ہے(انکی نوعیت چاہے کیسی ہی کیوں نہ ہو) اسکول کے حکام کی صوابدید پر زیادہ سخت کارروائی کی جا سکتی ہے، قطع نظر اس کے کہ پابندی ممنوعہ طرزعمل کے کسی مخصوص فعل سے کم تر نشاندہی کی گئی ہو۔ یہاں جو کچھ لکھا گیا ہے اس کے تحت بتدریج انضباطی اقدامات کا استعمال ضروری نہیں ہو گا اور نہ ہی کوئی ایسی ترتیب قائم کی جائے گی جس کے تحت انضباطی اقدامات کیے جائیں گے۔

کسی بھی طالب علم کو اس کے علاقے کے اسکول سے نکالنے اورکسی اور تعلیمی پروگرام میں داخل کرنے سے پہلے، دوسرے انضباطی اقدامات پر غور کیا جائے گا، جیسے رعایتوں کا واپس لینا ، سماجی خدمات ، اسکول کے اوقات کار کے بعد روکنا ، یا ہفتے کے دن اسکول میں حاضری ۔ جب کسی طالب علم کو معطلی کے دوران اسکول سے باہر بھیج دیا جاتا ہے، تو اگر عملی طور پر ممکن ہو، نظام تعلیم اسے تعلیمی مدد اور دوسری ضروری سہولتیں فراہم کرے گا تاکہ طالب علم تعلیمی کارکردگی برقرار رکھ سکے ۔

جب ایک طالبعلم کھلی یا پوشیدہ دھمکی دیتا ہے یا تشویشناک رویے کا اظہار کرتا ہے جس سے اسکول کے عملے یا طالبعلموں کی سلامتی تشدد یا کسی دوسرے طرزعمل کے باعث خطرے میں پڑجاتی ہے اور خود اُس کو یا دوسروں کو نقصان پہنچ سکتا ہے ، تو قطع نظر انضباطی کارروائی کے ، ریگولیشن 2111 کی رُو سے FCPS رِسک اسیسمنٹ یا خطرات کا جائزہ لینے کا طریقہ کار اپنایا جائے گا ۔ یہ طریقہ ہائے کار کوڈ آف ورجینیا ، سیکشن 22.1-79.4 سے ہم آہنگ ہیں اور بیان کئے گئے ہیں ، جس میں ان مخصوص اقدامات کا خاکہ بیان کیا گیا ہے جو اساتذہ کرام کو اس صورت میں لازماً کرنے ہیں جب ایک طالبعلم دوسروں کیلئے خطرہ کا باعث بن جاتا ہے ۔ خطرات کا جائزہ لینا انضباطی اقدام نہیں ہے اورنہ ہی انضباطی اقدام کیلئے شرط اول

---

[11] کنڈرگارٹن سے تیسرے گریڈ تک کے طلباء کو عام طور سے لگاتار تین دن سے زیادہ اسکول سے معطل نہیں کیا جاتا ۔ ورجینیا کا قانون اس کے لیئے، استثنیٰ فراہم کرتا ہے، جہاں ایسے طالب علم کسی خطرناک عمل میں ملوث پائے جائیں (اس ریگولیشن کا باب II.C.3 ملاحظہ کیجیئے)۔

ہے ۔ تاہم SR&R کی خلاف ورزی کرنے والے طلباء کے خلاف انضباطی کارروائی کی جائے گی، چاہے خطرات کا جائزہ لیا گیا ہے یا نہیں، اور قطع نظر اس کے ، کہ جائزے کے نتائج کیا برآمد ہوئے تھے ۔

جب کوئی طالب علم تشدد کی دھمکی دیتا ہے یا جب کسی طالب علم کے طرز عمل سے یہ اندیشہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ ایسا کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تو ریگولیشن 2111 ، خطرے کے جائزے کے ضابطے کی تعمیل میں اسکول حکام دھمکی کا جائزہ لے سکتے ہیں ۔ دھمکی کے جائزے کا مقصد طالب علم کی طرف سے دی جانے والی دھمکی کی سنگینی کا اندازہ لگانا ، تشخیص کیئے جانے والے طالب علم کو معاونت فراہم کرنا، متاثرہ یا ممکنہ طور پرمتاثرہ کی مدد کرنا اور اسکول میں تحفظ و سلامتی کے لیئے، مناسب انسدادی یا اصلاحی اقدامات کرنا ہے۔ والدین یا سرپرست کو اس دھمکی کے جائزے سے مطلع کیا جاتا ہے اور ان کی آراء اس جائزہ عمل کا حصہ ہوتی ہیں ۔ کوئی مخصوص دھمکی دیئے جانے کی صورت میں، ریگولیشن 2111 کی تعمیل کرتے ہوئے، پرنسپل پولیس کو رپورٹ کریں گے اور اس نا بالغ بچے کے والدین کو مطلع کریں گے، جو سنگین دھمکی کی زد میں ہے ۔ دھمکی کا جائزہ لینا انضباطی اقدام نہیں ہے اورنہ ہی انضباطی اقدام کیلئے شرط اول ہے ۔ تاہم SR&R کی خلاف ورزی کرنے والے طلباء کے خلاف انضباطی کارروائی کی جائے گی ، چاہے دھمکی کا جائزہ لیا گیا ہے یا نہیں، اور قطع نظر اس کے ، کہ جائزے کے نتائج کیا برآمد ہوئے تھے ۔

ٹائٹل IX میں بیان کردہ اور درجہ بندی کئے گے جرائم پر، طالب علم کو انضباطی کارروائی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے ۔ ریگولیشن 2118، ٹائٹل IX: طالبعلموں کی جانب سے جنسی ہراسانی کے بارے میں، ٹائیٹل IX کے اختتام پرشکایت کا طریقہ کار ریگولیشن 2118 میں بیان کیا گیا ہے۔ طلباء کے طرزعمل کے چارٹ میں درجاتی کارروائیوں کے اندر، TIX میں بیان کردہ ہر طرز عمل کے ممکنہ تادیبی نتائج میں درج ذیل عوامل شامل ہیں مگر ان ہی تک محدود نہیں: معطلی، دوسری جگہ داخلہ، اخراج اور اسکول اور اسکول کے زیراہتمام تمام سرگرمیوں سے بے دخلی ۔ صرف ٹائٹل IX کے فیصلہ ساز ( سپرنٹنڈنٹ کے سماعتی افسر (افسروں) کے طور پر نامزد) ان جرائم سے متعلق، نظم و ضبط کا نفاذ کر سکتے ہیں اور اس طرح کے نظم و ضبط کا اطلاق تب تک نہیں کیا جائے گا، جب تک ٹائٹل IX کے شکایتی عمل کے اختتام پر کوئی بھی اپیلیں، نیز ریگولیشن 2118 کے سیکشن V میں بیان کردہ انضباطی اپیل بھی شامل نہیں ہو جاتی ۔

ایسے افراد کے خلاف انتقامی کارروائی سختی سے منع ہے جو امتیازی سلوک، ہراسانی اور/ یا جنسی بدسلوکی کے حوالے سے کی جانے والی تحقیقات میں، ایسے کسی بھی واقعے کو رپورٹ کرنیوالے یا گواہ کے طور پر شامل ہوتے ہیں ۔ انتقامی کارروائی سے مراد اس فرد کے خلاف کیا جانے والا ایسا کوئی بھی عمل ہے، جس نے امتیازی سلوک ، ہراسانی اور/ یا جنسی بدسلوکی کے حوالے سے رپورٹ درج کروائی ہو؛ یا شکایت سے متعلق کی جانے والی سرگرمی میں شامل ہو۔ انتقامی کارروائی میں ڈرانا، دھمکانا ، ہراساں کرنا، دباؤ ڈالنا یا ایسا کوئی بھی عمل شامل ہے جو کسی کو، امتیازی ہراسانی یا جنسی بدسلوکی کے خلاف رپورٹ یا تحقیقات کرنے سے روکے۔

VA کوڈ 22.1-277.06 کے مطابق، ممنوعہ منشیات یا قانونی ہتھیاروں کے معاملے کے علاوہ، ممنوعہ طرزعمل کی بنا پراسکول بورڈ کی طرف سے بے دخلی کے لیئے، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی سفارشات کی بنیاد میں درج ذیل عوامل کو ملحوظ خاطر رکھا جائے گا: (i) خلاف ورزی کی نوعیت اور سنگینی؛ (ii) اسکول کمیونٹی کے لیئے خطرہ؛(iii) طالب علم کی تادیبی کارروائیوں کی تاریخ، بشمول گزشتہ انحرافیوں کی سنگینی اور تعداد؛ (iv) متبادل تعلیمی پروگرام میں داخلے کی موزونیت اور دستیابی؛ (v) طالب علم کی عمر اور گریڈ لیول؛ (vi) ذہنی صحت، نشہ آور مواد کے غلط استعمال یا خصوصی تعلیم کے تعین کے نتائج؛ (vii) طالب علم کی حاضری اور تعلیمی ریکارڈ کیسا ہے؛ (viii) موزوں متصور ہونے والے ایسے ہی دیگر معاملات ۔ طرزعمل کی درستی کے لیئے تادیبی کارروائی کا فیصلہ صرف اور صرف اس بنیاد پر نہیں واپس نہیں لیا جائے گا کہ مذکورہ عوامل کو مدنظر نہیں رکھا گیا ۔

ممنوعہ طرز عمل ایسے برتاؤ کا احاطہ کرتا ہے جو K-12 گریڈ تک کے تعلیمی ماحول اوراچھی شہریت سے مطابقت نہیں رکھتا ۔ اس میں مندرجہ ذیل باتیں شامل ہیں لیکن یہ یہاں تک محدود نہیں ہے: زدوکوب؛ خلل اندازی کا رویہ ؛ شراب، تمباکو، چرس

اوردوسری منشیات سے متعلق خلاف ورزیاں؛ املاک سے متعلق خلاف ورزیاں؛ اور اسلحہ سے متعلق خلاف ورزیاں ۔ خلاف ورزیوں کی جو فہرست نیچے دی ہوئی ہے وہ ممنوعہ طرزِ عمل کی مثالوں پر مشتمل ہے۔

درج ذیل افعال کی بنا پر طلباء کے خلاف انضباطی کارروائی کی جا سکتی ہے، تاہم یہ فہرست حتمی نہیں ہے:

1. مجرمانہ حملہ

a. درج ذیل خلاف ورزیوں کا نتیجہ اسکول سے پانچ دن تک کی معطلی کی صورت میں نکل سکتا ہے تاوَقتیکہ پرنسپل ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل نہیں بھیجتے، اس صورت میں پرنسپل دس دنوں تک معطل کر سکتے ہیں ۔

(1) اسکول کے کسی عملہ پر حملہ آور ہونے کی دھمکی دینا یا جسمانی چوٹ لگائے بغیر جسمانی حملہ کرنا ۔

(2) بلوائی حملہ میں ملوث ہونا ۔ طلباء کا اجتماع یا گروہ جو ایک حملہ کا ارتکاب کرنے کیلئے اکٹھا ہوا ہو، بلوہ کے زمرے میں آتا ہے۔ اس گروہ میں سے اگر ایک یا ایک سے زیادہ افراد حملے کے مرتکب ہوئے تو بلوہ میں شامل ہر کوئی طالبعلم براہ راست ذمہ دار ٹھہرایا جائے گا۔

(3) حملہ کرنے کی دھمکی دینا یا جسمانی طور پر دوسرے طالب علم یا کسی بھی فرد (اسٹاف کے عملے کے رکن کے علاوہ) پرحملہ آور ہونا چاہے اس کے نتیجے میں زخم آئے یا نہ آئے۔

(4) کسی فرد کو ناشائستہ انداز میں چھونا (چاہے رضامندی ہو یا نہ ہو) ۔[12]

b. گریڈز 7-12 کے طلباء کی طرف سے عملے پر جسمانی حملہ کر کے زخمی کرنے کا نتیجہ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنے کی صورت میں نکل سکتا ہے اور پرنسپل طالب علم کو دس دن کے لیئے، معطل کر سکتے ہیں ۔ گریڈ K-6 کے طالبعلموں کیلئے ، اسٹاف کے رکن پر جسمانی حملے سے زخمی کرنے کا نتیجہ اسکول سے پانچ دن تک کی معطلی کی صورت میں نکل سکتا ہے تاوَقتیکہ پرنسپل ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل نہیں بھیجتے، اس صورت میں پرنسپل دس دنوں تک معطل کر سکتے ہیں ۔

c. واقف کاری، داخلہ یا رکنیت کے مقصد یا سلسلے میں یا کسی کلب، تنظیم، لڑکوں کی برادری، لڑکیوں کی ٹولی یا جمعیت طلباء سے وابستگی یا دائمی رکنیت کی شرط کے طور پر، لاپرواہی یا دانستگی سے صحت یا سلامتی کو خطرے میں ڈالتے ہوئے یا جسمانی گزند پہنچاتے ہوئے نووارد طالبعلم کی درگت بنانا یا کوئی دوسری بدسلوکی کرنا، قطع نظر اس کے کہ خطرے سے دوچار یا زخمی طالبعلم یا طلباء نے متعلقہ سرگرمی میں رضاکارانہ حصہ لیا تھا ۔ درگت سے متعلق خلاف ورزیوں پر، پرنسپل ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجے گا اور دس دنوں تک کیلئے معطل کرسکتا ہے ۔ سیکشن 18.2-56 کوڈ آف ورجینیا کے مطابق، نووارد طلباء کی درگت بنانے کے ایسے واقعے کی اطلاع ، جس میں جسمانی گزند پہنچی ہو، دولت مشترکہ کے اٹارنی کو دی جائے گی ۔

2. خلل انگیز رویہ

خلل انگیز رویے سے اکثر اوقات طالب علم کی تعلیم اور اسکول کے معاملات میں مداخلت ہوتی ہے ۔ خلل اندازی کے طرزعمل کی خلاف ورزیوں کے لیئے، پرنسپل کی صوابدید پر انضباطی کارروائی کے بجائے یا اس کے علاوہ، بحالی کے انصاف کا اجلاس اور/ یا FCPS کے مؤثر برتاؤ کے اصلاحی اقدام کے ماہر کو ریفرل بھیجا جا سکتا ہے ۔

---

[12] ان رویوں میں ایسے طرزعمل شامل نہیں، جوجنسی امتیاز پر پابندی کے حوالہ سے ٹائٹل IX کے جنسی ہراسانی کے زمرہ میں آتے ہوں ۔ ممانعت کے دائرہ کار میں آنے والی، جنسی ہراسانی کا سبب بنے۔ جنسی ہراسانی کی رپورٹ سے متعلق، معلومات کے لیئے، ریگولیشن 2118 ملاحظہ کیجیئے ۔ عملے کے تمام ارکان کو، غنڈہ گردی اور ہراسانی کے تمام الزامات کے بارے میں پرنسپل کو یا اسسٹنٹ پرنسپل کو SIS Discipline Referral System کے تحت اس ہی دن اطلاع دینی چاہیئے، جب عملے کے رکن کو الزام کا پتہ چلا ہو ۔ یہ پرنسپل کی ذمہ داری ہے کہ وہ جنسی ہراسانی کے کسی بھی الزام کی رپورٹ ٹائٹل IX کے کوارڈینیٹر کو نوٹس ملنے کے 24 گھنٹوں کے اندر اندر کر دیں ۔ اس طرح کے تمام الزامات (درست ہوں یا نہیں)، جس میں متعلقہ معلومات بھی شامل ہیں، Bullying and Harassment Management System (BHMS) میں درج ہوں گے ۔

a. پرنسپل کی صوابدید پر، درج ذیل خلاف ورزیوں کا نتیجہ، اسکول میں ہی انضباطی کارروائی کی صورت میں نکل سکتا ہے، جس میں پانچ دنوں تک کی معطلی شامل ہے ۔ تاہم، اگر پرنسپل کو یہ محسوس ہو کہ غلط طرزعمل کی وجہ سے، تعلیمی پروگرام میں کافی حد تک انتشار پھیل گیا ہے، دوسروں کی خیروعافیت خطرے میں پڑ گئی ہے تو پرنسپل ان خلاف ورزیوں پر، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیج سکتے ہیں یا وہ پچھلی خلاف ورزیوں کے نتیجے میں، اسکول کی سطح پر کیئے گئے، اصلاحی اقدامات اختیار کر سکتے ہیں ۔ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی طرف جب بھی ریفرل بھیجا جاتا ہے، پرنسپل طالب علم کو دس دن تک کے لیئے، معطل کر سکتے ہیں ۔

(1) برے طرز عمل ، میں کسی بھی فرد سے لڑائی جھگڑا ، بد سلوکی ، لعنت ملامت ، نفرت انگیز ، [13] فحش یا نازیبا اشارہ بازی یا گالم گلوچ شامل ہے

(2) آتش بازی کا سامان رکھنا یا استعمال کرنا

(3) توہین آمیز یا بیہودہ زبان استعمال کرنا یا اشارے کرنا (قسم کھانا، لعنت ملامت کرنا ، نفرت آمیز گفتگو، گینگ کے اشارے یا تاثرات)

نفرت آمیز گفتگو درجہ 1-3 خلاف ورزیوں میں ، پہلی بار نفرت آمیز تقریر کرنے والے طالبعلموں کو ، کم ازکم مطلوبہ ثقافت دوست ، تعلیم اصلاح کے عمل میں شریک ہونا پڑے گا ۔

(4) حقیقی یا فرضی نسل، تہذیب ، رنگ ، قومیت ، شہریت اور/ یا ترک وطن ہونے کی حیثیت ، وزن ، جنس ، جنسی پہچان ، جنسی تاثرات ، جنسی رحجان ، مذہب یا معذوری کی بنیاد پر بدنام کرنا

(5) بیہودہ ،غلیظ ، فحش یا واضح طور پر جارحانہ زبان کا تقریری یا تحریری استعمال[12]

(6) تعلیمی عمل میں انتشار پھیلانا یا کسی بھی ٹیچر یا عملے کے رکن کی حکم عدولی یا کھلم کھلا سرکشی ۔

(7) سگریٹ نوشی یا دم کش آلات کا استعمال یا تصرف (مثال کے طور پر JUUL ،vape یا اس جیسے آلات) ۔ اس حد تک کہ مذکورہ بالا میں شراب ، چرس ، نکوٹین یا غیرقانونی منشیات شامل ہیں ، اس ریگولیشن میں درج ذیل خصوصی نتائج کی فہرست بیان کی گئی ہے۔

(8) اسکول کے زیرانتظام کسی بھی سرگرمی میں جان بوجھ کر خلل اندازی کرنا، جس کی وجہ سے دوسرے یا موجود افراد کی سلامتی خطرے میں پڑ جائے۔

(9) قابل قبول استعمال کی پالیسی کی خلاف ورزی

(10) لیزر پوائنٹر یا لیزر کے دیگر آلات کا غیر مجاز استعمال یا تصرف

(11) جعلسازی ، دھوکہ دہی، ادبی سرقہ یا بد دیانتی، اس میں اِس مقصد کے لیئے، مواصلات کے پورٹیبل آلات کا استعمال شامل ہے

(12) کسی بھی طریقے سے جوا کھیلنا

---

[13] اسکول کے حکام ، لڑائی پر مبنی برے رویے کے لیئے، انضباطی کارروائی کا تعین کرتے وقت ، اپنی صوابدید پر ، ذاتی بچاؤ کا پہلو مدنظر رکھ سکتے ہیں ۔ ذاتی بچاؤ کبھی بھی SR&R کی کسی دوسری خلاف ورزی کا جواز نہیں بن سکتا ، جس میں مگر ان ہی تک محدود نہیں، کوئی بھی ہتھیار رکھنا یا اس کا استعمال شامل ہے ۔

(13) ماچس یا لائٹر رکھنا یا استعمال کرنا

b. درج ذیل خلاف ورزیوں کا نتیجہ اسکول سے پانچ دن تک کی معطلی کی صورت میں نکل سکتا ہے تاوَقتیکہ پرنسپل ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل نہیں بھیجتے، اس صورت میں پرنسپل دس دنوں تک معطل کر سکتے ہیں ۔

(1) بیہودہ توہین آمیز فحش یا واضح طور پر نفرت انگیز طرزعمل بشمول ایسی تصاویر کا رکھنا یا نمائش کرنا ، جسے ورجینیا کوڈ کے مطابق فحش قرار دیا گیا ہے یا انٹرنیٹ یا کسی الیکٹرانک آلے کے ذریعے، جسمانی اعضاء کی نازیبا یا شہوت انگیز نمائش میں شامل ہونا ۔[12]

(2) کسی بھی بنیاد پر غنڈہ گردی[14]

(3) امتیازی ہراسانی[12] (ایسی ہراسانی، جو کسی بھی فرد کی عمر، نسل، رنگ، مذہب، قومیت، ازدواجی حیثیت، معذوری یا قانونی طور پر تحفظ کردہ حیثیت کی بنیاد پر کی جاتی ہے۔) ریگولیشن 2118 کے تحت، جنسی ہراسانی ممنوع ہے۔

(4) جنسی بداخلاقی[12] (جس میں ایسی ناگوار جنسی پیش قدمی شامل ہیں، جو فرد مخالف کے جنسی میلان کا لحاظ کیئے بغیر کی گئی ہوں؛ جنسی عنایات کی گزارش؛ اور جنسی لحاظ کا کوئی دوسرا غیر مناسب زبانی، الیکڑانک یا جسمانی طرزعمل) مگر یہ ریگولیشن 2118 میں بیان کردہ "جنسی ہراسانی" کے دائرہ کار میں نہیں آتا ۔

(5) طرزعمل جو دوسروں کی خیروعافیت کو خطرے میں ڈال دے بشمول دھمکانا یا ڈرانا ۔

(6) کمپیوٹر، سافٹ ویئر، ٹیلی مواصلات اورمتعلقہ ٹیکنالوجی کا غیر مجاز یا غیر قانونی استعمال یا اس تک رسائی یا جان بوجھ کر کوئی ایسا کام کرنا جس سے کوئی جسمانی، مالی یا کسی اورقسم کا نقصان پہنچتا ہو یا دوسری صورت میں انفارمیشن ٹیکنالوجی یا تعلیمی ماحول میں خلل پڑتا ہو، یا دفتربرائے سائیبر سیکورٹی (OCS) کی وضع کردہ سائیبرسیکورٹی حکمت عملیوں کی کوئی خلاف ورزی ۔

(7) کسی گینگ کی ایسی سرگرمیوں میں حصہ لینا، مدد کرنا، سہولتیں فراہم کرنا یا انھیں فروغ دینا، جن سے اسکول کے ماحول میں خلل اندازی ہوتی ہو۔ ان میں کوئی ایسا لباس ، زیور، لوازمات، ٹیٹو کے نشان ، یا ایسی وضع قطع ، جو اپنے رنگ ، ترتیب ، ٹریڈمارک ، یا کسی اورخصوصیت کے باعث کسی ایسے گروہ کی رکنیت کااظہار کرتی ہو جو غیرقانونی ، خلل اندازی اور دھمکی آمیزانہ طرزعمل کا پرچار کرتا ہو، شامل ہیں ۔ اگر کسی طالب علم کے بارے میں کسی گینگ میں شامل ہونے کا شبہ ہو، یا اُس نے اِس سیکشن کی دفعات کی خلاف ورزی کی ہو، تو پرنسپل والدین /سرپرست کو مطلع کریں گے ۔ ایسے طالب علم کو گینگ میں شمولیت کے مسئلے سے نمٹنے کے مزید وسائل اور اصلاحی اقدامات کیلئے FCPS کے دفتر برائے تحفظ و بہبودِ طلباء کو بھیجا جائے گا ۔

3. شراب ، تمباکو چرس اور دیگر منشیات کے حوالے سے کی جانے والی خلاف ورزیاں (اس میں کسی بھی مواد کو دم کش کے طور پر استعمال کرنا شامل ہے)

[14] غنڈہ گردی کے تمام الزامات کے بارے میں تحقیقات کرنے اور انہیں درج کرنے کی ذمہ داری پرنسپل پر ہے۔ VA Code 22.1-279.6 کے مطابق ، پرنسپل صاحبان یا ان کے نامزد اہلکار مبینہ غنڈہ گردی کے کسی مبینہ واقعہ کے الزام کا پتہ چل جانے کے 24 گھنٹوں کے اندر اندر ملوث طالبعلم کے والدین / سرپرست کو آگاہ کرنے کے پابند ہوں گے ۔ غنڈہ گردی کے اس طرح کے تمام الزامات (درست ہوں یا نہیں)، اور اس میں متعلقہ معلومات بھی شامل ہیں ، Bullying and Harassment Management System (BHMS) میں درج ہوں گے ۔ غنڈہ گردی کا کوئی بھی الزام عائد ہونے کے سلسلے میں اور اسکول کے حکام کو اس طرح کی ابتدائی رپورٹ جمع کرانے کے پانچ تعلیمی دنوں کے اندر اندر، سوائے نمایاں طور پرکم اہم واقعات کے ، پرنسپل کے لیئے، مبینہ طور پر ملوث ہر طالب علم کے والدین کو تفتیش کی حیثیت کے بارے میں، نوٹس پیش کرنا چاہیئے ۔

اِس سے قطع نظر کہ طالب علم کی عمر اتنی ہو چکی ہے کہ قانون کے تحت اسے شراب، تمباکو کی مصنوعات چرس یا اسٹور شیلف پر دستیاب ادویات کے تصرف اور استعمال کی اجازت ہے، اسکول کی طرف سے انضباطی اقدامات کیئے جا سکتے ہیں ۔

a. تمباکو اور تمباکو نوشی کی ڈیوائس والی خلاف ورزیاں

پرنسپل کی صوابدید پر، درج ذیل خلاف ورزیوں کا نتیجہ، اسکول میں ہی انضباطی کارروائی کی صورت میں نکل سکتا ہے، جس میں دو دنوں تک کی معطلی شامل ہے ۔ تاہم، اگر پرنسپل کو یہ محسوس ہو کہ غلط طرزعمل کی وجہ سے، تعلیمی پروگرام میں کافی حد تک انتشار پھیل گیا ہے، دوسروں کی خیروعافیت خطرے میں پڑ گئی ہے تو پرنسپل ان خلاف ورزیوں پر، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیج سکتے ہیں یا وہ پچھلی خلاف ورزیوں کے نتیجے میں ، اسکول کی سطح پر کیئے گئے، اصلاحی اقدامات اختیار کر سکتے ہیں ۔ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی طرف جب بھی ریفرل بھیجا جاتا ہے، پرنسپل طالب علم کو دس دن تک کے لیئے، معطل کر سکتے ہیں ۔

تمباکو کا سامان، دم کش آلات یا تمباکو نوشی کے آلات کا تصرف ، استعمال یا تقسیم (بشمول، مثال کے طور پر: JUUL ڈیوائسز ، الیکٹرانک سگریٹ ، دم کش آلات اور حقہ پینز) ، ان سب کو اجتماعی طور پر یہاں "تمباکو کی مصنوعات" کہا جاتا ہے ۔

(1) تمباکو والی مصنوعات کی پہلی خلاف ورزی پر، طالب علم کو دفتر برائے تحفظ و بہبودِ طلباء کی طرف سے FCPS کے شراب اور سگریٹ دیگر منشیات کے اصلاحی پروگرام میں شرکت کرنا ہو گی ۔ والدین یا سرپرست سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ مواد کے غلط استعمال پر ہونے والا ایک معلوماتی سیشن مکمل کریں گے ۔ تمام طالبعلم ، کم از کم ، یونیورسل منشیات کے غلط استعمال کے متعلق تعلیم ، حاصل کریں گے ۔ اگر والدین کی طرف سےمنشیات کے جائزے میں شرکت کی رضامندی موصول ہوجاتی ہے ، طالبعلموں کو بھی منشیات کے جائزہ موصول ہوگا تاکہ مختلف اعانت کے متعلق آگاہ کیا جائے جس سے طالبعلم کی انفرادی ضروریات کو پورا کیا جاسکے ۔

(2) تمباکو والی مصنوعات سے متعلق دوسری یا بعد میں کی جانے والی خلاف ورزی کے لیئے، پرنسپل کی صوابدید پر طالب علم کو اسکول کے اندر ہی نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا یا اسے اسکول سے معطل کیا جائے گا مگر دو دنوں سے زیادہ نہیں ۔

کوڈ اف ورجینیا، سیکشن 18.2-371.2 کے مطابق، اسکول اہل کار ایسی کسی خلاف ورزی کی اطلاع پولیس کو دے سکتے ہیں ۔

b. شراب، چرس (بشمول THC آئل) اور دم کش مواد، کا تصرف اور استعمال ۔

شراب، چرس یا دم کش آلات سے متعلق خلاف ورزیوں میں ملوث ہونے کی صورت میں پرنسپل اپنی صوابدید پر، طلباء کو FCPS کے شراب اور دیگر منشیات (AOD) کےاصلاحی سیمینار میں بھیج سکتے ہیں ، یا اس کی جگہ ، یا اس سمیت، دیگر انضباطی کارروائی کر سکتے ہیں ۔

(1) پرنسپل کی صوابدید پر، درج ذیل خلاف ورزیوں کا نتیجہ، اسکول میں ہی انضباطی کارروائی کی صورت میں نکل سکتا ہے، جس میں دو دنوں تک کی معطلی شامل ہے ، ان میں شراب ، چرس یا دم کش کا استعمال یا تصرف کرنا شامل ہیں ۔ تاہم، اگر پرنسپل کو یہ محسوس ہو کہ غلط طرزعمل کی وجہ سے، تعلیمی پروگرام میں کافی حد تک انتشار پھیل گیا ہے، دوسروں کی خیروعافیت خطرے میں پڑ گئی ہے ، تو پرنسپل ان خلاف ورزیوں پر، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیج سکتے ہیں یا وہ پچھلی خلاف ورزیوں کے نتیجے میں ، اسکول کی سطح پر کیئے گئے، اصلاحی اقدامات اختیار کر سکتے ہیں ۔ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی طرف جب بھی ریفرل بھیجا جاتا ہے، پرنسپل طالب علم کو دس دن تک کے لیئے، معطل کر سکتے ہیں ۔

(a) شراب ، چرس یا دم کش مصنوعات کی پہلی خلاف ورزی پر، طالب علم کو دفتر برائے تحفظ و بہبودِ طلباء کی طرف سے FCPS کے شراب اور سگریٹ دیگر منشیات کے اصلاحی پروگرام میں شرکت کرنا ہو گی اور اسکول کے اندر والی ۔ دو دنوں کی معطلی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے ۔ اصلاحی پروگرام

میں شمولیت اور اس کی کامیابی سے تکمیل میں ناکامی کا نتیجہ اسکول کی سطح پر ایک اضافی دن کیلئے معطلی کی تادیبی کارروائی کی صورت میں نکلے گا ۔ والدین یا سرپرست سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ مواد کے غلط استعمال پر ہونے والا ایک معلوماتی سیشن مکمل کریں گے ۔ پہلے جرم کی صورت میں پرنسپل ہوسکتا ہے کہ اسکول سے باہر والی معطلی نہ کریں یا ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل نہ بھیجیں ، تاوقتیکہ طالبعلم ایسے تصرف یا استعمال کی خلاف ورزی کے علاوہ کسی دوسری بری حرکت میں ملوث نہ ہو جس پر ایسی انضباطی کارروائی کی جاتی ہو۔

تمام طالبعلم ، کم از کم ، یونیورسل منشیات کے غلط استعمال کے متعلق تعلیم ، حاصل کریں گے ۔ اگر والدین کی طرف سےمنشیات کے جائزے میں شرکت کی رضامندی موصول ہوجاتی ہے ، طالبعلموں کو بھی منشیات کے جائزہ موصول ہوگا تاکہ مختلف اعانت کے متعلق آگاہ کیا جائے جس سے طالبعلم کی انفرادی ضروریات کو پورا کیا جاسکے ۔

(b) شراب ، چرس یا دم کش کے تصرف یا استعمال کی خلاف ورزی سے متعلق دوسری یا بعد میں کی جانے والی خلاف ورزی کے لیئے، پرنسپل کی صوابدید پر طالب علم کو اسکول کے اندر ہی نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا یا اسے اسکول سے معطل کیا جائے گا مگر دو دنوں سے زیادہ نہیں ۔ پرنسپل پانچ دنوں کی معطلی کی سزا دے سکتے ہیں اگر واقعہ کے حالات منفرد نوعیت کے ہوں۔ ( مثال کے طورپردوسرے افعال جن سے تعلیم کا سلسلہ اور یا سلامتی میں خلل واقعہ ہوا ہو، تیسری خلاف ورزی یا دوسرے افعال میں ملوث ہوئے بغیر قانون شکنی کرنا) ۔ اگر پرنسپل کو یہ محسوس ہو کہ غلط طرزعمل کی وجہ سے، تعلیمی پروگرام میں کافی حد تک انتشار پھیل گیا ہے، دوسروں کی خیروعافیت خطرے میں پڑ گئی ہے تو پرنسپل ان خلاف ورزیوں پر، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیج سکتے ہیں یا وہ پچھلی خلاف ورزیوں کے نتیجے میں ، اسکول کی سطح پر کیئے گئے، اصلاحی اقدامات اختیار کر سکتے ہیں ۔ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی طرف جب بھی ریفرل بھیجا جاتا ہے، پرنسپل طالب علم کو دس دن تک کے لیئے، معطل کر سکتے ہیں ۔

(2) ذاتی استعمال کے لیئے، پہلی بار ایک مرتبہ استعمال ہونے والی مقدار رکھنا ؛ یا درج ذیل کا استعمال: شراب، چرس ، دم کش لگانے والے آلات یا نان الکوحلک بیئر، اب ممنوعہ مواد کے طورپر ریفرکیئے جائیں گے اور اس کا اثر طالبعلموں کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی صلاحیت کو متاثر کرتا ہو (بشرطیکہ وہ طالب علم کسی بھی ایسے دوسرے ممنوعہ طرز عمل میں ملوث نہ رہا ہو، جس کے نتیجے میں اس ریگولیشن کے تحت، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنا درکار ہو، اس سے پہلے غیرقانونی منشیات کی خلاف ورزی کے نتیجے میں ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کے پاس نہ بھیجا گیا ہو اور فی الحال اس پر ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی طرف سے آزمائشی حالات لاگو نہ کیئے گئے ہوں) یا اس کے بجائے اسکول سے باہر 5 دنوں کی معطلی کی جا سکتی ہے ۔

(a) مڈل اور ہائی اسکول کے طلباء کے لیئے، اس ذیلی شق کی پہلی خلاف ورزی کا نتیجہ طالب علمی کی سرگرمیوں سے 7-14 دنوں کی معطلی کی صورت میں بھی نکلے گا، اس میں بطور شائقین یا سامعین شرکت کرنا بھی شامل ہے ۔ طلباء مقابلوں یا ٹیموں، کلبوں اور اسکول کے زیراہتمام دیگر سرگرمیوں میں حصہ نہیں لے سکتے ۔ طلباء کو جلسہ تقسیم اسناد اور گریجویشن کی تقریب میں شرکت کرنے کی اجازت مل سکتی ہے اگرچہ وہ سرگرمیوں سے عارضی طور پر معزولی کی مدت میں آتے ہیں ۔ بعض خلاف

ورزیوں[15] کے نتیجے میں طالب علم گریجویشن تقریب میں شرکت کرنے کا اہل قرار نہیں دیا جائے گا ۔

(b) مڈل اور ہائی اسکول کے طلباء کیلئے، اس ذیلی شق کی دوسری مرتبہ یا بعد میں ہونے والی خلاف ورزی، جو پہلی خلاف ورزی کے 12 مہینوں کے اندر اندر کی گئی ہو، طلباء کی تمام سرگرمیوں بشمول ٹیموں، کلبوں اور اسکول کے زیرِاہتمام ہونے والی دیگر تمام سرگرمیوں سے مزید 14-21 تقویمی دنوں کی معطلی پر منتج ہو گی ( یہ گذشتہ جرم میں سرگرمیوں سے ہونیوالی معطلی کے علاوہ ہوگی ) ۔

(3) اگراس بات کا شائبہ ہوتا ہے کہ طالب علم شراب ، ڈرگس کے زیر اثر ہے یا اس نے اس سیکشن کی دفعات کی خلاف ورزی کی ہے، پرنسپل اس اندیشہ کے بارے میں والدین /سرپرست کو اطلاع کریں گے ۔ شراب پینے کے شبہ میں پرنسپل فوری طور پر شراب کی مقدار کا تعین کرنے کیلئے سانس کا نمونہ ٹیسٹ لیں گے ۔ پرنسپل مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک معاملے پر طالب علم کو عمل پیرا ہونے کی سفارش کر سکتے ہیں:

(a) FCPS کے AOD کے اصلاحی پروگرام میں رضا کارانہ شرکت ۔

(b) والدین یا سرپرست کے خرچے پر Fairfax-Falls Church Community Services Board میں نشہ آور مواد کے غلط استعمال کی جانچ کے لیئے، رضاکارانہ شرکت یا نجی ادارہ کے ساتھ نشہ آور مواد کے غلط استعمال کے علاج کی ضرورت کا تعین کرنا ۔

(4) شراب ، دم کش مواد یا نان الکوحلک بیئر فروخت کرنے یا تقسیم کرنے میں ملوث طالبعلموں کو (5) پانچ دنوں کیلئے معطل کردیا جائے گا ۔ اگر پرنسپل کو یہ محسوس ہو کہ غلط طرزعمل کی وجہ سے، تعلیمی پروگرام میں کافی حد تک انتشار پھیل گیا ہے، دوسروں کی خیروعافیت خطرے میں پڑ گئی ہے یا اسکول کی سطح پر کیئے گئے، اصلاحی اقدامات اختیارکیئے جاچکے ہیں تو پرنسپل ان خلاف ورزیوں پر، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیج سکتے ہیں اور دس دن تک کیلئے معطل کرسکتے ہیں ۔

c. غیر نسخہ جاتی ادویات (اسٹور شیلف پر دستیاب دوائیں)

غیر نسخہ جاتی ادویات سے مراد وہ ادویات ہیں، جو ریگولیشن 2102 کے حالیہ نسخے، ابتدائی طبی امداد، ہنگامی علاج اور طلباء کے لیئے، انتظامی ادویات کے تحت منظور شدہ نہیں ہیں ۔ غیر نسخہ جاتی دواؤں میں Advil, aspirin, Coricidin, Dramamine, Nyquil, Tylenol یا ان کی عام متبادل دوائیں، کیفین کی گولیاں، کھانسی کے شربت اور اسٹور شیلف پر دستیاب دوسری دوائیں شامل ہیں جنہیں نگلنا یا سانس کے ذریعے لینا مقصود ہوتا ہے ۔ والدین یا سرپرست سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ تمام دوائیں ، بشمول غیر نسخہ جاتی ادویات اسکول کے ہیلتھ روم میں لے کر آئیں تا کہ انہیں محفوظ طریقے سے رکھا اور انتظام کیا جا سکے ۔

(1) پرنسپل کی صوابدید پر، درج ذیل خلاف ورزیوں کا نتیجہ ، اسکول میں ہی انضباطی کارروائی کی صورت میں نکل سکتا ہے، جس میں دو دنوں تک کی معطلی شامل ہے ۔ تاہم ، اگر پرنسپل کو یہ محسوس ہو کہ غلط طرزعمل کی وجہ سے، تعلیمی پروگرام میں کافی حد تک انتشار پھیل گیا ہے، دوسروں کی خیروعافیت خطرے میں پڑ گئی ہے تو پرنسپل ان خلاف ورزیوں پر، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیج سکتے ہیں یا وہ پچھلی خلاف ورزیوں کے نتیجے میں، اسکول کی سطح پر کیئے گئے، اصلاحی اقدامات اختیار کر سکتے ہیں ۔ ڈویژن

---

[15] اس قسم کی خلاف ورزیوں میں درج ذیل خلاف ورزیاں شامل ہو سکتی ہیں، مگر ان ہی تک محدود نہیں، عملے یا طالب علم پر حملہ کر کے زخمی کرنا، ہتھیار یا دھماکہ خیز مواد رکھنا، تقسیم کرنے کے ارادے سے منشیات اور ممنوعہ مواد رکھنا، منشیات اور/ یا ممنوعہ مواد تقسیم کرنا اور ایسی کوئی بھی خلاف ورزی جس سے، گریجویشن کی تقریب میں نمایاں طور پر خلل پڑے ۔ کسی بھی طالب علم کو، گریجویشن کی تقریب سے نکالنے کا فیصلہ سماعتی دفتر کی طرف سے کئے گئے فیصلے کی بنیاد پر ہو سکتا ہے یا پھر پرنسپل کی طرف سے، ریجنل اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کے تعاون کے ساتھ کیا جا سکتا ہے ۔

سپرنٹنڈنٹ کی طرف جب بھی ریفرل بھیجا جاتا ہے، پرنسپل طالب علم کو دس دن تک کے لیئے، معطل کر سکتے ہیں ۔

غیر نسخہ جاتی دوا کا استعمال کرنا ، غلط استعمال کرنا ، اپنے پاس رکھنا یا تقسیم کرنا (ایسی تقسیم جو غلط استعمال کے مقصد سے جدا ہو) ۔

(2) درج ذیل خلاف ورزیوں کا نتیجہ اسکول سے دو دن تک کی معطلی کی صورت میں نکل سکتا ہے تاوقتیکہ پرنسپل ، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل نہیں بھیجتے، اس صورت میں پرنسپل دس دنوں تک معطل کر سکتے ہیں ۔

غلط استعمال کی غرض سے کسی بھی غیر نسخہ جاتی دوا کی تقسیم کرنا

d. نسخہ جاتی ادویات

(1) والدین یا سرپرست وہ تمام دوائیں اسکول کے ہیلتھ روم میں لے کر آئیں اور ان کے ساتھ ڈاکٹر کی طرف سے دستخط کیا ہوا فارم ہونا چاہیئے، جس میں اسکول کے دن یا اسکول کی سرگرمیوں کے دوران دی جانے والی کسی بھی طرح کی نسخہ جاتی ادویات دینے سے متعلق معلومات بیان کی گئی ہوں تا کہ ادویات کو محفوظ طریقے سے رکھا اور استعمال کرایا جا سکے ۔

(2) درج ذیل خلاف ورزی کا نتیجہ اسکول کی بنیاد پر کی جانے والی انضباطی کارروائی کی صورت میں نکل سکتا ہے ۔

طالبعلم کا درج ذیل ادویات اپنے پاس رکھنا یا استعمال کرنا : (i) اپنی نسخہ جاتی ادویات؛ یا THC-A (ii) یا cannabidiol oil، بشرطیکہ کوڈ آف ورجینیا کے مطابق ، تحریری بیان فراہم کیا گیا ہو کہ ان ادویات کے استعمال کی تصدیق ، کسی لائسنس یافتہ ڈاکٹر کی طرف سے کی گئی ہے۔

(3) غیرمجاز نسخہ جاتی ادویات رکھنا اور استعمال کرنا:

i. شراب ، چرس یا دم کش مصنوعات کی پہلی خلاف ورزی پر، طالب علم کو دفتر برائے تحفظ و بہبودِ طلباء کی طرف سے FCPS کے شراب اور سگریٹ دیگر منشیات کے اصلاحی پروگرام میں شرکت کرنا ہو گی اور اسکول کے اندر والی دو دنوں کی معطلی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے ۔

ii. مڈل اور ہائی اسکول کے طلباء کے لیئے، اس ذیلی شق کی پہلی خلاف ورزی کا نتیجہ طالب علمی کی سرگرمیوں سے 7-14 دنوں کی معطلی کی صورت میں بھی نکلے گا، اس میں بطور شائقین یا سامعین شرکت کرنا بھی شامل ہے ۔

iii. مڈل اور ہائی اسکول کے طلباء کیلئے، اس ذیلی شق کی دوسری مرتبہ یا بعد میں ہونے والی خلاف ورزی، جو پہلی خلاف ورزی کے 12 مہینوں کے اندر اندر کی گئی ہو، طلباء کی تمام سرگرمیوں بشمول ٹیموں، کلبوں اور اسکول کے زیراہتمام ہونے والی دیگر تمام سرگرمیوں سے مزید 14-21 تقویمی دنوں کی معطلی پر منتج ہو گی ۔

e. کوئی بھی منضبط مواد (بشمول ، لیکن ان تک محدود نہیں، ایکسٹیسی، کوکین، کیمیاوی بھنگ ، غیرنسخہ جاتی منشیات، غیر قانونی فینٹنائل) بشمول نسخہ جاتی ادویات جو طالبعلموں کو نسخہ میں نہیں دی گئی ہوں اورکیمیاوی بھنگ ، اورمصنوعی منضبط مواد (مجموعی طورپر غیرقانونی منشیات) ، یا منشیات کے سازوسامان ۔

غیر قانونی منشیات یا منشیات کے سازوسامان سے متعلق خلاف ورزیوں کے لیئے، طالب علم کو FCPS کے اصلاحی پروگرام AOD کے لیئے، بھیجا جائے گا اور ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل ، بھیج دیا جائے ۔ جہاں ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنا درکار ہو، وہاں ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنے سمیت ایک AOD اصلاحی پروگرام بھی تفویض کیا جا سکتا ہے۔

(1) عام طور پر مندرجہ ذیل خلاف ورزیوں کا نتیجہ ، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل کی صورت میں نکل سکتا ہے ، بشرطیکہ پرنسپل کو یہ محسوس ہو کہ غلط طرزعمل کی وجہ سے ، تعلیمی پروگرام میں کافی حد تک انتشار پھیل گیا ہے ، دوسروں کی خیروعافیت خطرے میں پڑ گئی ہے اور وہ پچھلی خلاف ورزیوں کے نتیجے میں ، اسکول کی سطح پر کیئے گئے، اصلاحی اقدامات بھی اختیار کر سکتے ہیں ۔ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی طرف جب بھی ریفرل بھیجا جاتا ہے ، پرنسپل طالب علم کو دس دن تک کے لیئے ، معطل کر سکتے ہیں ۔

(a) بھنگ یا کسی اور غیر قانونی یا غیر قانونی طور پر مستعمل منضبط مواد (بشمول ecstasy، کوکین، کیمیاوی بھنگ یا ایسی نسخہ جاتی ادویات جو طالب علم کے لیئے، تجویز نہ کی گئی ہوں) کے نشے کے زیر اثر یا منشیات کے مال و اسباب کو پاس رکھنے کے لیئے یا تقسیم کرنے کے لیئے، اسکول کی املاک یا اسکول کے زیر اہتمام کسی سرگرمی میں آنا۔

i. شراب ، چرس یا دم کش مصنوعات کی پہلی خلاف ورزی پر، طالب علم کو دفتر برائے تحفظ و بہبودِ طلباء کی طرف سے FCPS کے شراب اور سگریٹ دیگر منشیات کے اصلاحی پروگرام میں شرکت کرنا ہو گی اور اسکول کے اندر والی دو دنوں کی معطلی کا سامنا کرنا پڑے گا ۔ دوسری یا بعد میں ہونے والی خلاف ورزی پر، پرنسپل پانچ دن کیلئے معطل کرسکتا ہے۔

ii. مڈل اور ہائی اسکول کے طلباء کے لیئے، اس ذیلی شق کی پہلی خلاف ورزی کا نتیجہ طالب علمی سرگرمیوں سے 7-14 دنوں کی معطلی کی صورت میں بھی نکلے گا، اس میں بطور شائقین یا سامعین شرکت کرنا بھی شامل ہے ۔ طلباء مقابلوں یا ٹیموں، کلبوں اور اسکول کے زیراہتمام دیگر سرگرمیوں میں حصہ نہیں لے سکتے ۔ طلباء کو جلسہ تقسیم اسناد اور گریجویشن کی تقریب میں شرکت کرنے کی اجازت مل سکتی ہے اگرچہ وہ سرگرمیوں سے عارضی طور پر معزولی کی مدت میں آتے ہیں ۔ بعض خلاف ورزیوں[15] کے نتیجے میں طالب علم گریجویشن کی تقریب میں شرکت کرنے کا اہل قرار نہیں دیا جائے گا ۔

iii. مڈل اور ہائی اسکول کے طلباء کیلئے، اس ذیلی شق کی دوسری مرتبہ یا بعد میں ہونے والی خلاف ورزی ، جو پہلی خلاف ورزی کے 12 مہینوں کے اندر اندر کی گئی ہو، تمام طالبعلمی سرگرمیوں بشمول ٹیموں، کلبوں اور اسکول کے زیراہتمام ہونے والی دیگر تمام سرگرمیوں سے مزید 14-21 تقویمی دنوں کی معطلی پر منتج ہوگی ( یہ گذشتہ جرم میں سرگرمیوں سے ہونیوالی معطلی کے علاوہ ہوگی ) ۔

(b) ذاتی استعمال کے لیئے، پہلی بار ایک مرتبہ استعمال ہونے والی مقدار تصرف ؛ یا درج ذیل کا استعمال: غیرنسخہ جاتی دوا ، جو طالبعلم کیلئے تجویز نہ کی گئی ہو ، یا جعلی دوا ؛ یا منشیات کا سازوسامان کا تصرف یا تقسیم ، مندرجہ ذیل اقدامات پر منتج ہوں گے (بشرطیکہ وہ طالب علم کسی بھی ایسے دوسرے ممنوعہ طرز عمل میں ملوث نہ رہا ہو، جس کے نتیجے میں اس ریگولیشن کے تحت، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنا درکار ہو، اس سے پہلے غیرقانونی منشیات کی خلاف ورزی کے نتیجے میں ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کے پاس نہ بھیجا گیا ہو اور فی الحال اس پر ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی طرف سے آزمائشی حالات لاگو نہ کیئے گئے ہوں) یا اس کے بجائے اسکول سے باہر 5 دنوں کی معطلی کی جا سکتی ہے :

i. طالب علم کو اسکول کے اندر دو دنوں کے لیئے، معطل کر دیا جائے گا ۔

ii. طالب علم کو، FCPS کے شراب اور دیگر منشیات کےاصلاحی پروگرام (AOD) میں شرکت کرنی ہو گی ۔ ( AOD اصلاحی پروگرام کامیابی سے مکمل نہ کرنے کی صورت میں اسکول سے باہر والی ایک دن کی معطلی عمل میں لائی جائے گی) ۔

iii. اس ذیلی شق کی پہلی خلاف ورزی کا نتیجہ طالب علمی سرگرمیوں سے 21 دنوں کی معطلی کی صورت میں بھی نکلے گا، اس میں بطور شائقین یا سامعین شرکت کرنا بھی شامل ہے ۔ طلباء مقابلوں یا ٹیموں، کلبوں اور اسکول کے زیراہتمام دیگر سرگرمیوں میں حصہ نہیں لے سکتے ۔ طلباء کو جلسہ تقسیم اسناد اور گریجویشن کی تقریب میں شرکت کرنے کی اجازت مل سکتی ہے اگرچہ وہ سرگرمیوں سے عارضی طور پر معزولی کی مدت میں آتے ہیں ۔ بعض خلاف ورزیوں[15] کے نتیجے میں طالبعلم گریجویشن کی تقریب میں شرکت کرنے کا اہل قرار نہیں دیا جائے گا ۔

iv. والدین یا سرپرست سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ مواد کے غلط استعمال پر ہونے والا ایک معلوماتی سیشن مکمل کریں گے ۔

(2) درج ذیل خلاف ورزیوں کا نتیجہ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنے کی صورت میں نکل سکتا ہے اور پرنسپل دس دن تک کے لیئے، معطل کر سکتے ہیں ۔

(a) دوسری بار یا بعد میں ایسی نسخہ جاتی ادویات جو اس طالب علم کو تجویز نہ کی گئی ہو، یا نقلی ادویات کا تصرف یا استعمال کرنا ۔

(b) غیرقانونی مواد تصرف کرنا یا استعمال کرنا (اس میں ecstasy, LSD، کوکین، نقلی بھنگ غیرنسخہ جاتی مسکن آور ادویات، غیر قانونی فینٹانل شامل ہیں۔)

(c) تقسیم ، تقسیم میں مدد کرنا یا ممنوعہ مواد تیار کرنا (بشمول اینابولک سٹیرائیڈز، یا نسخہ جاتی ادویات، غیر نسخہ جاتی منشیات، غیرقانونی فینٹانائل، کیمیاوی بھنگ ) یا کوئی نقلی ممنوعہ مواد ۔

(d) طالب علم کی نسخہ جاتی دوا کی چوری. ورجینیا کوڈ کے مطابق پولیس کو رپورٹ کی جائے گی ۔

اس امر کا تعین کرنے کے لیئے، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ ایک سماعت منعقد کریں گے کہ کیا اخراج کے سوا کوئی اور انضباطی اقدام زیادہ موزوں ہے۔ کسی مخصوص معاملے کے حقائق کی بنیاد پر، اسکول بورڈ یا ڈویژن سپرنٹنڈنٹ یہ تعین کر سکتے ہیں کہ مخصوص حالات موجود ہیں اور یہ کہ اخراج کے علاوہ کوئی دوسرا تادیبی اقدام موزوں ہوگا۔ کوڈ آف ورجینیا کے مطابق پولیس کو رپورٹ کی جائے گی ۔

(3) اگراس بات کا شائبہ ہوتا ہے کہ طالب علم شراب ، چرس کے زیر اثر ہے یا اس نے اس سیکشن کی دفعات کی خلاف ورزی کی ہے، پرنسپل اس اندیشہ کے بارے میں والدین / سرپرست کو اطلاع کریں گے اور تجویز کریں گے کہ والدین / سرپرست مناسب اصلاحی اقدامات اٹھائیں ۔ اس کے علاوہ ، پرنسپل سفارش کر سکتے ہیں کہ ایک دن کی اسکول سے معطلی کے ساتھ ساتھ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک معاملے پر طالب علم عمل پیرا ہو :

(a) FCPS کے AOD کے اصلاحی پروگرام میں رضا کارانہ شرکت ۔

(b) والدین یا سرپرست کے خرچے پر Fairfax-Falls Church Community Services Board میں نشہ آور مواد کے غلط استعمال کی جانچ کے لیئے، رضاکارانہ شرکت یا نجی ادارہ کے ساتھ نشہ آور مواد کے غلط استعمال کے علاج کی ضرورت کا تعین کرنا ۔

کوڈ آف ورجینیا کے مطابق منشیات کی تمام غیرقانونی خلاف ورزیاں پولیس کو رپورٹ کی جائیں گی ۔

4. املاک سے متعلق خلاف ورزیاں

املاک سے متعلق خلاف ورزیوں کے لیئے، پرنسپل کی صوابدید پر انضباطی کارروائی کے بجائے یا اس کے علاوہ، بحالی کے انصاف کا اجلاس بلایا جا سکتا ہے ۔

اپنی تعلیم کے دوران اگر کسی طالب علم کی وجہ سے یا اس کے کسی فعل کے نتیجے میں اسکول بورڈ کی ملکیت میں یا اس کے زیرِ تحویل کسی املاک کا اصل میں نقصان، ٹوٹ پھوٹ یا تباہی ہو یا اگر اس کو واپس کرنے میں ناکامی ہو تو طالب علم یا طالب علم کے والدین یا سرپرست کو اس نقصان کی تلافی کرنی ہو گی (کوڈ آف ورجینیا سیکشن 22.1-280.4) ۔ طالب علم کے غلط طرز عمل کی وجہ سے اسکول بورڈ کی املاک کو پہنچنے والے نقصان یا تھوڑ پھوڑ کے لیئے، طالب علم یا والدین/ سرپرست مالی طور پر ذمہ دار ہوں گے ۔

a. پرنسپل کی صوابدید پر، درج ذیل خلاف ورزیوں کا نتیجہ ، اسکول میں ہی انضباطی کارروائی کی صورت میں نکل سکتا ہے، جس میں پانچ دنوں تک کی معطلی شامل ہے ۔ تاہم ، اگر پرنسپل کو یہ محسوس ہو کہ غلط طرزعمل کی وجہ سے، تعلیمی پروگرام میں کافی حد تک انتشار پھیل گیا ہے، دوسروں کی خیروعافیت خطرے میں پڑ گئی ہے تو پرنسپل ان خلاف ورزیوں پر، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیج سکتے ہیں یا وہ پچھلی خلاف ورزیوں کے نتیجے میں، اسکول کی سطح پر کیئے گئے، اصلاحی اقدامات اختیار کر سکتے ہیں ۔ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی طرف جب بھی ریفرل بھیجا جاتا ہے، پرنسپل طالب علم کو دس دن تک کے لیئے، معطل کر سکتے ہیں ۔

(1) اسکول کی املاک پر غیر مجاز موجودگی یا FCPS کے عملے یا پولیس افسر کی طرف سے وہاں سے چلے جانے کی ہدایت ملنے پر فوری عمل میں ناکامی ۔

(2) طاقت یا خوف زدہ کیئے بغیر کسی دوسرے شخص کی املاک یا روپے پیسے کی چوری یا چوری کرنے کی کوشش ۔

b. درج ذیل خلاف ورزیوں کا نتیجہ اسکول سے پانچ دن تک کی معطلی کی صورت میں نکل سکتا ہے تاوَقتیکہ پرنسپل ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل نہیں بھیجتے، اس صورت میں پرنسپل دس دنوں تک معطل کر سکتے ہیں ۔

(1) طاقت یا خوف زدہ کرکے کسی دوسرے شخص کی املاک یا روپے پیسے کی چوری یا چوری کرنے کی کوشش ۔

(2) اسکول کی املاک کو دیدہ و دانستہ نقصان پہنچانا یا نقصان پہنچانے کی کوشش کرنا ، یا اسکول کی املاک چرانا ۔

(3) اسکول کی کسی عمارت کو، اسکول کی املاک کو یا اسکول کے زیرِ اہتمام ہونے والی کسی سرگرمی میں کسی بھی طرح کی غارتگری، آتش زنی یا بم چلانے، جلانے، نقصان پہنچانے یا برباد کرنے کی دھمکی یا جھوٹی دھمکی ۔

(4) کسی دوسرے فرد کی نسخہ جاتی دوا کی چوری کی کوشش ورجینیا کوڈ کے مطابق پولیس کو رپورٹ کی جائے گی جہاں طالب علم کی دوا( ادویات) کی چوری کی کوشش کی گئی ہے ۔

5. اسلحہ کی خلاف ورزیاں

طلباء سے توقع کی جاتی ہے کہ اگر وہ اسکول کی املاک یا اسکول کے زیراہتمام کسی سرگرمی میں میں کوئی اسلحہ دیکھیں یا وہ اسلحہ کی موجودگی سے باخبر ہوں تو وہ اسکی رپورٹ فوری طور پر اسکول کے عملہ کو دیں ۔ ایسا کرنے سے دوسرے طلباء ، اسکول کے عملے کی خیر و عافیت کو محفوظ رکھتے ہیں ، اگر ہتھیار رکھنے والا طالب علم خود ہی خبردینے والا ہو تو پرنسپل کی طرف سے ہمدردانہ غور کرنے یا ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کے خصوصی حالات دریافت کرنے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں ۔

a. قانونی ہتھیار کا استعمال یا تصرف

(1) اسکول کی املاک پر یا اسکول کے زیراہتمام کسی سرگرمی میں قانونی اسلحہ (جیسا کہ ذیل میں واضح کیا گیا) کا تصرف یا استعمال دس دن تک اسکول سے معطلی پر منتج ہو سکتا ہے اور ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجا جائے گا، جو کہ ایک سال کی مدت تک اخراج کی سفارش پر غور کر سکتے ہیں ۔ اس دستاویز میں "قانونی ہتھیار" کے درج ذیل معنی ہوں گے:

(a) کوئی پستول، ریوالوریا کوئی اور ہتھیار یا جسے آتش گیر مواد کے دھماکے کے عمل کے ذریعے کسی قسم کے میزائل کو چلانے کیلئے بنایا گیا ہو یا کرنا مقصود ہو ۔

(b) ایسا ہتھیار، بشمول سٹارٹر گن، جسے ایک یا زائد پروجیکٹائل کو آتشگیر مواد کے دھماکے کے عمل کے ذریعے پھینکنے کیلئے بنایا گیا یا کیا جائے گا یا جو فوری طور پر ردوبدل ہو سکتا ہے یا ایسے کسی بھی ہتھیار کا فریم یا ریسیور۔

(c) کوڈ اف ورجینیا کے سیکشن 15.2-915.4 ، میں واضح کی گئی، ہوائی دباؤ والی گن بشمول BB gun، پینٹ بال گن یا چھروں والی گن ۔

(d) کوڈ آف ورجینیا کے سیکشن 22.1-277.07، میں واضح کیا گیا، کوئی بھی تباہ کن آلہ بشمول دھماکہ خیز مواد ، آتشگیر مواد ، زہریلی گیس ، بم ، دستی بم اور فہرست میں موجود دیگر آلات و ہتھیار ۔

(e) آتشیں اسلحہ کا مفلر یا سائلنسر

(2) خصوصی حالات

قطع نظر دی گئی دفعات کے ، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ اس امر کا تعین کرنے کے لیئے، ایک سماعت منعقد کریں گے کہ کیا اخراج کے سوا کوئی اور انضباطی اقدام زیادہ موزوں ہے۔ کسی مخصوص معاملہ کے حقائق کی بنیاد پر، اسکول بورڈ یا ڈویژن سپرنٹنڈنٹ یہ تعین کر سکتے ہیں کہ مخصوص حالات موجود ہیں اور یہ کہ کوئی اور دوسرا تادیبی اقدام موزوں ہوگا ۔ کوڈ آف ورجینیا کے مطابق قانونی اسلحے کی تمام خلاف ورزیاں پولیس کو رپورٹ کی جائیں گی ۔

b. کمانی دار چاقو، خنجر، اور بعض دوسری چھریوں کا تصرف یا استعمال

درج ذیل خلاف ورزیوں کا نتیجہ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنے کی صورت میں نکل سکتا ہے اور پرنسپل دس دن تک کے لیئے، معطل کر سکتے ہیں ۔

اسکول کی املاک پر یا اسکول کے زیر اہتمام سرگرمی میں خنجر، کسی کمانی دار چاقو (قطع نظر لمبائی کے)، یا کسی تین انچ یا اس سے زیادہ دھار والی چھری کا تصرف یا استعمال ۔ تاہم اگر، طالبعلم پہلی بار (کسی اور ممنوعہ طرز عمل میں ملوث ہوئے بغیر) خنجر، کمانی دار چاقو یا کوئی دوسری تین انچ یا اس سے زیادہ دھار والی چھری کے ساتھ

پکڑا جاتا ہے اور ایسے کوئی شواہد نہ ہوں کہ طالب علم ایسے ہتھیار کسی دوسرے کو ڈرانے، دھمکانے یا نقصان پہنچانے کیلئے استعمال کرنے کا ارادہ رکھتا تھا تو تحریری ریکارڈ کا فوری جائزہ لیا جائے گا ۔

(1) ایسے حالات جس میں ڈویژن سپرنٹنڈنٹ تحریری ریکارڈ میں خصوصی حالات پاتے ہیں تو طالب علم درج ذیل موصول کرے گا: دس دنوں تک کی معطلی؛ آزمائشی شرائط؛ اور طالب علمی کی تمام سرگرمیوں سے عارضی طور پر معزولی جو 21 دنوں سے زیادہ نہیں ہو سکتی ، اس میں بطور شائقین یا سامعین شرکت کرنا شامل ہے ۔ طلباء مقابلوں یا ٹیموں ، کلبوں اور اسکول کے زیراہتمام دیگر سرگرمیوں میں حصہ نہیں لے سکتے ۔ طلباء کو جلسہ تقسیم اسناد اور گریجویشن کی تقریب میں شرکت کرنے کی اجازت مل سکتی ہے اگرچہ وہ سرگرمیوں سے عارضی طور پر معزولی کی مدت میں آتے ہیں ۔ بعض خلاف ورزیوں کے نتیجے میں طالب علم گریجویشن کی تقریب میں شرکت کرنے کا اہل قرار نہیں دیا جائے گا ۔

(2) ایسی صورت جس میں ڈویژن سپرنٹنڈنٹ تحریری ریکارڈ میں خصوصی حالات نہ پائے تو اس بات کے تعین کے لیئے کہ کون سی تادیبی کارروائی کو، اگر کوئی ہے، لاگو کرنا چاہیئے، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ایک سماعت کا انعقاد کرنا چاہیئے جو کہ اس ریگولیشن کے تحت طالب علم کے اسکول بورڈ سے اپیل کرنے کے حق سے مشروط ہو۔

(3) دوسرے ہتھیاروں کا استعمال

درج ذیل خلاف ورزیوں کا نتیجہ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنے کی صورت میں نکل سکتا ہے اور پرنسپل دس دن تک کے لیئے، معطل کر سکتے ہیں ۔

کسی دوسرے ہتھیار (جیسا کہ نیچے درج ذیل واضح کیا گیا ہے) کا یا بطور ہتھیار کسی دوسری شے کا ناجائز استعمال جو دوسرے کو دہشت زدہ کرنے، دھمکانے یا نقصان پہنچانے کے لیئے کیا گیا ہو۔

c. دیگر ہتھیاروں کا تصرف

درج ذیل خلاف ورزیوں کا نتیجہ اسکول سے پانچ دن تک کی معطلی کی صورت میں نکل سکتا ہے تاوَقتیکہ پرنسپل ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل نہیں بھیجتے، اس صورت میں پرنسپل دس دنوں تک معطل کر سکتے ہیں ۔

کسی بھی دیگر ہتھیار کا تصرف ۔ یہاں"دیگر ہتھیار " کی اصطلاح سے مراد کسی بھی قسم کی کوئی ایسی چیز ہے (قانونی ہتھیار یا باب II.A.5.b میں بیان کردہ ہتھیاروں کے علاوہ) جو کسی دوسرے فرد کو دہشت زدہ کرنے اور/ یا نقصان پہنچانے کے لیئے، استعمال کی جائے ۔ دیگر ہتھیاروں کی مثالوں میں یہ سب شامل ہیں ، لیکن یہ صرف ان ہی تک محدود نہیں: تین انچ کے پھل سے کم والی کسی بھی قسم کی چھری ( کمانی دار چاقو کے علاوہ) ، نن چکو ، پیتل کا پنجہ ، سپرنگ والی چھڑی ، نشانہ باندھ کرمارنے والے ستارے ، بے حس کر دینے والا ہتھیار ، ٹیزر ، گرز ، مرچوں کی پھوار ، گولہ بارود ، چھروں والی بندوق ، استرے کا پھل ، کوئی میخوں والے لوازمات ، میخوں والے کالر ، زنجیروں والے کالر یا لباس کے جیسی شے؛ اور کوئی ایسی چیز جو قانونی ہتھیار جیسی نظر آنے کیلئے ایجاد کی گئی ہو (لیکن اس طرح کام نہ کرے) ، جیسا کہ نقلی ہینڈ گن ۔

d. قانون اور پالیسی

یہ سیکشن ہتھیار سے پاک اسکول ایکٹ (دیکھیئے کوڈ آف ورجینیا سیکشن 22.1-277.07) کے ساتھ ساتھ FCPS کی اپنی پالیسی[16] پر عمل درآمد کراتا ہے جو طلباء کو تمام قسم کے ہتھیاروں کے استعمال یا تصرف کی آزادانہ ممانعت کرتا

[16] کوڈ آف ورجینیا ، بشمول سیکشن 22.1-277.07:1. کی رُو سے FCPS کو ہتھیاروں سے متعلق ، اپنی پالیسی کا اختیار حاصل ہے ۔

ہے، ماسوائے اس کے کہ اسکول حکام نے نصاب کے حصہ کے طور پر یا سرکاری طور پر منظور شدہ سرگرمیوں کے لیے واضح طور پر اس کا اختیار دیا ہو ۔

**B.** کوڈ کی بعض خلاف ورزیوں سے متاثرہ طلباء کے بارے میں پولیس اور والدین/ سرپرست کو رپورٹ کرنا

1. لازمی رپورٹ جیسا کہ کوڈ آف ورجینیا کے سیکشن 22.1-279.3:1(B)(1) میں قراردیا گیا ہےکہ پرنسپل ، مناسب انضباطی کارروائی کے ساتھ ، فوری طورپرمحکمہ پولیس کو ایسے واقعہ کے بارے میں مطلع کرے گا جس میں اسکول کی بس میں ، اسکول کی املاک میں ، یا اسکول کے زیر اہتمام سرگرمی میں شراب ، بھنگ یا چرس ، ممنوعہ ادویات ، نقلی ممنوعہ منشیات ، یا اینابولک سٹیرائیڈ پائے جائیں ، یا طالبعلم کی نسخہ جاتی ادویات چوری کی گئی ہو یا چوری کی کوشش کی گئی ہو ، جو سنگین جرم کے مترادف ہے ۔ ان حالات میں جبکہ پرنسپل اس بات کا تعین کرنے سے قاصر ہیں کہ آیا یہ واقعہ قانون کی خلاف ورزی کے زمرے میں آتا ہے یا نہیں تو اس صورت میں پرنسپل ، پولیس کو کسی جرم کی اطلاع دینے سے پہلے اس بات کا تعین کرنے کے لئے کہ آیا یہ واقعہ قانون کی خلاف ورزی کے زمرے میں آتا ہے یا نہیں ، ڈویژن کونسل سے یا ڈویژن کونسل کے نامزد کردہ باہر کے مشیر سے مشورہ کریں گے ۔

اس کے علاوہ، جیسا کہ کوڈ آف ورجینیا کے سیکشن 22.1-279.3:1(B)(2) میں قراردیا گیا ہے کہ پرنسپل مناسب انضباطی کارروائی کے ساتھ ساتھ ، محکمہ پولیس کو ایسے واقعات کی اطلاع دے گا جس میں اسکول بس میں ، اسکول کی املاک پر یا اسکول کے زیر اہتمام کسی سرگرمی میں (i) جنسی مجرمانہ حملہ ، موت ، فائرنگ ، چاقو زنی ، کاٹ ڈالنے ، یا کسی شخص کو زخمی کرنے ، کسی شخص کو اغواء کرنا پایا جائے جیسا کہ کوڈ آف ورجینیا کے 18.2-47 یا کوڈ آف ورجینیا کے 18.2-48 میں بیان کیا گیا ہے، یا کسی شخص کا پیچھا کرنا پایا جائے ،جیسا کہ کوڈ آف ورجینیا کے18.2-60.3 میں صراحت کی گئی ہے، (ii) اسکول کے اہلکار کو اسکول بس میں، اسکول کی املاک پر یا اسکول کے زیراہتمام سرگرمی میں تحریری دھمکی دی گئی ہو ، ماسوائے اس کے کہ ایک معذور طالبعلم کی جانب سے دی گئی ہو؛ (iii) غیر قانونی آتشیں اسلحہ لے کراسکول کی املاک میں پھرنا، جیسا کہ کوڈ آف ورجینیا کے 22.1-277.07 میں بیان کیا گیا ہے؛ (iv) اسکول کی بس میں ، اسکول کے املاک پر یا اسکول کے زیر اہتمام کسی سرگرمی میں کوئی غیر قانونی حرکت کرنا جس میں فائر بم ، دھماکہ خیز مواد یا آلات ، یا نقلی دھماکہ خیز آلات ، جیسا کہ کوڈ آف ورجینیا کے سیکشن 18.2-85 میں بیان کئے گئے ہیں ، یا دھماکہ خیز یا آتش گیر آلات جیسا کہ کوڈ آف ورجینیا کے سیکشن 18.2-433.1 میں صراحت کی گئی ہے، یا کیمیائی بم جیسا کہ کوڈ آف ورجینیا کے سیکشن 18.2-87.1 میں بیان کیا گیا ہے ؛ اور(v) اسکول کے عملہ کے خلاف، اسکول کی املاک یا اسکول کی بسوں کے بارے میں بم کی دھمکیاں دینا یا جھوٹی دھمکیاں دینا جیسا کہ کوڈ آف ورجینیا کے سیکشن 18.2-83 میں بیان کیا گیا ہے ۔

کوئی بھی طالب علم جو کوئی ایسی خلاف ورزی کرتا ہے جس کی رپورٹ کرنا لازمی ہے، اسے ان انضباطی اقدامات کے علاوہ جو اس کے خلاف کیے جائیں گے ، اسے انسدادی اور اصلاحی پروگراموں میں لازمی طور سے شرکت کرنا ہو گی، جو اسکول کے عملے کے افراد تجویز کریں گے ۔

ایسی کوئی چیز جس کے بارے میں یہ شبہ ہو کہ وہ چرس ہے یا کوئی منضبط نشہ آور مواد ہے، محکمۂ پولیس کے حوالے کر دی جائے گی۔

2. اسکول ریسورس آفیسرز (SROs) کا [17] بنیادی کردار قانون نافذ کرنے والے افسر کے طور پر ہوتا ہے۔ یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ پسماندہ کمیونٹیز اور جنہوں نے کسی صدمے کا سامنا کیا ہوتا ہے، انہیں اسکول میں قانون نافذ کرنے والے ممبران کے موجود ہونے سے پریشانی ہوسکتی ہے ۔ فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز اور فیئر فیکس کاؤنٹی پولیس ڈیپارٹمنٹ کے مابین شراکت داری، جیسا کہ School and Law Enforcement Partnership میں بیان کیا گیا ہے، اس کا مقصد باہمی احترام اور تفہیم کے تعلقات کو فروغ دینا ہے تاکہ اسکول میں ایک مثبت اور محفوظ تعلیمی ماحول بنایا جا سکے۔ SROs اسکول کے معمول کے معاملات میں شامل نہیں ہوں گے جیسے کہ انتظامی کارروائیاں یا ایسی کارروائیاں جن کا تعلق براہ راست طلباء اور عملے کی حفاظت سے نہیں ہوتا ۔ SRO اسکول کے انضباطی عملے کی حیثیت سے کام کرنے سے پرہیز کریں گے اور اسکول کے انضباطی معاملات میں مداخلت نہیں کریں گے ۔

[17] صرف معلومات حاصل کرنے کے لیئے، مکمل SRO MOU اس ویب سائٹ پر ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔ https://www.fcps.edu/node/36886

طالب علم کے نظم و ضبط کی ذمہ داری اسکول فیکلٹی اور انتظامیہ پر رہے گی ۔ کسی بھی وقت اگر اسکول انتظامیہ کو، حفاظت کے حوالے سے کوئی ایسی تشویش ہوتی ہے، جو اسکول کے سیفٹی اینڈ سیکورٹی عملے سے سنبھالی نہ جا سکے، SRO شامل ہو سکتے ہیں، جس کا اسکول کے منتظم کو معقول یقین ہو کہ اس سے خود کو یا دوسروں کو کافی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اس طرح کے پریشان کن رویوں میں درج ذیل مثالیں شامل ہوسکتی ہیں، لیکن ان تک محدود نہیں: حملہ ، اسکول کے طریقہ ہائے کار میں مداخلت جو دوسروں کی حفاظت میں رکاوٹ بنے ، اسلحہ رکھنے والے طالب علم کو غیر مسلح کرنے کی ضرورت یا کسی نامعلوم مادے کو ہٹانا ۔

FCPS کے منتظمین کی جانب سے طلباء کو انضباطی کارروائی کے مقصد کے تحت پوچھ گچھ کے موقع پر، نہ تو ریسورس افسر اور نہ ہی کسی دوسرے پولیس افسر کو موجود ہونا چاہیے ، جب تک کہ FCPS کے منتظمین کو تحفظ کے حوالے سے تشویش ہوکہ اسے یا دوسروں کو قابل ذکر خطرہ لاحق ہوسکتا ہے ۔ طلباء کے ممکنہ ممنوعہ طرز عمل کے واقعات ، جن میں مجرمانہ جرائم بھی شامل ہیں ، میں ملوث ہونے کے نتیجے میں کی جانے والی کارروائیوں کے دوران ، جب تک، پولیس کی ہدایات کے مطابق طلباء کے ساتھ پولیس کے انٹرویو مکمل نہیں ہو جاتے اور پرنسپل اس بات کی تصدیق نہیں کر دیتے کہ FCPS کے منتظم انٹرویوز لے سکتے ہیں ، FCPS کے منتظمین طلباء سے انٹرویو مؤخر کردیں گے (ان واقعات میں درج ذیل حالات شامل ہیں: خطرہ سر پر کھڑا ہو، جیسے کہ ہتھیار؛ کوئی گھناؤنا یا شدید طرزعمل؛ یا جہاں ورجینیا کے قانون کے مطابق قانون نافذ کرنے والے ادارے کو فوری طور پر اطلاع دینی ضروری ہو) ۔

3. اسکول میں یا اسکول کی املاک پر، SROs کے علاوہ، پولیس افسران کی جانب سے طلباء سے مبینہ غیر قانونی سرگرمیوں کے بارے میں پوچھ گچھ کے لیئے، ریگولیشن 2616 , پولیس کی طلباء سے پوچھ گچھ کے حالیہ نسخہ میں بیان کردہ ، پولیس کی جانب سے طلباء سے پوچھ گچھ ، کی شرائط کو پورا کیا جانا ضروری ہے ۔

4. پرنسپل والدین/ سرپرست کو ایسے نابالغ طالب علم کے بارے، میں فوری اطلاع دیں گے جو اس دفعہ B کی ذیلی شق 1 کے بیان کے مطابق، مجرمانہ حملہ کا شکار ہوا ہے یا مطلوبہ شکار ہے ۔

**C.** انضباطی اقدامات اور اصلاحات؛ والدین / سرپرست کو اطلاع

1. حقائق کے تعین کرنے اور پابندیوں کا اطلاق کرنے کے طریقۂ کار

ماسوائے ایسی صورت میں کہ جب ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھجوانا درکار ہو، پرنسپل ممنوعہ طرزعمل کے ہر معاملہ میں مناسب انضباطی کارروائیوں کا تعین کریں گے اور دیگر مناسب عملہ کے ارکان سے معاونت کی درخواست کر سکتے ہیں ۔ طلباء اور گھرانوں کو، اس بات سے آگاہ رہنا ضروری ہے کہ اسکول کے عملے کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اسکول میں ایک محفوظ اور تحفظ سے بھرپور ماحول قائم رکھنے کے لیئے، طلباء سے پوچھ گچھ کر سکتے ہیں اور اگرچہ معلومات حاصل کرتے وقت اسکول کے عملے کے پاس قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں جتنا اختیار نہیں ہوتا ، اس طرح کے سوالوں پر طالب علم کی طرف سے کوئی بھی جواب ، چاہے وہ زبانی ہو یا تحریری ، رضاکارانہ طور پر ہوتا ہے ۔ انضباطی کارروائی کے معاملات میں تمام طلباء کو حقائق کا تعین کرنے اور پابندیاں عائد کرنے میں موزوں اور مناسب قانونی عملداری اور منصفانہ طریقۂ کار کا حق حاصل ہے ۔

a. گواہ سمیت طالب علموں سے، واقعے کے بارے میں زبانی وضاحت اور انفرادی تحریری بیان دینے کے لیئے، پوچھا جا سکتا ہے تا کہ ہر کوئی واقعے سے متعلق اپنے الفاظ میں معلومات ریکارڈ کروا سکے ۔ طالب علموں کو بتایا جائے گا کہ تحریری بیان دینا رضاکارانہ ہے ۔ البتہ، آٹھ سال یا اس سے کم عمر طالب علم سے تحریری بیان دینے کے لیئے، نہیں کہا جائے گا ۔

b. ایسی صورت میں کہ جب اسکول انتظامیہ کے پاس یہ یقین کرنے کی معقول وجہ موجود ہو کہ طالب علم کی طرف سے سرزد ہونے والے جرم کے نتیجے میں ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنا مقصود ہو گا یا طالب علم نے منشیات کے حوالے سے کوئی خلاف ورزی کی ہے تو ما سوائے ایسی صورت میں کہ اگر اسکول انتظامیہ کو یقین ہو کہ طالب علم یا دیگر افراد کو کوئی فوری خطرہ لاحق ہے یا ثبوت کے کھو جانے یا ضائع ہو جانے کا

خطرہ ہو، طالب علم سے مبینہ جرم کے بارے میں سوال جواب شروع کرنے سے پہلے، اسکول انتظامیہ طالب علم کے والدین یا سرپرست کو جلد از جلد اطلاع دینے کی معقول کوشش کریں گے (مثال کے طور پر فون، ای میل، ٹیکسٹ) ۔ جب تک کہ والدین / سرپرست کو اطلاع نہیں دے دی جاتی ، اسکول انتظامیہ کا کوئی بھی رکن طالب علم سے جرم کے بارے میں، کوئی بھی تحریری بیان دینے یا اس پر دستخط کرنے کے لیئے، نہیں کہیں گے ۔ ایسی صورت میں کہ اگر اسکول انتظامیہ کا کوئی اہلکار والدین کو اطلاع دینے سے قبل ، غلطی سے طالب سے تحریری بیان لے لیتے ہیں یا دستخط کروا لیتا ہے تو یہ تحریری یا دستخط کردہ بیان سماعتی دفتر یا اسکول بورڈ کو، فراہم نہیں کیا جائے گا ۔ وقت ، تاریخ اور طریقہ کار سمیت اسکول انتظامیہ والدین کواطلاع فراہم کرنے کی کوششیں ریکارڈ کریں گے، جو اسٹوڈنٹ انفارمیشن سسٹم (SIS) میں رابطے کی منظور شدہ معلومات کے طور پر درج کروائی گئی ہیں ۔ یہاں پر بیان کردہ کسی بھی عمل سے ، اسکول کے منتظم کے ضروری احکام کی توضیح نہیں ہوتی: (i) طالب علم سے پوچھ گچھ کرنے کے لیئے، والدین یا سرپرست کی رضامندی حاصل کرنا؛ (ii) والدین یا سرپرست کی طرف سے اطلاع مل جانے کی تصدیق ہو جانے تک طالب علم سے پوچھ گچھ کرنے سے گریز کرنا (iii) والدین یا سرپرست کی ہدایت یا اس طرح کی ترجیح کے باوجود ، والدین کی موجودگی کے بغیر طالب علم سے پوچھ گچھ کرنے سے گریز کرنا ۔

c. سوائے اشد ضروری حالات کے، اسکول منتظمین SRO کو طالب علم کی خلاف ورزی کی رپورٹ دینے سے پہلے طالب علم کے والدین / سرپرست کو اطلاع دینے کی معقول کوشش کریں گے ، تاآنکہ قانون کسی دوسری صورت کا تقاضا کرے ۔ جب قانون کے تحت ، پرنسپل طالب علم کے کسی مخصوص خراب طرز عمل کی اطلاع پولیس کو، دینے کے پابند ہوں تو اس صورت میں اسکول کے عہدیدار ان قانونی تقاضوں کو پورا کریں گے اور طالب علم کے والدین یا سرپرست کو ، فوری اطلاع دینے کی معقول کوششیں کریں گے ۔ اسکول کے عہدیدار SRO اور والدین یا سرپرست کو اطلاع دینے کی کوششوں کی تحریری رپورٹ دیں گے ۔

d. والدین یا سرپرست سماعت کے طریقِ کار کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں ، انہیں ڈویژن سپرنٹنڈنٹ سےرابطہ قائم کرنا چاہیئے ۔

e. کسی بھی ممنوعہ طرز عمل سے متعلق صورت حال میں پرنسپل پانچ دنوں کی معطلی نافذ کرسکتے ہیں یا ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیج سکتے ہیں ، جب پرنسپل کو یہ یقین ہو کہ ایسا کرنا ضروری ہے ۔ پرنسپل اس بات کا اطمینان کرنے کے لئے کہ مناسب اصلاحی اقدامات اور پیروی کے تمام اقدامات کرلئے گئے ہیں ، ہر واقعہ کی نگرانی کریں گے ۔

f. SR&R کی دیگر دفعات اور پرنسپل، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ یا اسکول بورڈ کی کسی بھی وقت نظر ثانی اور منسوخی سے مشروط ہونے کے باوجود ، پرنسپل اپنی صوابدید پر جب تک اسکول ڈویژن حکام کی طرف سے حتمی انضباطی فیصلہ نہ ہو، معطل طالب علم کو اسکول ، تعلیمی پروگرام کے منتخب حصے میں شرکت کی اجازت دے سکتے ہیں ، تاہم یہ پرنسپل کی ہدایات کردہ کچھ حدود و قیود سے مشروط ہے ۔

g. مذکورہ بالا کے باوجود ، اس دستاویز میں ایسا کچھ نہیں جو پرنسپل کے اختیار کو کم کرنے سے تعبیر کرے: (i) اسکول یا اسکول کے زیراہتمام سرگرمی کے سلسلے میں، طلباء اور دیگر افراد کی صحت و سلامتی برقرار رکھنے کیلئے، یا (ii) کسی بھی واقعے کے بارے میں حقائق کی چھان بین کیلئے ۔ پرنسپل ایک معقول اور نیک نیتی کیساتھ ایسا کریں گے اور وہ اسکول میں سب کے حقوق اور ذمہ داریوں کے احترام کیلئے جوابدہ ہونگے ۔

2. اسکول سے معطلی کے بغیر ہونے والے اصلاحی اقدامات

پرنسپل کی منظوری اور تمام متعلقہ طلباء کی رضا مندی کے ساتھ ، تنازعات کو سلجھانے یا طالب علم کے طرزعمل کو ٹھیک کرنے کے لیئے، طلباء کو مؤثر انصاف کی کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی جا سکتی ہے ۔ یہ ممنوعہ طرزعمل پر انضباطی کارروائی کو خارج ازامکان نہیں کرتا ۔

FCPS مثبت رویوں کے نقطۂ نظر کو فروغ دیتا ہے اوراسکول حکام ہر طالب علم کو اسکول کے قواعد سمجھانے اوراس کے طرزعمل کے دوسروں پر اثرات کو سمجھانے کے لیئے جانفشانی سے کام کرتے ہیں ۔

a. منظور شده اصلاحی اقدامات کی مثالیں مندرجہ ذیل ہیں:

(1) متوقع رویہ کا جائزہ لینا / دوبارہ پڑھانا ۔

(2) طالب علم استاد کانفرنس اور طرزعمل پر سوچ بچار

(3) والدین یا سرپرست کے ساتھ کانفرنس

(4) والدین / سرپرست اپنے طالبعلم کے ساتھ ایک دن اسکول میں گزارتے ہیں

(5) طرزعمل کا معاہدہ

(6) اسکول کونسلر کے ساتھ مل کر تنازعہ کا حل نکالنا

(7) اسکول کے سماجی کارکن یا ماہر نفسیات کو ریفرل بھیجنا

(8) FCPS کے AOD کے اصلاحی پروگرام کیلئے ریفرل

(9) طرزعمل کے اصلاح کی خدمات ، طرزعمل کے اصلاح کے ٹیچر (BIT) کو ریفرل بھیجنا

(10) کمیونٹی ریسورسز کو ریفرل بھیجنا

b. منظورشده انضباطی اقدامات کی مثالیں درج ذیل ہیں :

(1) طالب علم کی ذمہ داریوں کے بارے میں اس سے تنہائی میں باز پرس اورکونسلنگ ۔

(2) تحویل بعد از اسکول ماسوائے شدید حالات کے، طالب علم کو اس کارروائی کے بارے میں پیشگی نوٹس دیاجانا چاہئے۔ جب طالب علم کو اسکول کے بعد روکنا تفویض کیا جاتا ہے تو والدین / سرپرست کو مطلع کیا جاتا ہے۔

(3) ایک معینہ مدت کیلئےطالبعلم کی تمام مراعات (بشمول پارکنگ ، سینیئرز کو ملنے والی سہولتیں، اور طلباء کو ملنے والی دوسری سہولتیں، طالبعلمی کی سرگرمیاں بشمول ٹیمیں ، کلب ، اور اسکول کے زیر اہتمام ہونے والی دوسری تمام سرگرمیاں) سے معطلی ۔

(4) آزمائش ۔ آزمائش میں ڈالے جانے کا مطلب یہ بتانا ہے کہ طالبعلم کا طرز عمل ناقابل قبول رہا ہے اور اسے بہتر کرنا ضروری ہے۔ طالب علم کے والدین / سرپرست کے ساتھ ملاقات کے بعد جس میں آزمائش کی شرائط و ضوابط کی وضاحت کی جاتی ہے ، پرنسپل طالب علم کو آزمائشی مدت میں ڈال سکتے ہیں ۔ آزمائشی مدت ڈالے جانے پر پرنسپل والدین یا سرپرست کوبھی تحریری طورپر مطلع کریں گے اورانہیں آزمائشی مدت کی وجوہات اوراس آزمائشی مدت کی اختتامی تاریخ بھی بتائیں گے۔ آزمائشی شرائط کی مدت ایک تقویمی سال سے زیادہ نہیں ہوگی ، ماسوائے اس کے کہ طالب علم ان میں سے کسی ایک یا زیادہ شرائط کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوتا ہے ۔

(5) کلاس سے علحیدگی خلل آمیز طرزعمل جو تعلیمی ماحول میں مداخلت کرے یا مخل ہو، کی وجہ سے، درج ذیل پیمانے کو استعمال کرتے ہوئے، اساتذہ کو طالبعلم کو کلاس سے نکالنے کا ابتدائی اختیار حاصل ہے:

(a) طالب علم کے طرزعمل سے پیدا ہونے والی مداخلتوں اور رکاوٹوں سے پاک تعلیمی ماحول بحال کرنے کے لئے طالب علم کی علحیدگی ضروری ہے ۔

(b) طالب علم کی علحیدگی تب کی جاتی ہے جب استاد یا انتظامیہ کے اصلاحی اقدامات خلل انداز طرزعمل کو ختم کرنے میں ناکام ہو جائیں ۔ تاہم ، اسکول سے معطلی کا جواز بن سکنے والا طرزعمل طالب علم کو اسکول سے فوری خارج نہیں کرے گا ۔

(c) طالب علم کی قواعدوضوابط کی خلاف ورزی کے رویے کے سبب اسکی اسکول سے موقوفی ایک موزوں ردعمل ہے ۔

(d) جب استاد کی سفارش یہ ہے کہ طالبعلم کو ایک دن کے لیئے، اسکول اور چند مسلسل دنوں کے لیئے، اسے ایک ہی کلاس سے ہٹا دینا چاہیئے تو استاد والدین یا سرپرست کو طالب علم کے طرزعمل اور کلاس سے علحیدگی کا تحریری نوٹس دیں گے۔

(6) متبادل تدریسی انتظام (AIA) طالب علم کو اس کی باقاعدہ کلاسوں کے شیڈول سے الگ کیا جا سکتا ہے اور طالب علم کو معینہ مدت کے لیئے، اسکول کے آدھے تعلیمی دن سے کم وقت کے لیئے، اسکول کے عملہ کے تربیت یافتہ رکن کی زیر نگرانی تعلیمی پروگرام کے لئے بھیجا جاتا ہے۔

(7) اسکول کے اندر معطلی (ISS) طالب علم کو اسکی کلاسوں کے باقاعدہ شیڈول سے الگ کیا جا سکتا ہے اور اسکول طالب علم کو معینہ مدت کے لیئے، آدھے تعلیمی دن یا زیادہ تعلیمی دنوں کے لیئے، اسکول کے عملہ کے کوالیفائیڈ اہلکار کی زیر نگرانی تعلیمی پروگرام کے لئے بھیج سکتا ہے۔

(8) AIA یا ISS میں بھیجے گئے طالب علم کو کام مکمل کرنے کے نتیجے میں فل کریڈٹ لینے کا موقع ملے گا اور پرنسپل ۔ والدین یا سرپرست کو تحریری انتظامات کی شرائط اور مدت کے بارے میں نوٹس بھیجیں گے ۔

ایسے طلباء جو یہ سمجھتے ہیں کہ اسکول عملے کی طرف سے کیے جانے والے فیصلے ان کے بہترین مفاد کے بر خلاف ہیں، وہ اپنی شکایات اساتذہ ، کونسلرز، یا اسکول کی انتظامیہ کو پیش کر سکتے ہیں ۔

3. K-3 گریڈ تک کے طلباء کی معطلی

کنڈرگارٹن سے تیسرے گریڈ تک کا کوئی بھی طالب علم خلاف ورزی کے نتیجے میں ، اسکول سے تین دن سے زیادہ معطل یا باہر نہیں نکالا جا سکتا، ماسوائے اس کے کہ اس طالب علم کے بارے میں درج ذیل کا تعین کر لیا گیا ہو: (i) اس نے کوئی قانونی ہتھیار اپنے پاس رکھا یا استعمال کیا ہو [جیسا کے بابII.A.5.a میں بیان کیا گیا ہے]؛ (ii) اس نے کوئی غیرقانونی ادویات اپنے پاس رکھی یا استعمال کی ہوں [جیسا کے باب II.A.3.d میں بیان کیا گیا ہے]؛ اسکول کی انتظامیہ کی جانب سے جووینائل کورٹ کو بھیجی جانے والی رپورٹ کے مطابق کسی طفلانہ جرم میں سزایابی یا ایک یا ایک سے زیادہ مجرمانہ جرائم کے الزام میں، جیسا کے کوڈ آف ورجینیا کے سیکشن (G) 16.1-260 میں بیان کیا گیا ہے، ملوث پایا گیا ہو؛ (iv) کسی دوسرے شخص کو جسمانی چوٹ پہنچانے یا چوٹ پہنچانے کا ارادہ رکھنے میں ملوث پایا گیا ہو؛ یا (v) سنگین حد تک SR&R کی خلاف ورزی کی ہو جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے: (i) ایسا خراب طرز عمل (بشمول مگر ان ہی تک محدود نہیں جسمانی، جذباتی اور نفسیاتی ضرر) جس کے نتیجے میں دوسرے فرد (افراد) کو شدید نقصان پہنچے یا کسی دوسرے فرد (افراد) کو شدید نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو جیسا کہ خطرہ کے

جائزہ میں تعین کیا گیا ہو ؛ یا (ii) طالب علم کی موجودگی سے اسکول، وہاں کے طلباء، عملے یا اسکول میں حاضر دیگر افراد کو مسلسل یا حد سے زیادہ خطرہ درپیش ہو؛ یا (iii) طالب علم کسی ایسے سنگین جرم میں ملوث ہو جو ایک مقررہ اصلاحی عمل میں درج کی گئی رپورٹ کے مطابق، مخصوص اصلاحات میں مسلسل ناکامی کی صورت میں نکلے۔ دفعہ (i) یا (ii) کی خلاف ورزی کرنے کی صورت میں، پرنسپل ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجیں گے اور اسکول سے دس دنوں تک کی معطلی بھی عائد کر سکتے ہیں ۔ دفعہ (iii) یا (iv) کی خلاف ورزی کرنے کی صورت میں جہاں پرنسپل ڈویژن سپریٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنے کا انتخاب کرتے ہیں، پرنسپل کو اسکول سے دس دنوں تک کی معطلی بھی عائد کرنی چاہیئے۔ SR&R کی باقی تمام خلاف ورزیوں کی صورت میں، پرنسپل اسکول سے صرف تین دن تک کی معطلی عائد کر سکتے ہیں، ماسوائے اس کے کہ ڈویژن سپریٹنڈنٹ یا اسکول بورڈ کی طرف سے سنگین حالات کا تعین کیا جائے؛ مذکورہ بالا کا اطلاق تب بھی کیا جا سکتا ہے جبکہ پرنسپل نے ڈویژن سپریٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنے کا انتخاب بھی کر لیا ہو۔

4. دس تعلیمی دن یا اس سے کم عرصے کی معطلی (قلیل مدتی معطلی)

a. اگرچہ کوڈ آف ورجینیا دس دنوں تک کی معطلی کی اجازت دیتا ہے، FCPS پرنسپل صاحبان کو اسکول کے پانچ دنوں کی معطلی کا صوابدیدی اختیاردیتا ہے ۔ جب اسکول کے پانچ دنوں سے زیادہ کی معطلی زیر غورہو تو ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنا لازمی ہے۔

b. طالب علم کو اس کے خلاف الزامات کا زبانی یا تحریری نوٹس دینے کے بعد ، اوراگر طالب علم الزامات سے انکار کرتا ہے تو اسکول کے عملے کے علم کے مطابق حقائق کی وضاحت اورطالب علم کواپنے نقطۂ نظر سے واقعات کے بیان کا موقع دینے کے بعد ، پرنسپل طالب علم کو پانچ دن یا اس سے کم عرصے کے لئے معطل کرسکتے ہیں ۔

c. مندرجہ بالا طریقہ پر عمل پیرا ہونے کے بعد، پرنسپل کسی طالب علم کو معطل کرسکتے ہیں اورمعطلی کے خاتمہ کے لیئے، شرائط مقرر کرسکتے ہیں بشرطیکہ معطلی کی کل مدت پانچ دنوں سے زیادہ نہ ہو۔ طالب علم کے اسکول میں دوبارہ داخلے کے سلسلے میں والدین یا / سرپرست کے ساتھ اسکول حکام کی ایک ملاقات ضروری ہوسکتی ہے۔ 12 مہینے کی مدت کے دوران تیسری بار معطلی کے بعد والدین یا سرپرست کے ساتھ اسکول کی ایک ملاقات ضروری ہوگی۔ طالب علم کو، کم از کم معطلی کی مدت کے دوران ، طلباء کی تمام سرگرمیوں بشمول ٹیمیوں، کلبوں اور اسکول کے زیر اہتمام دیگر سرگرمیوں سے بھی معطل کردیاجائے گا ۔

d. جب کسی طالبعلم کو معطل کیا جاتا ہے تو اسکول مندرجہ ذیل کام کرے گا:

(1) طالب علم کواس معطلی اور حق اپیل کے بارے میں مطلع کرنا ۔

(2) طالب علم کے والدین / سرپرست کو معطلی کے بارے میں مطلع کرنے کی معقول حد تک کوشش کرنا، والدین کو مطلع کرنا کہ معطلیوں کے بارے میں قواعد و ضوابط کی ایک نقل طالب علم کے ساتھ گھر بھیجی جارہی ہے، اورطالب علم کی گھر واپسی کا بندوبست کرنا ۔

(3) اس تعلیمی دن کے آخر تک، جب بھی ممکن ہو، لیکن آئندہ تعلیمی دن کے اختتام سے پہلے پہلے، بذریعہ U.S.ڈاک یا ممکن ہو تو بذریعہ ای میل بھی ، طالب علم کی معطلی ، اس اقدام کی وجوہات ، معطلی کی مدت ، حق اپیل، معطلی کے اختتام پر اسکول واپسی کے حق اور اس واپسی کے لیئے ، کوئی شرائط (جیسا واپسی کے لیئے مشاورت یا دیگر شرائط) کے بارے میں والدین یا سرپرست کو آگاہ کرنے کے لیئے، تحریری

نوٹیفیکیشن بھیجنا ۔ فراہم کردہ معلومات کےساتھ ، معطلیوں کے وضوابط کی ایک نقل اوراپیل کے حق کا نوٹس (ریگولیشن 2602 کا تازہ ترین نسخہ) اورکمیونٹی میں دستیاب دیگر تعلیمی پروگراموں اورمتبادل تعلیمی انتظامات کے بارے میں ، معلومات بھی بھیجی جائیں گی ۔

e. کسی طالب علم کو پانچ دن یا اس سے کم عرصے کے لیئے، معطل کرنے کے فیصلے کے بارے میں (آیا ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنے یا دوسری جگہ داخلے کی سفارش کے بغیر) اُس طالب علم کے والدین یا سرپرست یا اگر طالب علم کی عمر 18 برس یا اس سے زیادہ ہے، تو طالب علم خود پرنسپل کو اپیل کر سکتا ہے۔ پرنسپل

کو اپیل کا تحریری نوٹس جمع کرتے ہوئے اس قسم کی اپیل معطلی کے ابتدائی فیصلے کے بعد دو تعلیمی دن کے اندر کی جانی چاہیئے۔ تحریری نوٹس میں وہ وجوہات بیان کی جانی چاہئیں جن کی بنا پر معطلی کا فیصلہ واپس لیا جانا چاہیئے یا اس میں ترمیم کی جانی چاہیئے۔[18]

(1) والدین یا سرپرست کی جانب سے اپیل کی درخواست کی اطلاع موصول ہونے پر، پرنسپل طالب علم کواسکول میں اس وقت تک کے لئے بحال کر دیں گے جب تک کہ اپیل کا فیصلہ نہیں ہو جاتا ماسوائے ذیلی شرائط میں سے ایک کے تحت:

(a) پرنسپل اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ طالب علم کی اسکول میں بحالی سے دوسرے افراد کی ذات یا املاک کو خطرہ درپیش ہوگا، یا یہ اسکول کے تعلیمی پروگرام میں خلل اندازی کا مسلسل خطرہ موجود رہے گا۔

(b) معطلی ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنے کے نتیجے میں عمل میں آئی ہے اور ایسی صورت میں، طالب علم کی معطلی میں اُس وقت تک توسیع کی جا سکتی ہے جب تک کہ اُس کی طویل المدت معطلی، دوبارہ داخلے یا اخراج کا فیصلہ نہیں ہو جاتا۔ باب II.C.1.f میں بیان کردہ" انضباطی طریقۂ کار اور اصلاحی اقدامات" کے مطابق، پرنسپل کی صوابدید پر ہے کہ معطل ہونے والے طالب علم کو اسکول جاری رکھنے، اسکول کے کسی پروگرام کے طے شدہ حصے میں شرکت کی اجازت دیں ۔

(2) اگر پرنسپل معطلی کا فیصلہ برقرار رکھتے ہیں، اور والدین یا سرپرست اپیل کی کارروائی جاری رکھنا چاہتے ہیں، تو والدین دو دن کے اندر پرنسپل اورڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو تحریری طورپر اپیل کے بارے میں مطلع کریں گے، اورواضح طورپر یہ بیان کریں گے کہ معطلی کے فیصلے کو کیوں واپس یا ترمیم کردیا جانا چاہئے۔

(3) والدین یا سرپرست کی طرف سے اپیل کی تحریری درخواست کی وصولی کے بعد، افسر سماعت اپیل پر سماعت کیلئے شیڈول طے کر سکتے ہیں یا طالبعلم کے طرزعمل کے ریکارڈ کے معائنہ کی بنیاد پر اپیل کر سکتے ہیں ۔ اگر سماعت ہونا ہو تو فوراً والدین کے ساتھ اپیل پر سماعت کیلئے باہمی قابل قبول وقت طے کیا جائے گا ، اگر ایسا نہ ہو سکے تو والدین یا سرپرست کو، اگر عملی طور پر ممکن ہو، کم ازکم دو روز پہلے تحریری طور پر سماعت کی تاریخ ، وقت اور مقام اور طریقۂ کار کے بارے میں مطلع کیا جائے گا ۔ سماعت میں طالب علم کی نمائندگی ، صرف اس کے والدین اورمزید ایک بالغ فرد جو ایک قانونی مشیر، مذہبی پیشوا، یا کوئی سماجی کارکن وغیرہ ہو، کرسکتا ہے۔ سماعت کی کارروائی افسر سماعت کی زیرِ نگرانی ہوگی ۔ FCPS اسٹینوگرافی، ٹیپ یا دوسرے ذریعوں سے سماعتوں کا ریکارڈ تیار کریں گے ، اور اس کے علاوہ کسی قسم کی ریکارڈنگ کی اجازت نہیں ہوگی ۔ درخواست دینے پر طلباء ، ان کے والد یا والدہ اور ان کے نمائندگان کو سماعت کی کارروائی کی ریکارڈنگ کا جائزہ لینے کا موقع فراہم کیا جائے گا ۔ والدین یہ درخواست کر سکتےہیں کہ کوئی عدالتی رپورٹرنظم و ضبط کے بارے میں

[18] بنیادی طور پر، قلیل المدت معطلی کی اپیل کے ساتھ منسلک ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو بھیجے جانے والا ریفرل یا دوسری جگہ داخلے کی سفارش، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو بھیجی جانی چاہیئے۔

سماعت کا ہو بہو تحریری ریکارڈ تیار کرے ۔ ٹرانسکرپٹ کی تیاری کی درخواست اس وقت کی جانی چاہیئے جب سماعت کی تاریخ مقرر کی جائے اور ڈویژن سپرنٹنڈنٹ خفیہ معلومات کی نقول اور تدوین کے انتظامات کرے گا ۔ عدالتی رپورٹر کی حاضری اور ٹرانسکرپٹ کی تیاری کے اخراجات والدین یا سرپرست ادا کریں گے، اور اس قسم کی درخواست کی وجہ سے سماعت میں تاخیر نہیں کی جائے گی ۔

(4) اپیل کے بعد ایک سماعتی افسر فوراً والدین یا سرپرست کو اور پرنسپل کو تحریری طورپر اپنے فیصلے سے اورفیصلے کی وجوہات سے مطلع کریں گے ۔ اگرمعطلی کا فیصلہ منسوخ کر دیا جاتا ہے ، تو طالبعلم کا مجموعی ریکارڈ اوراسکول میں موجود دوسرے ریکارڈ اِس فیصلے کی عکاسی کریں گے ۔ اگر، سماعتی افسر معطلی کو برقرار رکھتے ہیں، تو معطلی نافذ کر دی جائے گی اور ایسا فیصلہ حتّمی ہو گا۔

(5) اپیل کے ایسے مقدمات میں جن میں اس مدت کے دوران جب افسر سماعت اپیل کا جائزہ لے رہے ہوں، طالب علم کو اسکول میں بحال نہیں کیا گیا ہو، طالب علم کو دس دن کی معطلی کے بعد اسکول میں بحال کردیا جائے گا اگر سماعتی افسر نے اپیل کا فیصلہ نہیں کیا ہے۔

f. عارضی ہنگامی معزولی

کوئی بھی ایسا طالب علم، جس کی موجودگی سے دوسرے افراد کی ذات یا ان کی املاک کو مسلسل خطرہ یا خلل اندازی کا اندیشہ موجود ہے، کو فی الفور اسکول سے نکالا جا سکتاہے، اوراس سلسلے میں نوٹس، حقائق کا بیان، اور "دس تعلیمی دن یا اس سے کم عرصے کے لئے معطلی (قلیل مدت معطلی)" کے تحت، اس کے بعد واقعات کے بارے میں طالب علم کو اپنا مؤقف پیش کرنے کا مطلوبہ موقع، جتنی جلدی عملی طورسے ممکن ہو، دیا جائے گا۔

5. ریکارڈز کا جائزہ

طالب علم جو نظم و ضبط کا تسلی بخش ریکارڈ برقرار رکھنے میں ناکام ہوتا ہے اور جس کے خلاف پہلے بھی انضباطی اقدامات اور/ یا اصلاحی اقدامات کیئے گئے ہیں، ریجنل اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ (RAS) کی طرف سے ریکارڈز کے جائزے لینے کا مدعا بن سکتے ہیں ۔ والدین یا سرپرست اور طالب علم کو طالب علم کے نظم و ضبط کے ریکارڈ، اسکول ہی میں کئے گئے تازہ ترین اصلاحی اقدامات ، اور دوسری متعلقہ معلومات کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا ۔ جائزے کے نتیجے کے طور پر، ایک موزوں متبادل تعلیمی ماحول میں آزمائش کی شرائط اور رضاکارانہ داخلہ کو شامل کرنے کیلئے RAS مزید اصلاحی اقدامات تجویز کر سکتے ہیں ۔ K-6 گریڈ کے طلباء کا معاملہ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کے پاس نہیں بھیجا جائے گا، تاوقتیکہ کے کہ وہ پہلی مرتبہ ریکارڈ کے جائزے کا سبب بنے ، ماسوائے اس کے کہ اس ریگولیشن کے تحت ریفرل درکار ہو، یا اگر طالب علم کی اسکول میں موجودگی دوسروں کی سلامتی کو خطرے میں ڈال دے ۔

6. متبادل تعلیمی پروگراموں کے لیئے ریفرل

اگر کوئی طالب علم باقاعدہ اسکول میں تعلیمی یا انضباطی ریکارڈ قائم نہیں رکھ سکتا ، تو اس کو رضاکارانہ بنیاد پر ایک مناسب متبادل تعلیمی پروگرام میں بھیجا جا سکتا ہے۔ پرنسپل تمام ضروری کاغذات منسلک کر کے، ایک نان ٹریڈیشنل اسکول پروگرامز الیکٹیو پلیسمنٹ ریفرل فارم (SS/SE-227) کو نان ٹریڈیشنل اسکول پروگراموں کے سینیئر ایڈمنسٹریٹر کے سامنے پیش کریں گے اور ایک مناسب پروگرام میں داخلے کے بندوبست کے لیئے، ایک اجلاس طے کیا جائے گا۔ تعلیمی سال کے دوران کسی بھی وقت ریفرل پیش کیئے جا سکتے ہیں ۔

اگر کوئی طالب علم خصوصی تعلیم کی سہولتوں کا مستحق ہے، تو طریقۂ کار کی معاونت کے رابطہ کار موزوں داخلے کا تعین کرنے کے لیئے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کے اجلاس کے دوران، متبادل اسکول کے نمائندوں کی شرکت کی درخواست کر سکتے ہیں ۔ مختلف پروگراموں کے چناؤ کے بارے میں مزید معلومات https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/nontraditional-schools-program پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں ۔

7. جب تک کہ کوئی مخصوص بد انتظامی عمل میں نہ آئی ہو، 11 سے 45 تعلیمی دنوں کے لیئے، (طویل مدتی معطلی[19])

جب ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجا جاتا ہے، پرنسپل ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کویہ سفارش کرسکتے ہیں کہ کسی طالب علم کو دس دنوں سے زیادہ عرصے کے لئے معطل کر دیا جائے۔ اگر نوٹیفیکیشن موصول ہونے کے دو دن کے اندر تحریری طور پر درخواست کی گئی ہے تو طلباء اور والدین یا سرپرست کو مجوزہ کارروائی اور اس کی وجوہات کا تحریری نوٹس فراہم کرنے کے بعد، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ اس طرح کی معطلی کی اجازت دے سکتے ہیں، جب کسی طالب علم کومعطل کیا جاتا ہے اور اس کا ایک ریفرل ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو بھی بھیجا جاتا ہے تو ایسا طالب علم اپیل کے التواء کے دوران، اسکول میں حاضر نہیں ہو سکتا یا اسکول کی کسی املاک پر نہیں آ سکتا ماسوائے اس کے کہ خصوصی اجازت ملے (i) ڈویژن سپرنٹنڈنٹ یا اسکول بورڈ یا (ii) پرنسپل کی طرف سے جو اسکول املاک میں اپنی صوابدید پر، طالب علم کو اسکول کے تعلیمی پروگرام کے مخصوص جزو یا AOD اصلاحی پروگرام یا مؤثر طرزعمل کے اصلاحی پروگرام میں شرکت کرنے کی اجازت دے سکتے ہیں ۔

a. جب ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو سماعت کی درخواست موصول ہوتی ہے، تو وہ فوراً والدین یا سرپرست کے ساتھ اپیل پر سماعت کے لیئے، باہمی قابل قبول وقت طے کریں گے، اگر اس میں ناکامی ہو تو والدین یا سرپرست کو، اگر عملی طور پر ممکن ہو، وہ کم از کم دو دن پہلے تحریری طور پر سماعت کی تاریخ، وقت اورجگہ اورطریقۂ کار کے بارے میں مطلع کریں گے ۔ سماعت میں طالب علم کی نمائندگی، صرف اس کے والدین اورمزید ایک بالغ فرد جو ایک قانونی مشیر، مذہبی پیشوا، یا کوئی سماجی کارکن وغیرہ ہو، کرسکتاہے۔ سماعت کی کارروائی کو FCPS اسٹینوگرافر، ٹیپ یا دوسرے ذریعوں سے ریکارڈ کریں گےاور اس کے علاوہ کسی قسم کی ریکارڈنگ کی اجازت نہیں ہوگی۔ درخواست دینے پر طلباء ، ان کے والدین یا سرپرست اور ان کے نمائندگان کو سماعت کی کارروائی کی ریکارڈنگ کا جائزہ لینے کا موقع فراہم کیا جائے گا ۔ والدین یہ درخواست کر سکتےہیں کہ کوئی عدالتی رپورٹرنظم و ضبط کے بارے میں سماعت کا ہو بہو تحریری ریکارڈ تیار کرے ۔ ٹرانسکرپٹ کی تیاری کی درخواست اس وقت کی جانی چاہیئے جب سماعت کی تاریخ مقرر کی جائے اور ڈویژن سپرنٹنڈنٹ خفیہ معلومات کی نقول اور تدوین کے انتظامات کرے گا ۔ عدالتی رپورٹر کی حاضری اور ٹرانسکرپٹ کی تیاری کے اخراجات والدین یا سرپرست ادا کریں گے، اور اس قسم کی درخواست کی وجہ سے سماعت میں تاخیر نہیں کی جائے گی ۔

b. جب طالب علم ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو بھجوائے گئے ریفرل کی زد میں ہوتا ہے تو ڈویژن سپرنٹنڈنٹ اسی سماعت میں تمام ممکنہ پابندیوں پر غور و فکر کریں گے (بشمول طویل المدت معطلی کسی اور جگہ تبادلہ اور/ یا اخراج)[20]۔

c. ریفرل سے متعلق ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی جانب سے، کی جانے والی سماعت کے اختتام پر اور ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کے آخری تحریری فیصلے کی روشنی میں، طالب علم کی اپنی موجودہ کلاسوں میں ممکنہ واپسی کا معاملہ (اگلے تعلیمی دن سے شروعات) ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی طرف سے، اسکول کے پرنسپل کی مشاورت کے ساتھ زیر غور لایا جائے گا۔ ماسوائے ایسی صورت میں کہ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ ایسا کرنے سے دوسروں

---

[19] طویل مدت معطلی کی تعریف کیلئے کی فرہنگ دیکھیئے ریگولیشن 2601

[20] اس ہی طرح ، طویل المدت معطلی کی اپیل کے ساتھ منسلک ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو بھیجے جانے والا ریفرل یا دوسری جگہ داخلے کی سفارش ، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو بھیجی جانی چاہیئے۔

کی خیروعافیت کو خطرہ لاحق ہو سکتا ہے یا اسکول میں کوئی متاثرہ فرد یا متاثرین موجود ہیں، جیسا کہ حملے یا جنسی ہراسانی کے معاملات میں ہوتا ہے، طالب علم کو اسکول واپس آنے کی اجازت منظور ہو جائے گی ۔

d. والدین یا سرپرست کی طرف سے کسی بھی اپیل کے حق کا اعتراف علیحدہ صفحہ پر دستخط کر کے یا فیصلے کے خط کے ساتھ ، الیکٹرانک نوٹی فیکیشن منسلک کر کے پیش کیا جائے گا، جس میں اپیل کے حق کا واضح طور پر اعتراف کیا گیا ہو اور والدین یا سرپرست کی ترجیحی زبان میں ہو۔ ایسی صورت میں کہ طالب علم کے والدین یا سرپرست بعد میں اسکول بورڈ کے سامنے،ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کے حتمی تحریری فیصلے کے خلاف اپیل دائر کرتے ہیں تو اس اپیل میں، طالب علم کو کلاسوں میں واپس آنے کی اجازت دینے کی درخواست اور والدین یا سرپرست کی طرف سے ان وجوہات کا ذکر، جن کی بنیاد پر وہ سمجھتے ہیں کہ طالب علم دوسروں کی خیروعافیت کے لیئے، خطرہ کا باعث نہیں بنے گا، شامل ہو سکتی ہیں، ما سوائے اس کے کہ اسکول میں کوئی متاثرہ فرد یا متاثرین موجود ہیں، جیسے کہ حملے یا جنسی ہراسانی کے معاملات میں ہوتا ہے۔ اسکول بورڈ کی طرف سے، ایک تین رکنی ایڈہاک کمیٹی، ریکارڈ کا جائزہ لینے کے بعد ، اپیل پر اسکول بورڈ کی طرف سے حتمی فیصلہ کرنے تک ، طالب علم کو کلاسوں میں واپس آنے کی اجازت دے سکتی ہے ۔

e. سماعت کے بعد، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ فوری طور پر والدین یا سرپرست اور پرنسپل کو فیصلے سے اور فیصلے کی وجوہات سے مطلع کریں گے اور بتائیں گے کہ والدین یا سرپرست کو پورےاسکول بورڈ کے سامنے تحریری طور پر اپیل کا حق حاصل ہے ۔ پورے اسکول بورڈ کے سامنے، پالیسی 2611 ، اسکول بورڈ کے سامنے سماعت اور اپیلیں پیش کرنے سے متعلق طریقہ کار کے حالیہ نسخے میں بیان کردہ طریقۂ کار کے مطابق اپیلیں پیش کی جانی چاہئیں ۔

f. اگرمعطلی میں توسیع کا فیصلہ اور سپرنٹنڈنٹ کی طرف سے تبادلہ یا اخراج کا فیصلہ بیک وقت ہوتے ہیں تو اسکول بورڈ توسیع کے لیئے، اپیل کو تبادلہ یا اخراج کی کارروائی کے جزو کے طور پر غور کرے گا ۔

## 8. اخراج

اخراج سے مراد کوئی بھی ایسا انضباطی اقدام ہے، جو اسکول بورڈ یا نامزد کمیٹی نے FCPS کی پالیسی کے مطابق عائد کیا ہو، جس کے طالب علم کو، FCPS کی حدود کے اندر کسی اسکول یا FCPS کے باقاعدہ تدریسی پروگرام میں شرکت کی اجازت نہیں ہوتی اور مذکورہ طالب علم اخراج کی تاریخ کے بعد ، 365 تقویمی دِن تک اس میں دوبارہ داخلے کا اہل نہیں ہوتا ۔ اسکول بورڈ یا اس کی نامزد کمیٹی کی صوابدید پر، اخراج کو عائد یا منسوخ کیا جا سکتا ہے ۔ پرنسپل بلا تاخیر ڈویژن سپرنٹنڈنٹ ، والدین یا سرپرست اور طالب علم کو ان حقائق کا ایک تحریری نوٹس بھیجیں گے، جو ریفرل بھیجنے کا موجب بنے۔ جب پرنسپل ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کیلئے ریفرل تیار کریں گے، پرنسپل مخصوص انضباطی اقدامات بشمول اخراج کی سفارش کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں ۔ پرنسپل کی سفارش کی عدم موجودگی میں کوئی نتیجہ اخذ نہیں کیا جائے گا ۔ ریفرل کے ایک حصے کے طور پر ، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی طرف سے اخراج کی سفارش اسکول بورڈ کو بھیجنے پر غور کیا جا سکتا ہے، قطع نظر اسکے کہ پرنسپل کی طرف سے اسکی واضح سفارش کی گئی ہے یا نہیں ۔ سماعت سے پہلے، پرنسپل سماعتوں کے طریق کار اور ان حقائق پر بات چیت کرنے کے لیئے جن کی بنا پر ریفرل بھیجا گیا ہے، طالب علم اور والدین یا سرپرست کے ساتھ ایک ملاقات کی پیشکش کریں گے ۔ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو نوٹس دینے پر، والدین/ سرپرست بھی ریفرل کی حمایت میں اسکول کی طرف سے جمع شدہ ڈسپلن پیکٹ کی تدوین شدہ نقل حاصل کرنے کے مستحق ہیں ۔ سماعت کا طریقہ کار درج ذیل ہے:

a. ڈویژن سپرنٹنڈنٹ فوراً والدین یا سرپرست کے ساتھ اپیل پر سماعت کے لیئے، باہمی قابل قبول وقت طے کریں گے، اگر اس میں ناکامی ہو تو والدین یا سرپرست کو، اگر عملی طور پر ممکن ہو، وہ کم از کم دو دن پہلے

تحریری طور پر سماعت کی تاریخ، وقت اورجگہ اورطریقۂ کار کے بارے میں مطلع کریں گے ۔

b. جب طالب علم ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو بھجوائے گئے ریفرل کی زد میں ہوتا ہے تو ڈویژن سپرنٹنڈنٹ اسی سماعت میں تمام ممکنہ پابندیوں پر غور و فکر کریں گے (بشمول قلیل المدت معطلی ، طویل المدت معطلی کسی اور جگہ تبادلہ اور/ یا اخراج) ۔

c. ڈویژن سپرنٹنڈنٹ ، اخراج کی سفارش کو ماننے کے پابند نہیں اور وہ چاہیں تو متبادل انضباطی پابندیوں پر عملدرآمد کرا سکتے ہیں یا یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ کسی انضباطی کارروائی کا جواز نہیں ۔

d. اگر ڈویژن سپرنٹنڈنٹ ، اخراج کی سفارش کا فیصلہ کرتے ہیں تو اسکول بورڈ کے کلرک ، طالب علم اور والدین / سرپرست کو اس امر کی اطلاع دیں گے اورانہیں پالیسی 2611 کے تازہ نسخہ کی ایک نقل بھیجیں گے ۔ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ، والدین یا سرپرست کو ایک لیٹر آف ایگریمینٹ کی پیشکش کر سکتے ہیں جو معاملہ کو مزید سماعت کے بغیر نمٹا دے گا بشرطیکہ والدین یا سرپرست راضی ہو جائیں اور دستخط کر دیں اور اسکول بورڈ کمیٹی بھی اسے قبول کر لے ۔

e. پالیسی2611 کے تازہ نسخہ کے مطابق، اسکول بورڈ یا اس کی نامزد کمیٹی سفارش پر فیصلہ کرے گی ۔

9. اپیل کے دوران تعلیمی داخلے

ایسے مقدمات جن کے متعلق فیصلے اسکول بورڈ کے پاس زیر التوا ہیں، زیر التوا کارروائی کے دوران، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی طرف سے نامزد تعلیمی پروگرام میں طالبعلم کے داخلے اور شرکت کی توقع کی جاتی ہے ۔ ایک متبادل کے طور پر، طالب علم ٹیسٹ اور اسائنمنٹس مکمل کرنے میں معاونت کے لیئے، دفتر برائے School Improvement and Supports کی طرف سے تفویض کردہ اسکول سے باہر ملنے والی خدمات ، جاری رکھ سکتا ہے۔

10. دوسرے اسکول ڈسٹرکٹ سے یا نجی اسکول کی حاضری سے معطل یا خارج کیئے گئے طلباء

کوئی بھی طالب علم، جسے کسی اسکول بورڈ یا نجی اسکول نے 30 دِن سے زیادہ عرصے کے لیئے اسکول میں حاضری سے خارج یا معطل کر دیا گیا ہے یا جس کا داخلہ کسی نجی اسکول کی طرف سے واپس لے لیا گیا ہے، تو ایسے اخراج یا دستبرداری کی صورت میں ایک تقویمی سال سے زیادہ عرصے کے لیئے اسکول میں حاضری سے علیحدہ نہیں کیا جا سکتا، اور 30 دنوں سے زیادہ دنوں والی معطلی کی صورت میں اس معطلی کی مدت سے زیادہ عرصے کے لیئے، علیحدہ نہیں کیا جا سکتا ۔ اسکول، طالب علم اور اس کے والدین یا سرپرست کو، اس قسم کی ممکنہ علیحدگی کی وجوہات اور ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی طرف سے کی جانے والی سماعت میں شرکت کے حق سے متعلق، تحریری نوٹس فراہم کرے گا ۔ جب تک ڈویژن سپرنٹنڈنٹ اس معاملے کا جائزہ نہیں لیتے، طالب علم اسکول میں حاضرنہیں ہو سکتا ۔ اگر یہ نتیجہ برآمد ہوتا ہے کہ طالبعلم کی موجودگی سے دوسرے طلباء یا اسکول ڈویژن کے عملے کے اراکین کو خطرہ درپیش ہے تو اسے FCPS کے چند یا تمام پروگراموں سے نکال دیا جائے گا ۔ اخراج کا فیصلہ حتمی ہوگا ماسوائے اس کے کہ پالیسی 2611 کے حالیہ نسخے میں دئیے ہوئے طریقۂ کار کے تحت بروقت تحریری عرضداشت پیش کرنے کے نتیجے میں، اسکول بورڈ یہ فیصلہ تبدیل کر دے ۔ اخراج کی مدت ختم ہونے کے بعد ، طالب علم ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو داخلے کی درخواست دے سکتے ہیں ۔

11. کسی متبادل تعلیمی پروگرام میں دوبارہ داخلہ

ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کسی بھی ایسے طالبعلم کو پابند کر سکتے ہیں (i) جس پر ہتھیاروں ، شراب ، ڈرگس منشیات یا دانستہ کسی دوسرے شخص کو گزند پہنچانے پر ورجینیا قوانین سے متعلقہ جرم یا قانوناً اسکول حکام کو مطلع کیئے جانے والے جرم کا الزام عائد کیا گیا ہے یا (ii) جو مندرجہ بالا جرائم میں سے کسی میں یا ایسے جرم میں جو دوسروں کو گزند پہنچانے کا موجب بنا ہے یا موجب بن سکتا تھا یا قانوناً اسکول حکام کو مطلع کیئے جانے والے جرم میں مجرم قرار پایا گیا ہے یا بے گناہ نہیں ہے یا (iii) جو اسکول بورڈ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے، ایک سنگین جرم یا باربار جرائم کا مرتکب پایا گیا ہے کہ وہ متبادل تعلیمی پروگرام میں شرکت کرے جس میں شبینہ اسکول، تعلیم بالغاں یا طلباء کی تدریس کیلئے مرتب کردہ کوئی دیگر تعلیمی پروگرام جن کیلئے باقاعدہ تدریسی پروگرامز نامناسب ہوں، شامل ہیں ، لیکن یہ تعلیم انہی تک محدود نہیں ہے۔ جرم کے جائے وقوعہ کا لحاظ رکھے بغیر، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ اس پابندی کا اطلاق کریں گے ۔

a. کمیونٹی میں کسی ہم جماعت کو دانستہ طور پر گزند پہچانے پر طالبعلم کی معطلی ۔

نوٹس اور سماعت کے بعد، اسکول کے پرنسپل کسی ایسے طالب علم پر قلیل المدت معطلی لاگو کرنے کے مجاز ہیں جس پر اسکول حکام کو قابل اطلاع مجرمانہ حرکت کا الزام عائد کیا جا چکا ہے اور وہ FCPS کے اسی اسکول میں حاضر دوسرے طالب علم کو دانستہ طور پر ضرر پہچانے میں ملوث ہے قطع نظر اس کے کہ ایسے جرم کا ارتکاب کہاں ہوا ۔ اس کے علاوہ، اسکول کے پرنسپل، مختصر مدت کی معطلی کے ساتھ ساتھ، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو یہ سفارش بھی کر سکتے ہیں کہ مذکورہ طالب علم کو اس اسکول کے سوا جہاں متاثرہ طالب علم داخل ہے، کسی متبادل اسکول یا پروگرام میں بھیج دیا جائے ۔ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ مندرجہ ذیل طریقۂ کار کے مطابق یہ طے کریں گے کہ جس طالب علم پر جرم کے ارتکاب کا الزام عائد کیا گیا ہے، اسے کسی متبادل تعلیمی پروگرام میں داخل کیا جائے یا کسی دوسرے اسکول میں ۔

b. دوسری جگہ داخلے کیلئے سماعت کا طریقۂ کار

طالب علم اور والدین یا سرپرست کو دوسری جگہ داخلے کے بارے میں ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی طرف سے ہونے والی سماعت میں شریک ہونے کا موقع فراہم کیاجائے گا ۔ اگر طالب علم کے لئے متبادل تعلیمی پروگرام میں حاضر ہونا ضروری قراردیا گیا، تو طالب علم اور والدین یا سرپرست کو اس بارے میں تحریری نوٹس فراہم کیا جائے گا۔ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کا فیصلہ حتمی ہوگا ماسوائے اس کے کہ طالب علم یا والدین/ سرپرست کی طرف سے بروقت تحریری درخواست پر اسکول بورڈ اس فیصلے کو تبدیل کر دے۔ سماعت کے بعد، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ فوری طور پر والدین یا سرپرست اور پرنسپل کو فیصلے سے اور فیصلے کی وجوہات سے مطلع کریں گے اور بتائیں گے کہ والدین یا سرپرست کو پورےاسکول بورڈ کے سامنے تحریری طور پر اپیل کا حق حاصل ہے ۔ اپیلوں پر کارروائی پورے اسکول بورڈ کے سامنے، پالیسی 2611 کے حالیہ نسخے میں بیان کردہ طریقۂ کار کے مطابق ہوگی ۔

12. عدالت سے موصول ہونے والی رپورٹیں

اگر اسکول ڈویژن کو کسی طالب علم کے بارے میں سیکشن 16.1-305.1 آف دی کوڈ آف ورجینیا کی رو سے طفلانہ جرم کی عدالتی کارروائی یا کسی مخصوص جرم میں سزایابی کی رپورٹ مل جاتی ہے تو سیکشن 22.1-277 آف دی کوڈ آف ورجینیا کے مطابق، ایسے طالب علم کو اسکول کی حاضری سے معطل یا خارج کیا جا سکتا ہے۔

سیکشنز 16.1-301, 16.1-260, اور 16.1-305.1 آف دی کوڈ آف ورجینیا کے تقاضوں کے مطابق، جب کسی طالب علم پر مخصوص جرائم، بشمول ایسے جرائم جن کا تعلق گلیوں میں مجرمانہ گینگ سرگرمی کے ارتکاب کی فرد

الزام لگتی ہے یا وہ بعض قوانین کی خلاف ورزی کرتا پایا جاتا ہے، جب وہ مخصوص الزاموں میں مجرم قرار پاتا یا جب طالب علم کے خلاف الزامات مسترد ہو جاتے ہیں، واپس لے لیئے جاتے ہیں یا گھٹا دیئے جاتے ہیں تو عدالت کا عملہ، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو نوٹیفیکیشن بھیجتا ہے۔

13. غیر مجاز افراد

اسکول میں اوراس کی اراضی میں آنے والے تمام ملاقاتی سب سے پہلے اسکول کے مرکزی دفتر میں رپورٹ کریں گے۔ ایسانہ کرنے والےاشخاص کو مداخلت کنندہ متصور کیا جائے گا اوران کے خلاف قانونی کارروائی کی جاسکتی ہے اوراس قاعدے کی خلاف ورزی کرنے والے طلباء انضباطی کارروائی کے ساتھ ساتھ قانونی کارروائی کا سامنا کر سکتے ہیں ۔ کسی بھی ایسے فرد کو اسکول میں داخل ہونے، اسکول کی املاک پر ٹھہرے رہنے یا اسکول کے زیر اہتمام کہیں بھی ہونے والی سرگرمی میں موجود رہنے سے منع کیا جا سکتا ہے، جس کی موجودگی یا حرکات اسکول کے معمولات، اس کے طلباء یا اسکول کی سرگرمیوں خلل اندازی کریں یا مخل ہوں۔

14. دوبارہ داخلے کیلیئے عرضداشت

پالیسی2611 کے تازہ ترین ورژن کی رو سے، خارج کیئے جانے والے طالب علم، اور ایسے طالب علم جنہیں باقاعدہ اسکول میں حاضری کی اجازت نہیں ہوتی یا جنہیں اخراج کے دوران، کسی متبادل تعلیمی پروگرام میں حاضر ہونے کی اجازت نہیں ہوتی، اسکول بورڈ کو دوبارہ داخلے کی عرضی دے سکتے ہیں جواخراج کی تاریخ کے ایک سال بعد موثر ہوگا ۔ ایسی درخواست درست وقت پر دینے کے لیئے، ضروری ہے کہ دوبارہ داخلے کی تحریری عرضی، اسکول بورڈ کے خارج کیئے جانے کے فیصلے کی ایک نقل کے ساتھ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو پیش کی جائے ۔ ایسی درخواست اخراج کی مدت کے آٹھ مہینے گذرنے سے پہلے نہیں دی جانی چاہیئے لیکن ایسی درخواست دس مہینے ختم ہونے سے پہلے دینا ضروری ہے ۔ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ، سماعتی افسر کی صوابدید پرایک سماعت کا انعقاد کر سکتا ہے، وہ اخراج کی ایک سال کی مدت ختم ہونے سے پہلے، اپنا فیصلہ جاری کرے گا ۔ اگر درخواست صحیح وقت پر نہ دی گئی، تو اس سے دوبارہ داخلے کے بارے میں فیصلہ کرنے میں تاخیر ہو سکتی ہے دوبارہ داخلے کی درخواست نا منظور ہونے کی صورت میں، طالب علم، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کے سماعتی افسر سے نظرِ ثانی کے لیئے اسکول بورڈ کو درخواست دے سکتا ہے ۔ اسکول بورڈ کی نظرثانی تحریری ریکارڈ کی بنیا د پر کی جاتی ہے۔ مندرجہ بالا شیڈول کے مطابق، درخواست ہر سال دی جا سکتی ہے ۔ دوبارہ داخلے کی عرضی کے حق کے نوٹس کے ساتھ ساتھ کوئی شرائط بھی اخراج کے فیصلہ کے ہمراہ ہوں گی ۔

15. دیگر تادیبی نتائج

اگر کوئی طالب علم ممنوعہ طرزِ عمل میں ملوث ہوتا ہے تو معطلی یا اخراج کے بعد، اسکول واپس حاضری میں بھی جاری کارروائیوں کا پابند ہو سکتا ہے ۔ ان سزاؤں میں کسی دوسرے باقاعدہ اسکول یا کسی متبادل تعلیمی پروگرام میں تبادلہ ، کسوٹی کی شرائط ، کمیونٹی یا شہری خدمات اور معاوضہ شامل ہیں ۔ تاہم ممنوعہ طرز عمل کے نتائج کی یہ فہرست حتمی نہیں ہے ۔ جب تک طالبعلم اسکول بورڈ کے زیراہتمام یا اس کی جانب سے کسی اسکول یا پروگرام میں حاضر ہوتا ہے تو اسکول حکام ، اپنی صوابدید پر، مختلف شرائط اور پابندیاں عائد کر سکتے ہیں ۔ ایسے طلباء، جو غیر قانونی منشیات ، شراب ، چرس اور/ یا ممنوعہ مواد کے غیر قانونی استعمال میں ملوث پائے جاتے ہیں اور جنہیں اس کے بعد فیئر فیکس کاؤنٹی کے کسی اسکول یا تعلیمی پروگرام میں داخل کر دیا جاتا ہے، جہاں دوسرے طالب علم بھی داخل ہیں، انہیں اسکول حکام کو درج ذیل دستاویزات پیش کرنی ہوں گی: (i) کسی سند یافتہ خود مختار لیباریٹری کی طرف سے منشیات کے استعمال کے ٹیسٹ کی تازہ منفی رپورٹ اور (ii) کمیونٹی سروسز بورڈ یا کسی اور سند یافتہ ماہر کی سفارش پر منشیات کی لت کے علاج یا اصلاحی تعلیم پروگرام میں شرکت کا تسلی بخش ثبوت ۔ منشیات کے استعمال کے ٹیسٹ کی منفی رپورٹ کی جگہ، اسکول انتظامیہ کوئی بھی ایسا تسلی بخش ثبوت قبول کر سکتی ہے، جس سے یہ ظاہر ہوتا ہو کہ طالب علم منضبط مواد کے غلط استعمال کے تجویز کردہ علاج کے لیئے، داخل ہے یا تعلیمی اصلاحی پروگرام میں شرکت کر رہا ہے ۔

جب انضباطی پابندیوں کے تحت طالبعلم اصلاحی سیمینار میں شرکت کامیابی سے مکمل کرتا ہے تو طالب علم کے انضباطی ریکارڈ میں خلاف ورزیوں کے ریکارڈ کے ساتھ اسکی اصلاحی سیمینار کی تکمیل کا بھی اندراج کیا جائے گا ، اور اس صورتحال میں طالب علم کی معطلی کو درج نہیں کیا جائے گا ۔

جب تک طالبعلم اسکول بورڈ کے زیراہتمام یا اس کی جانب سے کسی اسکول یا پروگرام میں حاضر ہوتا ہے تو اسکول حکام ، اپنی صوابدید پر، مختلف شرائط اور پابندیاں عائد کر سکتے ہیں ۔ ایک آزمائشی طالب علم کی حیثیت سے، طالب علم کیلئے تعلیمی، انضباطی اور حاضری کا آزمائشی تسلی بخش ریکارڈ برقرار رکھنا ضروری ہے۔ اِس کے علاوہ ، آزمائشی طالب علم کو کمیونٹی کے تمام قابل اطلاق قوانین کی پاسداری کرنا ہو گی اور پروبیشن آرڈر سمیت عدالت کے جاری کیئے ہوئے حکم نامے کی تمام شرائط کی تعمیل کرنا ہو گی ۔ آزمائشی شرائط کی مدت ایک تقویمی سال سے زیادہ نہیں ہوگی ، ماسوائے اس کے کہ طالب علم ان میں سے کسی ایک یا زیادہ شرائط کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوتا ہے ۔

**D.** معذوری کے حامل طلباء کے والدین یا سرپرست کیلئے نظم وضبط کے حوالہ سے رہنمائی

FCPS ہر طالب علم کی انفرادی ضروریات کو ذہن میں رکھتا ہے اور ان ضروریات کو پورا کرنے کے لیئے، ہر گھرانے کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہتا ہے۔ خصوصی تعلیمی خدمات کے حامل طلباء کے لیئے، IEP ٹیم (بشمول والدین یا سرپرست) کیلئے لازم ہے کہ IEP کے عمل کے دوران ہر بچے کی انفرادی ضروریات کا جائزہ لیا جائے اور ان پر غور کیا جائے ۔ 1973 کے بحالی ایکٹ کی دفعہ 504 کے تحت، معذوری کے حامل طلباء کے لیئے، باب II,D.8 کی طرف رجوع کیجیئے ۔ طلباء کیلئے سیکشن 504 پلان میں دیئے گئے تحفظات

1. نظم و ضبط سے متعلق واقعات کی روک تھام

جب کسی طالب علم کے طرزعمل کی وجہ سے، اس کی اپنی یا دوسروں کی تعلیم میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے یا مسلسل خراب طرز عمل کی وجہ سے معطلی کی صورت پیدا ہو جاتی ہے تو ایک یا دونوں ذیلی اقدامات کرتے ہوئے، IEP ٹیم، جس میں والدین یا سرپرست بھی شامل ہیں، مثبت طرزعمل کی اصلاحات ، حکمت عملیوں اور معاونت کی مندرجہ ذیل کارروائیوں کو کو مدنظر رکھے گی:

a. بچے کے طرزعمل کی مخصوص ضروریات پوری کرنے کے لیئے، IEP کے اہداف اور سہولتوں تشکیل دی جائیں ۔

b. بچے کے طرزعمل کی ضروریات پوری کرنے کے لیئے، FBA کا انعقاد اورBIP تیار کیا جائے

2. قلیل المدت معطلی (دس تعلیمی دنوں سے کم)

معذور طلباء کے لئے ایسی انضباطی کارروائیاں کی جا سکتی ہیں جس قسم کی غیر معذورطلباء کے خلاف کی جاتی ہیں ، جو، ایک ہی تعلیمی سال کے دوران مسلسل یا مجموعی طور پر دس تعلیمی دنوں کیلئے ہوسکتی ہیں ۔

3. طویل المدت معطلی (دس تعلیمی دنوں سے زائد)

اگر کسی معذور طالب علم کے لیئے، ایک تعلیمی سال میں، مسلسل یا مجموعی طور پر دس تعلیمی دنوں کی معطلی کی سفارش کی جاتی ہے تو اسکول کی طرف سے، MDR کا انعقاد کیا جانا چاہیئے اور ایسی سہولتیں فراہم کی جانی چاہئیں، جن کی وجہ سے، طالب علم عمومی تعلیمی نصاب میں شرکت کرسکے اور اپنے IEP کے اہداف کے حصول میں، کارکردگی کا مظاہرہ کرسکے ۔ MDR کی ٹیم کا اجلاس مناسب طور پر جتنا جلدی ہو سکے منعقد کیا جائے لیکن اس کے انعقاد میں معطلی سے دس دنوں سے زیادہ تاخیر نہ ہو۔ اس ہی تاریخ کو جب FCPS معذور طالب علم کو طرزعمل کے کوڈ کی خلاف ورزی کے باعث طویل مدت کے لیئے، معطل کرنے کا فیصلہ کرتا ہے ، FCPS والدین یا سرپرست کو اطلاع دے گا اور دفاعی طریقۂ کار کی نقل فراہم کرے گا ۔

4. والدین یا سرپرست کا نوٹیفیکیشن

جب کسی دھمکی کی جانچ ضروری محسوس ہو ، ریگولیشن 2111 ، اسکول کا عملہ ذہنی یا جسمانی نشوونما میں معذوری کے شکار طالبعلم کے والدین کو آگاہ کرے گا ۔ والدین کو آگاہ کرنے کی کوششوں کا لازماً تحریری ریکارڈ

رکھا جائے ۔ جہاں تک ممکن ہو ، اسکول کا عملہ ذہنی یا جسمانی نشوونما میں معذوری کے شکار طالبعلم سے پوچھ گچھ سے قبل طالبعلم کا واقف کار بالغ فرد کی ، جو ان کی بات چیت میں معاونت کی ضرورت بھی جانتا ہو ، ( مثلاً IEP ٹیم کا کوئی رکن جو طالبعلم سے آشنا ہو ) موجودگی کو یقینی بنائے گا ۔

اگرکسی انضباطی واقعہ ، جس میں ایسا طالبعلم ملوث ہے جو ذہنی یا جسمانی معذوری کا حامل ہے ( مثلاً آٹزم ) ، کسی قسم کی معطلی کا منتج ہوسکتا ہے ، عملہ طالبعلم سے زبانی یا تحریری بیان کی درخواست اس وقت تک نہیں کرے گا جب تک والدین یا سرپرست موجود نہ ہوں یا والدین یا سرپرست نے ایسے بالغ فرد کی مدد سے پوچھ گچھ پر رضامندی ظاہر کردی ہو جسے طالبعلم جانتا ہو اور وہ بات چیت میں معاونت کی ضرورت سے بھی آگاہ ہو ( مثلاً IEP ٹیم کا کوئی رکن جو طالبعلم سے آشنا ہو ) ۔ عملہ والدین یا سرپرست کی رضامندی اور/ یا موجودگی کیلئے معقول کوششیں کرے گا اور عملے کی جانب سے والدین یا سرپرست کی موجودگی یا رضامندی حاصل کرنیکی ان کوششوں کو تحریری طور پر ریکارڈ کیا جائے گا ۔ عملہ کی جانب سے مبینہ واقعہ سے مطلع کئے جانے اور طالبعلم سے (تحریری یا زبانی ) بیان حاصل کرنے کی درخواست کے دو تعلیمی دنوں تک والدین یا سرپرست کی موجودگی نہ ہونے یا رضامندی کی عدم موجودگی پر، منتظمین دیگر تمام موجود معلومات کی روشنی میں کوئی انضباطی فیصلہ کریں گے ۔

5. طالب علم کی IEP ٹیم سے مشاورت

معذور طالب علم کی معطلی یا ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کے پاس بھیجنے کا فیصلہ کرنے سے پہلے، اسکول کے پرنسپل (یا پرنسپل کے نامزد) طالب علم کے کیس منیجر اور اگر کیس مینیجر موجود نہ ہوئے تو IEP ٹیم کے دیگر اہم ارکان سے مشورہ کریں گے، طالب علم کے IEP- بشمول کسی BIP- کا جائزہ لیں گے اور طالبعلم سے متعلق، کسی بھی نوعیت کے خصوصی حالات کو مدنظر رکھیں گے۔

اگر کسی معذور طالب علم کے لیئے، انضباطی واقعے سے متعلق، تحریری طور پر درخواست دی جائے تو اسکول کا عملہ طالب علم کے کیس منیجر اور اگر کیس مینیجر موجود نہ ہوئے تو IEP ٹیم کے دیگر اہم ارکان سے مشورہ کرے گا، IEP اور 504 پلان کا جائزہ لے گا اور طالب علم کو IEP اور 504 پلان میں دی گئی تمام ضروری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔

اگر طالب علم کسی مخصوص طرز عمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے، ایک ہی طرح کی خلاف ورزیوں کی وجہ سے بار بار معطل کیا جاتا ہے تو پرنسپل کو، اس بات کا تعین کرنے کے لیئے، کہ آیا طالب علم کے طرزعمل کو ٹھیک کرنے کے حوالے سے، اضافی اہداف یا خدمات فراہم کرنے کی ضرورت ہے، ایک IEP میٹنگ طلب کرنی چاہیئے اور جہاں ضروری ہو، طرز عمل کی جانچ کا انعقاد اور طرز عمل کا اصلاحی پلان تیار کرنا چاہیئے۔

جب ایف سی پی ایس IEP کے حامل ایک طالبعلم کو انضباطی وجوہات کی بنیاد پر کسی دوسری جگہ داخلہ دیتا ہے جو ری اسائنمنٹ پلیسمینٹ میں تبدیلی پر منتج ہوتا ہے تو IEP اجلاس منعقد کیا جائے گا جس میں طالبعلم کی IEP یا طالبعلم کی نئی جگہ پر IEP پر عمل درآمد کا جائزہ لیا جائے گا ۔ کیونکہ IEP کے حامل کسی بھی معذوری کا حامل طالب علم کا کم سے کم پابند تعلیمی مقام (LRE) پہلے سے طے نہیں ہوتا اس لیئے، میٹنگ کے دوران IEP ٹیم کی یہ ذمہ داری ہوتی ہے کہ انضباطی فیصلے کے مطابق، اس تعلیمی مقام کے تعین کے بارے میں تبادلہ خیال ، تجویز اور فیصلہ کریں ۔ اسی کے مطابق ، IEP ٹیم میٹنگ کے دوران تمام ارکان کی رائے پر غور کرے گی ۔

جب FCPS کسی طالبعلم کوانضباطی وجوہات کی بنا پر کسی تعلیمی ادارہ سے ہٹاتے ہیں اورایسے مقام پر بھیجتے ہیں جہاں قابل موازنہ تعلیمی پروگرام موجود ہے ، تو IEP ٹیم طالبعلم کی تعلیمی خدمات کے بارے میں تبادلہ خیال کیلئے اجلاس بلائے گی ۔

6. طرز عمل کا تعین کرنیکا جائزہ (MDR)

MDR کا بندوبست کرنے کیلئے، اسکول ذیلی طریقۂ کار کی پیروی کرے گا:

a. طالب علم کی IEP ٹیم کے متعلقہ ارکان— والدین یا سرپرست اور اسکول کی طرف سے مقرر کردہ MDR ٹیم میں شامل ہوں گے ۔

b. درج ذیل بیان کردہ دو شرائط میں سے کسی ایک کے بھی پورا ہونے کی صورت میں، MDR ٹیم اس بات کا تعین کرے گی کہ خراب طرز عمل کا تعلق (سبب) طالب علم کی معذوری سے تھا:

(1) طرز عمل کی وجہ یا اس کا براہ راست تعلق کافی حد تک طالب علم کی معذوری سے تھا ، یا

(2) طرزعمل FCPS کے IEP پر عمل درآمد میں ناکامی کا براہ راست نتیجہ تھا ۔

c. طرزعمل کے سبب کا تعین کرنے میں ، MDR کی ٹیم طالب علم کی فائل کی تمام متعلقہ معلومات اور دیگر عوامل بشمول طالب علم کا IEP ، داخلہ ، اسکول کی جانچ ، مشاہدات اور والدین یا سرپرست یا اسکول کے عملے کی طرف سے فراہم کردہ معلومات کو ملحوظ خاطر رکھے گی ۔

d. سماعتی دفتر کی کارروائیاں شروع ہونے سے پہلے، MDR کا فیصلہ اور تحریری توجیہات موزوں سماعتی افسران کو مہیا کر دینی چاہئیں ۔

e. اگر MDR کی ٹیم یہ طے کرتی ہے کہ خراب طرز عمل کا تعلق طالب علم کی معذوری سے تھا تو:

(1) ایسی صورت میں جبکہ طرزعمل کی وجہ سے متاثر فرد کو، کوئی شدید نقصان نہیں پہنچا یا مستقبل میں کوئی شدید نقصان پہنچنے کا اندیشہ نہیں ہے تو پرنسپل، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ سے ریفرل واپس لے لیں گے۔

(2) ایسی صورت میں جبکہ طرزعمل کی وجہ سے متاثر فرد کو، کوئی شدید نقصان پہنچا ہو یا مستقبل میں شدید نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو بھیجا گیا ریفرل قائم رہے گا تا کہ مناسب سلامتی اورحفاظتی اقدامات پر غور کیا جا سکے ۔ طالب علم کو اسی یا اس کے مساوی تعلیمی پروگرام میں واپس بھیج دیا جائے گا جس سے اسے علیحدہ کر دیا گیا تھا، جو اسی یا اس سے ملتے جلتے مقام پر ہوگا، ماسوائے اس کے کہ:

(a) والدین یا سرپرست اور اسکول حکام داخلے میں تبدیلی پر رضامند ہوں؛ یا

(b) جہاں اطلاق ہو، ورجینیا ایڈمنسٹریٹو کوڈ 8VAC20-81-160, , سیکشن C.5 کے مطابق، غیرقانونی منشیات منضبط مواد، ہتھیار یا شدید جسمانی گھاؤ سے متعلقہ جرائم پر، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ

طالب علم کو 45 تعلیمی دنوں کے لیئے، ایک عبوری متبادل تعلیمی ماحول تفویض کر سکتا ہے۔

(c) ورجینیا ایڈمنسٹریٹو کوڈ 8 VAC 20-81-160, سیکشن E.2 کے تحت، ایسی صورت میں کہ اگر حالیہ مقام پر داخلہ برقرار رہنے کے نتیجے میں طالب علم یا دوسروں کے زخمی ہونے کا امکان ہو سکتا ہے تو طالب علم کے داخلے کا مقام تبدیل کرنے کے لیئے، اسکول ڈویژن کی

طرف سے، فوری طور پر خصوصی تعلیم کے حوالے سے کی جانے والی حسب قانون کارروائیوں کا آغاز کیا جائے گا ۔

(3) طالب علم کی IEP ٹیم جلد از جلد FBA کا انتظام کرے گی اگر یہ پہلے نہ کیا گیا ہو یا پہلے سے موجود ہونے کی صورت میں FBA کی تجدید کرے گی ۔ FBA کی معلومات کی بنیاد پر، IEP ٹیم BIP بنائے گی یا اس کی تجدید کرے گی ۔

f. اگر MDR کی ٹیم یہ تعین کرتی ہے کہ بدسلوکی طالبعلم کی، معذوری کی وجہ سے نہیں ہے تو اسکول حکام ، غیر معذور طلباء کے انداز اور مدت والی ، مزید انضباطی کارروائی کرنے پر غور کر سکتے ہیں ۔ تاہم، معطلی اور / یا اخراج کی مدت کے دوران طالب علم کو خصوصی تعلیمی سہولیات مہیا کی جائیں تاکہ وہ عام تعلیمی نصابی سرگرمیوں میں مسلسل شرکت اور اپنے IEP کے اہداف کے حصول کے لئے پیش رفت جاری رکھ سکے۔

g. اگر والدین یا سرپرست MDR کے فیصلے یا خصوصی تعلیم میں داخلے پررضامند نہ ہوں تو انہیں FCPS ہی کے اندر رہتے ہوئے مقامی انتظامی نظر ثانی کی درخواست کرنے کی سہولت حاصل ہے۔ والدین یا سرپرست VDOE کی سپیشل ایجوکیشن پروسیجرل سیف گارڈ ریکوائرمنٹس میں درج طریقہ کار کے مطابق ضروری کارروائی کرنے کی درخواست ورجینیا کے محکمہ تعلیم کی وساطت سے بھی دے سکتے ہیں۔ (https://www.fcps.edu/sites/default/files/media/forms/se4.pdf)

7. ایسے بچوں کا دفاع جو فی الحال خصوصی تعلیم کے لیئے اہل قرار نہیں دیئے گئے

ایسا طالب علم جو خصوصی تعلیم اور اس کی متعلقہ سہولتوں کے لیے اہل قرار نہیں دیا گیا ، اور ایسے طرزعمل کا مرتکب ہو گیا ہے جس سے طلباء سے متعلق ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی ہوئی ہے تو وہ ورجینیا اسپیشل ایجوکیشن ریگولیشن میں مقرر کردہ خصوصی تعلیم کی اہلیت کا تحفظ لے سکتا ہے بشرطیکہ اسکول کے علم میں ہو کہ انضباطی کارروائی کا مرتکب بننے والے طرزعمل سے پہلے طالب علم ایک معذورطالب علم تھا ۔ درج ذیل حالات میں سمجھا جاتا ہے کہ اسکول کے علم میں ہے کہ طالبعلم معذوری کا حامل طالبعلم ہے۔ ماسوائے اس کے کہ والدین یا سرپرست معذوری کا پتہ لگانے کی منظوری نہ دیں ، معذوری والی سہولتیں لینے سے انکار کر دیا ہو، یا طالب علم کی جانچ کے بعد یہ نتیجہ نکلا ہو کہ وہ معذوری کا حامل طالب علم نہیں ہے:

a. والدین یا سرپرست نے نگران اور انتظامی عملہ یا طالب علم کے استاد سے تحریری طور پر تشویش کا اظہار کیا ہو کہ طالبعلم کو خصوصی تعلیم اور متعلقہ سہولتوں کی ضرورت ہے ۔

b. والدین یا سرپرست نے خصوصی تعلیم اور اس سے متعلقہ سہولتوں کی اہلیت کے لئے طالب علم کو جانچنے کی درخواست کی ہو۔

c. طالب علم کے استاد یا اسکول کے عملہ کے کسی اور فرد نے براہ راست محکمۂ خصوصی تعلیم کے دفتر یا FCPS کے سپروائزر کے دفتر میں طالب علم کے خاص طرز عمل کے مظاہرے کے بارے میں اپنے خدشات کا اظہار کیا تھا ۔

8. معذوری کے حامل طلباء کیلئے سیکشن 504 پلانز میں دیئے گئے تحفظات

a. جب پرنسپل کسی طالب علم کو دس تعلیمی دِن سے زیادہ عرصے کے لیئے معطل کرنے کی سفارش کرتے ہیں یا ایسی معطلی کے اقدامات کرتے ہیں جن کے دِن جمع ہو کر ایک تعلیمی سال میں دس تعلیمی دِن سے زیادہ ہو جائیں یا کسی ایسے معذور طالب علم کا ریفرل ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو بھیجتے ہیں جسے 1973 کے بحالی ایکٹ کے سیکشن 504 کے تحت معذوری کا حامل طالبعلم تصورکیا گیا تھا ، اسکول اس امر کو یقینی بنائے گا کہ جتنی

جلدی ممکن ہو لیکن معطلی کے فیصلہ، تبادلہ یا اخراج کی سفارش سے زیادہ سے زیادہ دس دن پہلے ایک باخبر کمیٹی کا اجلاس طلب کرے ۔ والدین یا سرپرست میٹنگ میں شرکت کے لیئے، اسکول کی طرف سے نشاندہی کردہ افراد کے علاوہ ، اضافی عملے یا افراد کی درخواست کر سکتے ہیں ۔

b. باخبر کمیٹی تعین کرے گی کہ آیا خراب طرزعمل کا طالبعلم کی معذوری سے کوئی سببی تعلق ہے یا نہیں۔

غیر قانونی منشیات یا شراب یا چرس کے استعمال یا تصرف کی صورتوں میں جہاں طالب علم غیر قانونی منشیات یا شراب کے استعمال میں فی الوقت مشغول ہو، کمیٹی کا اجلاس طلب کرنے کی ضرورت نہیں ۔

c. اگریہ پتہ چلتا ہے کہ طالب علم کا خراب طرزِ عمل براہِ راست اس کی معذوری کی وجہ سے تھا تو طالب علم کو دس دِن سے زیادہ عرصے کے لیئے معطل یا خارج نہیں کیا جاسکتا ۔

d. اگریہ پتہ چلتا ہے کہ طالب علم کا خراب طرزِ عمل براہِ راست اس کی معذوری کی وجہ سے نہیں تھا تو طالب علم کو اس ہی طرح انضباطی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا جس طرح اس کے غیرمعذور ساتھیوں کو کرنا پڑتا ہے ۔

e. اگر طالب علم کسی مخصوص طرز عمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے، ایک ہی طرح کی خلاف ورزیوں کی وجہ سے بار بار معطل کیا جاتا ہے تو پرنسپل کو، اس بات کا تعین کرنے کے لیئے، کہ آیا طالب علم کا طرزعمل ٹھیک کرنے کے لیئے، اضافی سہولیات یا دیگر معاونت فراہم کرنے کی ضرورت ہے، 504 پلان کا جائزہ لینے کے لیئے، باخبر کمیٹی کا اجلاس طلب کرے گا اور جہاں ضروری ہو، طرز عمل کی جانچ کا انعقاد یا طرز عمل کا اصلاحی پلان تیار کرنا چاہیئے ۔

f. معطلی یا اخراج کی کسی بھی مدت کے دوران طالب علم تعلیمی سہولتیں حاصل کرنے کا مستحق نہیں ہو گا ۔

g. باخبر کمیٹی کا نتیجہ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو بھیج دیا جائے گا جو مزید انضباطی کارروائی پر غور کے لیئے، ان معلومات کا جائزہ لیں گے ۔

## فرہنگ

**Ableism** (قابلیت پرستی ) صحتمند جسم کے حامل شخص کے حق میں امتیازی رویہ

**Abstain** (پرہیز کرنا) اپنے پسندیدہ عمل یا چیز سے دُور رہنا کیونکہ وہ آپ کی صحت کے لیئے، بری ہے یا اخلاقی طور پر غلط ہے۔

**Administrative Review** (انتظامی جائزہ) (AR) فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز(FCPS) کی طرف سے خصوصی تعلیمی اور سیکشن 504 سے متعلق تنازعات کو حل کرنے کا ایک غیر رسمی، رضا کارانہ عمل ہے جو والد/ والدہ یا پرنسپل کی درخواست پر کیا جاتا ہے۔ براہِ مہربانی نوٹ کیجیئے کہ FCPS کے انتظامی جائزے میں رضاکارانہ شرکت VDOE خصوصی تعلیم ضوابط کی حفاظتی تدابیر ، جو ذیل میں دی گئی ہیں، تنازعے کے حل کے طریقوں میں سے کسی تک رسائی کیلئے ضروری شرط نہیں ہے ۔ مزید معلومات کے لیئے،براہ مہربانی FCPS کے Due Process and Eligibility لائف اسکلز کے دفتر کے فون نمبر 571-423-4470 پر رابطہ کیجیئے ۔

**Aggravating Circumstances** (سنگین حالات) جیسا کہ ورجینیا کے محکمہ تعلیم نے تعریف کی ہے ، مثلاً؛ (i) ایسا خراب طرز عمل (بشمول مگر ان ہی تک محدود نہیں جسمانی، جذباتی اور نفسیاتی ضرر) جس کے نتیجے میں دوسرے فرد (افراد) کو شدید نقصان پہنچے یا کسی دوسرے فرد (افراد) کو شدید نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو جیسا کہ خطرہ کے جائزہ میں تعین کیا گیا ہو ؛ یا (ii) طالب علم کی موجودگی سے اسکول، وہاں کے طلباء، عملے یا اسکول میں حاضر دیگر افراد کو مسلسل یا حد سے زیادہ خطرہ درپیش ہو؛ یا (iii) طالب علم کسی ایسے سنگین جرم میں ملوث ہو جو ایک مقررہ اصلاحی عمل میں درج کی گئی رپورٹ کے مطابق، مخصوص اصلاحات میں مسلسل ناکامی کی صورت میں نکلے۔ کوڈ آف ورجینا کے مطابق، درج بالا میں طالب علم کی پرانی انضباطی کارروائیوں پر غور کرنا بھی شامل ہے۔

**Alcohol and Other Drug (AOD) Intervention** (شراب اور دیگر منشیات اصلاحی اقدامات) منضبط مواد سے بچاؤ کے ماہرین کی طرف سے فراہم کردہ اصلاحی اقدامات، جو منضبط مواد کا اسکرینر اور نفسیاتی تعلیم مہیا کرتے ہیں ۔ اس تعلیم میں شراب و منشیات کے استعمال کے ممکنہ اثرات سے متعلق ، حقائق شامل ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ اس میں ان ترجیحات کے بارے میں، جو منشیات کے استعمال کی طرف لے جاتی ہیں اور طلباء ، دوستوں اور گھر کے دوسرے افراد پر اس کے اثرات، اور ساتھیوں کے دباؤ سے نمٹنے اور اس علت کو چھوڑنے کی حکمت عملیوں پر بحث و مباحثہ شامل ہے ۔ کمیونٹی کے مصلحین کو سلام ، جو ان افراد کے لیئے، اضافی مدد اور علاج کے آپشنز فراہم کرتے ہیں ، جنہیں ممنوعہ مواد کے غلط استعمال کا کم یا زیادہ خطرہ لاحق ہے ۔

**Assault** (مجرمانہ حملہ) ایسا فعل، مجرمانہ یا تکلیف دہ ، جس میں کسی شخص کو جسمانی گزند کا خطرہ لاحق ہو ، چاہے دراصل ضرر پہنچایا گیا ہو یا نہیں ۔

**Bona fide** (جائز) اصلی ۔ نیک نیتی کے ساتھ

Bullying (غنڈہ گردی یا دھونس جمانا) کوئی بھی جارحانہ اور ناپسندیدہ رویہ جو متاثرہ فریق کو ضرر پہنچانے ، ڈرانے یا بےعزت کرنے کی نیت سے روا رکھا جائے ؛ جس میں جارح یا جارحین اور مظلوم کے درمیان طاقت کا حقیقی یا بظاہر عدم توازن ہو ( طاقت کے عدم توازن کی مثالیں یہ ہیں تاہم صرف ان تک محدود نہیں ہیں ، زیادہ جسمانی طاقت یا جسامت ، شرم ناک معلومات تک رسائی اور ایک مدت تک متواتر ( مثال کے طور پر ایسے رویے جو ایک سے زیادہ بار ہوئے ہوں یا جن کا ایک سے زیادہ بار رونما ہونے کا امکان ہو ) یا شدید جذباتی صدمہ پہنچایا جائے ۔ "غنڈہ گردی" میں cyberbullying انٹرنیٹ کے ذریعے ہراساں کرنا بھی شامل ہے۔ "غنڈہ گردی" کے دائرے میں عمومی طور پر دِق کرنا ، کھیل میں اُودھم مچانا ، بحث و تکرار یا ساتھیوں میں تنازعہ شامل نہیں ہے۔

Change of Placement (جگہ کی تبدیلی) "جگہ کی تبدیلی " کا مطلب یہ ہےکہ مقامی تعلیمی ایجینسی بچہ کو ایسی جگہ رکھے جو اس تعلیمی ماحول سے مختلف ہو جہاں بچے کو پہلے رکھا گیا ہو جس میں : 34 CFR 300.102(a) (3)(iii), 34 CFR 300.532(b)(2)(ii), اور 34 CFR 300.536). .1 بچہ کی عام تعلیم سے خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات میں ابتدائی منتقلی؛ 2. معذوری کے ساتھ طالبعلم کا اخراج یا طویل مدت کیلئے ہٹادینا؛ 3. جگہ کی تبدیلی جو معذوری کی شناخت میں تبدیلی کے نتیجہ میں منعقد ہو؛ 4. تعلیمی مقاصد کیلئے،ایک پبلک اسکول سے پرائیویٹ ڈے ، رہائشی، یا ریاست کی جانب سے چلنے والا پروگرام ؛ پرائیویٹ ڈے سے، رہائشی، ریاست کی جانب سے چلنے والے پروگرام سے ایک پبلک اسکول ایک الگ جگہ پر ؛ 5. خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کا خاتمہ؛ 6. ایک اسٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ اسٹڈیز ہائی اسکول کے ڈپلومہ سے فارغ التحصیل یا گریجویشن "جگہ کی تبدیلی" کا یہ بھی مطلب ہوتا ہے کہ معذوری کے ساتھ طالبعلم کیلئے تعلیمی ماحول میں کوئی تبدیلی جو بچے کی پچھلے ماحول کے تعلیمی پروگرام کے عناصرکا اعادہ نہ ہو ۔

Controlled Substances (منضبط یا ممنوعہ نشہ آورمواد) ورجینیا کے ڈرگ کنٹرول ایکٹ ( کوڈ آف ورجینیا 3400-54.1) میں پائی جانے والی منشیات اور منضبط نشہ آور مواد سمیت تمام نسخہ جاتی ادویات ، قطع نظر اس کے کہ وہ منشیات وفاقی قانون کے تحت منضبط مواد کے زمرے میں آتی ہیں یا نہیں ۔ طلباء کے انضباطی مقاصد کے لیئے منضبط مواد میں مندرجہ ذیل شامل ہیں لیکن یہ ان تک ہی محدود نہیں: کوکین، ہذیان پیدا کرنیوالے مرکبات جیسے کہ MDMA (ایکس ٹیسی) اورکوئی بھی حقیقی اورعام نسخہ سازی: Adderall, Codeine, Oxycontin, Percocet, Ritalin, Valium, Vicodin, Zoloft اور کوئی بھی دوسری نسخہ جاتی ادویات جو درد، ذہنی دباؤ، بے چینی یا عدم توجہ کے عارضے کے لیئے، استعمال کی جاتی ہیں ۔

Cyberbullying (انٹرنیٹ پر غنڈہ گردی) سائبیر بُلیئنگ میں ایک طالب علم دوسرے الیکٹرانک ذرائع سے خوفزدہ کرتا ہے اور یہ عام طور سے ای میل یا ویب سائٹس (مثال کے طور پر blogs, social networking sites) پر کیا جاتا ہے۔ الیکٹرانک مواصلات جو دوسروں کو نقصان پہنچانے کے ارادے سے جان بوجھ کر، معاندانہ اور تکلیف دہ پیغامات کی تائید کرتے ہیں ، وہ غنڈہ گردی کی ایک قسم ہے ۔ سائبربُلیئنگ

میں یہ بھی شامل ہے جس میں کسی کو گھٹیا، بیہودہ، یا دھمکی آمیز پیغامات یا تصاویر بھیجنا؛ کسی دوسرے شخص کی حساس، نجی معلومات اسکی اجازت کے بغیر پوسٹ کرنا؛ کسی شخص کے بارے میں برا تاثر قائم کرنے کیلئے اسکا بھیس بدلنے کا ڈرامہ کرنا ؛ اورتوہین آمیز آن لائن ذاتی رائے کی ویب سائیٹس ۔

**Day (دن)** اس سے مراد ہے تعلیمی دن، ما سوائے سیاق و سباق میں کچھ اور مراد ہو ۔

**Deadnaming (متروکہ ناموں سے پکارنا)** ٹرانس جینڈر شخص کو ان کے پیدائشی نام سے پکارنا جبکہ انہوں نے اپنی جنس کی تبدیلی کے حصے کے طور پر اپنا نام تبدیل کیا ہو۔

**Discrimination (امتیازی سلوک)** کسی بھی فرد کو نسل ، جنس ، رنگ، عمر، مذہب ، جنسی رحجان ، جنسی شناخت ، بنیادی قومیت ، جینیاتی معلومات ، حمل کی کیفیت ، بچے کی پیدائش یا متعلقہ طبی حالت ، ازدواجی حیثیت ، فوجی حیثیت اور معذوری کی بنیاد پر کسی بھی تعلیمی سرگرمی سے مسترد کرنا قابل اطلاق قانون کی خلاف ورزی ہے ۔

**Discriminatory Harassment (امتیازی ہراسانی)** ایسا کوئی بھی زبانی ، الیکٹرانک یا جسمانی عمل ، جو کسی بھی فرد کی عمر، نسل ، رنگ ، مذہب ، بنیادی قومیت ، ازدواجی حیثیت ، معذوری یا قانونی طور پر تحفظ کردہ کسی اور حیثیت کی بنیاد پر، عداوت یا دشمنی کا اظہار کرتا ہے ۔ ایسی ہراسانی ایک دہمکی آمیزانہ، معاندانہ اور جارحانہ تعلیمی ماحول پیدا کر سکتی ہے۔

امتیازی ہراسانی کسی فرد کی جانب ناپسندیدہ رویہ ہوتا ہے جو حقیقی یا تاثر پر مبنی عمر ، نسل ، رنگ ، جنس ، جنسی شناخت ، جنسی رحجان ، مذہب ، قومیت ، ازدواجی حیثیت ، معذوری یا کسی دیگر قانونی طور پر محفوظ طبقہ کی بنیاد پر ہوتا ہے ۔ یہ رویہ مناسب حد تک اتنا شدید ہو کہ یہ معاندانہ تعلیمی ماحول پیدا کردے ، مطلب یہ کہ کسی طالبعلم کو تعلیمی پروگراموں اور سرگرمیوں میں شرکت کرنے یا ان سے مستفید ہونے سے روک دے یا شرکت محدود کردے ۔ امتیازی ہراسانی کا مختلف انداز میں اظہار کیا جاسکتا ہے ، بشمول جسمانی افعال یا زبانی ، غیرزبانی ، الیکٹرانک یا تحریری ابلاغ ۔ امتیازی ہراسانی میں: مختلف ناموں سے پکارنا ، بہتان لگانا جیسے نسلی اور ٹرانس جینڈر شخص کو اس کے پیدائشی نام سے پکارنا جبکہ انہوں نے اپنی جنس کی تبدیلی کے حصے کے طور پر اپنا نام تبدیل کیا ہو ، منفی دقیانوسی تصورات ، لطیفے، تحریری ، پرنٹ کیا ہوا یا واضح مواد جس میں نفرت انگیز، ذلیل و خوار کرنے والی یا گھٹیا تصاویر یا تبصرے بھی شامل ہیں ۔

**Disruption (خلل اندازی)** تدریسی عمل میں خلل اندازی کا مطلب ہے کہ کلاس کے کام میں مداخلت ، بدنظمی ، یا کسی طالبعلم گروہ یا گروہوں کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنا ۔

**Distracting (دھیان یا توجہ ہٹانا)** توجہ ہٹانے کا مطلب ایسا رویہ ہے جو بے جا شور، باتوں یا افعال پر منتج ہو۔

Distributing or Distribution (تقسیم یا تقسیم کرنا) اس میں بغیر کسی حد کے، کسی کو دینا، حصہ بانٹنا، یا فروخت کرنا، یا اِن میں سے کسی بھی کام کا ارادہ کرنا یا کوشش کرنا، یا اِن میں سے کسی بھی کام میں سہولت بہم پہنچانا شامل ہے ۔

Division Superintendent (ڈویژن سپرنٹنڈنٹ) ڈویژن سپرنٹنڈنٹ یا ان کے نامزد کردہ فرد (مثلاً ریجنل اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ، سماعتی افسر، اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ یا انتظامی عملے کے کوئی اور رُکن جو اِس حیثیت میں کام کرنے کے مجاز ہیں) ۔

Drug Paraphernalia (منشیات کا سازوسامان) اس سے مراد ہر قسم کے آلات ، اشیاء اور مادے شامل ہیں جنہیں کسی بھی منضبط مواد کے استعمال کے لیئے بنایا یا تیار کیا جاتا ہے یا جنہیں کوئی ملزم اِن اشیاء کو بونے، پھیلانے، کاشت کرنے، فصل کاٹنے، تیار کرنے ، کسی اور شے کے ساتھ مِلا کر تیار کرنے، انہیں کوئی اور شکل دینے، پیدا کرنے ، ان چیزوں سے کوئی اور اشیاء تیار کرنے، اُن کی تاثیر کی جانچ کرنے، انہیں اسٹور کرنے، چھپانے، انجیکشن کے ذریعے جسم میں داخل کرنے، نگلنے، سانس کے ذریعے پینے، یا کسی اور طریقے سے انسانی جسم میں داخل کرنے کے کام میں لاتا ہے ۔ (کوڈ آف ورجینیا ، سیکشن18.2-265.1 )

Exigent (اشد ضروری) فوری توجہ یا کارروائی کا متقاضی ۔

Expulsion (اخراج) کوئی بھی ایسا انضباطی اقدام جو اسکول بورڈ یا نامزد کمیٹی نے FCPS کی پالیسی کے مطابق عائد کیا ہو، جس کے طالب علم کو، FCPS کی حدود کے اندر کسی اسکول یا FCPS کے باقاعدہ تدریسی پروگرام میں شرکت کی اجازت نہیں ہوتی اور مذکورہ طالب علم اخراج کی تاریخ کے بعد ، 365 تقویمی دِن تک اس میں دوبارہ داخلے کا اہل نہیں ہوتا ۔

Faith-based Discrimination (عقیدے پر مبنی امتیازی رویہ ، مذہبی امتیازی سلوک) افراد سے ان کے مذہبی عقائد کیوجہ سے سلوک کرنا عقائد اور اعمال ، اور/ یا ان کی مذہبی عقائد اور اعمال کی بنیاد پر مانگی گئی سہولتیں ، کی بنیاد پر مختلف سلوک کرنا ۔ اس میں افراد کے ساتھ اس بناء پر مختلف سلوک بھی شامل ہے کہ وہ مذہبی عقائد اور اعمال نہیں رکھتے ۔

Frequency (فریکوئنسی) تعدد یا شرح اعادہ ، کسی کے واقع ہونے کی شرح یا اس کے کسی مخصوص دورانیہ یا دیئے گئے نمونہ میں ہونے کی تکرار

Functional Behavioral Assessment (اطلاقی رویہ کی جانچ) مفروضہ تشکیل دینے کیلئے ایک ٹیم سرانجام دیتی ہے ٹیم کی شکل میں، مشکل طرز عمل کے فعل سے متعلق مفروضہ قائم کرنا کہ کیسے طالب علم کا رویہ نمایاں طور پر اسکی اپنی اور/ یا دوسروں کی تعلیم میں رکاوٹ کا سبب بنتا ہے ۔ اس کے نتیجے میں طرز عمل کا اصلاحی پلان (BIP) تیار کیا جاتا ہے۔

Gang (گینگ) دو یا دوسے زیادہ افراد کا ٹولہ یا جتھا ، چاہے باضابطہ ہو یا بے ضابطہ ۔ گینگ کی شناخت کسی بھی طرح کی جائے، اس میں شامل افراد انفرادی یا اجتماعی طور پر غیر قانونی، تخریبی، خلل انگیز، یا خوفزدہ کرنے والی سرگرمیوں میں ملوث ہوتے ہیں ۔ اِس قسم کے گروپوں میں مجرمانہ اسٹریٹ گینگ بھی شامل ہیں ، اگرچہ گینگ صرف ان تک محدود نہیں ہوتے ۔ گینگ کا مخصوص نام ، اشارہ ، علامت اور رنگ ہو سکتے ہیں لیکن ایسا ہونا ضروری نہیں ہے ۔

**Hate Speech** (نفرت انگیز گفتگو) ایسا کوئی بھی اظہار، جس کا مقصد کسی بھی گروہ یا طبقے کے افراد کی اصل یا سمجھی جانے والی نسل ، قومیت، رنگ ، بنیادی قومیت ، شہریت/ مہاجر ہونے کی حیثیت ، وزن، جنس ، صنفی شناخت ، صنفی اظہار، جنسی رجحان یا معذوری کی بنیاد پر نفرت پھیلانا یا نیچا دکھانا ہوتا ہے ۔

**Hazing** (درگت بنانا) واقف کاری، داخلہ یا رکنیت کے مقصد یا سلسلے میں یا کسی کلب، تنظیم، لڑکوں کی برادری، لڑکیوں کی ٹولی یا جمعیت طلباء سے وابستگی یا دائمی رکنیت کی شرط کے طور پر، لاپرواہی یا دانستگی سے صحت یا سلامتی کو خطرے میں ڈالتے ہوئے یا جسمانی گزند پہنچاتے ہوئے نووارد طالبعلم کی درگت بنانا یا کوئی دوسری بدسلوکی کرنا، قطع نظر اس کے کہ خطرے سے دوچار یا زخمی طالبعلم یا طلباء نے متعلقہ سرگرمی میں رضاکارانہ حصہ لیا تھا ۔ کوڈ اف ورجینیا نووارد طلباء کی درگت بنانے کی ممانعت کرتا ہے اور فوجداری سزائیں عائد کرتا ہے۔ ( کوڈ آف ورجینیا ، سیکشن 18.2-56 )

**Hearings Office** (سماعتی دفتر) سماعتی دفتر انضباطی کارروائی کے لئے سماعت کرتا ہے، اور ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی جانب سے سماعت کے نتائج کا تعین کرتا ہے؛ اسکول بورڈ کے ملاحظہ کے لئے انضباطی کارروائیوں کی سفارشات مرتب کرتا ہے اور سپرنٹنڈنٹ ڈویژن کی اسکول بورڈ کی سماعتوں میں نمائندگی کرتا ہے؛ اخراج ، علحیدگی اور کسی اور جگہ داخلے کی سفارشات اور فیصلوں کا ریکارڈ، اعدادو شمار کو محفوظ کرتا ہے؛ معطلی کی اپیلوں پر فیصلے کرتا ہے، اسکول کی سطح پر اور سینٹرل آفس ایڈمنسٹریٹرز کے لئے تربیت اور وسائل میں معاونت فراہم کرتا ہے؛ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کی جانب سے ملازمین کی شکایتوں پر سماعتوں کا انعقاد کرتا ہے ۔

**Imitation Controlled Substance** (مصنوعی منضبط مواد) ایسی منشیات یا مواد جس میں منضبط مواد یا اس کے ڈبے پر اس کا نام، مارکہ یا مشابہت ہو اور اسے منضبط مواد (بشمول نسخہ جاتی ادویات) کے طور پر پیش کیا جا رہا ہو۔

**Imitation Marijuana** (مصنوعی بھنگ) کوئی ایسی چیز جو بھنگ جیسی معلوم ہوتی ہے یا جسے بھنگ کی طرح پیش کیا جاتا ہے ۔

**Inhalant** (دم کش) کوئی ایسی چیز جس سے دھواں یا بخارات نکلتے ہیں اور جسے نشے کے لیئے سانس کے ذریعے جسم میں داخل کیا جاتا ہے۔

**Intensity** (شدت) رویہ کی مضبوطی ، جیسا کہ اضطراری یا جذباتی کیفیت

**Letter of Agreement** (رضا مندی کا خط) طالب علم کو جس کے لیئے سماعتی افسر اخراج کی سفارش کر رہے ہیں ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کے سماعتی افسر کی طرف سے ممکن ہے تحریری رضا مندی کی پیش کش کی جائے ۔ اگر یہ رضا مندی طالب علم کے والدین یا سرپرست کی طرف سے دستخط شدہ ہے اور اسے اسکول بورڈ کی طرف سے قبول کیا گیا ہے، اخراج کی مدت کے دوران طالب علم کو متبادل تعلیمی پروگرام میں داخل کر دیا جاتا ہے، اور مزید کسی سماعت کے بغیر کیس کو ختم کر دیا جاتا ہے۔

**Lewd** (شہوت انگیز) بے ہودہ انداز میں جذبات مشتعل کرنے کی نیت سے اعضاء دکھانا ۔

**Libel** (توہین آمیز تحریر) کوئی بھی جھوٹا اور نقصان دہ تحریری یا چھپا ہوا بیان، جو کسی شخص کی عوامی تضحیک یا اس سے نفرت پر اکسانے کے لیئے، بنایا گیا ہو اور کسی بھی طرح کسی شخص کی ساکھ کو نقصان پہنچائے؛ کوئی بھی چیز جو کسی فرد کی ایک غیر واضح یا نقصان دہ عکاسی کرتی ہے۔

**Libelous** (ہتک آمیز) تحریر کرنا یا شائع کرنا

**Long-Term Suspensioin** (طویل المدت معطلی) ایسا تادیبی عمل جس کے تحت 11-45 تعلیمی دنوں تک اسکول میں حاضری کی اجازت نہیں دی جاتی، ماسوائے اس کے کہ غلط طرزعمل میں درج ذیل شامل ہوں: (i) کسی بھی غیرقانونی ہتھیار [جیسا کے II.A.5.a میں بیان کیا گیا ہے] یا غیرقانونی ادویات کا استعمال یا تصرف [جیسا کے باب II.A.3.d میں بیان کیا گیا ہے]؛ (ii) شدید جسمانی تشدد، یا (iii) سنگین حالات۔ جہاں (i)،(ii)، یا (iii) کا تعین کر دیا گیا ہو، طویل المدت معطلی میں 45 تعلیمی دنوں سے زیادہ کی توسیع کی جا سکتی ہے، مگر 364 تقویمی دنوں سے اوپر نہیں جانی چاہیئے ۔

**Malicious** (بدنیتی یا کینہ پر مبنی رویہ) نقصان پہنچانے کیلئے چاہا جارہا ہو یا چاہا گیا ہو۔

**Manifestation Determination Review (MDR)** (طرزعمل کا تعین کا جائزہ) رویے یا طرزعمل کا تعین کرنے طریقہ کار جس کے ذریعے یہ طے کیا جاتا ہے کہ آیا طالب علم کے طرز عمل کی وجہ کا تعلق اسکی معذوری سے معقول حد تک تھا یا طرز عمل کا براہ راست نتیجہ IEP پر عملدرآمد میں ناکامی سے تھا ۔

**Marijuana** (بھنگ یا چرس) THC-Aیا cannabidiol oil کے علاوہ، بشرطیکہ کوڈ آف ورجینیا کے مطابق کسی لائسنس یافتہ ڈاکٹر کی طرف سے استعمال کے لیئے، تحریری سرٹفیکیشن کے طور پر فراہم کیا گیا ہو، بھنگ کے پودے کا کوئی بھی حصہ، وہ اُگ رہا ہو یا نہیں، اس کے بیج، رال یا باقیات یا کوئی بھی نچوڑ اور اس کی مختلف شکلوں میں سے کوئی بھی چیز۔

**Marijuana, synthetic** (مصنوعی یا کیمیاوی بھنگ) ایک ایسا مواد جو کہ منضبط مواد ہے۔ بعض اوقات اس مواد کو "Spice; K-2", یا "JWH-018" بھی کہا جاتا ہے ۔ SR&R کی رُو سے، مصنوعی یا کیمیاوی بھنگ کی اصطلاح میں ایسے تمام مواد شامل ہیں جو اس سے مماثلت رکھتے ہوں اور جنھیں کینابیمیمیٹک ایجنٹ یا کیمیاوی بھنگ کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔

**Meditate** (مراقبہ) مسلسل گہرائی میں سوچنا؛ تجربات و تصورات پر گہرا غور و فکر کرنا

**Misgendering** (جنسی شناخت میں غلط بیانی) دوسروں کو ایسی جنس کے ساتھ ملانے کا عمل، جو ان کی صنفی شناخت سے مماثلت نہیں رکھتا

**Nonprescription (Over the Counter Drug)** (غیر نسخہ جاتی ادویات ، شیلف پر دستیاب دوائیں) کوئی بھی ایسی دوا جو ڈاکٹر کے نسخے کے بغیر، قانونی طور پر حاصل کی جائے

**Obscene** (فحش) ایسے الفاظ یا تصاویر جو قابل اعتراض ، گستاخ ، صدمہ پہنچانے والی ہوں ۔

| | |
|---|---|
| Outing (رازفاش کرنا) | LGBTQIA+ فرد کی مرضی کے بغیر اس کے جنسی رجحان یا صنفی شناخت کا انکشاف کرنا ۔ |
| Parents/guardians (والدین یا سرپرست) | والدین یا سرپرست سے مراد طالب علم کے والدین یا اِن میں سے کوئی ایک، قانونی سرپرست، یا کوئی اور بالغ فرد جو طالب علم کو کنٹرول کرتا ہو یا اسکا انچارج ہو۔ |
| Plagiarize (ادبی سرقہ) | ماخذ کو سراہے بغیر؛ بلا اجازت کسی دوسرے کے مضامین یا افکار چوری کرنا۔ |
| Possession (تصرف) | کسی خاص چیز یا مواد کی اصلی یا واقعی ملکیت ۔ ایسی ملکیت تن تنہا، مشترکہ یا اجتماعی ہو سکتی ہے۔ |
| Prescription Drug (نسخہ جاتی ادویات) | اس سے مراد کوئی بھی دوا جس کے حاصل کرنے کے لیئے ڈاکٹر کا نسخہ ضروری ہے۔ |
| Principal (پرنسپل) | پرنسپل، کوئی بھی اسسٹنٹ پرنسپل، یا ان کی غیر حاضری میں کوئی ٹیچر جسے انچارج کے طور پر نامزد کیا گیا ہو۔ |
| Privacy (رازداری) | کسی فرد کے بارے میں ایسی معلومات رکھنا جو اس کی شناخت کے طور پر، استعمال کی جا سکتی ہیں (مثال کے طور پر پورا نام، گھر کا پتہ وغیرہ) کیونکہ وہ عوامی حلقے سے الگ اس فرد کی انفرادی معلومات ہوتی ہیں ۔ |
| Profanity (گستاخی) | دین کی بے حرمتی یا تحقیر دین ۔ |
| Reassignment (ری اسائنمنٹ) | انضباطی فیصلہ جس کی رُو سے ورجینیا کوڈ 22.1-277 کے مطابق طالبعلم کو دوسرے اسکول میں یا پھر متبادل تعلیمی پروگرام میں داخل کیا جاتا ہے یا دونوں میں ۔ |
| Recitation (دہرانا) | بلند آواز میں پڑھنے یا دہراتے رہنے کا عمل ۔ |
| Records review (ریکارڈ کا جائزہ) | طالب علم کے نظم و ضبط سے متعلق، ریکارڈ اور اصلاحی اقدامات کے تازہ ترین ریکارڈ کا جائزہ لینے اور طالب علم کے طرز عمل کے مسائل پر غور کرنے کے مقصد کیلئے پرنسپل کی درخواست پرریجنل اسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کی سطح پر ایک میٹنگ کا انعقاد کیا جاتا ہے، جس میں طالب علم اور اس کے والدین یا سرپرست کو شرکت کے لیئے، مدعو کیا جاتا ہے۔ |
| Redaction (تدوین) | اشاعت یا جاری کرنے کے لیئے، منتخب کرنے یا ڈھالنے کا عمل (جیسا کہ حساس معلومات کو غیر واضح یا ہٹا کر)۔ |
| Referral to the Division Superintendent (ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنا) | ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجنے کا مطلب ہے ایک فیصلہ پرنسپل کی طرف سے بنائے گئے اور جس میں کم مدت کی معطلی سے زیادہ کی تادیبی کارروائی کے لیئے، غور کرنے کا کہا گیا ہو ۔ جب پرنسپل ایسا ریفرل بھیجیں گے، تو ڈویژن سپرنٹنڈنٹ ایک سماعت کا انعقاد کریں گے، جس میں امر کی بنیاد کا تعین کیا جائے گا کہ آیا SR&R کی روشنی میں خلاف ورزیوں کے مزید تادیبی نتائج (ان میں سے ایک یا ایک سے زیادہ کرنے کے لیئے،: طویل المدت معطلی کسی اور تعلیمی سیٹنگ میں داخلہ، یا اسکول بورڈ کو اخراج کی سفارش) موزوں ہیں یا نہیں ۔ اس سماعت کے انعقاد میں، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ اس بات کا بھی تعین کریں گے کہ آیا پرنسپل کی طرف سے کم مدت کی معطلی کا فیصلہ جائز تھا یا |

نہیں ۔ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو جب ریفرل بھیجا جا رہا ہوتا ہے، پرنسپل مخصوص تادیبی اقدام کرنے کی سفارش کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں ، تاہم ، پرنسپل مخصوص تادیبی اقدام کی سفارش کرتے ہیں یا نہیں ، ڈویژن سپرنٹنڈنٹ طالب علموں کی ذمہ داریاں اور حقوق (SR&R) کی روشنی میں یہ اقدامات کرنے کے مجاز ہیں: یہ تعین کرنا کہ کوئی تادیبی اقدام کرنا موزوں نہیں ہے، کم مدت کی معطلی کے فیصلے کو برقرار رکھنا ، طویل مدت کی معطلی کا حکم لگانا، کسی اور تعلیمی سیٹنگ میں دوبارہ داخلہ کا نفاذ ، اخراج کیلئے اسکول بورڈ کو سفارش بھیجنا ۔

**Restorative Justice Conference (بحالی کیلئے انصاف کانفرنس)** بحالی کیلئے انصاف کی کانفرنس لوگوں کو ایک ساتھ اکھٹا کرتی ہے ۔غلط افعال کی وجہ سے متاثرہ افراد پر ہوئے ظلم پر بات چیت کرنے کے لیئے، منعقد کی جاتی ہے، تا کہ یہ سمجھا جا سکے کہ کس کو نقصان پہنچایا گیا اور اس کا ازالہ کیسے کیا جانا چاہئیے۔ تنازعہ کے حل اور ضابطے کی کارروائی میں متاثرہ افراد اور اسکول کی کمیونٹی کو بات کرنے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔ نقصان کا موجب بننے والا طالب علم نقصان کے ہرممکن ازالہ کا ذمہ دار ہوتا ہے ۔

**School Board (اسکول بورڈ)** فیئر فیکس کاؤنٹی کا اسکول بورڈ یا اس کی نامزد کردہ کوئی کمیٹی ۔

**School Day (تعلیمی دن)** کوئی بھی ایسا دن جب اسکول کھلا ہوا ہو۔

**School Property (اسکول کی املاک)** کوئی بھی املاک جو اسکول بورڈ کی ملکیت ہوں ، کرائے پر ہوں یا زیرِ استعمال ہوں اس میں کوئی بھی گاڑی جو اسکول بورڈ کے زیرِ استعمال ہوں ، یا اسکول بورڈ کے لیئے کسی اور کے زیرِ استعمال ہوں ، جیسے اسکولوں کی بسیں ، کاریں اور گاڑیاں ، شامل ہیں ۔

**School Resource Officer (SRO) (اسکول ریسورس آفیسر)** FCPS کے اسکولوں میں قانون نافذ کرنے اور حفاظتی اقدامات کے لیئے، قانون نافذ کرنے والے ادارے سے ایک سند یافتہ آفیسر، جو فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز یا کسی اور مقامی پولیس ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے ملازمت پر رکھا گیا ہو. کوڈ آف ورجینیا کے مطابق، SRO درج ذیل عوامل میں مدد فراہم کرتا ہے (i) حفاظت کو یقینی بنانا اور (ii) اسکولوں سے بلا وجہ غیرحاضریوں اور تشدد کے واقعات روکنا

**Sexual Misconduct (جنسی بداخلاقی)** اس میں ایسی ناگوار جنسی پیش قدمی شامل ہیں، جو فرد مخالف کے جنسی میلان کا لحاظ کیئے بغیر کی گئی ہوں؛ جنسی عنایات کی گزارش؛ اور جنسی لحاظ کا کوئی دوسرا غیر مناسب زبانی، الیکڑانک یا جسمانی طرزعمل) مگر یہ ریگولیشن 2118 میں بیان کردہ "جنسی ہراسانی" کے دائرہ کار میں نہیں آتا ۔

**Short-Term Suspension (قلیل المدت معطلی)** ایسا تادیبی اقدام جس کے تحت اسکول میں حاضری سے ، دس دن سے کم عرصے کے لیئے، محروم کر دیا جاتا ہے (ماسوائے ایسی صورت میں کہ مخصوص بد انتظامی واقع ہوئی ہو، K-3 کے طلباء کے لیئے، تین تعلیمی دنوں تک ۔ ما سوائے ایسی صورت میں کہ ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیجا گیا ہو، گریڈ 4-12 کے طلباء کے لیئے، پانچ دنوں تک)

Slander (بہتان) کسی دوسرے شخص کی موجودگی میں جھوٹے الزامات لگانا یا غلط بیانی سے کام لینا جو دوسرے کی ساکھ کو بد نام کرے اور نقصان پہنچائے۔

Slanderous (تہمت) کسی دوسرے کے خلاف جھوٹا الزام لگانا ۔

Statutory (قانونی) قانون کے مطابق ۔

Stigmatize (بدنام کرنا) بدنامی کا باعث بننا یا بدنام کرنا ۔

Stigmatization (بدنامی) بدنام ہونے کا عمل

Student Activities (طالب علمی سرگرمیاں) ان میں غیرنصابی سرگرمیاں، نصابی سرگرمیاں اور کھیلوں سے متعلق سرگرمیاں شامل ہیں ۔ ایسے طلباء جو کھیلوں سے متعلق سرگرمیوں، پرفارمنگ آرٹس، کلب، مقابلوں، پریکٹس اور ایسی کسی بھی سرگرمی میں شرکت کرتے ہیں جن کے ذریعے اسکول کے باقاعدہ اوقات کے علاوہ بھی شرکت کرنے کا موقع ملتا ہے اور اس کے علاوہ اس تعریف میں وہ طلباء بھی شامل ہیں جو اسکول کے زیراہتمام سرگرمیوں میں بطور شائقین یا سامعین شرکت کرتے ہیں ۔

Substantial Disruption (بڑی مداخلت) میں ایسے کوئی بھی واقعات شامل ہیں جو اسکول کے معمولات پر کافی حد تک منفی اثرات مرتب کریں یا جن کے نتیجے میں طالب علم، والدین اور/ یا عملے پر اچھا خاصا اثر پڑے، جیسے کہ اسکول کے اندر بڑے گروپ کی شکل میں منضبط مواد استعمال کرنا؛ ایسے اقدامات کی ضرورت پڑ جائے، جن سے اسکول کے معاملات میں رکاوٹ پڑے جیسے ہنگامی طبی سہولیات کی ضرورت؛ یا ایسی صورتحال پیدا ہوتی ہو جہاں والدین کو زبردستی اپنے بچوں کو اسکول سے باہر رکھنا پڑے یا جہاں مخصوص واقعے کی وجہ سے طلباء کا گروپ تعلیمی معاملات پر توجہ نہ دے سکے۔

Threat (دھمکی) زبانی الفاظ ، تحریر یا اشارے کے ذریعے کسی کو نقصان پہنچانے کے ارادے کا اظہار۔ کسی کو نقصان پہنچانے کا ارادہ ظاہر کرنا دھمکی کے زمرے میں آتا ہے، چاہے وہ کسی متاثرہ فرد یا مستقبل کے ممکنہ متاثرہ فرد کو دی جائے، چاہے اس متاثرہ فرد یا مستقبل کے متاثرہ فرد کو اس کا علم ہو یا نہ ہو اور یہ دھمکی کسی بھی طریقے سے یعنی زبانی، بصری، تحریری یا الیکٹرانک طریقے سے، دوسرے تک پہنچائی جائے۔

Threat Assessment (دھمکی کی جانچ) ایک ایسا باضابطہ عمل جو طالبعلم کی دھمکی کی سنگینی کی جانچ کرتا ہے، متاثرہ یا ممکنہ متاثرہ کی مدد کرتا ہے، سلامتی قائم رکھنے کے لیئے سدباب اور روک تھام کے اقدامات کرتا ہے ۔

Title IX Definitions (ٹائٹل IX کی تعریفیں) Sexual Harassment (جنسی ہراسانی) : جنسی بنیاد پر کیا جانے والا طرز عمل، جو درج ذیل میں سے کسی ایک یا ایک سے زیادہ کی تعریف پر پورا اترتا ہو:

1. غیر اخلاقی طرزعمل کا تعین کسی مناسب شخص کے ذریعہ کیا جاسکتا ہے کہ وہ اس قدر شدید، گہرا اور معروضی طور پر ناگوار ہو کہ اس سے کسی طالب علم کو FCPS کے تعلیمی پروگرام یا سرگرمی تک مساوی طور پر رسائی سے انکار کیا جا سکتا ہے؛ یا

2. Dating violence, domestic violence, sexual assault ڈیٹنگ کے دوران تشدد، گھریلو تشدد، جنسی حملے(بشمول عصمت دری، غیر فطری فعل، کسی آلہ سے جنسی حملہ، جسمانی اعضاء پر ہاتھ پھیرنا، محرم سے جنسی فعل اور قانونی عصمت دری) یا تعاقب یا پیچھا کرنا (ذیل میں دیکھیئے)

Dating violence (ڈیٹنگ کے دوران کیا جانے والا تشدد) یہ تشدد کسی ایسے طالب علم کی طرف سے کیا جائے-

A. جو متاثرہ فرد کے ساتھ ، رومانوی یا قریبی نوعیت کے سماجی تعلق میں ہو یا رہ چکا ہو؛ اور

B. جہاں اس طرح کے تعلقات کی حقیقت درج ذیل عوامل ذہن میں رکھتے ہوئے طے کی جائے:

1. تعلقات کا عرصہ

2. تعلقات کی نوعیت .

3. تعلق میں شامل طلباء کے درمیان ملاقاتوں کی شرح

Domestic violence (گھریلو تشدد): اس میں درج ذیل سنگین جرائم شامل ہیں: مقتول کے موجودہ یا سابقہ شریک حیات یا قریبی ساتھی کی طرف سے کیا گیا تشدد، اس فرد کی طرف سے، جس کے ساتھ مقتول کا بچہ ہے، کسی ایسے فرد کی طرف سے، جو مقتول کے ساتھ شریک حیات یا قریبی ساتھی کے طور پر مباشرت کر چکا ہو، کسی ایسے فرد کی طرف سے، جو اسی طرح متاثرہ فرد کے شریک حیات کے ساتھ رہتا ہو اور جو گھریلو یا خاندانی تشدد کے قوانین کے تحت گرانٹ رقم وصول کرتا ہو یا کسی اور فرد کی طرف سے، جو بالغ اور جوان مقتول کے خلاف گھریلو یا خاندانی تشدد کے قوانین کے تحت اس فرد کے اقدامات سے محفوظ ہے۔

Sexual Assault (جنسی مجرمانہ حملہ)

A. متاثرہ فرد کی رضامندی کے بغیر، کوئی بھی جنسی عمل جو کسی دوسرے فرد کے خلاف ہو، اس میں ایسے واقعات بھی شامل ہیں، جہاں متاثرہ فرد رضامندی دینے سے قاصر ہو؛

B. Rape (جنسی زیادتی یاعصمت دری)؛ متاثرہ فرد کی رضامندی کے بغیر، کسی دوسرے فرد کی جسمانی معلومات، اس میں ایسے واقعات بھی شامل ہیں، جہاں متاثرہ فرد اپنی عمر یا اپنی عارضی یا مستقل ذہنی یا جسمانی لاچاری کی وجہ سے رضامندی دینے سے قاصر ہوتا ہے؛

C. Sodomy (غیرفطری فعل)؛ متاثرہ فرد کی رضامندی کے بغیر، کسی دوسرے فرد سے منھ یا مقعد کے راستہ جنسی زیادتی کی جائے، اس میں ایسے واقعات بھی شامل ہیں، جہاں متاثرہ فرد اپنی عمر یا اپنی عارضی یا مستقل ذہنی یا جسمانی لاچاری کی وجہ سے رضامندی دینے سے قاصر ہوتا ہے؛

D. [Sexual Assault](#) (جنسی حملہ) کسی چیز کے ساتھ ؛ غیرقانونی طور پر کسی چیز یا آلے کو، متاثرہ فرد کی مرضی کے بغیر اس کے جسم کے جنسی اعضاء یا مقعد میں ، اگرچہ تھوڑا سا ہی کیوں نہ ہو ، داخل کرنا، اس میں ایسے واقعات بھی شامل ہیں، جہاں متاثرہ فرد اپنی عمر یا اپنی عارضی یا مستقل ذہنی یا جسمانی لاچاری کی وجہ سے رضامندی دینے سے قاصر ہوتا ہے؛

E. Fondling (جنسی اعضاء چھونا یا تھپکنا) ؛ متاثرہ فرد کی مرضی کے بغیر، جنسی تسکین کے لیئے، کسی دوسرے فرد کی شرمگاہ (ران، چھاتی ، کولہے) کو کپڑوں کے اندر جان بوجھ کر چھونا، زبردستی اور/ یا اس شخص کی مرضی کے خلاف یا زبردستی کے بغیر یا اس شخص کی مرضی کے خلاف، اس میں ایسے واقعات بھی شامل ہیں، جہاں متاثرہ فرد اپنی عمر یا اپنی عارضی یا مستقل ذہنی یا جسمانی لاچاری کی وجہ سے رضامندی دینے سے قاصر ہو؛

F. Incest (محرم سے جنسی تعلق) ؛ ان افراد کے مابین غیر جبری جنسی مباشرت، جو اس حد تک ایک دوسرے کے ساتھ ، منسلک ہیں کہ قانونی طور پر شادی جیسے تعلق میں نہیں بندھ سکتے؛ یا

G. Statutory rape (قانونی عصمت دری) چھوٹی عمر کی لڑکی یا لڑکے کے ساتھ جنسی تعلقات؛ کسی ایسے فرد کے ساتھ ، بغیر زبردستی کے جنسی مبشرت کرنا جو رضامندی کی عمر سے چھوٹا ہو۔

Stalking (پیچھا کرنا) کسی مخصوص فرد کے خلاف ایسا طرزعمل اختیار کرنا، جس کی وجہ سے وہ معقول فرد

1. اپنی اور دوسروں کی حفاظت کے حوالے سے، ڈر وخوف میں مبتلا ہو جائے؛ یا

2. جذباتی طورپر خاصا پریشان ہوجائے۔

Vaping (الیکٹرانک سگریٹ) (بخارات) aerosol کو سانس کے ذریعے اندر لینے اور باہر نکالنے کا عمل، جسے عام طور سے vapor کے حوالے سے جانا جاتا ہے اور جو الیکٹرانک سگریٹ یا اس سے ملتے جلتے آلات، جیسے e-hookahs, mods, Juul pens, یا vape pens کے ذریعے پیدا ہوتا ہے ۔

Vulgar (بیہودہ یا واہیات) تہذیب ، نفاست، شستہ ذوق کی کمی گنوار یا اکھڑ۔

Weapon (ہتھیار) کوئی بھی ایسی چیز جِس کی اِس ریگولیشن کے متن میں ہتھیار کی حیثیت سے وضاحت کی گئی ہے۔ گن فری اسکولز ایکٹ کے مقصد کے لیئے، یہاں درج شدہ کسی عبارت سے کسی ہتھیار کو ایسے حالات میں اپنے قبضے میں رکھنے کو ممنوع قرار نہیں دیا جائے گا اگر اُن حالات میں کوڈ آف ورجینیا کے تحت ہتھیار رکھنے کی واضح طور پر اجازت دی گئی ہے ۔

قانونی حوالہ جات: Code of Virginia, Sections 4.1-1100, 2.2-3900, 9.1-110, 15.2-915.4, 16.1-260, 16.1-301, 16.1-305.1, 18.2-56, 18.2-60.3, 18.2-83, 18.2-85, 18.2-87.1, 18.2-265.1, 18.2-308.1, 18.2-

371.2, 18.2-372, 18.2-390, 18.2-391, 18.2-433.1, 22.1-1, 22.1-78, 22.1-254, 22.1-254.1, 22.1-258, 22.1-276.2, 22.1-277, 22.1-277.06, 22.1-277.07, 22.1-277.07:1, 22.1-279.3, 22.1-279.3:1, 22.1-279.6, 22.1-280.4, 54.1-3400, 54.1-3408.3

Virginia Administrative Code, 8VAC20-81-160

ان دستاویزات کے تازہ ترین نسخہ جات بھی دیکھیئے :

| | |
|---|---|
| Policy 1352 | Pledge of Allegiance to the Flag |
| Policy 1365 | Distribution of Materials |
| Policy 1450 | Nondiscrimination |
| Policy 2601 | Rights and Responsibilities of Students |
| Policy 2611 | Procedures for Hearings and Appeals to School Board |
| Policy 2613 | Student Dress Code |
| Policy 2701 | Student Personal Data |
| Regulation 1367 | Distribution of Fliers or Other Informational Materials, Nonprofit Organizations' Access, and Procedures for Contests and Competitions |
| Regulation 2102 | First Aid, Emergency Treatment, and Administration of Medications for Students |
| Regulation 2111 | Procedures for Conducting a Threat Assessment |
| Regulation 2118 | Title IX: Sexual Harassment by Students |
| Regulation 2150 | Prevention of Alcohol and Other Drug Use by Students |
| Regulation 2152 | Tobacco and Smoking Device Violations by Students |
| Regulation 2234 | Student Absences and Attendance Regulations |
| Regulation 2602 | Rules of Conduct and Disciplinary Procedures |
| Regulation 2603 | Gender-Expansive and Transgender Students |
| Regulation 2604 | Rights of Adult Students |
| Regulation 2606 | Teacher Removal of Students From Classes |
| Regulation 2612 | Regulations and Procedures Governing Freedom of Expression by Students |
| Regulation 2613 | Student Dress Code |

| | |
|---|---|
| Regulation 2616 | Questioning of Students by Police |
| Regulation 2701 | Student Personal Data |
| Regulation 4411 | Procedures for Responding to Student Threat or Physical Assault Against a Fairfax County Public Schools (FCPS) Employee |
| Regulation 4952 | Investigation of Complaints of Discrimination or Harassment Based on Race, Sex, Color, Religion, National Origin, Age, or Disability |
| Regulation 5810 | School Activity Funds Management |
| Regulation 6410 | Appropriate Use of Fairfax County Public Schools' Network and Internet Resources |
| Regulation 8617 | Student Transportation–Eligibility, Routes, and Schedules |
| ویب سائٹس: | https://www.fcps.edu/about-fcps/policies-regulations-and-notices |
| | https://www.fcps.edu/node/36886 |
| | https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/nontraditional-schools-program |
| | https://www.fcps.edu/sites/default/files/media/forms/se4.pdf |
| فارمز: | SS/SE-227, Nontraditional School Programs Elective Placement Referral Form |

## والدین توجہ فرمائیں!
## طلباء کے حقوق اور ذمہ داریوں کے متعلق مزید معلومات کیلئےویب سائٹ ملاحظہ کیجیئے : www.fcps.edu/srr

دفتر برائے Ombuds والدین اور طلباء سے رازدارانہ، غیررسمی، خودمختار اور غیرجانبدارانہ وسیلہ کی حیثیت سے گفتگو کے لیئے، دستیاب ہے۔ اگر آپ کو اسکول نظام سے متعلق، اضافی معلومات درکار ہیں تو دفتر برائے Ombuds سے 4014-423-571 یا ombudsman@fcps.edu پر رابطہ کریں۔

ٹائٹل IX شکایات ٹائٹل IX کے کوآرڈینیٹر کے سامنے پیش کی جا سکتی ہیں۔

571-423-3070

8115 Gatehouse Road, Falls Church, Virginia 22042

اونچا سننے والے اور ثقل سماعت کے مریض - Telecommunication Relay Services (TRS) کیلئے،711 ڈائل کریں

FCPS کی مساوی سہولتوں تک رسائی اور ریہیبلیٹیشن ایکٹ 1973 کے سیکشن 504 سے متعلق معاملات کی معلومات کے لیئے براہِ مہربانی درج ذیل سے رابطہ کریں:

سیکشن 504:

571-423-1304

8270 Willow Oaks Corporate Drive, Fairfax, VA 22031

Telecommunication Relay Services (TRS) تک رسائی کے لئے711 ڈائل کیجیئے

حسب قانون کارروائی و اہلیت :

571-423-4470

8270 Willow Oaks Corporate Drive, Fairfax, VA 22031

Telecommunication Relay Services (TRS) تک رسائی کے لئے711 ڈائل کیجئے

سہولیات:

ڈیزائن اینڈ کنسٹرکشن سروسز

571-423-2280

8115 Gatehouse Road, Suite 3500, Falls Church, VA 22042

Telecommunication Relay Services (TRS) تک رسائی کے لئے711 ڈائل کیجئے

فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز
فیئرفیکس ، ورجینیا

چیف ایکوئٹی آفس
ایکوئٹی اینڈ اسٹوڈنٹ کنڈکٹ

571-423-1160

SRR@fcps.edu

**www.fcps.edu**

Fairfax County
PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE®